یار تو خرجین تست و کیسه ات ... گر ترا مینی مجو جز ویسه ات
ویسه معشوق تو هم ذات تست ... وین برونیها همه آفات تست
حزم آن باشد که چون دعوت کنند ... تو نگوئی مست و خواهان من اند

سله کودتی ہے کاہ تو ہر باد سے ... باد کی کب کوہ عزت بس کرے
ہر طرف تجکو بلاتا غول ہے ... کہ برادر راہ اک یہ اولے ہے
رہ بتاؤن اور ہون ساتھی ترا ... ہون نہین اس باریک رہ مین پیشوا
نے وہ رہ جانے نہ وہ ہی پیشوا ... یوسفا اس گرگ خو کی سو نہ جا
اچھے وہ ہین کہ نہ دین تجکو فریب ... شیرین دانے دنیا کے ہی جنین عیب
چرب و شیرین کو نہین وہ کچھ رکھین ... سحر پڑھکے پھوکتے ہین کان مین
کہ تو آ مہمان مرے ای روشنی ... گھر تری ملک اور تو ملک ہی مری
سله اچھا وہ ہی جو کہے بدہضم ہون ... یا جگر خستہ ہون اور پُر زخم ہون
یا مرا سر دُکھتا اچھا سر کو کر ... یا بلاتا مجکو ماموں کا پسر
کیونکہ تجکو نوش دیتا ہی بہ نیش ... کہ کرے وہ نیش اسکا تجھ مین ریش
زر پچاس اور ساٹھ گر دیوے تجھے ... شست مین وہ گوشت ای ماہی رکھے
دیوے گر خود دیوے کب وہ پر حیل ... جوز پوسیدہ ہی باتین پُر دغل
زغ زغ اسکی عقل لیجاوی تری ... عقل صدہا کو نجانے اک ذری
تیری خرجی اور کیسہ یار ہے ... تو ہی رہ مین ڈھونڈھ مت جز دیس کے
ویس اور معشوق تیری ذات ہے ... لیک وہ نزدیک دین آفات ہے
سله حزم وہ ہی جو کوئی دعوت کرے ... تو نہ کہہ ہین مست و خواہان یا مرے

سله کودتی الخ، شعر کاہ کودتی ہے ہر ایک باد سے کوہ باد کی عزت کب کرے یعنے خواہشات سے جنبش اہل دنیا کو دیتے ہین مگر اولیا کہ کوہ کے مانند ہین کب وقر و عزت اسکی جانتے ہین تجکو ہر طرف غول بلاتا ہے کہ ای برادر یہ راہ ہے آؤ حاصل کر یعنے پیران ریاکار کہ غول راہ طریقت ہین تجکو دعوت کرتے ہین کہ راہ تجکو بتاوون اور تیرا رفیق ہون کہ مین اس باریک راہ مین پیشوا ہون تو وہ راہ نہین جانتا ہی ای یوسف اس گرگ خو کی طرف مت جا حزم وہ ہی کہ تجکو وہ فریب نہ دیوین چرب و شیرین دانی دنیا کے جو پُر عیب ہین چرب و شیرین کو وہ نہین رکھتے ہین سحر پڑھکر وہ کان مین پھوکتے ہین اور کہتے ہین کہ اے روشنی والے مہمان میرے تو آ گھر تیری ملک ہی اور تو میری ملک ہی آگے حزم کا بیان ہی فافہم ۱۲ سله اچھا وہ ہی الخ، شعر پس تیرا حزم وہ ہی کہ تو کہے مین بدہضم ہون یا جگر خستہ ہون اور پُر زخم ہون یا میرا سر دکھتا ہی تو اچھا سر کو کر دے یا مجکو ماموں کا پسر بلاتا ہے کیونکہ تجکو نوش دیتا ہے نیش کے ساتھ کہ وہ نیش اسکا تجکو زخمی کرے اگر پچاس یا ساٹھ اشرفی تجکو دیوے ای ماہی وہ شست مین گوشت رکھا ہی یعنے وہ لالچ تجکو دیکر بلا مین پھانستا ہی اگر وہ دیوے خود کب دیوے حیلہ ساز کیونکہ جوز پوسیدہ ہی اسپر دغل کی باتین یعنی بظاہر وہ دیتا ہی و لیکن در اصل دیتا نہین ہے اسکی زغ زغ تیری عقل لیجاتی صدہا عقل کو ایک ذری نجانے تیری خرجی و کیسہ تیرا یار ہے تو ہی راہ مین ہی مت ڈھونڈھ سوائے ویس کے ویس و معشوق تیری ذات ہی و لیکن وہ نزدیک دین کے آفات ہی یعنے تو پیران ریاکار کے فریب مین نہ آ یہی تیرا حزم ہوشیاری ہی کیونکہ وہ نوش مین نیش دیتے ہین یعنے انکی باتین توحید کی بظاہر نوش ہین و لیکن بے معنی ہونے کے سبب سے نیش کا حکم رکھتی ہین تو خود معشوق ہی پس خود کو تو ڈھونڈھ آگے اسکا حال ہی فافہم ۱۲ سله حزم الخ، شعر حزم وہ ہی کہ جو کوئی دعوت کرے تو مت کہہ کہ یہ بہت خواہان میرے ہین انکی دعوت کو تو صفیر مرغ جان کہ صیاد گھات مین پوشیدہ کرتا ہی مرغ مردہ کو آگے رکھتا ہی ظاہر کہ یہ فریاد و فغان کرتا ہی باقی حال صفحہ آئندہ پر ہے۔

دعوت ایشان صفیر مرغ دان	کہ کند صیاد در مکمن نہان	انکی[1] دعوت کو صفیر مرغ جان	گھات مین صیاد جو رکھے نہان
مرغ مردہ پیش بنہادہ کہ این	میکند آواز و فریاد و انین	مرغ مردہ آگے رکھتا ہی عیان	اور بس کرتا ہی فریاد و فغان
مرغ پندارد کہ جنس اوست او	جمع آید بر درشان پوست او	مرغ جانے کہ مری ہی جنس وہ	جمع ہون وہ انکی پھاڑے پوست کو
جز مگر مرغے کہ حزمش داد حق	تا نگردد گیج ازان دانہ ملق	حزم خالق نے دیا جس مرغ کو	قید وہ دھوکے کے دانہ کا نہیں
ہست بے حزمی پشیمانی یقین	حزم را مگذار و محکم کن تو دین	ہی یہ بے حزمی پشیمانی یقین	حزم کو مت چھوڑ محکم کر تو دین
زانکہ بے حزمی شقاوت بر دہد	دین رود از دست و درد سر دہد	کیونکہ بے حزمی شقاوت ہے ثمر	دین جاوے اور ہووے درد سر
بشنو این افسانہ را و شرح این	تا شوی حازم برای حفظ دین	سن یہ قصہ[2] اور شرح اسکی تو	تا کہ حازم ہو تو حفظ دین کو

در تفتیش روستائی شہری را و دعوت کردن او را بلابہ و الحاح

در تفتیش کرنا دہقانی کا شہری کو اور دعوت کرنا اسکی خوشامد و الحاح سے

ای برادر بود اندر ما مضی	شہرئے با روستائی آشنا	ای[3] برادر اگلے ایامون مین تھا	ایک دہقانی کا شہری آشنا
روستائی چون سوی شہر آمدی	خرگہ اندر کوی آن شہری زدی	شہر کو دہقانی آتا جو کہ تھا	گھر پہ وہ شہری کے آکر ٹھہرتا
دو مہ و سہ ماہ مہمانش بدے	بر دکان او و بر خوانش بدے	اسکا مہمان ہتا وہ دو تین ماہ	کھاتا اور دکان پہ رہتا گاہ گاہ
ہر حوائج را کہ بودش آن زمان	راست کردی مرد شہری رایگان	ہوتی[4] جو حاجت اسے تو اس گھڑی	مرد شہری پوری کر دیتا سبھی
رو بشہری کرد و گفت ای خواجہ تو	ہیچ مے نائی سوی دہ فرجہ جو	بولا شہری سے کبھی ای خواجہ تو	کس لیے آتا نہین ہی گانون کو
اللہ اللہ جملہ فرزندان بیار	کین زمان گلشن است و نوبہار	اللہ اللہ بال بچے لا تو یار	ان دنون گلشن ہی اور فصل بہار
یا بتابستان بیا وقت ثمر	تا بہ بندم خدمتت اندر کمر	یا تو لا گرمی مین ہو وقت ثمر	تا تری خدمتین باندھون مین کمر
خیل و فرزندان و قومت را بیار	در دہ تو باش خوش ماہی دو چار	لا تو فرزندونکو اور سب قوم کو	گانون مین دو چار مہ آکر رہو
کہ بہاران خطۂ دہ خوش بود	کشت زار و لالۂ دلکش بود	خوش بہار اندر ہو خطہ گانون کا	کشت سبز اور لالہ زار و پرفضا

سلہ[1] انکی الخ ۷ شعر مرغ جانتا ہے کہ وہ میرے جنس سے جمع ہووین اور وہ انکی پوست کو پھاڑے پس مرغ کو خالق نے حزم دیا وہ دھوکے والے کا مقید نہین ہوتا یقین کر کہ بے حزمی پشیمانی ہی تو حزم کو مت چھوڑ اور دین کو محکم کر کہ بے حزمی سقاوت کا ثمرہ ہی دین جاوے اور درد سر ہووے یہ قصہ اور اسکی مثال تو سن تا کہ حفظ دین کا تو حازم ہووے یعنے پیران ریاکار کی باتین توحید کی مثل صفیر صیاد ہین کہ مرغون کو دھوکا دیکر دام بلا مین پھانستے ہین جیسے دہقانی ایک شہری کو دھوکا دیکر بلا مین پھانستا ہی چنانچہ اسکا قصہ آگے مثال مین فرماتے ہین فافہم ۱۲ سلہ[2] قصہ سوم حزم ہوشیارے واقعیت مین ۱۲ سلہ[3] ای برادر الخ ۳ شعر اگلے زمانہ مین ایک دہقانی کا شہری آشنا تھا جبکہ دہقانی شہر کو آتا تھا شہری کے گھر ٹھہرتا تھا دو تین ماہ وہ اسکا مہمان رہتا تھا کھاتا اور اسکی دوکان پر گاہ گاہ رہتا تھا باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ[4] ہوتی الخ ۶ شعر جب اسے حاجت ہوتی تو اس گھڑی مرد شہری حاجت روا کر دیتا ایک مرتبہ شہری سے اسنے کہا کہ خواجہ تو کس لیے نہین آتا ہے گانون کو اللہ ای یار تو بال بچے لا ان دنون گلشن ہے اور فصل بہار ہے یا تو گرمی مین لا کہ وقت ثمر کا ہو تا مین تیری خدمت مین کمر باندھون تو فرزندون و سب قوم کو لا اور گانون مین دو چار ماہ آکر رہو خطہ گانون کا خوش بہار مین ہو اور کشت سبز اور لالہ زار اور پرفضا ہو باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲-۱۲

وعدہ دادے خواجہ او را دفع حال / تا در آمد بعد وعدہ ہشت سال
او بہر سالے ہمی گفتے کہ کے / عزم خواہی کرد آمد ماہ دے
او بہانہ ساختے کامسال ما / از فلان خطہ بیاید میہمان
سال دیگر گر توانم وارہید / از مہمات آن طرف خواہم دوید
گفت ہستند آن عیالم منتظر / بہر فرزندان تو اے اہل بر
باز ہر سالے چو لکلک آمدے / تا مقیم قبۂ شہری شدے
خواجہ ہر سالے ز زر و مال خویش / خرج او کردی کشودی بال خویش
آخرین کرت سہ ماہ آن پہلوان / خوان نہادش بامدادان و شبان
از خجالت باز گفت او خواجہ را / چند وعدہ چند بفریبی مرا
گفت خواجہ جسم و جانم وصل جوست / لیک ہر تحویل اندر حکم اوست
آدمی چون کشتی است و بادبان / تا کہ آرد باد را آن باد ران
باز سوگندان بدادش کای کریم / گیر فرزندان بیا بنگر نعیم
دست او بگرفت سہ کرت بجد / کاللہ اللہ رو بیا بنما بجد
بعد دہ سالے بہر سالے چنین / لابہا و وعدہاے شکرین
کودکان خواجہ گفتند اے پدر / ماہ و ابر و سایہ ہم دارد سفر
حقہا بر وی تو ثابت کردہ / رنجہا در کار او بس بردہ
او ہمی خواہد کہ بعضے حق آن / وا گذارد چون شوی تو میہمان
بس وصیت کرد ما را او نہان / کہ کشیدش سوے دہ لابہ کنان
گفت حق است این ولے ای سیبویہ / اتق من شر من احسنت الیہ

ٹالنے[۵۱] کو وعدہ خواجہ نے کیا / تا کہ گذرے آٹھ سال اسکو بھلا
وہ ہر اک سال ایسے کہتا تھا کہ کب / تم چلوگے ماہ پھاگن آیا اب
وہ بہانہ کرتا کہ اس سال مین / میرے یان مہمان کہین سے آئے ہین
پار سال آؤنگا گر فرصت ملی / اپنے کامون سے مجھے بس اے اخی
بولا میری منتظر ہین سب عیال / تیری فرزندون کے ای فرخندہ حال
مثل لکلک آتا وہ ہر سال تھا / اور شہری کے مکان پر ٹھہرتا
خواجہ[۵۲] ہر سال اپنے زر او مال کو / خرچ اسپہ کرتا بس خوشحال ہو
تین مہ آخر دفعہ بس وہ رہا / کھانا کھایا اسکے یان صبح و مسا
پھر خجالت سے کہا اس خواجہ کو / کب تلک دیگا فریب او وعدے تو
بولا خواجہ وصل ڈھونڈھی جسم و جان / پر ہے اسکے اختیار اے مہربان
آدمی کشتی سا ہے اور بادبان / بھیجے تا کب باد کو وہ بادران
پھر اسے قسمین بہت دین اے کریم / لا تو فرزندونکو دیکھ اب وہ نعیم
ہاتھ پکڑا تین باری عہد کو / اللہ اللہ آ تو دکھلا جہد کو
دس[۵۳] برس تک ہر برس وہ باسخا / وعدۂ شیرین و خوش کرتا رہا
بولے فرزندان خواجہ ای پدر / ماہ و ابر و سایہ بھی رکھے سفر
اسپہ تو نے اپنا حق ثابت کیا / کام مین اسکے اٹھائے رنجہا
چاہتا ہے بعضے بعضے حق کو وہ / بس ادا کرنا جو تو مہمان ہو
کہہ گیا ہے ہمکو اب پوشیدہ وہ / کر خوشامد کرکے لاؤ گانون کو
بولا یہ حق ہے ولے بات اسمین یہ / اتق من شر من احسنت الیہ

۵۱ ٹالنے کو الخ، شعر خواجہ نے ٹالنے کو وعدہ کیا کہ اسکو آٹھ برس گذرے وہ ہر ایک سال ایسے ہی کہتا تھا کہ کب تم چلوگے اب ماہ پھاگن آیا وہ بہانہ کرتا کہ اس سال مین میرے یہان کہین سے مہمان آئے ہین پار سال آؤنگا اگر مجھے فرصت ملی اپنے کامون سے دہقانی نے کہا کہ سب عیال میرے منتظر ہین تیرے فرزندون کے مثل لکلک وہ ہر سال آتا تھا اور شہری کے مکان پر ٹھہرتا تھا باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲

۵۲ خواجہ الخ، شعر ہر سال اپنے زر و مال کو خواجہ خرچ اسپر کرتا خوشحال ہوکر بس وہ تین ماہ آخر دفعہ کھانا کھایا اسکے یہان صبح و شام پھر خجالت سے اس خواجہ کو کہا کب تک تو فریب اور وعدہ دیگا خواجہ نے کہا کہ وصل ڈھونڈھتا ہے جسم و جان ولیکن اسکے اختیار ہے اے مہربان آگے اسکی مثال ہے آدمی مانند کشتی کے اور بادبان کے ہے اور وہ بادبان کب بھیجے باد کو پھر اسکو بہت قسمین دین کہ اے کریم اپنے فرزدن کو لا اور وہ نعیم اب دیکھ عہد کرکے ہاتھ تین بار پکڑا اللہ اللہ تو آؤ دکھلا کوشش کر باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

۵۳ دس برس الخ، شعر دس برس تک ہر سال وہ سخی وعدہ شیرین و خوش کرتا رہا فرزندان خواجہ نے کہا کہ ای پدر سفر ماہ و ابر سایہ بھی رکھتا ہے تو نے اپنا حق اسپر ثابت کیا اور کام مین اسکے رنج تو نے اٹھائے وہ چاہتا ہے کہ بعضے بعضے حق کو ادا کرنا جب تو مہمان ہو وہ پوشیدہ کہہ گیا ہے کہ خوشامد کرکے تم لاؤ گانون کو کہا یہ سچ ہے ولیکن بات اسمین یہ ہے کہ پرہیز کر وہ شر سے اس کسی کے کہ نیکی کی تو نے طرف اسکے یعنے تو اس شخص سے پرہیز کر کہ نیکی تو نے اسکے ساتھ کی ہے کیونکہ بدلا نیکی کا برائی ہے آگے اسکے مثال ہے فافہم

دوستی تخم دم آخر بود ترسم از وحشت کہ او فاسد شود
صحبتے باشد چو شمشیر قطوع ہمچو دی در بوستان و در زروع
صحبتے باشد چو فصل نوبہار زو عمارتہا و دخل بے شمار
حزم آن باشد کہ ظن بد بری تا گریزی و شوی از بد بری
حزم سوء الظن گفتہ است آن رسول ہر قدم را دام میدان ای فضول
روی صحرا ہست ہموار و فراخ ہر قدم دامیست کم رو او ستاخ
آن بزکوہی دود کو دام کو چون بتازد دامش افتد در گلو
آنکہ میگفتی کہ کو اینک ببین دشت میدیدے ندیدے در کمین
بے کمین و دام صیاد ای عیار دنبہ کی باشد میان کشت زار
آنکہ گستاخ آمدند اندر زمین استخوان و کلہ ہاشان را ببین
چون بگورستان روی ای مرتضے استخوان شان را بپرس از ما مضے
تا بظاہر بینی از مستان گور چون فرو رفتند در چاہ غرور
چشم اگر داری تو کورانہ میا ور نداری چشم دست آر د عصا
آن عصاے حزم و استدلال را چون نداری دیدہ می کن پیشوا
در عصاے حزم و استدلال نیست بے عصاکش در سر ہر رہ مایست
گام زانسان نہ کہ نابینا نہد تا کہ پا از سنگ و از چہ وارہد
لرز لرزان و بترس و احتیاط مے نہد پا تا نیفتد در خیاط

[1] تخم کے آخر تلک ہے دوستی پر یہ دہشت ہے کہ فاسد ہو کبھی
صحبت اک ہے مثل قاطع تیغ کے جیسے پھاگن کھیت اور بستان کے
صحبت اک ہے مثل فصل نوبہار اس سے ہو رونق و آمد بے شمار
حزم وہ ہے کہ رہے تو بدگمان تاکہ تو بھاگے بدی سے ہو امان
حزم سوء الظن ہے فرمودہ رسول ہر قدم کو دام جان اے بو الفضول
صحن صحرا ہے برابر اور بڑا ہر قدم پر دام ہے نادان نہ جا
[2] دام کیا ہے وہ بزکوہی کہے جو کہ دوڑے دام میں جا کر پھنسے
دیکھ لے اب تو کہ کہتا تھا نہیں تھا عیان صحرا نہ تھی دکھتی کمین
بے کمین اور دام صیادوں کے کب کھیت میں ہوتا ہے دنبہ بے سبب
اس زمین پر آئے ہیں گستاخ جو انکی ہڈی کھوپری کو دیکھ تو
جای گورستان میں گر اے مرتضے ہڈیوں سے انکی پوچھ اب ماجرا
تا تجھے ظاہر ہوں مستان گور کس طرح ڈوبے ہیں اندر چاہ غرور
آنکھ گر ہے مثل اندھوں کے نہ آ گر نہیں ہے آنکھ حاصل کر عصا
[3] اس عصاے حزم و استدلال کو پیشوا کر آنکھ جو تجھکو نہو
گر عصاے حزم و استدلال نے بے عصاکش کے تو ہر رہ مت چلے
رکھ قدم جیسے کہ رکھتا کور ہے تاکہ سنگ و چاہ سے پانوں بچے
ڈرتا ڈرتا رکھتا ہے وہ پانوں کو تا خرابی میں نہیں پڑ جاے وہ

[1] تخم کے الخ ۔ شعر تخم آخر تلک ہے دوستی ولیکن دہشت ہے کہ کبھی فاسد نہو جائے صحبت ایک تیغ قاطع کی مانند ہے جیسے ماہ پھاگن کھیتی و بستان کو اثر رکھتا ہے صحبت ایک فصل نوبہار کے مانند ہے کہ اس سے آمدنی و رونق بہت ہے ہوشیاری وہ ہے کہ تو بدگمان رہے تاکہ تو بدی سے بھاگے اور امان ہو حزم سوء الظن یعنے ہوشیاری بدگمانی ہے جناب رسول مقبول صلعم نے فرمایا ہے کہ ہر ایک قدم کو تو دام جان صحن صحرا کا برابر اور بڑا ہے بس ہر قدم پر دام ہے اے نادان تو مت جا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [2] دام کیا ہے الخ ۔ شعر وہ بزکوہی کہے کہ دام کیا ہے کہاں ہے جبکہ دوڑے دام میں پھنسے اب تو دیکھ لے نہیں کہتا تھا کہ ظاہر صحرا ہے اور کمین نہ دکھائی دیتی تھی بغیر کمین اور دام صیادوں کے کھیت میں کب دنبہ ہوتا ہے بغیر سبب کے آگے اسکے حقائق ہیں اس لئے زمین پر جو گستاخ آئے ہیں انکی کھوپڑی و ہڈی کو دیکھ اگر گورستان میں جائے تو ہڈیوں سے انکی اب ماجرا پوچھ تاکہ تجکو ظاہر دکھائی دیں مستان گور کس طرح ڈوبے ہیں چاہ غرور میں اگر آنکھیں ہیں اندھوں کے مانند نہ آ اور اگر آنکھ نہیں ہے عصا حاصل کر یعنے اہل غرور کی ہڈیاں گورستان میں دیکھ لے کہ انکا انجام کار کیا حال ہوا اگر تو بینا ہے مثل اندھوں کے مت آ اور اگر اندھا ہے عصا یعنے دلیل راہ حاصل کر تا راہ تجکو ملے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ [3] اس عصا الخ ۔ شعر اس عصاے حزم و استدلال کو پیشوا کر اگر آنکھ تجکو نہو اور اگر عصاے حزم و استدلال نہیں ہے تو بے عصاکش کے تو ہر ایک قدم راہ مت چلے تو قدم رکھ جیسے کہ اندھا رکھتا ہے تاکہ چاہ و سنگ سے تیرا پانوں بچے وہ پانوں ڈرتا ڈرتا رکھتا ہے تاکہ خرابی میں نہ پڑ جائے اور تو دھوئیں سے بھاگا اور آتش میں گرا لقمہ ڈھونڈھا اور لقمہ سانپ کا ہوا یعنے اندھوں کے مانند تو ہر ایک راہ مت چل بغیر رہبر کے ورنہ تو تھوڑے رنج سے بڑی آفت میں گرفتار ہوگی چنانچہ انکا قصہ آگے مثال میں فرماتے ہیں فافہم ۱۲۔

اکژدمی جسته در نائیه شده	لقمه جسته لقمهٔ مارے شده	اژدہے میں جا کا آتش میں پڑا	لقمہ ڈھونڈھا سانپ کا لقمہ ہوا

قصهٔ اهل سبا و طاغی کردن نعمت ایشان را و در رسیدن شومی طغیان و کفران و بیان فضیلت شکر و وفا

قصہ اہل سبا کا اور باغی کرنا نعمت کا اُنکو اور پہونچنا شومی نافرمانی و ناشکری کا اور بیان فضیلت شکر و وفا کا

تو نخواندی قصهٔ اهل سبا	یا بخواندی و ندیدی جز صدا	تُنے پڑھا کیا قصۂ اہل سبا	یا پڑھا تو نے نہ دیکھا جز صدا
از صدا آن کوه را آگاه نیست	سوی معنی هوش که را راه نیست	اُس صدا سے کوہ کو نے آگہی	سوی معنے کوہ کو نے رہ ملی
او همی بانگی کند بے گوش و هوش	چون خمش کردی تو او هم شد خموش	دیتا ہے آوازہ وہ بے گوش و ہوش	تا جو ہو خاموش وہ بھی ہو خموش
داد حق اهل سبا را بس فراغ	صد هزاران قصر و ایوان ها و باغ	حق نے دی اہل سبا کو بس فراغ	سیکڑوں قصر و مکان بستان و باغ
شکر آن نگذاشتند آن بدرگان	در وفا کمتر فتادند از سگان	شکر حق کا اُن بخیلوں نے کیا	تھے وہ کتوں سے بھی کمتر باوفا
مر سگے را لقمهٔ نانے ز در	چون رسد بر در همے بندد کمر	سگ کو جس در پر کہ بس روٹی ملے	وہ کمر اُس در پے باندھے جان سے
پاسبان و حارس در مے شود	گرچه بروی جور و سختی مے رود	وہ محافظ پاسبان اُس در کا ہو	گرچہ جور و ظلم اُسپر ہوتا ہو
هم بدان در باشدش باش و قرار	کفر داند کرد غیرے اختیار	وہ اُسی در پے رہے رکھے قرار	کفر جانے غیر کا جو ہووے یار
ور سگے آید غریبے روز و شب	آن سگانش میکنند آندم ادب	گر مسافر کتا آئے روز و شب	اُسکو وہ کتے سزا دیں اور ادب
که برو آنجا که اول منزل است	حق آن نعمت گروگان دل است	جا وہیں پر جو ہے اول تیری جا	دل گرو ہے حق نعمت کا ترا
می گزندش که برو بر جای خویش	حق آن نعمت فرو مگذار بیش	کاٹیں لپیں اُسکو کہ جا تو اپنی جا	پہلا حق نعمت کا بس چھوڑی بھلا
از دل و از اهل دل آب حیات	چند نوشیدی و وا شد چشمهات	اہل دل اور دل ہے خود آب حیات	جو بہت کھایا کھلیں چشم صفات
بس غذای وجد و شکر بیخودی	از در اهل دلان بر جان زدی	بس غذاے وجد شکر بیخودی	تیری جاں نے اہل دل کے در سے لی
باز این در را رها کردی ز حرص	گرد هر دکان همی گردی ز حرص	حرص سے پھر در رہا تو نے کیا	حرص سے تو سب دکانوں پر پھرا

سلہ تُنے پڑھا الخ یہ شعر تو نے قصہ اہل سبا کا نہیں پڑھا ہے یا تو نے پڑھا ہے تو بجز صدا کے نہیں دیکھا ہے اس صدا سے کوہ کو آگہی نہیں کیونکہ معنی کی طرف کوہ کو راہ نہیں ملی وہ آواز دیتا ہے بغیر گوش و ہوش کے جو تو خاموش ہو تو وہ بھی خاموش ہو آگے رجوع بقصہ ہے حق نے اہل سبا کو بہت فراغ دی تھی سیکڑوں قصر و مکان و بستان و باغ سے مگر شکر حق کا اُن بخیلوں نے نہ کیا کہ وہ کتوں سے بھی وفا میں کمتر تھے آگے اسکی مثال ہے مثال کتے کو جس دروازہ پر روٹی ملے وہ جان سے کمر اُس دروازہ پر باندھے باقی مثال آگے ہے فافہم ۱۲ ستہ محافظ الخ یہ شعر وہ کتا محافظ اُس دروازہ کا ہو اگرچہ جور و ظلم اُسپر ہوتا ہو وہ اسی دروازہ پر رہے اور قرار پکڑے وہ غیر کا یار ہونا کفر جانے اگر کتا مسافرت میں آئے اُسکو وہ کتے سزا و ادب دیویں اور کہیں کہ تو وہاں جا جو کہ اول تیری جا ہے کیونکہ دل اس نعمت کا گرو ہے اُسکو کاٹیں کہ جا تو اپنی جا و پہلا حق نعمت کا مت چھوڑ آپنے اور اہل دل سے جو تو نے آب حیات بہت کھایا اور چشم صفات تیری کھلیں پس غذاے وجد و شکر و بیخودی تیری جان نے اہل دل کے دروازہ سے لی ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲-۱۲-

ستہ حرص سے الخ یہ شعر تو نے یہ دروازہ حرص سے رہا کیا ہے اور حرص سے ہر ایک دکان کے گرد پھرتا ہے منتوی کے چرب ہانڈی کے لئے تو دوڑتا ہے گوشت روٹی کے لیے وہ چیز چرب ہے کہ جو جان کو فربہ کرے اور ناامید کے کام کو اچھا کرے یعنے اہل دل سے وجد و شکر تو نے جان سے حاصل کیا اب بسبب حرص کے دربدر پھرتا ہے بطمع غذاے چرب و شیرین کے پس چرب وہ چیز ہے کہ جو جان کو فربہ کرے اور تیرے کاموں کو بہتر کرے جیسے عیسیٰ عم کے دروازہ پر اہل آفت کو شفا حاصل ہوئی چنانچہ انکا قصہ آگے مثال میں فرماتے ہیں فافہم ۱۲-۱۲-

بر در آن منعمان چرب دیگ	ہی دوی بہر ثرید مرد ریگ	چرب ہانڈی منعمون کے واسطے	دوڑتا ہے گوشت روٹی کے لیے
چرب‌ش آنجا دان کہ جان فربہ شود	کار نا امید آنجا بہ شود	چرب وہ ہے جان کو فربہ کرے	کار نا امید کو اچھا کرے

جمع آمدن اہل آفت ہر صباحی بر صومعۂ حضرت عیسی علیہ السلام جہت طلب شفا بدعای او

جمع ہونا اہل آفت کا ہر صبح دروازہ صومعہ حضرت عیسی علیہ السلام کے واسطے چاہنے شفا و دعا انکی کے

صومعۂ عیسی ست خوان اہل دل	ہان ہان ای مبتلا این در مہل	صومعہ عیسی ہے اہل دل کا خوان [1]	چھوڑ مت ای مبتلا اس کو ہان
جمع گشتندی ز ہر اطراف خلق	از ضریر و شل و لنگ و اہل دلق	جمع ہوتی تھی ہر اک جانب سے خلق	لنگڑے لولے اور مریض و اہل دلق
بر در آن صومعۂ عیسی صباح	تا بدم ایشان رہاند از جناح	صومعہ عیسی کے در پہ صبح دم	تا کہ گناہوں سے چھڑائیں وہ بدم
او چو فارغ گشتی از اوراد خویش	چاشتگہ بیرون شدی آن خوب کیش	ہوتے فارغ جبکہ وہ اوراد سے	آتے تب باہر وہ وقت چاشت کے
جوق جوق مبتلا دیدی نزار	شستہ بر در با امید انتظار	جوق جوق مبتلا کو دیکھتے	منتظر در پر انھیں بیٹھے ہوئے
گفتی ای اصحاب آفت از خدا	حاجت و مقصود جملہ شد روا	کہتے [2] ای اصحاب آفت حق سے اب	ہوں روا بس حاجت و مقصود سب
ہین روان گردید بے رنج و عنا	سوی غفاری و اکرام خدا	جاؤ تم اب یاں سے بے رنج و عنا	جانب غفار و اکرام خدا
جملگان چون اشتران بستہ پای	کہ کشائی زانو ایشان برای	جملہ مثل اونٹ بستہ پاؤں کے	کہ تو کھولے انکے پاؤں رای سے
خوش دوان و شادمانہ سوی خان	از دعای وی شدندی پا دوان	سوی خانہ خوش وہ اور شادان چلے	جو دعا سے انکی وہ چلنے لگے
جملہ بے درد و الم بے رنج و غم	تندرست و شادمان و محترم	سب وہ بے درد و الم بے رنج و غم	تندرست و شادمان و محترم
سوی خانہ خویش گشتندی روان	از دم میمون آن صاحبقران	اپنے اپنے گھر کی جانب وہ گئے	بس دم پاک اس نبی اللہ سے
آزمودی تو بسے آفات خویش (صحت)	یافتی صحت ازان یاران کیش	آزمایا [3] اپنی سب آفات کو	پائی صحت تو نے ان یاروں سے جو
چند آن لنگی تو رہوار شد	چند جانت بے غم و آزار شد	اسقدر لنگی تری جاتی رہی	اسقدر جان تیری بے غم ہو گئی

[1] صومعہ الخ ۵ شعر صومعہ عیسی علیہ السلام کا اہل دل کا خوان ہے ای مبتلا اس در کو تو ہرگز مت چھوڑ ہر ایک جانب سے مخلوق جمع ہوتی تھی لنگڑے لولے اور مریض گدڑی پوش حضرت عیسی علیہ السلام کے دروازہ صومعہ پر صبح کے وقت تاکہ گناہوں سے وہ چھڑائیں از راہ دم کے جبکہ وہ فارغ ہوتے اوراد سے اور باہر آتے وقت چاشت کے جوق جوق مبتلاؤں کو وہ دیکھتے منتظر دروازے پر بیٹھے ہوئے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [2] کہتے الخ ۶ شعر کہتے کہ ای اصحاب آفت حق کی جانب سے اب روا ہوں حاجت و مقصود سب تمہارے اب یہاں سے بے رنج و تکلیف جاؤ جانب غفار و اکرام خدا کے سب مانند اونٹ پاؤں بستہ کے کہ تو اپنی رائے سے انکے پاؤں کھولے اور وہ اپنے گھر کی طرف خوش و شادان جائیں جب دعا سے انکی وہ چلنے لگے وہ سب درد و الم و بے رنج و غم اور تندرست و شادان و محترم اپنے اپنے گھر کی جانب وہ گئے دم پاک اس نبی اللہ سے آگے انکے حقائق ہیں فافہم ۱۲ [3] آزمایا الخ ۲ شعر تو نے آزمایا اپنی سب آفتوں کو اور تو نے جو صحت پائی ان یاروں سے اسقدر تیری لنگی جاتی رہی اسقدر تیری جان بے غم ہو گئی ای غافل تو رشتہ باندھ پاؤں پر تاکہ گم جائے تو اپنے آپ سے یعنی ای غافل تو نے اولیاء اللہ کو آزمایا کہ تو نے انسے صحت پائی اور لنگڑاپن و غم تیرا دور ہوا اور پھر تو انکو بھول گیا پس تو اپنے پاؤں پر تاگا باندھ کہ تو خود کو نہ بھول جائے باقی حقائق آگے ہیں فافہم ۱۲

اے معلق رشتہ بر پائے بند　　تا از خود ہم گم نگردی اے لوند
ای تو غافل باندھ رشتہ پاؤں پے　　تا نہ گم جائے تو اپنے آپ سے

ناسپاسی و فراموشی تو　　یاد ناورد آن عسل نوشی تو
تیری[۱] ناشکری فراموشی نے جو　　نے کیا بس یاد کھانے شہد کو

لاجرم آن راہ تو بر بستہ شد　　چون دل اہل دل ز تو خستہ شد
اس لیے تجھپر وہ رہ بستہ ہوئی　　تجھسے اہل دل کی جان خستہ ہوئی

زود شان دریاب استغفار کن　　ہمچو ابرے گریہ ہاے زار کن
جلد انکو پاؤ استغفار کر　　ابر کے مانند گریہ زار کر

تا گلستان شان سوے تو بشگفد　　میوہ ہاے پختہ بر خود وا کفد
تیری جانب باغ انکا تا کھلے　　اور میوہ پختہ تیرے پر پھٹے

ہم بران درگاہ از سگ کم مباش　　با سگ کہف ار شدی تو خواجہ تاش
رہ اسی درگہ مین کم[۲] سگ سے نہو　　مثل کلب کہف ہو ای نیک خو

چون سگان ہم مر سگانرا ناصح اند　　کہ دل اندر خانۂ اول بہ بند
جبکہ کتا ناصح کتے کا ہوا　　کہ تو مائل اگلے گھر کا رہ سدا

اندر اول کہ خوردی استخوان　　سخت گیر و حق گذاری کا عیان
اگلے در سے جو کہ کھائین ہڈیان　　چھوڑ مت اور حق گذاری کر عیان

می گزندش کز ادب آنجا رود　　در مقام اولین مفلح شود
کاٹین اسکو تا ادب سے جاے وہ　　اگلی جا پر فائدہ تا پائے وہ

می گزندش کای سگ طاغی برو　　با ولی نعمتت یاغی مشو
کاٹین اسکو کہ ای سگ طاغی نہو　　جا ولی نعمت سے تو باغی نہو

بر ہمان در ہمچو حلقہ بستہ باش　　پاسبان و چابک و برجستہ باش
مثل حلقہ در پر اس در کے رہو　　اسکی ہشیاری نگہبانی کرو

صورت نقض وفاے ما منال　　بیوفائی را مکن بیہودہ فال
مت ہماری اب وفا کو توڑ تو　　بیوفائی کو اے نادان چھوڑ تو

مر سگان را چون وفا آمد شعار　　رو سگانرا ننگ و بدنامی میار
جبکہ کتون کو وفا آے شعار　　جا نہ کر بدنام کتون کو تو یار

بیوفائی چون سگانرا عار بود　　بیوفائی چون روا داری نمود
بیوفائی سے جو کتون کو تھی عار　　بیوفائی تو نے کیون کی اختیار

حق تعالی فخر آورد از وفا　　گفت من اوفی بعہد غیرنا
حق[۳] تعالی نے کیا فخر وفا　　بولا من اوفی بعہد غیرنا

سلہ تیری الخ ۲ شعر تیری ناشکری و فراموشی نے جو یاد نہ کیا کھانے شہد کو اسواسطے وہ راہ تجھپر بستہ ہوئی اور اہل دل کی جان تجھسے خستہ ہوئی تو جلد انکو یاد استغفار کر اور مانند ابر کے گریہ کرتا کہ تیری جانب انکا باغ کھلے اور میوے پختہ تجھپر ظاہر ہوویں یعنے اولیاء اللہ کے فیض کو تیری ناشکری نے یاد نہ کیا اسواسطے وہ راہ فیض رسانی کی تجھپر بند ہوگئی تو جلد انکو پھر حاصل کر اور رو کہ گلشن فیض انکا تیری جانب کھلے اور تجکو ثمر حاصل ہو فافہم ۱۲-

سلہ سگ سے کم الخ ۹ شعر تو سگ سے کم اس درگاہ پر گرد نہو اگر تو خواجہ تاش سگ اصحاب کہف کا ہے جبکہ کتا ناصح کتے کا ہوا کہ تو مائل اگلے گھر کا ہو اگلے دروازے سے جو ہڈیان کھائین اس دروازے کو مت چھوڑ اور اسکا حق ادا کر پس اسکو کاٹین کہ تا وہ ادب سے جاے اگلی جگہ پر تا وہ فائدہ پاے اور کاٹین اسکو کہ ای تو طاغی نہو اور جا اپنے ولی نعمت سے باغی نہو اور حلقہ کے مانند اس در پر رہو اور اسکی ہوشیاری و نگہبانی کرتا رہو ہماری وفا کو اب مت توڑ تو اور بیوفائی کو ای نادان چھوڑ تو آگے اسکے حقائق ہین جبکہ کتون کو وہ شعار ہوتی تو جا اور کتون کو ای یار بدنام نکر جو بیوفائی سے جو کتون کو عار تھی پس تو نے بیوفائی کیون اختیار کی یعنے کتون کو تو اپنے ولی نعمت قدیم کی اسقدر وفاداری کا خیال ہے اور تجھے ای غافل اپنے مرشد رہبر کا کچھ خیال نہین ہے کہ تو نے انکو چھوڑ کر اہل دنیا کا دروازہ پکڑا ہے پس وفاداری مین تو کتے سے بھی کم ہے جا تو مرشد کی وفاداری اختیار کر آگے وفاداری کا حال ہے فافہم ۱۲

سلہ حق تعالی نے الخ ۹ شعر حق تعالی نے فخر وفا کا کیا ہے اور فرمایا ہے قرآن مین ترجمہ کوئی وفا کرنے والا زیادہ عہد اپنے مین خدا سے نہین ساتھ حق کے وفا کرنا بیوفائی ہے کیونکہ حقوق حق کو کوئی سبقت نہین رکھتا ہے نور کے ساتھ نور اور نار کے ساتھ نار اور گل کے ساتھ گل ہو اور خار کی جگہ خار بعد حق کے ماں کا حق ہے کہ جو حق نے تجھ جنین سے اُسے تاوان لینے والا کیا ہے کیونکہ تیری صورت باندھی اُسکے جسم مین اور حمل مین تجکو آرام دیے ہین تو اُسکو جز متصل کے مانند دکھائی دیا اور خدا نے صدہا صنعتین اور تدبیرین کری ہین تب محبت ماں نے تجھپر پائی ہے پس خدا کا باپ ماں سے زیادہ حق ہوا ہے جو کوئی اس حق کو نجانے وہ گدھا ہے اُسنے ماں ہو شیر کو پیدا کیا اور پھر باپ کے ساتھ اُسکا جوڑا کیا یعنے وفاداری کا حق تعالی نے فخر کیا ہے اسلیے ماں کا حق خدا کے حق کے بعد ہے پس انسان کو چاہیے کہ خدا کے ساتھ وفاداری کرے اور جو اُسنے کہا ہے اُسپر چلے اور اچھے کے ساتھ اچھا اور برے کے ساتھ برا ہووے آگے مناجات ہے فافہم ۱۲

بیوفائی دان وفا بارد حق ｜ برحقوق حق ندارد کس سبق
بیوفائی ہے وفا باردِ حق ｜ زحقوق حق پہ رکھے کس سبق

نور را ہم نور شو با نار نار ｜ جای گل گل باش جای خار خار
نور ہو با نور اور با نار نار ｜ جای گل کے گل ہو جائے خار خار

حق مادر بعد از ان شد کان کریم ｜ کرد او را از جنین تو غریم
ماں کا حق ہی بعد اُسکے حق نے جو ｜ تجھ جنین سے کر دیا تاوان جو

صورتی کردت درون جسم او ｜ داد در حملت ترا آرام خو
تیری صورت باندھی اُسکے جسم میں ｜ حمل میں تجھکو دیے آرام ہیں

ہمچو جزو متصل دید او ترا ｜ متصل را کرد تدبیرش جدا
اُسکا جزو متصل سا تو ہوا ｜ متصل کو کر دیا اُسنے جدا

حق ہزاران صنعت و فن ساخت ست ｜ تاکہ مادر بر تو مہر انداخت ست
حق ز صد ہا صنعت اور تدبیر کی ｜ تب محبت ماں نے بس تجھ پر کی

پس حق حق سابق از مادر بود ｜ ہر کہ آن حق را نداند خر بود
بس خدا کا ماں سے پہلے حق ہوا ｜ جو کہ اُس حق کو نجانے ہی گدھا

آنکہ مادر آفرید و ضرع و شیر ｜ با پدر کردش قرین آن خود مگیر
اُسنے ماں اور شیر کو پیدا کیا ｜ باپ کے ساتھ اسکا پھر جوڑا کیا

ای خداوند ای قدیم احسان تو ｜ آنکہ دانم وانکہ نے ہم آن تو
یا الٰہی[۱] یہ ترا احسان ہے ｜ جانا نجانا ترا سب آن ہی

تو بفرمودی کہ حق را یاد کن ｜ زانکہ حق من نمے گردد کہن
تو نے فرمایا کہ حق کو یاد کر ｜ کیونکہ حق میرا نہو وے کہنہ تر

یاد کن لطفے کہ کردم آن صبوح ｜ با شما از حفظ در کشتی نوح
یاد کر وہ لطف جو تجھ پر کیے ｜ نوح کی کشتی میں رکھا امن سے

اصل و اجداد شمارا آن زمان ｜ دادم از طوفان و از موجش امان
باپ و دادا کو ترے طوفان سے ｜ اور موجوں سے رکھا محفوظ ہی

آب آتش خو زمین بگرفتہ بود ｜ موج او مر اوج کہ را مے ربود
آب[۲] آتش خو نے گھیری تھی زمین ｜ موج لیجاتی تھی کہ کو کر یقین

حفظ کردم من نکردم ردتان ｜ در وجود جد جد جدتان
حفظ کی میں نے ڈبایا نے تمہیں ｜ بس وجود جد جد جد میں

چون شدی سر پشت پایت چون زنم ｜ کارگاہ خویش چون ضائع کنم
کیسی ٹھوکر ماروں جو تو سر ہوا ｜ کارگہ کو کیوں کروں اپنی بنا

چون فدای بیوفایان میشوی ｜ از گمان بد بدان سو میروی
بیوفایوں پر فدا ہوتا ہی کیوں ｜ بدگمانی سے اُدھر جاتا ہی کیوں

من ز سہو و بیوفائی ہا بری ｜ سوے من آئی گمان بد بری
بیوفائی سے ہوں دور اور بھول سے ｜ تیرے آنے میں گمان بد تو رکھے

این گمان بد بدانجا بر کہ تو ｜ میشوی در پیش ہمچون خود دو تو
بدگمان بد وہاں لے جا کہ تو ｜ مثل خود ٹیڑھی کری وان پشت تو

بس گرفتی یار و ہمراہان زفت ｜ گر ترا گویم کہ گوئی کان رفت
یار و ہمرہ اپنے تو نے وہ کیے ｜ تجھسے گر پوچھوں کہی تو وہ گئے

یار نیکت رفت بر چرخ برین ｜ یار فسقت ماند در قعر زمین
یار نیک اب تیری گردوں پر گئے ｜ یار بد اندر زمین کے بس رہے

تو بماندے در میانہ ہمچنان ｜ بے مدد چون آتشے از کاروان
تو[۳] تو ویسا ہی رہا بس درمیان ｜ آگ رہجاتی ہی جوں بے کاروان

---

۱ یا الٰہی الخ یہ شعر ای اللہ یہ تیرا احسان ہی دانستہ اور بے دانستہ سب تیری ملک ہی تو نے فرمایا ہی کہ حق کو یاد کر کیونکہ میرا حق کبھی ترک نہیں ہوتا آگے قول حق تعالیٰ کا ہی کہ وہ لطف یاد کر کہ جو تجھپر کیے اور نوح کی کشتی میں تجھکو با امن رکھا تیرے باپ دادا کو طوفان اور موجوں سے محفوظ رکھا ہی باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲

۲ آب آتش خوی الخ یہ شعر زمین کو گھیرا آب آتش خوی کہ موج اسکی کوہ کو لیجاتی تھی میں نے حفاظت کی اور تمہیں نہیں ڈبویا باوجود جد کے جد میں اب میں کیسے ٹھوکر ماروں جو تو سر ہوا ہی اور اپنی کارگاہ کو کیونکر تباہ کروں تو کیوں بیوفایوں پر فدا ہوا ہی اور کیوں بدگمانی سے اُدھر جاتا ہی میں بیوفائی اور بھول سے دور ہوں اور تو میرے پاس آنے میں گمان بد رکھے یہ گمان بد وہاں لیجا کہ تو مانند اپنے پشت وہاں ٹیڑھی کری تو نے یار و ہمراہ وہ کیے ہیں کہ اگر تجھ سے پوچھوں تو کہے کہ وہ گئے تیرے یار نیک آسمان پر گئے اور یار بد اندر زمین کے رہے باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲-۱۲-

۳ تو الخ اشعر تو تو درمیان میں ویسا ہی ہا جیسے آگ رہجاتی ہی بغیر کاروان کے باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲-

دامن او گیر اے مرد دلیر | کہ منزہ باشد از بالا و زیر
نے چو عیسیٰ سوی گردون بر شود | نے چو قارون در زمین اندر رود
با تو باشد در مکان و لامکان | چون بمانی از سرا و از دکان
او بر آرد از کدورتہا صفا | مر جفاہائے ترا گیرد وفا
چون جفا آری فرستد گوشمال | تا ز نقصان واری سوی کمال
چون تو وردے ترک کردی در روش | بر تو قبضے آید از رنج و تپش
آن ادب کردن بود یعنی مکن | ہیچ تحویلے ازان عہد کہن
پیش ازان کاین قبض زنجیری شود | اینکہ دلگیریست پاگیرے شود
رنج معقولت شود محسوس و فاش | تا نگیری این اشارت را بلاش
در معاصی قبضہا دلگیر شد | قبضہا بعد از اجل زنجیر شد
نعط من اعرض ہنا عن ذکرنا | عیشۃ ضنکا و نحشر بالعمیٰ
دزد چون مال کسان را مے برد | قبض و دلتنگی دلش را مے خلد
او ہمی گوید عجب این قبض چیست | قبض آن مظلوم کز شرت گریست
چون بدین قبض التفاتے کم کند | باد اصرار آتشش را دم کند
قبض دل قبض عوان شد لاجرم | گشت محسوس آن معانی زد علم
قبضہا زندان شدست و چارمیخ | قبض بیخ ست برآرد شاخ و بیخ

دامن ایسے کا پکڑ تو اے دلیر[۱] | جو نہ رکھتا ہووے وہ بالا و زیر
مثل عیسیٰ کے بجانب چرخ پر | نہ زمین مین مثل قارون کے گھسے
ہو مکان و لامکان مین تیری ساتھ | چھوڑ دکان تو رہے جو اُسکے ساتھ
وہ کدورت سے تجھے کر دے صفا | اور جفاؤن کو ترے جانے وفا
ہو جفا تو لائے وہ دے گوشمال | تا وہ نقصان سے چھڑا لے دے کمال
جو طریقت مین وظیفہ چھوڑ دے[۲] | قبض تجھپر آئے رنج و تعب سے
وہ ادب کرتا ہے یعنے مت کرے | کوئی حیلہ اُس پرانے عہد سے
پہلے اس سے قبض کہ زنجیر ہو | اب کہ ہے دلگیر پھر پاگیر ہو
رنج معقولی ترا محسوس ہو | تا بلا ئے جانے تو اس راز کو
پس گناہون سے ہوا دلگیر قبض | وقت گذرا تو ہوا زنجیر قبض
نعط من اعرض ہنا عن ذکرنا | عیشۃ ضنکا و نحشر بالعمیٰ
چور جو لیتا کسی کا مال ہے[۳] | قبض دل مین اک خلش اُسکے رکھے
وہ یہ کہتا ہے کہ کیسا قبض ہے | رویا جو مظلوم اُسکا قبض ہے
کم کرے جو التفات اس قبض سے | باد اصرار آگ اُسکی پھونکدے
قبض دل کا قبض بر قندار ہو | ہووے محسوس اب معانی فاش و
قبض زندان ہو گیا او چارمیخ | قبض جڑ ہے لائے پھل او شاخ بیخ

یعنی عیش اُسکا تنگ ہوگا اور حشر اُسکا اندھون مین ۱۲

[۱] دامن الخ ۔ شعر پس تو دامن ایسے کا پکڑ کہ وہ نہ رکھتا ہووے بالا و زیر کوشش جیسے اکہ نہ آسمان پر جاوے اور نہ زمین مین مثل قارون کے گھسے اور مکان و لامکان مین تیرے ساتھ ہو تو چھوڑ دکان دنیا کو جو اُسکے ساتھ رہے وہ تجھ کو کدورت سے صاف کر دے اور جفا کو تیری وفا جانے جب تو جفا لائے وہ گوشمالی دے تاکہ نقصان سے چھڑائے اور کمال دیوے یعنے حق تعالےٰ فرماتا ہے کہ دیکھ تجکو یعنے تیرے باپ دادا مین ہلاکت سے بچایا اور تو بیوفا یان دنیا پر فدا ہوتا ہے اور بدگمانی سے اُدھر کو جاتا ہے پس تو ایسا یار پکڑ کہ تیرے ہمراہ ہردم رہے اور تجکو صاف کرے کہ وہ مرشد راہ طریقت ہے کہ ہر دم تیرے ساتھ ابد الآباد تک رہے چنانچہ اسکے حقائق آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲
[۲] جو طریقت مین الخ ۔ شعر جو تو طریقت مین وظیفہ کو چھوڑ دے تجھپر قبض آئے رنج و تعب سے وہ ادب کرتا ہے یعنے کوئی حیلہ مت کر اُس پرانے عہد سے یعنے ترک وظیفہ مت کر پہلے اُس سے کہ قبض زنجیر ہووے اب کہ دلگیر ہے وہ پاگیر ہوگا تیرا رنج معقول محسوس ہو کا اسکو بلا جانے پس گناہون سے قبض دلگیر ہو وقت گذرا تو قبض زنجیر ہوا بقول حق تعالیٰ ترجمہ اُس کسی نے کہ روگردانی کی ہمارے ذکر سے عیش اُسکا تنگ ہوگا اور حشر اُسکا اندھون مین ہوگا۔ آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲
[۳] چور الخ ۔ شعر جو چور مال کسی کا لیتا ہے قبض دل مین اُسکے ایک خلش پیدا کرتا ہے پس وہ یہ کہتا ہے کہ یہ کیسا قبض ہے وہ مظلوم جو رویا ہے یہ اُسکا قبض ہے قبض پر جو التفات کم کرے باد اصرار اُس چور کی آگ پھونک دے قبض دل چور کا برقنداز کا ہوا اور وہ معانی ادب محسوس و فاش ہو قبض وہ زندان اور چارمیخ ہو گیا قبض جڑ ہے پھل اور شاخ و بیخ لائے جز پوشیدہ تھی آشکار ہوئی قبض اور بسط دل کو ایک جز شمار کرنا چاہیے جو طریقت مین جو وظیفہ مرشد کا بتایا ہوا بسبب گمراہی کے چھوڑ دے اُس سے قبض پیدا ہووے اول وہ قبض دلگیر ہووے بعدہٗ زنجیر ہو کر پاگیر ہووے پس سالک کو چاہیے کہ وظیفہ مرشد کا بتایا ہوا ہرگز نہ چھوڑے ورنہ آفت قلبی آخر کو آفات دنیوی مین گرفتار کریگی باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲۔

بیخ پنہان بود ہم شد آشکار | قبض و بسط اندرون بیخی شمار
چونکہ بخیش بد بود زودش بکن | تا نروید زشت خارے در چمن
قبض دیدی چارۂ آن قبض کن | زانکہ سرہا جملہ میروید زبن
بسط دیدی بسط خود را آب دہ | چون بر آید میوہ با اصحاب دہ
باز گرد و قصۂ اہل سبا | باز گو تا باز گویم مرحبا

جڑ تھی پوشیدہ ہوئی پس آشکار | قبض و بسط دل کو اک جڑ کر شمار
جو کہ اسکی جڑ ہے بد تو کھود اسے | تا نہ بد کا نٹا چمن میں اک اگے
قبض دیکھا کر علاج اس قبض کا | کیونکہ سب شاخیں چمن جڑ سے بھلی
بسط دیکھا بسط کو دے آب تو | میوہ جو آئے تو دے اصحاب کو
اب تو پھر اور قصۂ اہل سبا | پھر کہو تا پھر کہوں میں مرحبا

باقی قصۂ اہل سبا

باقی قصہ اہل سبا کا

آن سبا ز اہل صبا بودند خام | کارشان کفران نعمت با کرام
باشد آن کفران نعمت در مثال | کہ کنی با محسن خود تو جدال
کہ نمی باید مرا این نیکوی | من برنجم زین چہ رنجہ میشوی
لطف کن این نیکوی را دور کن | من نخواہم چشم زودم کور کن
پس سبا گفتند باعد بیننا | شیننا خیر لنا خذ زیننا
ما نخواہیم این ایوان و باغ | نے زنان خوب نے امن فراغ
شہرہا نزدیک ہمدیگر بدست | آن بیابان خوش کانجا دد ست
یطلب الانسان فی الصیف الشتا | فاذا جاء الشتا انکر ذا
فہو لا یرضی بحال ابدا | لا بضیق لا بعیش رغدا

(طلب کرتا ہے انسان گرمی میں جاڑا — وہ جگہ اسکو دہم اور اس سے انکار کرتا ہے — پس وہ راضی نہیں ہوتا اور ایک حال کے ہمیشہ — تنگی میں نہ عیش میں بہ رغبت سے ۱۲)

خام از کون سے بھی تھے اہل سبا | انکا بس کفران نعمت کام تھا
وہ ہوئے کفران نعمت در مثل | اگر کرے محسن سے اپنے تو جدل
کہ نہیں یہ نیکی ہم کو چاہیے | اس سے ہم رنجیدہ تو کیوں غم کرے
لطف کر یہ نیکی ہم سے دور کر | چشم کیا ہی ہمکو کر دے بے بصر
پس سبا بولے کہ باعد بیننا | شیننا خیر لنا خذ زیننا
ہم نہیں چہتے ہیں یہ قصر اور باغ | نے زنانہ خوب نے امن و فراغ
شہر یہ نزدیک آپس میں ہیں بد | وہ بیابان خوش جہان ہے دام و دد
یطلب الانسان فی الصیف الشتا | فاذا جاء الشتا انکر ذا
فہو لا یرضی بحال ابدا | لا لضیق لا لعیش رغدا

سلہ جو کہ الخ یہ شعر جو اسکی جڑ بد ہے تو اسکو کھود تا کہ چمن میں خار بد پیدا نہووے تو نے قبض دیکھا علاج اسکا کر کیونکہ سب شاخیں جڑ سے اگتی ہیں اور اگر بسط کو تو آب دے اور جو میوہ پیدا ہو دوستوں کو دے اب تو پھر اور قصہ اہل سبا کا پھر کہو تاکہ میں مرحبا کہوں یعنے جو شے تیرے دل میں بری آئے اسکو دفع کر اگر قبض دیکھے اسکا علاج کر کہ اس سے برائی پیدا ہوگی اور اگر بسط دیکھے حفاظت کر کہ اس سے ثمرہ نیک یار دوست ورنہ آفت میں تو پڑے گا جیسے اہل سبا آخر کار گمراہی کے سبب آفت میں پڑے آگے قصہ اہل سبا کا ہے فافہم ۱۲ سلہ خام الخ یہ شعر لڑکوں سے بھی خام تھے اہل سبا اور کفران نعمت انکا کام تھا وہ کفران نعمت میں ضرب المثل ہوئے کہ تو کرے اپنے محسن سے جنگ و جدل کہ ہمکو یہ نیکی نہیں چاہیے اس سے رنجیدہ ہیں تو غم کیوں کرتا ہے تو لطف کر اور یہ نیکی ہم سے دور کر ہم چشم نہیں چاہتے ہیں ہمکو بے بصر کر پس اہل سبا نے کہا ترجمہ فراخی دور کر ہمارے اور میان سے بدحالی ہمارے اور پر خیر ہے خوشی ہم سے لے لے ہم یہ قصر و باغ نہیں چاہتے ہیں اور زمانہ خوب و نہ امن و فراغ یہ شہر نزدیک آپس میں برے ہیں اور وہ بیابان خوش ہے کہ جہاں دام و دد ہیں ترجمہ پس طلب کرتا ہے انسان گرمی میں سردی کو اور جبکہ سردی آتی ہے اس سے انکار کرتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ فہو لا یرضی الخ یہ شعر ترجمہ پس وہ نہیں راضی ہوتا ہے اور ایک حال کے ہمیشہ نہ تنگی میں نہ عیش فراخ سے ترجمہ قتل ہوتا ہے انسان کس چیز نے کافر کیا اسکو جسوقت پہونچی ہے ہدایت وہ انکار کرتا ہے اس سے اس لیے نفس قابل مارنے کے ہے ترجمہ قتل کرو تم نفس اپنے کو نبی نے فرمایا ہے آگے مثال ہے خار تیز دھارے کو جس پہلو رکھے وہ چبھے اور کب زخم اسکے سے چھٹے پس تو خار نفس میں ترک ہوس کی آگ دے اور ہاتھ مار اندر یار نیک کے یعنے انسان اور ایک حال کے راضی نہیں ہوتا ہے اگر گرمی ہو سردی چاہتا ہے اور اگر سردی ہو انکار کرتا ہے جیسے اہل سبا نے باوجود آسودگی کے افلاس چاہا پس انسان نفس کا مطیع ہے نفس کو قتل کرنا چاہیے اور مطیع مرشد کا رہنا چاہیے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲

قتل الانسان ما اکفره	کلمت نال الهدی انکره
تن ز نیسان ست زانشد کشتنی	قتلوا انفسکم گفت آن نبیؐ
خار سه سو ست هر سو کش نهی	در خلد از زخم او تو کے رہی
آتش ترکِ ہوا در خار زن	دست اندر یارِ نیکو کار زن
چون ز حد بردند اصحاب سبا	که بہ پیش ما وبا به از صبا
ناصحان شان در نصیحت آمدند	از فسق و کفر مانع می شدند
قصد خونِ ناصحان میداشتند	تخم فسق و کافری می کاشتند
چون قضا آید شود تنگ این جہان	از قضا حلوا شود رنج دہان
گفت اذا جاء القضا ضاق الفضا	تحجب الابصار اذ جاء القضا
چشم بسته میشود وقت قضا	تا نه بیند چشم کحل چشم را
مکر آن فارس چو انگیزد گرد	آن غبارت زان سوارت دور کرد
سوی فارس رو مرو سوی غبار	ورنه بر تو کوبد آن مکر سوار
گفت حق آنرا که این گرگش بخورد	دید گردِ گرگ چون زاری نکرد
او نمی دانست گردِ گرگ را	با چنین دانش چرا کرد او چرا
گوسفندان بوی گرگِ با گزند	می بدانند و بهر سوی میخزند
مغز حیوانات بوئے شیر را	می بداند ترک می گوید چرا
بوی شیر خشم دیدی بازگرد	با مناجات خدا انباز گرد
وا نگشتند آن گروه از گرد گرگ	گرد محنت بعد گرگ آمد سترگ

قتل الانسان ما اکفره	کلمت نال الهدی انکره
اسلیے ہر نفس قابل کُشتنی	اقتلوا انفسکم بولے نبیؐ
خار تیہ عاری کو جس پہلو رکھے	وہ چبھے کب زخم سے اسکے چھٹے
خار مین ترکِ ہوس کی آگ دے	ہاتھ مار اندر تو یارِ نیک کے
حد سے زیادہ بڑھ گئے اہل سبا	کہ صبا سے ہمکو بہتر ہے وبا
ناصحان کرتے نصیحت انکو تھے	منع کرتے فسق سے اور کفر سے
قصد کرتے ناصحونکے خون کا	تخم فسق و کفر بوتے تھے سدا
جب قضا آئے یہ تنگ آئے جہان	ہر قضا سے حلوا ہیں رنج دہان
کہے اذ جاء القضا ضاق الفضا	تحجب الابصار اذ جاء القضا
آنکھ ہوتی بند ہے وقتِ قضا	تا نہ دیکھے آنکھ سرمہ آنکھ کا
گرد اڑائی مکر نے اسوار کے	گرد مین تو رہ گیا اسوار کے
جا سمت اسوار نے سوے غبار	ورنہ مارے تجکو وہ مکرِ سوار
بولا حق کہ اسکو کھایا گرگ نے	کیون نہ رویا گرد دیکھی گرگ سے
گرگ کی وہ گرد نے تھا جانتا	باوجود عقل کیون ایسا کیا
بکریان بوئے گزندہ گرگ کی	جانتی ہین بھاگتی ہین بھاگتی
مغز حیوانات بوئے شیر کو	جانتا ہے چرنا بھی چھوڑے تو وہ
شیر دشمن کی جو پائے بو تو پھر	با مناجات خدا سجدہ مین گر
نہ پھرے وہ لوگ گرد گرگ سے	گرد کے بعد اسکی محنت سخت ہے

سلہ حد سے الخ شہر اہل سبا حد سے زیادہ بڑھ گئے کہ صبا سے ہکو وبا بہتر ہے ناصح یعنی نبی اللہ انکو نصیحت کرتے تھے اور منع کرتے تھے فسق اور کفر سے ناصح کے خون کا قصد کرتے تھے اور ہمیشہ تخم فسق و کفر کا بوتے تھے جب قضا آئے یہ جہان تنگ ہووے اور قضا سے حلوا تلخ دہن ہووے کہا ترجمہ جسوقت آتی ہے قضا تنگ ہوتا ہے میدان اور چھپ جاتی ہے بینائی جسوقت آتی ہے قضا آنکھ بند ہوتی ہے وقت قضا کے تا آنکھ نہ دیکھے سرمہ آنکھ کا سوار کے مکر نے گرد اڑائی گرد مین تو سوار کے رہ گیا پس تو سوار کی جانب جا نہ غبار کی جانب ورنہ تجکو مارے وہ مکر سوار کا یعنے وہ سوار خدا ہے اور غبار صورت انسان پس تو خدا کی جانب رجوع کر اور صورت مجازی پرست ٹھہر کہ مکروہات الٰہی تجھے ہلاک کرے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ بولا حق الخ شروح نے کہا کہ اسکو گرگ نے کھایا کیون نہ رویا جو گرگ سے گرد دیکھی گرگ کی وہ گرد نہین جانتا تھا باوجود عقل کے کیون ایسا کیا یعنے گرگ حق نے اسکو ہلاک کیا وہ اس گرگ کی صورت کو نہین جانتا تھا باوجود عقل آگے اسکی مثال ہے بکریان گرگ گزندہ کی بو جانتی ہین اور ہر طرف بھاگتی ہین مغز حیوانات شیر کی بو کو جانتا ہے چونکہ وہ چرنا چھوڑتا ہے آگے حقائق اسکی ہین شیر دشمن کی بو تو پاوے تو با مناجات گر سجدہ کر وہ لوگ نہین پھرے گرد گرگ سے گرد کے بعد اسکی محنت سخت ہے یعنے صورت پرست لوگ صورت مجازی سے نہ پھرے کہ بعد صورت کے محنت حق کی سخت ہے پس انسان کو چاہیے کہ جلد تر خدا کی جانب رجوع کرے کہ وہ حلال المشکلات ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲-

بر دریدآن گوسفندان از خشم — که ز چوپان خرد بستند چشم
چند چوپان شان بخواندند نآمدند — خاک غم در چشم چوپان میزدند
که برو ما خود ز تو چوپان تریم — چون تبع گردیم هر یک سروریم
طعمهٔ گرگیم و ملک آن یار نے — هیزم ناریم و آن عار نے
حمیتے بد جاهلیت در دماغ — بانگ شومی بر دمن شان کرد زاغ
بهر مظلومان همی کندند چاه — در چه افتادند و مے گفتند آه
پوستین یوسفان بشکافتند — آنچه میکردند یک یک یافتند
کیست آن یوسف دل حق جوی تو — چون اسیرے بستہ اندر کوئے تو
جبرئیلے را بر استون بستهٔ — پر و بالش را بصد جا خستهٔ
پیش او گوسالهٔ بریان آوری — که کشی او را بکهدان آوری
که بخور اینست ما را لوت پوت — نیست او را جز لقاء الله قوت
زین شکنج و امتحان آن مبتلا — میکند از تو شکایت با خدا
کاے خدا افغان ازین گرگ کهن — گویدش نک وقت آمد صبر کن
داد تو وا خواهم از هر بے خبر — داد که دهد جز خدائے دادگر
او همی گوید که صبرم شد فنا — در فراق روئے تو یا ربنا
احمدم واماندہ در دست یہود — صالحم افتاده در حبس ثمود
اے سعادت بخش جان انبیا — یا بکش یا باز خواهم یا بیا

بکریون کو پھاڑا از رہ خشم کے — جو کہ بھاگین عقل کے چرواہے سے
نے وہ آئین چاہا جو چرواہے نے — خاک غم کی آنکھ مین چرواہے کے
کہ تو جا چرواہے ہم ہین تجھسے نیک — کیون ہون تابع ہم ہین سرور ایک ایک
ہم ہین طعمہ گرگ ملک یار نے — نار کی ہیزم ہین ملک عار نے
جو حمیت جاہلی کی سر مین تھی — بانگ شومی نے سیہ دلی کری
کھودتے مظلوم کی خاطر تھے چاہ — خود گرے وہ چاہ مین کرتے تھے آہ
یوسفون کا پوستین تھے پھاڑتے — جو کہ کرتے تھے وہ پاتے آپ تھے
کون وہ یوسف دل حق جو ترا — مثل قیدی تیرے کوچے مین رہا
اک ستون سے تو نے باندھا جبرئیل — بال و پر توڑے کیا اسکو ذلیل
اسکو گوسالہ بھنا دیتا ہے تو — اور چراگہ پر اسے لاتا ہے تو
کہ ہماری یہ غذا ہے کھا اسے — جز لقای حق نہ اسکا قوت ہی
اس عذاب و رنج سے وہ مبتلا — گلہ کرتا ہے اللہ سے تیرا گلا
اے خدا فریاد ہے اس گرگ سے — وہ کہے کر صبر آیا وقت ہے
داد بے خبرون سے لون تیری ہو شاد — جز خدائے دادگر دے کون داد
وہ کہے کہ صبر میرا بس گیا — اس فراق رہ مین تیرے ربنا
احمد عاجز ان یہودان سے مرا — صالح قیدی ان ثمودون سے مرا
اے سعادت بخش جان انبیا — یا تو مار اور یا بلا اور یا تو آ

سلہ بکریون کو الخ شعر بکریون کو از راہ خشم کے پھاڑا عقل کے چرواہے نے بتایا وہ نہین آئین اور خاک غم کی ڈالی چرواہے کی آنکھ مین کہ تو جا چرواہے ہم تجھسے اچھے ہین کیون تابعدار ہون ہر ایک سرور ہین ہم طعمہ گرگ ہین یار کی ملک نہین ہین نار کی ہیزم ہین عار کی ملک نہین ہین یعنے کفار کہ مثل بکریون کے تھے عقل کے چرواہے سے کہ نبی اللہ ہین رو گرداں ہوئے گرگ حق نے انکو ہلاک کیا جو حمیت جاہلی کی انکے سر مین تھی بانگ شومی نے انکو روسیاہ کیا وہ مظلوم کی راہ مین چاہ کھودتے تھے خود چاہ مین گرے اور آہ کرتے تھے پوستین یوسفون کا پھاڑتے تھے جو کچھ وہ کرتے تھے خود پلتے تھے یعنے وہ کفار جو نبی اللہ کے ساتھ کرتے تھے خود وہ ہی پاتے تھے آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲ سلہ کون وہ یوسف الخ شعر وہ یوسف کون ہے تیرا دل حق جو ہے کہ مثل قیدی کے تیرے کوچہ مین رہا ہے یعنے دل تیرے جسم مین مقید ہے ایک ستون سے تو نے جبرئیل کو باندھا اور بال و پر توڑے اور ذلیل کیا اسکو یعنے دل کہ جبرئیل ہے ستون تن سے تو نے باندھا اور اسکو آسمان پر جانے سے بسبب سیاہ باطنی کے عاجز کر رکھا ہے اسکو تو گوسالہ بھونا دیتا ہے اور چراگاہ پر اسکو لا دیتا ہے کہ یہ ہماری غذا ہے تو اسے کھا اور اسکا قوت سوائے لقائے حق کے نہین ہے اس عذاب و رنج سے وہ مبتلا اللہ سے تیرا گلہ کرتا ہے یعنے دل کو تو عذاب دیتا ہے اور اسکی غذا مشاہدۂ حق ہے اسواسطے دل تیرا گلہ حق سے کرتا ہے یہ اشارہ ہے طرف اس قصہ کے کہ حضرت جبرئیل مع آٹھ فرشتون کے حضرت لوط کے بیان واسطے غارت کرنے قوم کی آئے اور حضرت لوط نے انکے واسطے گوسالہ بریان کیا تھا واسطے کھانے کے وہ کہا آگے ہی فافہم ۱۲ سلہ اے خدا الخ شعر اے خدا اس گرگ نفس سے فریاد ہے حق کہے تو صبر کر وقت آیا ہے تیری داد بے خبرون سے لون تو بجز خدا دادگر کے کون دلوے وہ کہے کہ میرا صبر گیا باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲

با فراقت کافران را تاب نیست — این فراق اندر خور اصحاب نیست
کافران گویند در وقت عذاب — ہر یکے یا لیتنی کنت تراب
حال او اینست کہ خود زان تو نیست — چون بودی تو کسے کآن تو است
حق ہمیگوید کہ آرے اے نزہ — لیک بشنو صبر آور صبر بہ
صبح نزدیکست خامش دم مزن — کاندر آمد وقت بیرون آمدن
ہمی بلاشان میرسد تو کم خروش — من ہمیکوشم پئے تو تو مکوش
کوشش من بہ کہ کوششہاے تو — داروے تلخم بہ از حلواے تو
ہین تحمل کن برو خاموش شو — کمترک جنبان زبان در گوش شو
حیلت و مکر و دغابازیش دان — ہر چہ از یارت جدا اندازد آن
شد ز حد این باز اے یار گرد — روستائی خواجہ را این خانہ برد
قصۂ اہل سبا یک گوشہ نہ — وان بگو کہ خواجہ چون آمد بدہ

[۵۱] تو نے فراق اب تیرا کافر لاسکے — نے فراق اب لائق اصحاب ہے
کافرو نمیں سے کہیں وقت عذاب — ہر کوئی یا لیتنی کنت تراب
حال اسکا یہ کہ وہ ہی غیر سے — بے ترے کیا ہو جو تیری ملک ہے
[۵۲] یہ کہا حق نے کہ سچ ہے پر سنو — صبر بہتر ہے کہ صبر اب تم کرو
صبح نزدیک آئی ہے تم چپ رہو — وقت آنے کا ہے باہر تم سنو
اب بلا آتی ہے انپر چپ ہو — مین کرون کوشش نہ کر کوشش کو تو
میری کوشش خوب یا کوشش تری — تیرے حلوے سے مری دارو بھلی
اب تحمل کر د جا خاموش ہو — مت زبان کو تو ہلا اور گوش کو
مکر و حیلہ اور دغابازی ہے وہ — یار سے تجکو جدا کر دیوے جو
حد سے گذرا اب تو پھر اسے پر دلا — خواجہ کو دہقانی گھر کو لے گیا
رکھ کنارہ قصۂ اہل سبا — کہہ کہ خواجہ گانون کو کیسے گیا

بقیۂ قصۂ رفتن خواجہ بدعوت روستائی بدہ

باقی قصہ جانا خواجہ کا بسبب دعوت دہقانی کے گانونکو

روستائی در تملق شیوہ کرد — تا کہ حزم خواجہ را کالیوہ کرد
از پیام اندر پیام او خیرہ شد — تا زلال حزم خواجہ تیرہ شد
ہم ازینجا کودکانش در پسند — یرتع و نلعب بشادی میزدند
ہمچو یوسف کش ز تقدیر عجب — یرتع و نلعب برد از ظل اب

[۵۳] شیوۂ دہقان نے تملق کا کیا — تا کہ حزم خواجہ حیران ہو گیا
اسکے پیغاموں سے متحیر ہوا — تا زلال حزم تیرہ ہو گیا
پس یہان سے بچے خواجہ کے سبھی — یرتع و نلعب کی کرتے تھے خوشی
مثل یوسف کے انہے تقدیر سے — یرتع و نلعب پدر سے لائی ہے

۵۱ نے فراق الخ ۲ شعر اے رب اس فراق تھا تیری مین آگے اسکے حقائق ہین ان یہودون سے احمد میرا عاجز ہے ان یہودون سے صالح میرا قیدی ہے ان ثمودون کا اے حق سعادت بخش جان انبیا یا تو مارد یا بلاؤ یا تو آنہ فراق تیرا کافر لاسکے نہ فراق رب لائق دوستون کے ہے کافرون میں سے وقت عذاب کے کہین ہر ایک ترجمہ اے کاش ہوتے ہم مٹی حال اسکا یہ ہے کہ وہ خود غیر سے ہے بغیر تیرے کیا حال ہو وہ کہ تیری ملک سے ہے یعنے فراق حق کا دل کو سب بلاؤن سے زیادہ ہے خواہ دل کفار کا ہو یا دل اصحاب کا ہو کیونکہ دل کی غذا دیدار یار ہے جبکہ دل کفارون کا فراق سے غیر سے یہ حال ہے تو دوستونکا تیرے کیا حال ہوگا آگے قول حق ہے فافہم ۱۲ ۵۲ یہ کہا الخ ۲ شعر حق نے کہا کہ سچ ہے و لیکن تم سنو کہ صبر بہتر ہے پس تم صبر کرو کیونکہ صبح نزدیک آئی ہے تم چپ رہو وقت باہر آنے کا تم سنو یعنے صبح قیامت کی نزدیک آئی ہے اب بلا انپر آتی ہے جب ہو مین کوشش کرون تو کوشش نکر میری کوشش خوب ہے یا تیری کوشش تیرے حلوے سے میری دارو بہتر ہے اب تحمل کر تو زبان کو تو مت ہلا اور گوش ہو وہ مکر و حیلہ اور دغابازی وہ ہے جو تجکو یار سے جدا کر دے آگے رجوع بقصہ ہے اب حد سے گذرا تو پھر خواجہ کو دہقانی گھر لے گیا قصۂ اہل سبا سے کنارہ کر اور کہہ خواجہ گانون کیسے شہری کو لیگیا یعنی جو شے تجکو یار سے جدا کردے وہ مکر و حیلہ و دغابازی ہے جیسے خواجہ شہری کو دہقانی نے بلا مین ڈالا آگے قصہ خواجہ کا ہے فافہم ۱۲ ۵۳ شیوہ الخ ۴ شعر دہقانی نے شیوہ تملق کیا تا کہ خواجہ کا حزم حیران ہو گیا اسکے پیغامونسے متحیر ہوا تا آب زلال حزم کا تیرہ ہو گیا پس یہین سے خواجہ کے بچے سب ترجمہ کھیل کود کی خوشی کرتے تھے آگے مثال ہے یوسف کے مانند کہ اسے تقدیر سے ترجمہ کھیل کود نے باپ سے جدا کر دیا ہے یعنے یوسف علم کو بھائیوں نے کھیل کود کے لیے باپ سے لاکر بلا مین ڈالا اسیطرح خواہش کھیل کود نے بچونکی خواجہ کو بلا مین ڈالا آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲

آن نہ بازی بلکہ جانبازیست آن — حیلہ و مکر و دغابازیست آن
وہ نہ بازی بلکہ جانبازی ہے وہ — حیلہ و مکر و دغابازی ہے وہ

ہرچہ از یارت جدا اندازد آن — مشنو آنرا کان زیان آرد زیان
جو کہ تجکو یار سے کردے جدا — مت سن اسکو کہ وہ رکھی ہی جفا

گر بود آن سود صد در صد مگیر — بہر زر مگسل ز گنجور اے فقیر
گر ہو صد ہا فائدہ اسکو نہ لے — لڑ نہ گنجوروں سے زر کیواسطے

ہین شنو کہ چند یزدان زجر کرد — گفت اصحاب نبی را گرم و سرد
یہ سنو کہ جھڑکا بس اللہ نے — سخت اصحاب نبی کو اسلیے

زانکہ بانگ دہل در سال تنگ — جمعہ را کردند باطل بیدرنگ
کہ گرانی مین صدائے ڈھول پہ — تمنے چھوڑا جمعہ بے خوف و خطر

تا نباید دیگران ارزان خرند — زان جلب صرفہ ز ما ایشان برند
تا نہ ارزان دوسرے مول اسکو لین — اس جلب سے فائدہ ہمسے وہ لین

ماند پیغمبر بہ خلوت در نماز — با دو سہ درویش ثابت بر نیاز
پس نبی مسجد مین تنہا رہ گئے — ایک دو درویش پاس انکے تہے

گفت طبل و لہو و بازرگانیے — چونتان ببرید از ربانیے
بولا طبل بازی تجارت نے — تم کو گمراہ کردیا اللہ نے

قد فضضتم نحو قمح ہائما — ثم خلیتم نبیا قائما
قد فضضتم نحو قمح ہائما — ثم خلیتم نبیا قائما

بہر گندم تخم باطل کاشتند — وان رسول حق را بگذاشتند
تخم باطل بویا گندم کے لئے — اور رسول حق کو چھوڑا تمنے ہی

صحبت او خیر من لہو ست و مال — ہین کرا بگذاشتی چشمے بمال
مال و بازی سے ہے صحبت انکی خیر — اسکو چھوڑا مال کی خاطر دلیر

خود نشد حرص شمارا این یقین — کہ منم رزاق خیر الرازقین
نے تمہاری حرص کو آیا یقین — کہ مین ہون رزاق خیر الرازقین

آنکہ گندم را ز خود روزی دہد — کے توکلہاترا ضائع نہد
جو کہ روزی دیتا مین گندم کو ہون — کب توکل کو تری ضائع کرون

از پے گندم جدا گشتی ازان — کہ فرستادست گندم ز آسمان
تم جدا گندم کی خاطر ہو گئے — جسنے گندم بھیجے ہین افلاک سے

دعوت کردن باز بطان را از آب بصحرا — دعوت کرنا باز کا بطون کو پانی سی صحرا مین

باز گوید بط را کز آب خیز — تا ببینی دشتہا را قند ریز
باز نے بط سے کہا پانی سے آ — قند سے تو دیکھ صحرا ہے بھرا

سلہ وہ الخ، شرح وہ بازی نہین بلکہ جانبازی ہی اور حیلہ و مکر و دغابازی ہی جو کہ تجکو یار سے جدا کردے تو اسکو مت سن کہ وہ جفا رکھتی ہی اگر سو فائدے ہون تو اسکو مت لے اور خزانچیون سے زر کیواسطے مت لڑ آگے مثال ہی یہ بات تم سنو کہ اللہ نے جھڑکا سخت اصحابی کو اسواسطے کہ گرانی مین ڈھول کی آواز سنکر تمنے چھوڑا نماز جمعہ کو بے خوف و خطر تا نہ ارزان اسکو دوسرے مول لین اور اس جلب سے وہ فائدہ ہم سے لین پس نبی مسجد مین تنہا رہ گئے آگے قول حق تعالی کا ہی فافہم ۱۲ سلہ بولا الخ، شرح حق تعالی نے کہا کہ طبل بازی تجارت نے تمکو اللہ سے گمراہ کردیا ترجمہ تحقیق متفرق ہوگئے اور گئے تم طرف گندم کے اس حالت مین کہ نبی تھے قائم نماز مین پس تخم باطل بویا گندم کے لیے اور رسول خدا کو تمنے چھوڑا مال کے اور بازی سے انکی صحبت خیر ہی اسکو چھوڑا مال کی خاطر تمنے تمہاری حرص کو یقین آیا کہ مین ہون رزاق ترجمہ بہتر رزق دینے والا جو کہ مین روزی گندم کو دیتا ہون تیرے توکل کو کب ضائع کردون پس تم گندم کی خاطر جدا ہوگئے جسنے گندم بھیجے ہین آسمان سے یعنے جو کہ اصحاب نبی قحط سالی مین گندم لینے کو جمعہ کی نماز مین جناب رسول مقبول صلعم کو تنہا چھوڑ کر گئے اور خداوند عالم نے خفا ہو کر انکو جھڑکا پس اسی طرح اے عارف ہوشے کہ تجکو خدا سے جدا کرے تو اسکی طرف متوجہ نہو جیسے بطون نے باز کی دعوت صحرا مین آپ سے نکل کر نہ کہائی چنانچہ مثال مین اسکی حکایت آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲ سلہ باز نے الخ، شرح باز نے بط سے کہا کہ تو پانی سے باہر آ اور صحرا کو قند سے بہرا دیکہ بط عاقل نے کہا کہ تو جا اے جانی میرے آب میرے واسطے قلعہ امن کا ہی دیکو شر باز کے ہی تو اے بطو ہی آب سے قلعہ کے باہر مت جاؤ باز کو کہتے ہین کہ تو جا اور پہرت آ اور ہماری نظر سے تو جا تم کو اے شاہ ہم دعوت سے دور ہین کہ دعوت تیری ہم نہین کہاتے کہ تو کافر ہی ہمارا قلعہ قند ہی آب قند تیرا ہم نہین کہاتے تیرا تحفہ اٹھا جگہ جان تمام ہی کہانا کم نہو یعنے لشکر کی علم کم نہو یعنے باز سے مراد نفس اور بط سے مراد روح ہی پس روح دریائے معنی سے نفس کی غذا کی طرح پر کب اس صحرائے دنیا مین آتی ہی کہ قند و شکر و منے مین ہی وہ دنیا مین کہان ہی آگے رجوع بقصہ دہقانی ہی فافہم ۱۲-۱۲-

ابلہ عاقل گویدش کای یار دو | آب ما حصن امن است و سرور
دیو چون بادست ای بطان شتا | ہین کہ بیرون کم روید از حصن آب
باز را گویند رو و باز گرد | از سر ما دست دار ای پائمرد
ما بری از دعوتت دعوت ترا | ما نوشیم ایدم تو کافرا
حصن ما را قند و قندستان ترا | من نخواہم ہدیات بستان ترا
چونکہ جان باشد نیاید قوت کم | چونکہ لشکر ہست کم ناید علم

بط عاقل بولی جا جانی مرے | آب قلعہ امن ہی میرے لیے
دیو شل باز ہے تم اے بطو | اس قلعہ کے آب کے باہر نہو
باز کو کہتی ہین جا اور پھر نہ آ | اور ہماری فکر سے ہاتھ اب اٹھا
ہم بری دعوت سے ہین دعوت تری | ہم نہین کھاتے تو رکھے کافری
قلعہ اپنا قند ہے قند اب ترا | ہم نہین کھاتے ترا تحفہ اٹھا
جبکہ جان ہووے نہ کھانا آئے کم | جبکہ لشکر ہے نہووے کم علم

رجوع بحکایت خواجہ و روستائی | رجوع طرف حکایت خواجہ اور دہقانی کے

خواجہ حازم بسے عذر آورید | پس بہانہ کرد با دیو مرید
گفت ایندم کارہا دارم مہم | گر بیایم آن نگردد منتظم
شاہ کار نازکم فرمودہ است | ز انتظارم شاہ شب غنودہ است
من نیارم ترک امر شاہ کرد | من تانم شد بر شہ روی زرد
ہر صباح و ہر مسا سرہنگ خاص | میرسد از من ہمی جوید مناص
تو روا داری کہ آیم سوی دہ | تا با برو افگند سلطان گرہ
بعد از ان درمان خشمش چون کنم | زندہ خود در زمین گر مدفون کنم
زین نمط صدہا بہانہ باز گفت | حیلہا با حکم حق نفتاد جفت
گر شود ذرات عالم حیلہ پیچ | با قضای آسمان ہیچ اند ہیچ
چون گریزد این زمین از آسمان | چون کند او خویش را از وی نہان

خواجہ حازم نے عذر از بس کیا | اور بہانہ دیو ملعون سے کیا
بولا اسدم کام مجکو ہے بڑا | گر مین جاؤن ہووے ابتر اور برا
شہ نے نازک کام فرمایا مجھے | انتظاری سے نہ سویا وہ مرے
حکم شہ کو ترک کر سکتا نہین | رو برو شہ کے نہوؤن شرمگین
آئے ہی شہ کا سپاہی صبح و شام | مجھسے پوچھے ہی ہوا پورا وہ کام
تو جو چاہی مین جاؤن گاؤن کو | اور ناخوش مجھ سی بس سلطان ہو
بعدہ کیا خشم جو چارہ کرون | زندہ در گور اس سے مین آخر ہون
اسطرح صدہا بہانے بس کیے | حکم حق سے کارگر نے کچھ ہوئے
ذرے عالم کے اگر حیلہ کرین | کیا قضای آسمان سے کر سکین
کیسے بھاگے یہ زمین افلاک سے | اسطرح خود کو وہ پوشیدہ کرے

سلہ خواجہ حازم الخ یہ شعر خواجہ ہوشیار نے عذر از بس کیا اور بہانہ دیو ملعون سے کیا کہا اسدم مجکو کام بڑا ہی اگر مین جاؤن ابتر و تباہ ہووے شاہ نے مجکو کام نازک فرمایا ہی اور وہ میری انتظاری سے سویا نہین ہی یعنے روح خواجہ اور دہقانی نفس سے مراد ہی پس ان دونون کی اس قصہ مین بحث ہی باقی اسکا حال آگے ہی فافہم ۱۲ سلہ حکم شہ کو الخ یہ شعر حکم بادشاہ کو مین ترک نہین کر سکتا تا رو برو بادشاہ کے شرمگین نہوؤن سپاہی شاہ کا صبح و شام آتا ہی اور مجھ سے پوچھتا ہی کہ وہ کام پورا ہوا چاہتا ہی کہ مین گاؤن کو جاؤن اور بادشاہ مجھ سے ناراض ہووے یعنے ای نفس تو چاہتا ہی کہ مین دنیا مین جاؤن اور بادشاہ حقیقی مجھ سے ناخوش ہو بعدہ اس غصہ کا مین کیا علاج کرون اور آخر کار اس سے مین زندہ در گور ہون اسطرح بہانے صدہا کیے حکم حق سے کچھ کارگر نہین ہوئے آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲ سلہ ذرے الخ یہ شعر اگر ذری عالم کے حیلے کرین مگر قضائے آسمان سے کیا کر سکین یہ زمین آسمان سے کیسے بھاگے اور کس صورت سے خود کو پوشیدہ کرے جو شے کہ آسمان سے زمین پر آتی ہی اگر اس زمین پر آگ برسے خورشید سے تو وہ آگ کی آتش کے اپنا سر رکھے اگر اسپر باران بھی طوفان کرے اور اسپر شہر کو ویران بھی کرے وہ صبر کرتی ہی ایوب علم کے مانند کہ مین قیدی ہون جو کچھ یار دے تو بھی ایک جز زمین کا ہے مت پھر اور حکم حق جو تو دیکھے تو مت پوشیدہ ہو ترجمہ جو پیدا کیا ہمنے تکو مٹی سے سنا ہے پس تو خاک ہو اور منہ مت چھپا یعنے جبکہ زمین سبب مقیدی آسمان کے حکم حق سے بھاگ نہین سکتی ہے چونکہ تو بھی جز زمین ہے پس کیون حکم حق سے بھاگتا ہی رضا بقضا رہو اور آگے اللہ کے خود کو خاک کر کہ تیری ترقی ہووے آگے قول حق تعالی کا ہی فافہم ۱۲۔

هرچه آید ز آسمان سوئے زمین	نے مفر دارد نه چاره نے کمین	آسمان سے جو زمین پر آئے ہی	نے علاج اور بھاگنے کی جا ہی
آتش از خورشید می بارد برو	او به پیش آتشش بنهاده رو	اُسپہ برسے آگ جو خورشید سے	آگے اُس آتش کے اپنا سر رکھے
در همی طوفان کند باران برو	شهرها را مے کند ویران برو	اُسپہ طوفان گر گری باران بھی	شہر کو اُسپر کرے ویران بھی
او شده تسلیم او ایوب وار	که اسیرم هرچه می خواهی بیار	صبر وه کرتی ہی بس ایوب وار	کہ مین ہون قیدی تو جو کچھ لائے یار
ای که جزو این زمینے سرکش	چونکه بینی حکم یزدان درمکش	تو بھی اک جزو ہی زمین کا مت پھرے	حکم حق جو دیکھے تو تو مت چھپے
چون خلقنا کم شنیدی من تراب	خاک باشی جست از وی متاب	تو خلقنا کم سُنا ہے من تراب	خاک ہو بس و نکر اندر حجاب
بین که اندر خاک تخمے کاشتم	گرد خاکی و منش افراشتم	(پیدا کیا ہمنے تمکو مٹی سے) [۱] مین نے بویا خاک مین اک تخم کو	کرکے خاکی دی بلندی اُسکو جو
حملهٔ دیگر تو خاکے پیشه گیر	تا کنم بر جمله میرانت امیر	دوسرے حملہ مین خاکے پیشہ کر	تا کرون میرون سے تجکو میر تر
آب از بالا به پستی در شود	زانکه از پستی ببالا میرود	آب بس بالا سے پستی کو پھرے	کیونکہ پستی سے وہ بالا کو اُڑے
گندم از بالا بزیر خاک شد	بعد ازان آن خوشهٔ چالاک شد	گیہون بالا سے گئی جو خاک مین	بعدہ وہ خوشۂ چالاک مین
دانهٔ هر میوه آمد در زمین	بعد ازان سرها بر آورد از زمین	تخم ہر میوہ زمین مین آئے ہی	پھر زمین سے سر کو باہر لائے ہی
اصل نعمتها ز گردون تا بخاک	زیر آمد شد غذائے جان پاک	آسمان سے اصل نعمت تا بخاک	ہو گئی آکر غذائے جان پاک
از تواضع چون ز گردون شد بزیر	گشت جزو آدمی حے دلیر	چرخ سے از رہِ تواضع آئے زیر	جزو انسان کے ہوئے ہو زندہ دلیر
پس صفات آدمی شد آن جماد	برفراز عرش پران گشت شاد	ہو گیا بس وصف مردم وہ جماد	اور اُڑا وہ عرش کے میدان شاد
کز جهان زنده ز اول آمدیم	باز از پستی سوی بالا شدیم	[۲] عالمِ زندہ سے پہلے آئے ہم	جاتے ہین بالا سے پھر پستی کو ہم
جمله اجزا در تحرک در سکون	ناطقان انا الیه راجعون	جملہ اجزاے محرک اور سکون	کہتے ہین انا الیہ راجعون
ذکر تسبیحات اجزاے نهان	غلغلے افگند اندر آسمان	ذکر تسبیحون سے اجزائے نہان	شور ڈالا آسمان کے درمیان
چون قضا آهنگ نیرنجات کرد [۳]	روستائی شهری را مات کرد	جو قضا نے قصد نیرنگی کیا	مات دہقانی نے شہری کو دیا
با هزاران حزم خواجه مات شد	زان سفر در معرض آفات شد	حزم تھا پر مات خواجہ کو ہوا	اُس سفر سے اور آفت مین پڑا

[۳] نیرنجات افسون و نیرنگ اور جادو کے معنی مین ۱۲

[۱] مین نے بویا الخ یہ شعر مین نے خاک مین ایک تخم کو بویا اور خاکی کرکے جو بلندی اُسکو دی دوسرے حملہ مین خاکی پیشہ کر تا تجکو امیرون سے امیر تر کردون آگے اُسکی مثال ہے اب بلندی سے پستی کو پھرے کیونکہ وہ بلندی کو پستی سے اُڑے گندم بالا سے جو خاک مین گرے بعدہ وہ خوشہ چالاک ہین تخم ہر میوہ کا زمین سے آتا ہے پھر زمین سے سر کو باہر لاتا ہے آسمان سے اصل نعمت خاک تک آکر غذاے جان پاک ہو گئی آسمان سے از راہ تواضع کے آئے نیچے اور جزو انسان کے ہو کر زندہ دلیر ہوئے پس وہ جماد وصف مردم ہو گیا اور اُڑا وہ عرش کے میدان خوش یعنے حق نے تخم روح کو وجود خاکی مین بویا کہ پیشہ خاکی اختیار کرے تاکہ سردارون کا سردار ہووے یعنے قرب الٰہی حاصل ہو آب بارش بلندی سے پستی مین آکر پھر بلندی کو اُڑتا ہے آگے قول جماد ہے فافہم ۱۲ [۲] عالم زندہ سے الخ، شعر ہم عالم زندہ سے پہلے آئے ہین اور پھر پستی سے بالا کو ہم جاتے ہین سب اجزاے حرکت کرنے والے اور ساکن کہتے ہین ترجمہ تحقیق ہم طرف اُسکے رجوع ہونیوالے ہین اجزاے ذکر و تسبیحون کے پوشیدہ شور ڈالا درمیان آسمان کے یعنے کل اجزائے جہان ذکر و تسبیح حق کے پوشیدہ کرتے ہین آگے رجوع بقصہ ہی جو قضانے قصد نیرنگی کا کیا دہقانی نے مات شہری کو دیا حزم تھا خواجہ کو ولیکن مات ہوا اُس سفر سے اور آفت مین پڑا اسکو اعتماد اپنے قیام پر تھا اگرچہ وہ تھا آدھا سیل لے گیا یعنے روح باوجود ہوشیاری دھوکا نفس کا کھایا آگے حقائق اسکے ہین فافہم ۱۲—

اعتمادش بر ثبات خویش بود / گرچہ کہ بد نیم سیلش در ربود
چون قضا بیرون کند از چرخ سر / عاقلان گردند جملہ کور و کر
ماہیان افتند از دریا برون / دام گیرد مرغ پران را زبون
تا پری و دیو در شیشہ بود / بلکہ ہاروتے بہ بابل در رود
جز کسے کاندر قضا اندر گریخت / خون او را ہیچ ترییجے نریخت
غیر آنکہ در گریزی در قضا / ہیچ حیلہ ندہدت از وے رہا

اعتماد اسکو قیام اپنے پہ تھا / گرچہ کوہ تھا سیل آ ڈھا لیگیا
جب[1] قضا سر چرخ سی باہر کری / بہرا اندھا جملہ عاقل کو رکھے
مچھلیان باہر پڑین بس بحر سے / مرغ اڑتا دام مین آکر پھنسے
تا پری اور دیو شیشہ مین چھپے / بلکہ ہاروت آکے بابل مین پھنسے
اس سوا کہ بھاگا جو اندر قضا / خون اسکا نے نحوست سے کیا
اس سوا کہ بھاگے تو اندر قضا / کوئی حیلہ تجکو نے کردے رہا

قصہ اصحاب ضروان و حیلہ کردن ایشان تا بے زحمت فقیران باغہا را اقطاف کنند

قصہ اصحاب ضروان اور حیلہ کرنا انکا کہ بغیر محنت کیے درویشون کو بہار باغونکی ندین

قصہ[2] اصحاب ضروان خواندۂ / پس چرا در حیلہ جوئی ماندۂ
حیلہ میکردند کژدم نیش چند / کہ برند از روزی درویش چند
شب ہمہ شب میسگالیدند مکر / روی در رو کردہ چندین عمر و بکر
خفیہ میگفتند سرہا آن بدان / تا نباید کہ خدا در یابد آن
با گل اندائیدہ اسگالیدہ گل / دستکاری میکند پنہان دل
کیف لا یعلم ہواک من خلق / ان فی نجواک صدق ام ملق
کیف یغفل عن ظعین رغدا / من یعاین این مثواہ غدا
اینما قد ہبطا و صعدا / قد تولاہ و احصے عددا
خفیہ مے کردند اسرار از خدا / آن سگان جاہل از جہل و عمیٰ

قصہ[2] اصحاب ضروان جو پڑھا / کس لیے پھر حیلہ جوئی مین پڑا
چند بچھو نیش حیلہ مارتے / چھینون روزی تاکہ کچھ درویش سے
رات بھر کرتے تھے باہم فکر و مکر / اور سرگوشی وہ کرتے عمر و بکر
خفیہ کرتے تھے وہ باتین پرجفا / تا نہ آگہ ہووے احمد کا خدا
تو گل آلودہ و گل اندیش ہی / دستکاری دل سے پنہان تو کری
کیف لا یعلم ہواک من خلق / ان فی نجواک صدق ام ملق
کیف یغفل عن ظعین رغدا / من یعاین این مثواہ غدا
اینما قد ہبطا و صعدا / قد تولاہ و احصے عددا
خفیہ کرتے تھے خدا سے بھید کو / جہل و اندھے پن سے جاہل گئے دو

[1] جب قضا الخ • شعر جب قضا آسمان سے سر باہر کرے سب عاقلونکو بہرا و اندھا کردے مچھلیان باہر دریا سے پڑین اور مرغ اڑتا دام مین آکر پھنسے تا دیو پری شیشہ مین پڑے بلکہ ہاروت آکر بابل مین پھنسے سوا اسکے جو بھاگا اندر قضا کے خون اسکا نحوست نے نکیا اسکے سوا کہ تو بھاگے اندر قضا کے کوئی حیلہ تجکو رہا نکرے یعنے جب قضا آتی ہے عقلمندون کو اندھا و بہرا کردیتی ہے اور جو قضا کے اندر بھاگا نحوست نے خون اسکا نکیا اور جانبر ہوا جیسے اصحاب ضروان کو کوئی تدبیر نہ چلی چنانچہ آگے قصہ اصحاب ضروان کا مثال مین فرماتے ہین فافہم ۱۲۔

[2] قصہ الخ • شعر قصہ اصحاب ضروان کا جو تونے پڑھا پھر کس لیے حیلہ جوئی کرتا ہے چند بچھو نیش حیلے کے مارتے کہ روزی چھین لو چند درویش سے رات بھر باہم فکر کی کرتے تھے اور سرگشی کرتے تھے عمر و بکر سے وہ پرجفا خفیہ باتین کرتے تھے احمد صلعم کا خدا آگاہ نہو جاوے آگے اسکی مثال ہے تو گل آلودہ و گل اندیش ہے تو دل سے پنہان دستکاری کرتا ہے ترجمہ کیونکر نجانے خواہش تیری کو جس کسی نے کہ پیدا کیا تجکو تحقیق خفیہ کہنے مین تیرے صدق ہے یا مکر ترجمہ کیونکر غافل ہووے چلنے والے سے کہ صبح کرتا ہے وہ کوئی دیکھے کہ کہاں ہے جگہ اسکی کل ترجمہ جس جگہ وہ چلنے والا تحقیق فرود آئے یا اوپر جاوے تحقیق کام اسکا اوپر اپنے پکڑا ہے اور شمار کیا ہے کرنے کے لائق خدا سے بھید کو خفیہ کرتے تھے وہ جاہل گئے جہل و اندھے پن سے یعنے وہ منافق خفیہ باتین کرتے تھے کہ احمد صلعم کا خدا اسنکر احمد صلعم کو کہدیگا یہ انکا جہل و اندھاپن تھا کیونکہ دل سے بھید دستکاری کا کب پوشیدہ ہو سکتا ہے جیسے دل اس جو عالم صغیرہ مین محیط ہے ایسے ذات حق عالم کبیرہ مین محیط ہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲۔

گوش کن اکنون حدیث خواجہ را　　کو سوی دہ چون شد و دید او جزا
گوش را اکنون ز غفلت پاک کن　　استماع ہجر آن غمناک کن
تا چہ دید از بلا او از عنا　　در رہ دہ چون شد از شہر او جدا
آن زکاتے دان کہ غمگین را دہی　　گوش را چون پیش دستانش نہی
بشنوی غمہای رنجوران دل　　فاقۂ جان شریف از آب و گل
خانۂ پر دود دارد پر فنے　　مر در ابکشا ز اصغا روزنے
گوش تو او را چو راہ دم شود　　دود تلخ از خانۂ او کم شود
غمگساری کن تو با ما ای روی　　گر بسوے رب اعلیٰ میروی
این تردد حبس و زندانی بود　　کو نہ بگذارد کہ جان سوے رود
این بدین سو آن بدان سو می کشد　　ہر کسے گوید منم بر راہ رشد
این تردد عقبۂ راہ حق ست　　ای خنک آنرا کہ پایش مطلق ست
بے تردد میرود بر راہ راست　　رہ نمیدانی بجو گامش کجاست
گام آہو را بگیر و رو معاف　　تا رسی از گام آہو تا بناف
زین روش بر اوج انور میروی　　اے برادر گر بر آذر میروی
نی ز دریا ترس نے از موج کف　　چون شنیدی تو خطاب لاتخف
لاتخف دان چونکہ خوفت داد حق　　نان فرستد چون فرستادت طبق
خوف آنکس راست کو را خوف نیست　　غصہ آنکس را کش اینجا طوف نیست

سلہ اب سنو تم بات خواجہ کی ذرا　　گانوؤں کو جو وہ گیا پائی جزا
کان کو غفلت سے اپنے پاک کر　　اور سننا فرقت غمناک کر
گانوؤں کے رستہ مین کیا دیکھی بلا　　جب ہوا وہ شہر سے اپنے جدا
وہ زکات اک جان کہ غمگین کو دے　　داستان اسکی سنی جو کان سے
سن تو اب رنجور دل کے رنج کو　　جان کے فاقہ کو آب گل سے تو
پر دھوئین سے گھر کو رکھے پُر فن اک　　کھول سینے سے تو اسکا روزن اک
سلہ۲ کان تیرا اسکا جو ہو راہ دم　　گھر سے اسکے وہ دھوان ہو تلخ کم
غمگساری کر مری اے راہرو　　رب علیٰ کی طرف جاتا ہے جو
یہ تردد قیدخانہ ایک ہے　　کہ کسی جانب نجانے جان کو دے
کھینچتا ہے یہ ادھر اور وہ ادھر　　کہتا ہر اک ہون مین راہ راست پر
یہ تردد گھاٹی راہ حق مین ہے　　ہے وہ اچھا جو قدم مطلق رکھے
بے تردد راہ سیدھی چلے ہے　　راہ نجانے کھوج اسکا ڈھونڈیے
کھوج نے آہو کا اور جا ہے معاف　　کھوج آہو کی تو پہونچے تا بناف
اس روش سے اوج انور پر چلے　　اے برادر آگ پر تو گر چلے
مت ڈرے کیا کر سکے دریا و آب　　لاتخف کا جو سنا تو نے خطاب
لاتخف ہے وہ جو خوف حق نے دیا　　دیوے روٹی جو طبق تجکو ملا
خوف اسکو ہے کہ خوف اسکا نہین　　غصہ اسکو ہے رجوع اس جا نہین

سلہ اب سنو الخ ۱ شعر اب تم بات خواجہ کی سنو ذرا جو وہ گانونکو گیا سزا پائی اپنے کان کو غفلت سے پاک کر اور فرقت سے پاک کر اور فرقت غمناک کو سن ای بشر کہ اسنے گانوؤن کے رستہ مین کیا بلا دیکھی جبکہ وہ اپنے شہر سے جدا ہوا ۲ ۔ اسکے حقائق یہ ہین تو وہ ایک زکات جان غمگین کو دے جو اسکی داستان کان سے تمنے تو اب سن رنجور دل کے رنج کو کہ جان کو فاقہ آب و گل سے ہے اسکا پر فن دھوئین سے پر رکھے گھر کو تو اسکا ایک روزن سینے سے کھول باقی حال آگے ہے ۱۲ سلہ۲ کان تیرا الخ شعر کان تیرا جو اسکا راہ دم ہوا اسکے گھر سے وہ دھوان تلخ کم ہوا ای راہ رو میری غمگساری کو جو رب علی کیطرف تو جاتا ہے یہ تردد ایک قید خانہ ہے کہ کسی جانب جان کو نجاوے کھینچتا ہے یہ ادھر اور وہ ادھر ہر ایک کہتا ہے کہ مین راہ راست پر ہون یعنے اہل دل کا تو حال سن کہ سیاہی دل کی تیری اسکے دم سے دور ہووے ای رہبر تو میری غمگساری کر اگر جانب حق کے تیری رسائی ہے کہ جان کو کسی طرف نہین جانے دیتا ہے صورت جان کو ادھر اور جان کو ادھر کھینچتی ہے اور ہر ایک کہتی ہے کہ مین راستی پر ہون آگے اس تردد کا حال ہے فافہم ۱۲ سلہ۳ یہ تردد الخ ۲ شعر یہ تردد راہ حق مین گھاٹی ہے وہ بہتر ہے جو قدم مطلق نہ رکھے یعنے جمعیت کے ساتھ راہ سلوک چلے بغیر تردد کے سیدھی راہ جاتا ہے اور اگر راہ نجانے اسکا کھوج ڈھونڈھے آگے اسکی مثال ہے کھوج آہو کا بجا معاف ہے کھوج آہو سے تو پہونچے آہو تک اس روش سے تو اوج انور پر چلے ای برادر اگر تو آگ پر چلے تو مت ڈر کیا کر سکتا ہے دریا و آب لاتخف کا اگر تو نے خطاب سنا ہے یہ تجوف ہے جو خوف حق نے دیا روٹی دیوے جو طبق تجکو ملا اسکو خوف ہے کہ خوف اسکا نہین ہے غصہ اسکو ہے جو رجوع اس جا نہین ہے یعنے جو دنیا مین رجوع بحق تعالیٰ ہے اسکو غصہ ہے اور خوف بھی سب آگے رجوع بقصہ خواجہ ہے فافہم ۱۲

روانہ شدن خواجہ بسوئے دہ بمہمانی

روانہ ہونا خواجہ کا طرف گانو کی واسطے مہمانی کے

خواجہ در کار آمد و تجہیز ساخت
مرغ عزمش سوئے دہ اشتاب ساخت

اہل و فرزندان سفر را ساختند
رخت را بر گاؤ عزم انداختند

شادمانان و شتابان سوئے دہ
کہ برے خوردیم از دہ مژدہ دہ

مقصد ما را چراگاہ خوش ست
یار ما آنجا کریم و دلکش ست

با ہزاران آرزومان خواندہ است
بہر ما غرس کرم بنشاندہ است

ما ذخیرہ در زمستان دراز
از بر دہ سوئے شہر آریم باز

بلکہ باغ ایثار راہ ما کند
در میان جان خودمان جا کند

عجلوا اصحابنا کے ترتجوا
عقل میگفت از درون لا تفرحوا

من رباح اللہ کونوا الحبین
ان ربی لا یحب الفرحین

افرحوا ہونا بما آتاکمو
کل آت مشغل الہاکم

شاد از وے شو مشو از غیر وے
او بہارست و دگرہا ماہ دے

ہر چہ غیر او ست استدراج تست
گرچہ تخت و ملکت ست تاج تست

شاد از غم شو کہ غم دام بقاست
اندرین رہ سوئے پستی ارتقاست

غم یکے گنج ست و رنج تو چو کان
لیک کے در گیرد این در کودکان

کودکان چون نام بازی بشنوند
جملہ با خر گور ہم تگ میشوند

مستعد خواجہ ہوا سامان کیا
مرغ عزم اسکا طرف دہ کے اڑا

اہل و فرزندون نے تیاری کری
عزم کی بس بیل پر خرجی کسی

خوش و خرم گانوں کیجانب چلے
کہ ثمر کھائینگے ہم اس گانوں سے

مقصد اپنے کی چراگاہ خوب ہے
یار اپنا رہتا ہے اس جاے پے

سو تمنا سے بلایا ہم کو ہے
اور رکھی نعمت ہمارے واسطے

بس ذخیرہ موسم سردی میں لے
شہر کو ہم اس سے واپس آئینگے

بلکہ ہمکو باغ وہ بخشش کرے
جان اپنی میں جگہ وہ ہمکو دے

عجلوا اصحابنا کے ترتجوا
کہتی عقل اندر سے تھی لا تفرحوا

من رباح اللہ کونوا الحبین
ان ربی لا یحب الفرحین

افرحوا ہونا بما آتاکمو
کل آت مشغل الہاکمو

خوش ہو اس سے اور نہو تو غیر سے
غیر اسکا تجکو استدراج ہے

وہ بہار اک ہے تو انکے سب غیر دے
گرچہ تجکو تخت و ملک تاج ہے

خوش ہو غم سے غم وہ ہے دام بقا
اندر اس رہ کے ہے پستی ارتقا

غم ہے گنج اور تیرا رنج اک کان ہے
کب اثر اطفال کے اندر کرے

نام بازی کا جو لڑکے سنتے ہیں
دوڑتے سب ساتھ اندھے خر کے ہیں

سله مستعد الخ شعر خواجہ مستعد ہوا اور سامان کیا اور مرغ عزم اسکا گانوں کی طرف اڑا اہل و فرزندان نے تیاری کری اور گاؤ عزم پر خرجی لادی خوش و خرم گانوں کی جانب چلے کہ ہم اس گانوں کے ثمر کھائیں گے اپنے مقصد کی چراگاہ خوب ہے اس جا پر کریم اپنا یار ہے ہمکو سو تمنا سے بلایا ہے اور ہمارے واسطے نعمت رکھتا ہے باقی اسکا حال آگے ہے فافہم ۱۲ سله پس ذخیرہ الخ شعر موسم سردی میں بہت ذخیرہ لیکر شہر کو اس گانوں سے واپس آئینگے بلکہ ہمکو وہ باغ بخشش کریگا اور اپنی جان میں ہمکو جگہ دیگا آگے حقائق ہیں ترجمہ جلدی کرو تم ای دوستو ہمارے کہ بہشت غنی ہیں ہم عقل اندر سے کہتے تھے کہ مت خوشی کرو تم ترجمہ نفع اللہ کے سے ہو تم نفع پانیوالے تحقیق رب ہمارا دوست نہیں رکھتا ہے خوشی کرنیوالوں کو ترجمہ خوش ہو تم اس حال میں کہ آرام و آہستگی رکھو ساتھ اس چیز کے کہ دی ہے خدا تعالیٰ نے تمکو خوش اس سے ہوں اور نہ غیر سے وہ ایک بہار ہے اور خزان ہے اسکا غیر تجکو طلب استدراج ہے اگرچہ تمکو تخت و ملک و تاج ہے یعنے خوشی و آرام تو حق سے چاہ اور ما سوا اللہ سے مت چاہ کہ اس دنیا میں غم و رنج بہر ہے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ سله خوش ہوا الخ شعر غم سے خوش ہو کہ غم دام بقا ہے اندر اس راہ کے پستی بلندی ہے غم ہے گنج اور تیرا رنج کان ہے کب اندر اطفال اثر کرے نام بازی کا جو لڑکے سنتے ہیں اندھے خر کے ساتھ سب دوڑتے ہیں ای اندھے گدھو ادھر کو دام میں اور اسطرف گھاتوں میں خون کے پینے والے ہیں سب تیر اڑ گئے ولیکن کمان آنکھوں سے مردم کے پوشیدہ ہو گئی اور تیر سب اڑے اور بڑھاپے کی جوانی پر پڑا ہے یعنے تو غم دنیا سے خوش ہو کہ راہ سلوک میں پستی بلندی ہے تیر غم کے تو سب اڑ گئے لیکن کمان قد خمیدہ تیرا بھی پوشیدہ ہوا اور پیری نے تیری جوانی کو نیست کر دیا پس تو خدا طلبی کر چنانچہ اسکا حال آگے ہے فافہم ۱۲-

سه بما یعنی اس چیز کی کہ دی ہے خدا تعالیٰ نے ۱۲

سه مطلب یہ کہ ہم لوگ اس گانوں کو بہت خوشی سے جاتے ہیں ۱۲ سه نفع اللہ سے ہم نفع پانیوالے ہیں ۱۲ سه تحقیق رب ہمارا دوست نہیں رکھتا خوشی کرنیوالوں کو ۱۲ سه خوش ہو تم اس حال میں کہ آرام و آہستگی رکھو ۱۲-

ای خران کور آنسو دامهاست	در کمین این سوی خون آشامهاست	اگر گدھو اندھی اُدھر کو دام ہین	اسطرف گھاتو نمین جو خون آشام ہین
تیرها پران شده لیکن کمان	گشت پنهان از دو چشم مردمان	تیر تو سب اُڑ گئے لیکن کمان	ہو گئی آنکھون سے مردم کے نہان
تیرها پران کمان پنهان و غیب	بر جوانی میرسد صد تیر شیب	پس کمان پوشیدہ تیر اب سب اُڑے	تیر پیری کے جوانی پر پڑے
گام در صحرای دل باید نهاد	زانکه در صحرای گل نبود گشاد	دل کے صحرا مین قدم کو تم رکھو	کہ کشادہ گل کے صحرا مین نہو
ایمن آبادست دل ای مردمان	حصن محکم موضع امن و امان	ایمن و آباد دل ہی ای جوان	قلعہ محکم جاے ہی امن و امان
گلشن خرم بکام دوستان	چشمها و گلستان در گلستان	باغ خرم بامراد دوستان	جاری چشمے بوستان در بوستان
عج الی القلب و سر یا ساریه	فیه اشجار و عین جاریه	عج الی القلب و سر یا ساریہ	فیہ اشجار و عین جاریہ
ده مرو ده مرد را احمق کند	عقل را بی نور و بی رونق کند	وہ نجا دہ مرد کو احمق کرے	عقل کو بے نور بے رونق کرے
خواجه پندارد که روزی ده دهد	این نمیداند که روزی ده دهد	خواجہ جانے گانون روزی دی مجھے	یہ نجانے روزی دینے والا دے
قول پیغمبر شنو ای مجتبی	گور عقل آمد وطن در روستا	قول پیغمبر کا اے یارو سنو	عقل اندھی گانون کی رہنے سی ہو
هر که روزی باشد اندر روستا	تا بماهی عقل او ناید بجا	یکدن گانون مین جو کوئی رہی	عقل اک مہ تک بجا اُسکی نہ رہے
تا بماهی احمقی در وی بود	از حشیش ده جز اینها چه درود	ایک مہ تک احمقی اُسمین رہے	گانون مین جز گھانس کیا کھودا کیے
وانکه ماهی باشد اندر روستا	روزگاری باشدش جهل و عما	ایک مہ تک گانون مین جو کہ رہے	بس زمانہ اسکا گذری جہل سے
ده چه باشد شیخ واصل ناشده	دست در تقلید و حجت در زده	گانون کیا ہی شیخ بے پہونچا ہوا	حجت و تقلید کا ہو مبتلا
پیش شهر عقل کلی این حواس	چون خران چشم بسته در خراس	شہر عقل کل کے آگے یہ حواس	چشم بستہ بیل جون کولو کے پاس
این رها کن صورت افسانه گیر	هل تو دردانه و گندم دانه گیر	چھوڑ اُسکو صورت افسانہ لے	چھوڑ دُر دانہ کو گندم دانہ لے
گر بدر ره نیست هین بر می ستان	گر بدان ره نیست این سو بران	گر نہین موتی ملے گندم کو لے	اسطرف جا گر نہ اُس سو جا سکے
ظاهرش گیر ار چه ظاهر کژ بود	عاقبت ظاهر سوی باطن رود	گرچہ ظاہر کج ہو ظاہر اُسکا لے	ظاہر آخر کار باطن تجکو دے

ملہ سیر کرنے والے ... اس میں درخت اور چشمے جاری ہیں۔

ملہ دل کے الخ ۔ شعر ترجمہ دل کے صحرا مین قدم رکھو کیونکہ صحرا مین گل کی قدم کشادہ نہو دل ایمن و آباد ہے قلعہ محکم و جاے امن و امان ہے باغ خرم و بامراد دوستان ہے ترجمہ میل کر طرف دل کے اور سیر کرای سیر کرنے والے اسمین درخت و چشمے جاری ہین تو گانون کو نجا گانون آدمی کو احمق کرتا ہے اور عقل کو بے نور و بے رونق کرتا ہے خواجہ جانے گانون مجکو روزی دے اور یہ نہین جانتا ہی کہ روزی دینے والا روزی دیتا ہے یعنے تم دل کی سیر کرو اور دنیا کی طرف متوجہ نہو کہ موضع دنیا مرد کو احمق کرتی ہے آگے قول حضرت رسول مقبول صلعم کا ہے فافہم ۱۲ ملہ قول پیغمبر کا سن گانون کے رہنے سے عقل اندھی ہو جو کوئی ایکدن گانون مین رہے ایک مہینے تک عقل اُس کی بجا نہ رہے ایک ماہ تک اُسمین احمقی رہے گانون مین سواے گھانس کھودنے کے کیا کرے جو گانون مین رہے اُسکا زمانہ جہل سے گذرے آگے حقائق ہین وہ گانون کیا ہے شیخ ناخدا رسیدہ اور حجت و تقلید کا مبتلا ہے و شہر عقل یعنے مرشد کامل کے آگے یہ حواس ایسے ہین جیسے بیل چشم بستہ کولو کے پاس ہو تو چھوڑ اُسکو صورت انسان کی لے و چھوڑ دُر دانہ اور دانہ گندم کو لے اگر گوہر نہ ملے گندم کو لے اسطرف جا اگر ادھر جا نہ سکے اگرچہ ظاہر کج ہو تو ظاہر کو لے آخر کار ظاہر تجھے باطن کو پہونچا دیگا یعنے پیران ریاکار حکم گانون کا رکھتے ہین اور مرشدان کامل حکم شہر کا رکھتے ہین پس جو شخص پیران ریاکار کے پاس رہا احمق و بے عقل ہوا اور جو کامل کی خدمت مین آیا یہ حواس ظاہر اسکے بیکار رہے اگر معنے تجکو حاصل نہون ظاہر طریقہ مرشدون کا اختیار کر کہ یہ روش ظاہری تجھے معنے کو پہونچا دیگی آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲

اول ہر آدمی خود صورتست	بعد ازان جان کو جمال سیرتست	[1]ابتدائے آدمی شکل رجال	بعد اُسکے جان ہے سر جمال
اول ہر میوہ جز صورت کی ست	بعد ازان لذت کہ معنی وی ست	ابتدای میوہ بھی صورت رکھے	بعدہٗ معنے کہ وہ لذت رکھے
اولاً خرگاہ سازند و خرند	ترک را زان پس بمہمان آورند	اولاً تیار خیمہ کرتے ہین	ترک کو بعد اُسکے مہمان لاتے ہین
صورتت خرگاہ وان معنی ست ترک	معنیت ملاح وآن صورت چو فلک	تیری صورت خیمہ ترک اک معنی ہی	معنے ملاح اور صورت کشتی ہے
بہر حق این را رہا کن یک نفس	تا خر خواجہ بجنبانند جرس	ایک دم اُسکو خدارا کر رہا	تا ہلائے گھنٹہ خواجہ کا گدھا

رفتن خواجہ و قومش بسوے دہ — جانا خواجہ و قوم اُسکی کا طرف گانون کے

خواجہ و بچگان جازی ساختند	بر ستوران جانب دہ تاختند	[2]خواجہ اور فرزند سامان بیل پر	گانون کی جانب گئے بس لاد کر
شادمانہ سوے صحرا راندہ اند	سافروا کے تغنموا بر خواندہ اند	سوے صحرا خوش و خرم جاتے تھے	سافروا کے تغنموا کو پڑھتے تھے
کز سفرہا بندہ کیخسرو شود	بے سفرہا ماہ کے خسرو شود	کہ سفر سے بندہ ہووے بادشاہ	بے سفر روشن نہووے قرص ماہ
از سفر بیذق شود فرزین راد	وز سفرہا یافت یوسف صد مراد	اور سفر سے پیادہ بس فرزین بنے	اور سفر سے بادشاہ یوسف ہوے
روز روی از آفتابے سوختند	شب ز اختر راہ مے آموختند	دن کو کرتے گرم منہ خورشید سے	رات کو تارون پہ چلتے راہ تھے
خوب گشتہ پیش ایشان راہ زشت	از نشاط دہ شدہ رہ چون بہشت	[3]آگے اُنکے راہ بد اچھی ہوئی	گانونکی عشرت سے رہ جنت بنی
تلخ از شیرین لبان خوش میشود	خار از گلزار دلکش میشود	تلخ شیرین لب سے بس خوش ہوتا ہے	خار جون گلشن سے دلکش ہوتا ہی
حنظل از معشوق خرما میشود	خانہ از ہمخانہ صحرا مے شود	یا حنظل دے ہو خرما سے سوا	صحرا ہمخانہ سے خانہ ہو دلا
ای بسا از نازنینان خارکش	بر امید گلعذارے ماہ وش	ای بہت نازکبدن اور نازنین	ہین امید گلبدن پر خار چین

سافری کرو تم اور بہت غنیمت پاؤ ۱۲

[1] ابتداے الخ ہ شعر ابتداے آدمی کی صورت انسان ہے بعد اُسکے جان لے کہ سر جمال ہے ابتدا میوے کی بھی صورت رکھتی ہی بعد اُسکے معنے کہ وہ لذت رکھتی ہے اول خیمہ تیار کرتے ہین بعد اُسکے معشوق کو مہمان لاتے ہین آگے حقائق ہین تیری صورت خیمہ و ترک معنی ہی معنے ملاح اور صورت کشتی ہے ایکدم خدا کیواسطے چھوڑتا خواجہ کا گدھا گھنٹہ ہلائے یعنے صورت راستی معنے کو پہونچاتی ہے تو ایکدم خدا کیواسطے اس صورت کو چھوڑ کہ معنے سے آگہی تجکو ہو آگے قصہ خواجہ کا ہے فافہم ۱۲ [2] خواجہ الخ ہ شعر خواجہ اور فرزند اُسکے سامان بیل پر لاد کر گانون کی جانب گئے جانب صحرا کے خوش و خرم جاتے تھے ترجمہ مسافری کرو تم اور بہت غنیمت پاؤ سفر کی برکتین پڑھتے تھے آگے حقائق ہین کہ سفر سے بندہ بادشاہ ہووے بے سفر ماہ روشن نہووے سفر سے پیادہ فرزین بنتا ہے اور سفر سے یوسف علیہ السلام بادشاہ ہوئے آگے رجوع بقصہ ہے دن کو منہ گرم کرتے تھے خورشید سے اور رات کو تارون پر راہ چلتے تھے یعنے سفر کرنے سے مفلس آسودہ ہوتا ہے اور پیادہ فرزین بنتا ہی آگے قصہ کا بیان ہی فافہم ۱۲ [3] آگے الخ ۱۰ شعر آگے اُنکے راہ بد بہتر اور گانون کی عشرت سے راہ جنت بنی آگے مثال ہے شیرین لب سے تلخ خوش ہوتا ہی خار مانند گلشن کے دلکش ہوتا ہے یا حنظل ہے تو خرما سے سوا ہے اور صحرا ہمخانہ سے خانہ ہووے ای بہت نازکبدن اور نازنین آمید گلبدن پر خار چنتے ہین ای بہت حمال ہین پشت تو تا بلاے ماہرویون سے مہ جبین آہنگر اپنا جمال سیاہ کرتے ہین تاکہ رات آئے وروئے ماہ چو بین خواجہ شام تک دکان پر قید ہے کیونکہ آسکے دل مین دلبر جڑ رکھتا ہے خشکی و دریا مین سوداگر پھرتا ہی جو کہ اہلخانہ کی محبت رکھتا ہی ہر کوئی مردہ کو اول لیتا ہی اپنی زندگی کی امید پر تجارکہ چوب کی خواہش کرتا ہی خدمت محبوب کی امید پر یعنے حب دنیا کے واسطے ہر ایک شخص آفات و بلا سر پر لیتا ہی اور درم و دینار مردہ کو اپنی زندگی کیواسطے خریدتا ہی آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲

ای بسا حمال گشته پشت ریش	از برای دلبر و روی خویش	ای بہت حمال ہین پشت دوتا	ماہ رویان کی بلا سے پُرجفا
کردہ آہنگر جمال خود سیاہ	تاکہ شب آید ببوسد روی ماہ	کرتے آہنگر جمال اپنا سیاہ	تاکہ رات آئے وچومے روے ماہ
خواجہ تا شب بر دکان چار میخ	زانکہ سروی در روش کرد ست بیخ	شام تک خواجہ دکان پر قید ہے	کیونکہ دلبر اُسکے دل مین جڑ رکھے
تاجرے دریا و خشکی می رود	آن بمہر خانہ شینی میرود	خشکی و دریا مین سوداگر پھرے	اہل خانہ کی محبت جو رکھے
ہر کرا با مُردہ سودائے بود	بر امید زندہ سیمائی بود	ہر کوئی مُردہ کو لیتا مول ہے	زندگی اپنی دہ لے اُمید پے
آن دگر روے آوردہ بچوب	بر امید خدمت مہ روئے خوب	کرتا خواہش چوب کی نجار ہے	خدمت محبوب کی اُمید پے
بر اُمید زندۂ کن اجتہاد	کو نگردد بعد روزے دو جماد	سعی کر زندہ کی تو اُمید پے	بعد دو دن کے نہ وہ مُردہ بنے
ہین مکن مونس خسی را از خسے	عاریت باشد درو آن مونسے	مت کری ناکس کو تو مونس کبھی	عاریت ہوتی ہے اُسکی مونسی
انس تو با مادر و بابا کجاست	گر بجز حق مونسانت را وفاست	ہی کہاں انس اب تجھے ماں باپ کا	حق سوا مونس کو تیرے کب وفا
انس تو با دایہ و لالا چہ شد	گر کسے شاید بغیر حق عضد	انس لالا دائی کا کیا ہو گیا	قوت بازو کسے ہے حق سوا
انس تو با شیر و با پستان نماند	نفرت تو از دبیرستان نماند	تجکو جب نے شیر و پستان سے رہی	تجکو نفرت نے دبستان سے رہی
آن شعاعی بود بر دیوارشان	جانب خورشید رفت آن نشان	وہ شعاع دیوار پر تھی انکی وان	جانب خورشید پلٹا وہ نشان
بر ہران چیزی کہ افتد آن شعاع	تو بران ہم عاشق آئی ای شجاع	وہ شعاع جس چیز پر بھی آ پڑے	اُسکا تو عاشق ہوا اور شیدا بنے
عشق بر تو ہر چہ آن موجود بود	آن ز وصف حق زر اندود بود	عشق آیا تجکو جس موجود پے	وصف حق کا جون ملمع اُس پہ ہے
چون زری با اصل رفت و مس نماند	از زری خویشتن مفلس بماند	زر گیا جو اصل کو تا بنا گیا	اپنے زر ہونے سے مفلس رہ گیا
طبع سیر آمد طلاق او بخواند	پشت پا زد کو دو دست ازوی فشاند	ہوئی طبیعت سیر ترک اُسکو کیا	لات ماری دست بردار اور ہوا
از زر اندود صفاتش پاکشی	از جہالت قلب را کم گوی خوش	چاہیئے مت اُسکے ملمع وصف کو	جہل سے کھوٹے کو مت اچھا کہو
کان خوشی در قلبہا عاریتی ست	زیر زینت مایۂ بے زینتی ست	اچھا پن کھوٹے کا ہی یہ عارضی	نیچے ہر زینت کے ہی بے زینتی
زر ز روی قلب در کان میرود	سوی آن کان رو تو ہم کان میرود	کھوٹے پن سے زر گیا ہے کان مین	تو بھی جا وہ گر گیا ہے کان مین

سل سعی کر الخ ۳ شعر تو فرزند حق کی امید پر کوشش کر کہ بعد دو دن کے وہ مُردہ نہ بنے اور کبھی ناکس کو اپنا مونس مت کر کہ اسکی مونسی عارضی ہوتی ہی تیرے ماں باپ کا اب انس کہاں ہے حق کے سوا تیرے مونس کو کب وفا ہے یعنے تو حق کی اُمید پر کوشش کر کہ وہ ہمیشہ زندہ ہی اور ناکس سے اُنس مت کر کہ وہ عارضی ہی باقی حال اسکا آگے ہی فافہم ۱۲ سلا انس الخ ۸ شعر اُنس خادم و دائی کا کیا ہو گیا حق کے سوا قوت بازو کسے ہی تجکو شیر و پستان کی محبت نہ رہی وہ شعاع دیوار پر تھی وہ نشان جانب خورشید پلٹا جو کہ وہ شعاع ہر چیز پر پڑے اسکا تو عاشق ہوا اور شیدا بنے جس موجود پر تجکو عشق آیا اُسپر وصف حق کا مانند ملمع کے ہے آگے اسکی مثال ہے زر جو اپنی اصل کو گیا تانبا رہا اپنے زر ہونے سے وہ مفلس رہ گیا طبیعت سیر ہوئی اسکو ترک کیا لات ماری اور دست بردار ہوا باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲ سلا چاہیے مت الخ ۵ شعر اُسکے ملمع وصف کو مت چاہ اور جہل سے کھوٹے کو اچھا مت کہہ یہ اچھاپن کھوٹے کا عارضی ہے نیچے ہر زینت کے بے زینتی ہے کھوٹے پر سے زر کان مین گیا ہی تو بھی جا وہ اگر کان بن گیا ہی تو جانا شمس مین ہی دیوار پر سے پس تجکو شمس کی طرف جانا بہتر ہی جبکہ آسمان سے لے تو آب کو جو وفا پر نالہ کو نہین پاتا ہی معدن دنبہ کی ہو وے دام گرگ کب یک جلد وہ گرگ سترگ پہچانے یعنے یہ صورت مجازی کا حسن پرتو خورشید ہی کہ بعد چند روز کے پلٹ کر اپنی اصل کو جاتا ہی یا ایک ملمع زر ہی کہ تانبے پر چڑھا ہی کہ بعد چند روز کے وہ ملمع گیا خالی تانبا رہ گیا پس آسمان سے آب جو پرنالے کے بھروسہ پر مت رہ یعنے معنی حاصل کر و صورت ظاہری چھوڑ دے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲—

نور از دیوار تا خور مے رود — تو بدان خور رو کہ در خور میرود
زین سپس بستان تو آب از آسمان — چون ندیدی تو وفا در ناودان
معدنِ دنبہ نباشد دام گرگ — کی شناسد معدنِ آن گرگِ سترگ
در گمان بُردند بستہ در گرہ — می شتابیدند مغروران بدہ
ہمچنین خندان و رقصان می شدند — سوی آن دولاب چرخی مے زدند
چون ہمیدیدند مرغے می پرید — جانبِ دہ صبر جامہ مے درید
ہر نسیمے کز سوی دہ مے وزید — گوئیا سیحِ بدان مے پر درید
ہر کہ مے آید ز دہ او سوے او — بوسہ میدادند خوش بر روے او
کہ تو روے یارِ ما را دیدۂ — پس تو جان جانِ ما را دیدۂ

نور جاتا شمس میں دیوار سے — جانا سوئے شمس بہتر ہے تجھے
آسمان سے بعد ڈولے آب کو — یا وفا پایا نہ پرنالہ کو جو
معدنِ دنبہ نہو وے دام گرگ — کب جگہ پہچانے وہ گرگِ سترگ
تھا گمان[۵۱] کہ زر گرہ میں ہے بندھا — جاتے تھے مغرورہ گانوں کو بھلا
ایسے ہی جاتے تھے ہنستے کھیلتے — مثلِ دولاب اسطرف چکر میں تھے
جانور اُڑتے ہوئے جو کہ دیکھے — گانوں کی جانب تو بس بے صبر تھے
گانوں کی جانب سے جو چلتی ہوا — اُڑتی تھی روحِ روان اُسجا گویا
گانوں سے آتا جو اُنکے پاس تھا — چومتے خوش ہوکے اُسکے دست و پا
کہ ہمارا یار تو نے دیکھا ہے — جان کی جان کا ہماری دید ہے

قصہ نواختن آن سگ را کہ مقیم کوی لیلےٰ بود

قصہ تعظیم کرنا مجنون کا اُس کُتے کی کہ مقیم گلی لیلیٰ کا تھا

ہمچو مجنون کو کہ سگ را مے نواخت — بوسہ اش میداد و پیشش میگداخت
گرد او میگشت خاضع در طواف — ہمچو حاجی گرد کعبہ بے گزاف
ہم سر و پایش ہمی بوسید و ناف — ہم جلابِ شکرش میداد صاف
بوالفضولی گفت کای مجنونِ خام — اینچہ شیدست اینکہ می آرے مُدام
پوزِ سگ دائم پلیدی مے خورد — مقعدِ خود را بلب مے استرد
عیبہائے سگ بسے او مے شمرد — عیبِ دان از غیبِ دان بوئی نبرد
گفت مجنون تو ہمہ نقشے و تن — اندر آ بنگر تو از چشمانِ من

مثل[۵۲] مجنون کہ وہ سگ کو چومتا — کرتا تعظیم اور خود کو میٹتا
گرد اُسکے عجز سے کرتا طواف — مثلِ حاجی گردِ کعبہ بے گزاف
اُسکے سر اور پانوں کو بھی چومتا — بھی جلاب اُسکو شکر کا دیتا تھا
بولا اک گستاخ کہ مجنون خام — مگر یہ کیا ہے کہ کرتا ہے مدام
سگ کا مُنھ کھاتا پلیدی کو مدام — چاٹتا اپنی ہے مقعد کو مدام
عیب وہ از بسکہ سگ کے کہتا تھا — عیب میں کب غیب بین کو جانتا
بولا[۵۳] مجنون تو تو بالکل جسم ہے — اندر آ تو دیکھ میری آنکھ سے

[۵۱] گمان تھا الخ، شعر گمان تھا کہ زر گرہ میں بندھا ہے اور گانونکو مغرور جاتے تھے ایسے ہی کہتے و ہنستے جاتے تھے اور اسطرف مثل دولاب کے چکر میں تھے جو کہ جانور اڑتے ہوئے دیکھتے گانوں کی جانب تو بہت بیقرار رہتے گانوں کی جانب سے جو ہوا چلتی روح روان گویا اُس جا اُڑتی جو گانوں سے اُنکے پاس آتا تھا خوش ہوکر چومتے تھے اُسکے دست و پا کہ ہمارے یار کو تو نے دیکھا ہماری جان کی جان کا تو نور ہے یعنے منزل مقصود جب نزدیک ہوتی ہے تو اشتیاق شوق سے دل اُسکا اُس طرف کو کھینچتا ہے اور جو اُدھر سے آتا ہے محبوب تر معلوم ہوتا ہے جیسے مجنون کو سگ لیلی فرشتہ معلوم ہوتا تھا چنانچہ اُسکا قصہ مثال میں آگے فرماتے ہیں فافہم ۱۲ [۵۲] مثل مجنون الخ، شعر مثل مجنون کے کہ وہ سگ کو چومتا تھا تعظیم کرتا اور خود کو میٹتا تھا اُسکے گرد عجز سے طواف کرتا مثل حاجی کے گرد کعبہ بے گزاف اُسکے سر اور پانوں بھی چومتا اور جلاب بھی اُسکو شکر کا دیتا تھا ایک گستاخ نے کہا کہ ای مجنون خام یہ کیا کرتا ہے کہ تو ہمیشہ کرتا ہے مُنھ سگ کا ہمیشہ پلیدی کو کھاتا ہے اور مدام اپنی مقعد کو چاٹتا ہے وہ عیب بہت سگ کے کہتا تھا عیب میں کیا غیب بین جانتا ہے یعنے مجنون اُسکے مُنھ پر نظر رکھکر تعظیم سگ کی کرتا تھا اور وہ گستاخ صورت پرست اُس راز سے کب خبردار تھا کیونکہ جو عیب دیکھتا ہے وہ غیب سے محروم رہتا ہے آگے راز سننے کو مجنون بیان کرتا ہے رموز میں فافہم ۱۲ [۵۳] بولا مجنون الخ، شعر مجنون نے کہا تو بالکل جسم ہے اندر آکر دیکھ میری آنکھ سے یہ طلسم حق کا بندھا ہے اور یہ کوچہ لیلی کا محافظ ہے ہوش و ہمت و جان و دل تو اسکا دیکھ کس جا کو اپنا مسکن کیا ہے میرے سعد کا وہ سگ جیا ہے بلکہ وہ میرا ہمدم دوالم ہے اُسکے کوچہ میں جو وہ سگ رہتا ہے اُسکی خاک پا بہتر ہے شیر سے کوچہ میں اُسکے جو وہ سگ رہتا ہے اُسکا ایک بال میں کب شیر کو دون شیر تو اُسکے کتون کے غلام ہیں کہنا ممکن نہیں ہر چیز ہو اور سلام یعنے یار کے کوچہ کا کتا بھی بہتر ہے شیران اہل دنیا سے آگے اسکے حقائق میں فافہم ۱۲

کاین طلسم بستهٔ مولی ست این — پاسبان کوچهٔ لیلی ست این
که طلسم اک یہ بندھا مولیٰ کا ہی — یہ محافظ کوچۂ لیلیٰ کا ہے

همتش بین و دل و جان و شناخت — کو کجا بگزید و مسکن گاه ساخت
ہوش و ہمت جان و دل دیکھ اسکا تو — اپنا مسکن کر لیا کس جاے کو

او سگ فرخ رخ کهف من ست — بلکه او هم درد و هم کهف من ست
وہ سگ فرخ ہی میرے کہف کا — بلکہ ہر درد و الم ہے وہ مرا

آن سگی کو گشت در کویش مقیم — خاک پایش به ز شیران عظیم
اُسکے کوچہ میں وہ سگ جو رہتا ہی — خاک پا بہتر ہی اُسکی شیر سے

آن سگی که باشد اندر کوی او — من بشیران کی دهم یک موی او
اُسکے کوچہ میں وہ سگ رہتا ہی جو — ایک بال اُسکا میں کب دون شیر کو

آنکه شیران مر سگانش را غلام — گفتن امکان نیست خامش والسلام
شیر ہیں جو اُسکے کتون کے غلام — کہنا نے ممکن ہی چپ رہ والسلام

گر ز صورت بگذرید ای دوستان — جنت ست و گلستان در گلستان
تم[1] اگر صورت سے گذرو دوستان — ہی بہشت اندر بوستان در بوستان

صورت خود چون شکستی سوختی — صورت کل را شکست آموختی
توڑی اپنی صورت اور جو خاک کی — کل کی صورت توڑنی بس سیکھ لی

بعد از آن هر صورتی را بشکنی — همچو حیدر باب خیبر بر کنی
بعد اُسکے توڑے ہر صورت کو تو — جون علیؓ توڑے در خیبر کو تو

سغبهٔ صورت شد آن خواجه سلیم — که بده می شد بگفتار سقیم
خواجہ شہری عاشق صورت ہوا — گانوں کو اس بد کے کہنے پر چلا

سوی دام آن تملق شادمان — همچو مرغی سوی دانهٔ امتحان
جانب اس دام تملق کے روان — جیسے مرغ اک سوی دانہ ہو روان

از کرم دانست آن مرغ حریص — دانه را با دام لیکن شد محیص
مرغ حرصی نے کرم سی جانا تھا — دام کے دانہ کو پر اُسمیں پھنسا

از کرم دانست مرغ آن دانه را — غایت حرص ست نی جود و سخا
دانہ[2] وہ بخشش سے جانا مرغ نے — غایت حرص ہی نہ وہ ہی جود سے

مرغ کان در طمع دانه شادمان — سوی آن تزویر پران و دوان
مرغ جو خوش طمع میں دانہ کے تھا — وہ طرف اُس مکر کے دوڑا اُڑا

گر ز شادی خواجه آگاهت کنم — ترسم ای رهرو که بیگاهت کنم
گر خوشی سے خواجہ کی آگہ کرون — دیر ہو تجکو ای سالک ڈرتا ہون

مختصر کردم چو آمد ده پدید — خود نبود آن ده ره دیگر گزید
مختصر کرتا ہون جو گانوں دکھا — خود نہ وہ گانوں تھا اور تھا دوسرا

قرب ماهی ده بده می تاختند — زانکه راه ده نکو نشناختند
ایک[3] مہینہ تک گانوں گانوں وہ پھرا — کیونکہ گانوں کی نہ رہ تھا جانتا

هر که گیرد پیشه بی اوستاد — ریش خندی شد بشهری و بلاد
جو کہ پیشہ لے بغیر اُستاد کے — شہر و دہ میں ہو ہنسی اُس شخص پے

هر که در ره بی قلاوزی بود — مر دو روزه راه صد ساله شود
جو کہ بے رہبر کے جای گانوں کو — راہ دو دن سو برس کی راہ ہو

هر که تازد سوی کعبه بی دلیل — همچو این سرگشتگان گردد ذلیل
جو کوئی کعبہ کو جائے بے دلیل — وہ پریشان کسطرح ہووے ذلیل

[1] تم اگر الخ یعنی شعر ای دوستو تم اگر صورت سے گذرو بہشت اور بوستان اندر بوستان ہی جو توڑے اپنی صورت اور خاک کی کل کی صورت توڑنی سیکھ لی یعنے جسنے اپنی صورت فنا کی اُسنے کل کی صورت فنا کرنی سیکھ لی بعد اُسکے توڑے تو ہر صورت کو تو علیؓ کے مانند در خیبر اکھاڑے آگے رجوع بقصہ ہے خواجہ شہری عاشق صورت کا ہوا اور بدرگ کے کہنے پر گانوں کو چلا آگے اُسکی مثال ہے اُس دم تملق کی جانب روانہ ہو جیسے ایک مرغ طرف دانہ امتحان کے اور مرغ حرصی نے بخشش سے جانا اُس دانہ دام کو لیکن اُسمیں پھنسا یعنے خواجہ صورت پرست ہوا اور اُسکے کہنے پر روانہ گانوں کا ہوا جیسے مرغ دانہ دام میں دیکھ کر جاتا ہی اور خود دام میں پھنستا ہی باقی حال اسکا آگے ہی فافہم ۱۲ [2] دانہ وہ الخ یعنے شعر دانہ مرغ نے بخشش سے جانا نہایت حرص ہی نہ بخشش سے ہی مرغ جو طمع دانہ میں خوش تھا طرف اُس مکر کے دوڑا اور اُڑا آگے رجوع بقصہ ہی اگر خوشی سے خواجہ کی آگاہ کرون تجکو ای سالک دیر ہو میں ڈرتا ہون مختصر کرتا ہون جبکہ گانوں دیکھا تو وہ گانوں نہ تھا دوسرا تھا ایک مہینے تک گانوں گانوں وہ پھرا کیونکہ گانوں کا راہ نہ جانتا تھا آگے حقائق ہیں فافہم ۱۲ [3] جو کہ الخ یعنے شعر جو کہ بغیر اُستاد کے پیشہ کے شہر میں گانوں میں اُس شخص پر ہنسی ہووے جو کہ بغیر رہبر کے گانوں کو جائے دنوں کی راہ سو برس کی راہ ہووے جو کوئی کعبہ کو بغیر دلیل کے جاے ان پریشانوں کی طرح ذلیل ہووے باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲-

زان کہ نادر باشد اندر خافقین　　آدمی سر بر زند بے والدین
مال او یابد کہ کسبے مے کند　　نادری باشد کہ بر گنجے زند
مصطفائی کو کہ جسمش جان بود　　تا کہ رحمٰن علم القرآن بود
اہل تن را جملہ علم بالقلم　　واسطہ افراشت در بذل و کرم
ہر حریصے ہست محروم اے پسر　　چون حریصان تگ مرو آہستہ تر
اندرین رہ رنجہا دیدند و تاب　　چون عذاب مرغ خاکی اندر آب
سیر گشتہ از دہ و از روستا　　در شکر ریزی چنان نا اوستا

شش[1] جہت مین ہووے نادر اسلیے　　آدمی پیدا ہو بے مان باپ کے
مال و پائی کہ کسب اک وہ کرے　　ہووی نادر گنج اک کو جو ملے
ہین[2] کہان احمد تن انکا جان تھا　　تا کہ رحمٰن علم القرآن تھا
اہل تن کو جملہ علم بالقلم[3]　　کر دیا ہے واسطہ بذل و کرم
ہی حریص ہر ایک محروم اب سنو　　جون حریصان دوڑے مت آہستہ ہو
رنج اس رہ مین اٹھائے بیحساب　　آب مین جون مرغ خاکی کو عذاب
ہو گئی بس گانون سے سیری اسے　　اور شکر ریزی سے بے استاد کے

رسیدن خواجہ و قومش بسوی دہ و نادیدہ و ناشناخت آوردن روستائی ایشان را

پہونچنا خواجہ و قوم اسکی کا طرف گانون کے اور انجان بن کے لانا دہقانی کا انکو

بعد ماہی چون رسیدند آنطرف　　بینوا ایشان ستوران بی علف
روستائی بین کہ از بد نیتی　　مے کند بعد اللتیا و التی
روئے پنہان میکند زیشان بروز　　تا سوی باغش نہ بکشایند پوز
آنچنان رو کہ ہمہ رزق و شر ست　　از مسلمانان نہان اولیٰ ترست
روہا باشد کہ دیوان چون مگس　　بر سر آن نشستہ باشد چون حرس
چون ببینی روی او در تو فتند　　یا مبین آن یا چو دیدے خوش مخند
در چنان روی خبیث عاصیہ　　گفت یزدان نسفعا بالناصیہ

بعد[4] اک مہ پہونچے وہ اس سمت کو　　بیل کے گھانس اور بے کھانا تھے وہ
دیکھو دہقانی کو بد نیت سے جو　　کرتا ہی بس لیت و لعل اب اپنے وہ
دن مین اُنسے چھپاتا منھ کو ہے　　تا کرین وہ منھ نہ جانب باغ کے
ایسا منھ کہ مکر و شر سے ہو بھرا　　وہ مسلمانون سے پوشیدہ بھلا
بعضے منھ کہ دیو مانند مگس　　اسکے سر پر بیٹھا ہو مثل جرس
اسکا منھ دیکھے جو وہ تجھ پر پڑے　　دیکھ مت گر دیکھے مت خوش ہووے
ایسا منھ گو کہ ہی بد اور عاصیہ　　بولا یزدان نسفعاً بالناصیہ[5]

[1] شش جہت الخ، شعر شش جہت مین اسلیے نادر ہووے جو آدمی پیدا بغیر مان باپ کے ہووے وہ مال پائے کہ ایک کسب کرے و نادر ہووے کہ ایک کو گنج ملے احمد صلعم کہان ہین کہ تن انکا جان تھا ترجمہ تا کہ رحمٰن پڑھاتا ہوا القرآن کا ہووے اہل تن کو جملہ علم لکھا ہوا کر دیا ہی واسطے بذل و کرم کے ہر ایک حریص محروم ہی اب سنو مانند حریصون کے دوڑ مت آہستہ ہو آگے رجوع بقصہ ہے اس راہ مین رنج بیحساب اٹھائے جیسے آب مین مرغ خاکی کو عذاب ہو پس گانون سے سیری ہو گئی اُسے اور شکر ریزی سے بغیر اُستاد کے یعنے ہر ایک بے تدبیر دنیا کے کسب مقصود پاتا ہی اور وجود باجود سرور کائنات صلعم کہان ہی کہ حکم جان کا رکھتا ہی اور بغیر اُستاد کے خدا کے علم پاتا ہی اور دوسرونکو علم کسبی ہے اسواسطے حریص محروم ہین پس تو بے مرشد کے راہ مت چل کہ مقصد حاصل نہوگا آگے رجوع بقصہ ہی فافہم ۱۲ [4] بعد اک الخ، شعر جب ایک ماہ کے وہ اس طرف پہونچے وہ بغیر کھانے کے و بیل بے گھانس کے تھے اب دیکھو دہقانی کو کہ بد طینتی سے جو کرتا ہے لیت و لعل سے وہ اُنسے منھ کو دن میں چھپاتا ہی تا کہ وہ منھ جانب باغ کے نکرین آگے حقائق مین ایسا منھ کہ مکر و شر سے بھرا ہو وہ مسلمانون سے پوشیدہ ہی بہتر بعض منھ ہی کہ دیو مانند مگس کے اسکے سر پر بیٹھا ہو مثل نگہبان کے اسکا منھ جو تو دیکھے تجھ پر پڑے پس تو مت دیکھ تو خوش نہو ایسا منھ گو کہ وہ بد گنہگار ہی حق نے فرمایا ترجمہ پکڑونگا ساتھ پیشانی کے آگے رجوع بقصہ ہی جبکہ پوچھا اور پایا اسکا گھر مثال اپنون کے طرف دروازے کے دوڑے اسکی عورت نے دروازہ بند کیا خواجہ اس کج ادائی سے حیران ہوا ولیکن وہ تشدد کرنے کا وقت نتھا جب کہ چاہ مین گر اتیزی سے کیا فائدہ یعنے ریاکارون کی وہ صورت ہے کہ انکی صحبت سے نفس کو اور ترقی ہوتی ہی خدا انکو فرماتا ہے کہ پکڑونگا مین ساتھ پیشانی کے باقی قصہ آگے ہی فافہم ۱۲

[2] پڑھاتا ہوا القرآن کا ۱۲ [3] علم لکھا ہوا ۱۲

[5] پکڑونگا مین ساتھ پیشانی کے ۱۲

چون بپرسیدند خانه‌اش یافتند | همچو خویشان سخرهٔ در بشتافتند
در فرو بستند اهل خانه‌اش | خواجه شد زین کژروی دیوانه‌وش
لیک هنگام درشتی هم نبود | چون در افتادی بچه تیزی چه سود
بر درش ماندند ایشان پنج روز | شب بسر ما روز خود خورشید سوز
نے ز غفلت بود ماندن نے ز خری | بلکه بود از اضطرار و بے زری
با لئیمان بستهٔ نیکان ز اضطرار | شیر مرداری خورد از جوع زار
او همی دیدش همی گفتش سلام | کہ فلانم من مرا اینست نام
گفت باشد من چه دانم تو کئی | یا پلیدی یا قرین پاکئی
و الّهم روز و شب اندر صنع هو | هیچگونه نیستم پروائے تو
از خودی خود ندارم هم خبر | نیست از هستی سر موئیم اثر
هوش من از غیر حق آگاه نیست | در دل و جانم بجز الله نیست
گفت اینده یا قیامت شد شبیه | تا برادر شد یفر من اخیه
شرح میکردش کہ من آنم کہ تو | لوتها خوردے ز خوان من دو تو
لے فلان روزت خریدم آن متاع | کل سر جاوز الاثنین شاع
نے تو بودی سالها مهمان من | نے رسیدت بیکران احسان من
ستر مهر ما شنیدستند خلق | شرم دارد رو چو نعمت خورد حلق
او همی گفتش چه گوئی ترهات | نے ترا دانم ز نام تو نه جات
پنجمین شب ابر بارانی گرفت | کاسمان از بارشش شد در شگفت
چون رسید آن کارد اندر استخوان | حلقه زد خواجه کہ مهتر را بخوان

جبکہ پوچھا اور پایا اسکا گھر | شکل اپنوں کے وہ دوڑے سوی در
اسکی پس زوجہ نے دربستہ کیا | خواجہ حیران کج ادائی سے ہوا
پر نہ تشدد کا نہیں وہ وقت تھا | چاہ میں جبکہ گرا تیزی سے کیا
در پہ[1] اسکے بس رہے وہ پانچ روز | شب کو سردی دن کو تھا خورشید سوز
نے تھا غفلت و خری سے ٹھہرنا | بلکہ تھا وہ بے زری سے ٹھہرنا
بیقراری ہے ہین بد کے ساتھ نیک | شیر کھاتا بھوک سے مردار ایک
دیکھ اسکو اور کیا اسکو سلام | کہ فلان ہوں اور یہ میرا ہے نام
بولا ہو کیا جانوں میں تو کون ہے | یا پلیدی یا تو پاکی کو رکھے
صنع ہو میں رات دن والہ ہوں میں | کچھ نہیں مجکو تری اب خواہش نہیں
بے[2] خودی اپنی سے مجکو کچھ خبر | نے سر مو اپنی ہستی سے اثر
غیر حق سے ہوش نے آگہ مرا | جان و دل میں ہے نہ میرے جز خدا
بولا یہ دن ہے قیامت سے شبیہ | کہ ہوا بھائی یفر من اخیہ
شرح کرتا کہ میں وہ ہوں جو طعام | کھاتا تھا تو خوان سے میرے مدام
نے فلانے دن خریدا وہ متاع | کل سر جاوز الاثنین شاع
تو نہیں برسوں مرا مہمان تھا | تجھپہ نے میں نے کیا احسان تھا
سر محبت کا مری سنتی تھی خلق | شرم رکھے منہ جو نعمت کھائے حلق
وہ یہی کہتا[3] تھا کیا بکتا ہے تو | مجکو نے جانوں نہ تیرے نام کو
پانچویں شب کو جو بارش نے لیا | ایسی بارش کہ فلک حیران تھا
حد سے گذری جو کہ تکلیف و بلا | در بجایا خواجہ نے دہقان تو آ

سلہ در پہ الخ یعنی اسکے دروازہ پر وہ پانچ روز رہے شب کو سردی دن کو سوز خورشید تھا غفلت اور خری سے ٹھہرتا نہ تھا بلکہ وہ بے زر ہونے سے ٹھہرتا تھا آگے اسکے حقائق ہیں بد دن کے ساتھ نیک بے قراری سے ہیں شیر بھوک سے مردار کھاتا ہے اسکو دیکھا اور سلام کیا کہ میں فلان ہوں اور یہ میرا نام ہے کہا ہووے میں کیا جانوں تو کون ہے پلیدی یا پاکی تو رکھے میں صنعت ہو رات دن والہ ہوں میں اب تیری خواہش نہیں مجکو کچھ نہیں باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ بے خودی الخ یعنی مجکو اپنی خودی سے کچھ خبر نہیں سر مو اپنی ہستی سے اثر نہیں میرا ہوش غیر حق سے آگاہ نہیں میرے جان و دل میں سوا حق کے کوئی نہیں کہا یہ دن قیامت کی مثال ہے کہ بھاگتا ہوا ترجمہ بھاگنے والا بھائی سے شرح کرتا میں وہ ہوں کہ تو طعام کھاتا تھا خوان سے میرے مدام فلان دن وہ نہیں خریدا تھا متاع کل بھید جو تجاوز کرتا ہے تو میرا برسوں مہمان نہ تھا تجھپر بخدا احسان نہیں کیا تھا بھید میری محبت کا خلق سنتی تھی جو حلق نعمت کھائے تو منہ شرم سے رکھے یعنی میں ذات حق میں فنا ہوں مجھے اپنی ہستی سے کچھ خبر نہیں میں تجھے نہیں جانتا باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ وہ یہی الخ یعنی وہ یہی کہتا تھا کہ تو کیا بکتا ہے میں تجھے نہیں جانتا نہ تیرے نام کو پانچویں رات کو جو بارش نے لیا ایسی بارش کہ آسمان حیران تھا جو تکلیف و بلا حد سے گذری خواجہ نے دروازہ بجایا کہ اے دہقان تو آ تو خوشامد سے وہ پاس دروازہ کے آیا اور کہا کہ آخر کیا ہے اے جان پدر کہا میں نے اس حق کو چھوڑا جو کہ میں جانتا تھا پانچ روز میں گھر جا میری جان کو بچا لو کہ اس سردی سے مالک ہوا آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲

سلہ بھاگ گئے ۱۲ سلہ کل بھید جو دو آدمیوں سے تجاوز کر گیا وہ فاش ہو جاتا ہے ۱۲

چون بصد الحاح آمد سوے در گفت آخر چیست ای جان پدر
گفت من آن حقها بگذاشتم ترک کردم انچه مے پنداشتم
پنج ساله رنج دید آن پنج روز جان مسکینم درین سرما و سوز
یک جفا از خویش و از یار و تبار در گرانی هست چون سی صد هزار
زانکه دل ننهاد بر جور و جفاش جانش خوگر بود با مهر و وفاش
هر چه بر مردم بلا و شدت ست این یقین دان کز خلاف عادت ست
گفت ای خورشید مهرت را زوال گر تو خونم ریختی کردم حلال
امشبے باران بماه گوشهٔ تا بیابی در قیامت توشهٔ
گفت ای یک گوشه هست آن باغبان هست اینجا گرگ را او پاسبان
در کفش تیر و کمان از بهر گرگ تا زند چون آید آن گرگ سترگ
گر تو آن خدمت کنی جا آن تست ورنه جائے دیگری فرما بجست
گفت صد خدمت کنم تو جای ده وان کمان و تیر در کفم بنه
من نخسپم حارسی رز کنم گر برآرد گرگ سر تیرش زنم
بهر حق مگذارم امشب ای دو دل آب باران بر سر و در زیر گل
گوشه خالی شد و او با عیال رفت آنجا جای تنگ بے مجال
چون ملخ بر همدگر گشته سوار از نهیب سیل اندر کنج غار
شب همه شب جمله گویان کای خدا این سزاے ما سزاے ما سزا
این سزاے آنکه شد یار خسان یا کسے کرد از براے ناکسان

سو خوشامد سے وہ آیا پاس در بولا آخر کیا ہے اے جان پدر
بولا مین نے ترک اُس حق کو کیا وہ بھی چھوڑا جو کہ مین تھا جانتا
پانچ سالہ پانچ دن مین دکھ ہوا جان کو جو کہ سردی مین میری ملا
[۱] اپنے خویشون اور یارون کی جفا بھاری ہے مین ہے وہ لاکھون سے سوا
نے یقین ہکو جفا پر اُسکی تھا جان جی فا سے اُسکی عادی تھی سدا
ہین جو مردم پر بلا و شدتین کر یقین کہ ترک عادت سے وہ ہین
بولا شمس مہر کو تیرے زوال گر گیا خون میرا تجکو ہے حلال
آج شب بارش ہے ہکو دے تو جا تا قیامت مین تو پائے خوش جزا
بولا یان ہے باغبان کا اک مکان کہ وہ اُسمین گرگ کا ہے پاسبان
گرگ کی خاطر لیے تیر و کمان تا کہ مارے گرگ جو آئے وہان
[۲] گر تو وہ خدمت کرے جا ہے تری ورنہ جلدی ڈھونڈھ تو جا دوسری
بولا سو خدمت کرون تو دے جگے وہ کمان و تیر تو لا مجکو دے
مین نسوؤن حفظ مین انگور کے سر نکالے گرگ مارون تیر اُسے
بہر حق مت چھوڑ امشب تو مجھے نیچے کیچڑ آب بارش سر پہ ہے
تھا مکان خالی گیا وہ باعیال ہر جگہ بھی تنگ وہ اور پر ملال
مثل ٹڈی ایک پر تھا دوسرا ڈر سے پانی کے ہر اک اُس جا پڑا
رات بھر کہتے تھے سب کہ اے خدا یہ ہماری ہے سزا اور ہے سزا
[۳] ہے سزا کہ یار ناکس کا ہوا یا کسی ناکس کا حامی ہو گیا

[۱] اپنے خویشون الخ شعر اپنے خویشون اور یارون کی جفا بھاری ہے مین وہ لاکھون سے سوا ہے اسکو یقین اُسکی جفا پر نہین تھا جان اُسکی وفا سے عادی تھی ہمیشہ آگے اسکے حقائق ہین جو مردم پر بلا و شدتین ہین یقین کر وہ ترک عادتون سے ہین کہا آفتاب محبت کو تیرے زوال ہے اگر میرا خون تجکو حلال ہے آج بارش کی رات ہے ہکو تو جگہ دے تا قیامت مین تو خوش جزا پائے کہا یہانپر ایک باغبان کا مکان ہے وہ اُسمین گرگ کا نگہبان ہے گرگ کیواسطے تیر و کمان لیے رہتا ہے گرگ کو مارتا ہے جو وہان آوے یعنے انسان پر بلا و آفت ترک عادت مین آتی ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [۲] گر تو الخ شعر اگر تو خدمت کرے وہ جا تیری ہے ورنہ جلدی ڈھونڈھ تو دوسری جا کہا سو خدمت کرون تو جگہ دے وہ تیر و کمان تو لا مجکو دے مین حفاظت مین انگور کی نسوؤن اگر گرگ سر نکالے تیر اُسکے مارون واسطے خدا کے آجکی شب تو مجھے مت چھوڑ کہ نیچے کیچڑ اور سر پر آب بارش مکان خالی تھا وہ باعیال گیا لیکن جگہ پر ملال بھی ٹڈی کے مانند ایک پر دوسرا تھا پانی کے ڈر سے اُس جا ہر ایک پڑا تھا رات بھر سب کہتے تھے کہ اے خدا یہ ہماری سزا ہے اور سزا ہے آگے حقائق ہین فافہم ۱۲ [۳] ہے سزا الخ شعر یہ سزا ہے کہ یار ناکس کا ہوا یا کسی ناکس کا حامی ہو گیا اُسکی سزا ہے کہ طمع خام سے خدمت خاصون کی ترک کرتا ہے خاک پا کو نہی چاٹنا خوب ہے عام سے اُون کے زر و تیغ سے مرد روشن دل کا بندہ اگر تو ہووے اس سے بہتر ہے کہ شاہ کے سر پر تو ہووے شاہ کی خاک سے بجز آواز ڈھول کے تو نہین پاویگا کچھ تو اہل قول شہری رہزن جو ہین نسبت روح کے اور دہقان کیا ہے گنج بے سود ہے یعنے تو مطیع روشندل کا ہوا اور شاہان دنیا کا نہو کہ اُنسے بجز آواز کے اور کچھ حاصل نہوگا زاہد خشک رہزن روح کا ہے ویران ریا کا گنج بے سود ہین باقی حقائق آگے ہین فافہم ۱۲

این سزای آنکه اندر طمع خام / ترک گوید خدمت خاص کرام
خاک پاکان لیسی و دیوارشان / بهتر از عام و زر و گلزارشان
بندۀ یک مرد روشندل شوی / به که بر فرق سر شاهان روی
از ملوک خاک جز بانگ دهل / تو نخواهی یافت ای پیک سبل
شهریان خود رهزنان نسبت بروح / روستائی کیست گیج بے فتوح
این سزای آنکه بے تدبیر عقل / بانگ غولے آمدش بگزید نقل
چون پشیمانی ز دل شد با شغاف / زان سپس سودے ندارد اعتراف
چون پشیمان گشت اندل تا چه کرد / بعد از ان سودے ندارد آه سرد
آن کمان و تیر اندر دست او / گرگ را جویان همه شب سو بسو
گرگ خود بر وی مسلط چون شرر / گرگ جویان و ز گرگ او بیخبر
هر پشه هر کیک چون گرگے شده / اندر ان ویرانه شان زخمی زده
فرصت آن پشه راندن هم نبود / از نهیب حملۂ گرگ عنود
تا نیاید گرگ آسیبے زند / روستائی ریش خواجه بر کند
زین چنین دندان گزان تا نیمه شب / جان شان از ناف می آمد به لب
ناگهان تمثال گرگے هشته / سر بر آورد از فراز پشته
تیر را بگشاد آن خواجه ز شست / زد بر آن حیوان که تا افتاد پست
اندر افتادن ز حیوان باد جست / روستائی ہای کرد و کوفت دست
تا جوانمرد که خر کرۀ من است / گفت نے این گرگ چون آهرمن است

ہی سزا اسکی کہ طمع خام سے / ترک کرنا خدمت خاصان ہے
خاک پاکان چاٹنا بس خوب ہے / عام سے اور انکے زر اور باغ سے
مرد روشندل کا بندہ ہوے تو / بہتر اس سے کہ ہو شہ کی سر پہ تو
خاک شاہان سے بجز آواز ڈھول / تو نہین پائیگا کچھ اے اہل قول
شہری رہزن جو ہین نسبت روح کی / کیا ہے دہقان گنج اک بے سود ہے
ہے سزا اسکی کہ بے تدبیر عقل / سنکے بانگ غول کر دی اس نے نقل
جو محبت مین پشیمان دل سے ہے / بعد اسکے کیا فائدہ اقرار سے
جو پشیمان دل سے ہے کہ کیا کیا / آہ کرنا بعد اسکے بے فائدہ
ہاتھ مین اسکے کمان و تیر تھا / ڈھونڈھتا تھا گرگ کو وہ جا بجا
گرگ اسپر خود مسلط جون شرر / ڈھونڈھتا اور گرگ سے تھا بیخبر
مثل گرگ ہر مچھر و پشّو ہوا / اس کھنڈر مین اسکو زخمی کیا
مارنے مچھر کی بھی فرصت نہ تھی / ڈر سے حملہ گرگ کے اسکو اخی
تا نہ آئے گرگ اور نقصان کرے / ڈاڑھی خواجہ کی وہ دہقان نوچ لے
نیم شب تک دانت وہ پیسا کیا / رنج سے وہ اپنی جان دیتا رہا
شکل گرگ اک ناگہان آئی نظر / کہ نکالا اک بڑے ٹیلے سے سر
خواجہ نے اک تیر مارا کھینچ کر / کہ زمین پر بس گرا وہ جانور
جانور کا گوز نکلا جو گرا / چیخا دہقانی کہ ہاے کیا کیا
خر کا بچہ ہے یہ میرا اے گدھے / بولا نے جون اہرمن یہ گرگ ہے

سلہ یہ سزا الخ شعر یعنی سزا اسکی ہے کہ بغیر تدبیر عقل کے بانگ غول سنکر نقل مکان کیا جو محبت مین دل سے پشیمان ہو پھر اقرار کرنے سے کیا فائدہ اور جو دل سے پشیمان ہو کہ مین نے کیا کیا پھر آہ کرنا اسکی بیفائدہ آگے رجوع بقصہ ہے اسکے ہاتھ مین کمان و تیر تھا گرگ کو وہ ڈھونڈھتا تھا آگے حقائق ہین اسپر گرگ مسلط تھا مانند شرر کے وہ ڈھونڈھتا تھا او۔ گرگ مسلط سے بیخبر تھا یعنے گرگ نفس اسپر خود مسلط تھا اور وہ گرگ کو ڈھونڈھتا تھا مثل گرگ کے مچھر و پشو ہوئے اس کھنڈر مین اسکو زخمی کیا مچھر مارنے کی بھی اسکو فرصت نہ تھی ڈر سے حملہ گرگ کے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ تا نہ آئے الخ شعر تا گرگ نہ آئے اور نقصان کرے اور خواجہ کی ڈاڑھی دہقانی نوچ لے آدھی رات تک وہ دانت پیسا کیا اور اس رنج سے جان بلب رہا ایک شکل ناگہان نظر آئی کہ نکالا سر کو ایک بڑے ٹیلے سے خواجہ نے ایک تیر کھینچکر مارا کہ زمین پر وہ جانور گرا جبکہ گرا جانور کا گوز نکلا دہقانی چیخا کہ ہاے کیا کیا یہ میرے خر کا بچہ ہے اسے گدھے خواجہ نے کہا نہین گرگ مانند اہرمن کے ہے یعنے گوز بچہ خر کا شب تاریک مین پہچانا اور خواجہ کو روز روشن مین نہ پہچانا پس حال ریاکاران طریقت کا یہ ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

اندر و اشکال گرگی ظاہرست	شکل او از گرگی او مخبرست	شکل مین اسکی جو گرگی ظاہرا	شکل گرگی اسکی دیتی ہے پتا
گفت نی بادی کہ جست از فرج وے	می شناسم ہمچنان کا بے زمے	بولا نے اسکا یہ نکلا گوز ہی	جانتا ہون جیسے بادہ آب سے
کشتۂ خر کرہ ام را در ریاض	کہ مبادت بسط ہر ز انقباض	باغ مین خر بچہ مارا تونے ہی	ہو جیوے بسط تجکو قبض سے
گفت نیکو تفحص کن شب ست	شخصہا در شب ز ناظر محتجب ست	بولا تو تلاش کر کر رات ہی	رات کو دکھتا نہین ہی جان سے
شب غلط بنماید و مبدل شے	دیدہ صائب شب ندارد ہر کسے	رات غلطی سے دکھاتی اور ہی	رات کو دکھتا نہین ہی جان سے
ہم شب و ہم ابر و ہم باران ژرف	این سہ تاریکی غلط آرد شگرف	رات ہی اور ابر ہی باران ہی	تینون تاریکی یہ بس غلطی کو دے
گفت آن بر من چو روز روشن ست	می شناسم باد خر کہ [illegible]	بولا وہ مجھپر ہی مثل دن کھلا	گوز خر بچہ کا مین ہون جانتا
درمیان بیست باد ان باد را	می شناسم چون مسافر زاد را	بیس گوزون مین جانون گوز کو	ہون مسافر توشہ سے آگاہ ہے
خواجہ بر جست و بیامد با شگفت	روستائی را گریبانش گرفت	خواجہ کودا اور بہت حیران ہوا	اور گریبان پکڑا اس دہقان کا
کابلۂ طرار شید آوردۂ	بنگ و افیون ہر دو با ہم خوردۂ	کہ فریبی چور تو حیلہ کرے	بھنگ و افیون تونے دونون کھائی ہی
در سہ تاریکی شناسی باد خر	چون ندانی مر مرا ای خیرہ سر	تین تاریکی مین جانے گوز خر	کیون نجانے مجکو تو ای بدگہر
آنکہ داند نیم شب گوسالہ را	چون نداند ہمرہ دہ سالہ را	نیم شب مین جانے جو گوسالہ کو	کیون نجانے ہمرہ دہ سالہ کو
خویشتن را عارف و والہ کنی	خاک در چشم مروت می زنی	خود کو عارف اور عاشق تو کری	خاک تو چشم مروت مین بھرے
کہ مرا از خویش ہم آگاہ نیست	در دلم گنجا سے جز اللہ نیست	کہ مین اپنے سے بھی خود آگہ نہین	اور مری دل مین بجز اللہ نہین
انچہ دی خوردم ازانم یاد نیست	این دل از غیر تحیر شاد نیست	جو کہ کھایا تھا نہ مجکو یاد ہے	جز تحیر کے یہ دل نے شاد ہے
عاقل و مجنون حقم یاد آر	در چنین بیخودیشم معذور دار	عاقل و مجنون حق ہون یاد کو	بیخودی ایسی مین رکھ معذور تو
آنکہ مردارے خورد یعنے نبید	شرع او را سوے معذوران کشید	کھائے جو مردار کو یعنے شراب	شرع نے رکھا ہی اسکو عذر یاب
مست و بنگی را طلاق و بیع نیست	ہمچو طفل ست و معاف و معتقی ست	مست و بنگی کو نہ بیع ہی نہ طلاق	مثل لڑکونکی معاف ہی در نشاق

سلہ شکل مین الخ ۔ شعر اسکی شکل مین جو گرگی یعنی ظاہر اسکی شکل گرگ ہونے کا پتہ دیتی ہی دہقانی نے کہا کہ نہین گوز نکلا ہی اسکا مین جانتا ہون جیسے شراب کو آب سے تونے باغ مین خر بچہ کو مارا ہی تجکو قبض سے بسط ہو جیو خواجہ نے کہا تو تلاش کر کر رات ہی، ور رات کو دکھائی نہین دیتا ہی کیونکہ رات غلطی سے اور کچھ دکھاتی ہی دیدہ صحیح ہر کوئی رات کو رکھتا نہین ہی رات ہی اور ابر ہی اور باران ہی پس یہ تینون تاریکی غلطی دیتی ہین آگے قول دہقانی کا ہے فافہم ۱۲ سلہ بولا وہ الخ ۔ شعر دہقانی نے کہا کہ وہ مثل دن کے مجھپر کھلا ہی گوز بچۂ خر کا مین جانتا ہون بیس گوزون مین جانتا ہون جیسے مسافر توشہ سے آگاہ ہوتا ہے خواجہ کودا اور متعجب ہوا اور گریبان اس دہقان کا پکڑا کہ ای فریبی جو تو حیلہ کرتا ہی بھنگ و افیون تونے دونون کھائی ہین تو تین تاریکی مین گوز خر کو جانتا ہے ای بدگوہر آدھی رات مین جو گوسالہ کو جانتا ہی کیونکر نہین جانتا ہی ہمراہ دہ سالہ کو تو خود عارف و عاشق کرتا ہی اور خاک چشم مروت مین ڈالتا ہی باقی حال اسکا آگے ہی فافہم ۱۲ سلہ کہ مین الخ ۔ شعر کہ مین خود سے بھی آگاہ نہین ہون اور میرے دل مین بجز اللہ کے نہین ہی جو کھایا تھا مجکو یاد نہین ہی سوا تحیر کے یہ دل شاد نہین ہی مین عاقل و مجنون حق کا ہون یاد کر ایسی بیخودی مین معذور رکھ آگے اسکی مثال ہی جو کھائے مردار کو یعنے شراب شرع نے اسکو معذور رکھا ہی مست اور بنگی کو بیع اور طلاق نہین ہی لڑکون کے مانند معاف ہی اور شاق نہین ہی آگے حقائق ہین فافہم ۱۲۔

مستی کاید ز بوی شاه فرد | صد خم می در سر و مغزان نکرد
پس برو تکلیف چون باشد روا | اسپ ساقط گشت شد بی دست و پا
بار برگیرند چون آمد عرج | گفت حق لیس علی الاعرج حرج
بار که نهد در جهان خر کره را | درس که دهد پارسی بومره را
سوی خود اعمی شدم از حق بصیر | من معافم از قلیل واز کثیر
لاف درویشی زنی و بیخودی | های و هوی عاشقان ایزدی
که زمین را من ندانم ز آسمان | امتحانت کرد غیرت امتحان
سلہ میرے پاس الخ شعر میرے پاس خفتہ بیدار رہتا کہ بیداری مین خواب کو دیکھو اس خواب خوش کی فکر خلق ہے دشمن جبتک نہ سوئے فکر نے گلو باندھا ہے حیرت چاہیئے کہ فکر کو جھاڑے اور حیرت فکر و ذکر کو کھائے جو کہ ہنر مین سست و کاہل تر مین پہلے معنی تو پیچھے صورت رکھتے ہین راجعون حق نے کہا اس طرح سے کہ جیسے گلہ پلٹ کر گھر کو جائے جبکہ کوئی صحرا سے لوٹے جب بڑھے اگلی بز پیچھے رہے آگے وہ بھیڑ لنگڑی ترجمہ ہنسنا لوٹنا میرا اُٹھاتا ہے ترش رویون کا یعنے فکر دنیا بجز خواب کے نہین ہے پس حیرت چاہیئے کہ فکر و ذکر دور کردے جو دنیا مین کاہل تر ہے وہ صورت سے معنے کو آگے رکھتا ہے۔ اسواسطے حق نے فرمایا انا للہ وانا الیہ راجعون یعنے جب گلہ بزون کا صحرا سے گھر کو لوٹتا ہی تو لنگڑی بز کہ پیچھے گلہ کے ہوتی ہے وہ آگے ہو جاتی ہے اسی کو حضرت رسول مقبول صلعم نے آخر دن السابقون فرمایا ہے یعنے یہ اُمت مرحومہ کہ سب کے پیچھے ہے ہنگام واپس جانے نام کے سب سے آگے ہوگی باقی آگے ہے فافہم۔ سلہ جھوٹ الخ شعر یہ قوم جھوٹ سے کیا لنگڑی ہوئی فخر کو بیچا اور خرید کیا ننگ کو حج کو جاتے ہین یہ حق جو لنگڑے پاؤن سے رنج سے راہ پوشیدہ ہے گنج تک یہ فریق دل کو عقل کو دھوتا ہے کیونکہ یہ عقل اُس طریق نہین جانتی ہے وہ عقل ہے کہ جسکی جڑ ہے اُس سرے کیونکہ ہر ایک شاخ رہبر جڑ کی ہے ہر ایک پر عرض دریا پر نہین اُڑتا ہے یہ علم کب علم لدنی پا سکتا ہے کس واسطے یہ علم سیکھا مرد سے کہ اُس سے سینہ کو پاک کرنا چاہیئے یعنے یہ عقل معاش اُس عقل معاد کو کب پا سکتی ہے پس اس علم کو سینہ سے دور کر باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔
سلہ اُس سرے الخ شعر تو اس سرے سے آگے مت بڑھ لنگڑا رہ وقت لوٹنے کے تاکہ تو آگے ہو وہ ہوتا ہے آگے اسکی مثال اگلے صفحہ پر ہے فافہم ۱۲۔

السابقون رہ کر شجر پر پہلے

آخرون السابقون باش ای حریف　　بر شجر سابق بود میوه لطیف
گرچه میوه آخر آید در وجود　　اول ست او زانکه او مقصود بود
چون ملائک گوی لا علم لنا　　تا بگیرد دست تو علمتنا
گر درین مکتب ندانی تو هجی　　همچو احمد پرے از نور حجی
گر نباشی نامدار اندر بلاد　　گم نه و الله اعلم بالعباد
اندرین ویرانه کاین معروف نیست　　از برای حفظ گنجینه زریست
موضع معروف کے بنهند گنج　　زین قبل آمد فرج در زیر رنج
خاطر آرد بس شکال اینجا ولیک　　بگسلد شکال را رهوار نیک
دست عشقش آتشے اشکال سوز　　هر خیالے را بروید نور روز
هم ازانسو جو جواب اے مرتضا　　کاین سوال آمد ازان سو مرترا
گوشهٔ بے گوشهٔ دل شهرهی ست　　تاب لاشرقی و غربی از مہی ست
تو ازین سو وازان سو چون گدا　　ای که معنی چه مے جوئی صدا
هم ازان سو جو که وقت درد تو　　میشوی در ذکر یاربے دو تو
وقت درد مرگ آن سو مے نمی　　چونکه دردت رفت چونی اعجمی
وقت محنت گشته الله گو　　چونکه محنت رفت گوئی راه کو
در زمان درد و غم یادش کنی　　چون شدی خوش باز بر غفلت تنی
این ازان آمد که حق را بیگمان　　هر که بشناسد بود دائم بر آن
وانکه در عقل و گمان هستش حجیب　　گاه پوشیده است وگه بدریده جیب

آخرون السابقون ہو اے حریف　　کہ شجر پر پہلے ہو میوہ لطیف
میوہ[۱] گرچہ پیدا آخر میں ہوا　　اس لئے پہلے کہ وہ مقصود تھا
جون ملائک کہہ تو لا علم لنا　　ہاتھ تیرا پکڑے ما علمتنا
گر نہ اس مکتب میں تو ابجد پڑھے　　مثل احمد نور دانش سے اڑے
گر نہ تو مشہور ہو اندر بلاد　　گم نہیں اللہ اعلم بالعباد
یہ خرابا[۲] جو نہیں معروف ہے　　گنج زر کی ہی حفاظت کے لیے
کب جگہ معروف میں رکھتے ہیں گنج　　اسطرح راحت ہوئی ہے زیر رنج
دل کو اس جا مشکل آئی ہے ولیک　　توڑتا ہی باگڈور اب سب نیک
آتش عشق اسکا مشکل سوز ہے　　فکر کو جھاڑے وہ نور روز ہے
اسطرف سے ہی جواب اسکا تو لے　　جس طرف سے یہ سوال آیا تجھے
خانۂ بے خانۂ دل شاہراہ　　تاب لاشرقی و غربی ہے تبھی
تو[۳] ادھر سے ہے ادھر مثل گدا　　اے کہ معنی تو کیا ڈھونڈھے صدا
ڈھونڈھ اسے تو کہ وقت درد تو　　ذکر یارب میں جھکتا ہے نگو
وقت درد مرگ جھکتا ہے ادھر　　درد تیرا جو گیا پھر بے خبر
وقت محنت کے کہے اللہ تو　　جو گئی محنت تو ڈھونڈھے راہ کو
درد و غم کے وقت یاد اسکو کرے　　جبکہ خوش ہووے تو پھر غافل رہے
اس سبب سے یہ کہ حق کو لے فتا　　جو کہ پہچانے رہے اسپر سدا
جبکہ عقل و ہوش میں ہووے فتور　　گاہ غافل اور گہ ہووے حضور

ط۱ میوہ الخ یعنی شعر اگرچہ میوہ آخر پیدا ہوا مگر اس لئے پہلا ہے کہ وہ مقصود تھا تو ملائک کے مانند کہ ترجمہ نہیں ہی خاصہ ہے کہ تیرا ہاتھ پکڑے ترجمہ جتنا علم دیا تونے ہمکو اگر تو اس مکتب میں ابجد نہ پڑھے احمد صلعم کے مانند نور دانش سے اڑے اگر تو مشہور نہ ہو شہر میں تو گم نہیں ہوا ہے یعنے علم ظاہر حجاب علم باطن کا ہوا اسواسطے حضور نے فرمایا ہے کہ العلم حجاب الاکبر یعنے مزدور کہ علم بڑا پردہ ہے پس علم حق کامل کو پردہ ہے اہل دنیا سے اور تھا پھر انا نعس کہ پر دو حق ہے ہی باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ ط۲ یہ خرابا جو نہیں الخ، شعر اس ویرانہ میں جو مشہور نہیں ہے گنج زر کی حفاظت کے لئے ہے - جائے مشہور میں کب گنج رکھتے ہیں اسی طرح راحت زیر رنج ہوتی ہے اس جگہ دل کو ایک مشکل آئی ہے ولیکن اب باگڈور سب توڑتا ہے اسکا آتش عشق مشکل سوز ہے فکر کو جھاڑے وہ نور روز ہے اس طرف سے تو اب اسکا جواب لے کہ جس طرف سے یہ سوال تجھے آیا ہے خانۂ بے خانۂ دل کا شاہراہ ہے اسمیں لاشرقی ولاغربی کی روشنی یعنی خدا کی مثل ذرہ کے ہے یعنے تو شہرت اپنی مت چاہ کہ گنج ویرانہ میں رکھتے ہیں اسی طرح راحت رنج میں ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ط۳ تو ادھر سے الخ، شعر تو ادھر سے ہے اور ادھر سے گدا کے مانند ہے اے کہ وہ معنے کے تو کیا ڈھونڈھتا ہے ادھر سے صدا ادھر سے تو ڈھونڈھ کہ وقت درد کے ذکر یارب میں جھکتا ہے جبکہ درد مرگ کے ادھر جھکتا ہے جب تیرا درد گیا پھر بے خبر ہے وقت محنت کے تو اللہ کہے اور پھر یہی کہے کہ راہ کہاں ہے وقت درد و غم اسکو یاد کرے جبکہ خوش ہووے پھر تو غافل ہے یہ اس سبب سے ہے کہ بے شبہ حق کو پہچانے اسپر سدا رہے جبکہ عقل و ہوش میں فتور ہووے کبھی غافل ہووے اور کبھی حضور رہے یعنے وقت درد کے تو خدا کی طرف رجوع ہوتا ہے بعدہ خدا کو بھول جاتا ہے اور جو کہ حق کو پہچانتا ہے وہ ہمیشہ اسکی طرف رجوع رہتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ —

عقل جزوی گاہ خیرہ گہ نگون   عقل کلی ایمن از ریب المنون
عقل بفروش و ہنر حیرت تجر   رو بخواری نے بخارا ای پسر
تا بخارا خود دگر یابے درون   ساکنان در محفلش لا یفقہون
ما چو خود را در سخن آغشتہ ایم   کز حکایت ما حکایت گشتہ ایم
من عدم افسانہ گردم در حنین   تا تقلب یابد اندر ساجدین
این حکایت نیست پیش مرد کار   وصف حال ست و حضور یار غار
آن اساطیر اولین کہ گفت عاق   حرف قرآن را بد آثار نفاق
لامکانی کہ درو نور خدا ست   ماضی و مستقبل و حالش کجا ست
ماضی و مستقبلش نسبت بہ تست   ہر دو یک چیز اند تو دانی دو ست
یک تنے او را پدر ما را پسر   بام زیر زید بر عمران زبر
نسبت زیر و زبر شد زین دو کس   سقف سوے خویش یک چیزست بس
نیست مثل آن مثال ست این سخن   قاصر از معنے نو حرف کہن
چون لب جو نیست مشکا لب ببند   بی لب و ساحل بدست این بحر قند
این سخن پایان ندارد باز گرد   سوے فرعون منع تا چہ کرد

عقل[1] جز گہ کج و گہ حیران ہے   عقل کل بے خوف شبہو نسے رہے
لے تو حیرت بیچ عقل و ہوش کو   جا تو خواری مین بخارا کو نہ تو
تو بخارا مین اگر پاوے درون   اہل محفل آ سکے ہین لا یفقہون
اس سخن میں جو ہوا ہیں مبتلا   بس حکایت سو حکایت مین بنا
مین نے قصہ یہ عدم میں بھی کہا   تا تقلب ساجدین مین ہو مرا
نے حکایت ہے یہ پیش مرد کار   وصف حال اور ہے حضور یار غار
حرف[2] قرآن کو اساطیر اولین   جو کہا بوجہل نے از راہ کین
لامکان کہ نور حق آمین عیان   ماضی مستقبل و حال ہمین کہان
تیری نسبت ماضی مستقبل ہے دو   دو نون ہین اک چیز تو جانے کہ دو
ایک تن اسکا پدر میرا پسر   زید کو چھت زیر عمر کو ہے زبر
نسبت زیر و زبر دو کس سے ہے   ورنہ چھت اک چیز ہی تو جان لے
مثل اسکا کب مثل ہے یہ سخن   معنے نو سے ہے تنگ حرف کہن
نہر بے لب مشک تو کر لب کو بند   بی لب و ساحل ہے یہ دریا کہ قند
بات یہ بے انتہا ہے لوٹ جا   جانب فرعون کیا اسنے کیا

فرستادن فرعون بمدائن در طلب ساحران

بھیجنا فرعونکا مدائن کیطرف ساحرونکی طلبی مین

چونکہ موسی بازگشت و او بماند   اہل رائ و مشورت را پیش خواند
مجتمع گشتند و بفشردند پاے   ہر کسے کرد ند عرض فکر و راے

جو[3] گیا موسی فقط فرعون رہا   بس طلب اسنے مشیرونکو کیا
مجتمع ہو کرکے آمادہ ہوئے   دی ہر اک نے راے اپنی فکر سے

[1] عقل جز الخ ۞ شعر عقل جز کبھی کج و کبھی حیران ہے اور عقل کل شکوک سے ایمن رہتی ہے حیرت مول لے اور عقل بیچ دے خواری کی جانب جا نہ بخارا کو یعنے افلاس اختیار کر اور دنیا کو حاصل نہ کر اگر تو بخارا مین ہے اور بطون سے تیر پائے اور اہل محفل اسکے نہین سمجھنے والے ہین اس سخن مین جو مین مبتلا ہوا بس حکایت بیان کرنے سے مین حکایت ہو گیا مین نے یہ قصہ عدم مین بھی کہا ترجمہ تا پلٹنا ساجدین مین میرا ہو مرد کار کے سامنے یہ حکایت نہین ہے وصف حال اور حضور یار غار ہے یعنے عقل جزئی کھو کر وہ حیرت حاصل کر جو حکایت کہتے کہتے حکایت ہو گیا تو اہل معنے کے روبرو حکایت نہین ہے وصف یار ہے چنانچہ اسکی مثال آگے ہے فافہم ۱۲ [2] حرف الخ ۞ شعر قرآن کے حروف کو قصہ اولین کے بوجہل نے کہے از راہ کینہ کے لامکان کہ اسمین نور حق کا عیان ہے مستقبل و حال کہان ہے اور وہ تیری نسبت ماضی و مستقبل ہے پس دو نون ایک چیز ہین اور تو جانتا ہے ایک جسم ہے کہ اسکا پدر میرا پسر ہے چھت زید کو زیر و عمر کو زبر ہے نسبت زیر و زبر کے دو کس سے ہے ورنہ چھت ایک چیز ہے تو جان لے اسکا مثل نہین ہے یہ سخن مثال ہے تو معنے نو سے حرف کہنہ تنگ ہے نہر بے لب ہے اے مشک تو لب کو بند کرلے لب و ساحل ہے یہ دریا قند کا یعنے اے وجود نافرق کے تو چپ رہ کہ دریاے توحید ناپیداکنار ہے پس تجکو کب اس سے بہرہ حاصل ہو یہ بات بے انتہا ہے تو لوٹ طرف فرعون کے کیا اسنے کیا آگے قصہ فرعون کا ہے فافہم ۱۲ [3] جو گیا الخ ۞ شعر جبکہ موسی گیا اور فقط فرعون رہا اسنے مشیرون کو طلب کیا وہ جمع ہو کر آمادہ ہوئے اور ہر ایک نے راے اپنی فکر سے دی آخر اس بات پر سب نے راے دی کہ اے ایک راہ بتائی کہ اے بادشاہ ناظر جو تم سوار ہوا ساحرونکو جمع کر اور کہا کہ ہماری سلطنت مین جادوگر ہین اور ہر ایک جادو مین فرد زمانہ ہے اور اب یہ صلاح ہے کہ مصر کے اطراف سے انکو جمع کر [illegible] اسکے ماتحت حال آگے ہے فافہم ۱۲

عاقبت ہامان بیسامان دون — رای پیش آورد و گردش رہنمون
کای شہ حقنا ظفر چون غم فزود — ساحران را جمع باید کرد زود
در ممالک ساحران داریم ما — ہر یکے در سحر فرد و پیشوا
مصلحت آنست کز اطراف مصر — جمع آردشان شہ و صراف مصر
او بسے مردم فرستاد آن زمان — در نواحی بہر جمع جادوان
ہر طرف کہ ساحرے بد نامدار — کرد پران سوی او دہ مرد کار
دو جوان بودند ساحر مشتہر — سحر ایشان در دل مہ مستمر
شیر دوشیدہ زمہ فاش آشکار — در سفرہا رفتہ بر خمے سوار
شکل کرباسے نمودہ آفتاب — او بپیمودہ فروشیدہ شتاب
سیم بردہ مشتری آگاہ شدہ — دست از حسرت بہ رخہا بر زدہ
صد ہزاران ہمچنین در جادوئی — بودہ استاد و نبودہ چون دوئی
چون بدیشان آمد این پیغام شاہ — کز شما شاہ است اکنون چارہ خواہ
از پی آنکہ دو درویش آمدند — بر شہ و بر قصر او موکب زدند
نیست با ایشان بغیر یک عصا — کہ ہمی گردد بامرش اژدہا
شاہ و لشکر جملہ بیچارہ شدند — زین دو کس جملہ بافغان آمدند
چارہ جویان بندہ را پیش شما — شاہ زان ارسال فرمودست تا
چارہ سازید اندر دفع شان — گنجہا بخشد عوض شہ بیکران
آن دو ساحر را چو این پیغام داد — ترس و مہرے در دل ہر دو فتاد
عرق جنسیت چو جنبیدن گرفت — سر بزانو بر نہادند از شگفت

آخر اس ہامان بے سامان نے — رای دیگر اک بتائی راہ اسے
ای شہ منصور جو یہ غم ہوا — ساحرون کو جمع کر جلدی بلا
ہین ہماری سلطنت مین ساحران — سحر مین ہر ایک ہے فرد زمان
ہے صلاح یہ مصر کی اطراف سے — جمع انکو کر تو شہ صراف سے
بھیجے[1] اسنے آدمی اطراف کو — ساحرون کو تا بلا کر لائین وہ
جس طرف تھے نام آور ساحران — بس ہوئے اس سمت کو وہ سب روان
جو کہ تھے مشہور ساحر دو جوان — سحر انکا ماہ کے دل مین روان
ماہ کا وہ دودھ دہتے تھے عیان — بیٹھ مٹکے پر سفر کرتے تھے آن
شکل اک کھادی کی کر کر دھوپ کی — ناپ کرکے بیچ دیتے جلد وہ
دام دیتے مشتری آگاہ ہو — پیٹتے حسرت سے پھر رخسار کو
ایسے[2] سحر ون مین بہت استاد تھے — اور نہ تھی حرف روی کے طور سے
جبکہ پہنچا انکو یہ پیغام شاہ — کہ بلا کر تم سے لیوے کام شاہ
اسلیے کہ آئے ہین درویش دو — شہ کو گھیرا ہے اور اسکے قصر کو
پاس جنکے کچھ نہین ہے جز عصا — حکم سے ہوتا ہے انکے اژدہا
شاہ و لشکر جملہ عاجز ہوگئے — اور ان دو کس سے سب ہین چیختے
چارہ[3] جوئی کے لئے ہمکو یہان — شاہ نے بھیجا تمھارے ہے یہان
دفع انکے مین علاج اب تم کرو — گنج سے دین اس عوض مین تم بھرو
دونون ساحر کو پیام آکر دیا — دل مین انکے بس پڑا خوف و رجا
جنسیت کی رگ نے حرکت انکی کی — سر رکھا زانو پہ حیرانی رہی

سلہ بھیجے الخ۔ شعر اسنے آدمی بھیجے اطراف کو تاوہ ساحرون کو بلا کر لائین جس طرف ساحر نام آور تھے وہ سب اودھر روانہ ہوئے جو کہ دو جوان ساحر مشہور تھے اور سحر انکا دل مین ماہ کے روان تھا ماہ کا وہ دودھ ظاہر دہتے تھے اور مٹکے پر بیٹھ کر سفر کرتے تھے دھوپ کو بشکل کھادی کرکے بیچ دیتے ناپ کر جلدی سے وہ مشتری دام دیتے اور پھر آگاہ ہو کر حسرت سے رخسار پیٹتے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ ایسے الخ۔ شعر اس طرح کے سحرون مین بہت استاد تھے اور مانند حرف روی کے نہ تھے جب کہ یہ پیغام شاہ کا انکو پہونچا کہ تم کو بلا کر شاہ کام لیوے اسواسطے کہ دو درویش آئے ہین اور شاہ کو اور اسکے قصر کو انہون نے گھیرا ہے انکے پاس کچھ نہین ہے بجز عصا کے اور وہ عصا انکے حکم سے اژدہا ہوتا ہے بادشاہ و لشکر سب عاجز ہوگئے اور ان دو آدمیون سے پیچھے ہٹتے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ چارہ الخ۔ شعر چارہ جوئی کے لئے یہان پر ہمکو بھیجا ہے بادشاہ نے تمھارے پاس انکے دفع کرنے مین تم اب علاج کرو اور اسکے عوض گنج سے دامن کو بھرو یہ پیام دونون ساحرونکو آکر دیا انکے دل مین خوف و رجا پڑا جنسیت کی رگ نے انکی حرکت کی سر زانو پہ رکھا اور حیرانی رہی آگے حقائق ہین صوفی کے لئے زانو پہ سر رکھنا یہ ہے کہ دونون نے حل مشکل کے لئے مراقبہ کیا یعنی زانو پر سر رکھکر کرتے ہین اور ہر امر کو سوچتے ہین صوفی کیواسطے انکشاف امور باطنی مین حکم سحر کا رکھتا ہے پس حل مشکل مین سر زانو پر ہونا صوفی کے لئے تائید الٰہی ہے آگے قصہ ساحرون کا ہے کہ ادھر سے مدد پہونچی ہے فافہم ۱۲

چون دبیرستان صوفی زانوست	حل مشکل را دو زانو جادوست	ہے دبستان زانو صوفی کے لیئے	حل مشکل کو دو زانو سحر ہے

رفتن آن دو تن ساحر بر سر گور پدر و پرسیدن از روان او حقیقت موسیٰ علیہ السلام را

جانا اُن دونون ساحرون کا باپ کی قبر پر اور پوچھنا اُسکی روح سے حقیقت موسیٰ علیہ السلام کی

بعد ازان گفتند ای مادر بیا	گور بابا کو تو ما را رہ نما	بعدہٗ بولے کہ ای مان چلکے تو	گور بابا کی ہمین تبلادے تو
بردشان بر گور او بنمود راہ	پس سہ روزہ داشتند از بہر شاہ	گور تبلائی انھین تو وہ گئے	تین روزے شاہ کی خاطر رکھے
بعد ازان گفتند ای بابا بما	شاہ پیغام فرستاد از وجا	بعدہٗ بولے کہ ای بابا ہمین	شاہ نے پیغام بھیجا رنج مین
کہ دو مرد او را بہ تنگ آوردہ اند	آبرویش پیش لشکر بردہ اند	کر گیا ہی تنگ اُسے دو مردنے	پیش لشکر آبرو لی اُسکی ہے
نیست با ایشان سلاح و لشکری	جز عصا و در عصا شور و شری	لشکر و ہتھیار نہ پاس اُنکے ہے	جز عصا پر وہ عصا آفت رکھے
تو جہان راستان در رفتۂ	گرچہ در صورت بنجا کے خفتۂ	تو گیا سچے جہانِ پاک میں	گرچہ ظاہر مین تو سویا خاک مین
آن اگر سحرست دہ ما را خبر	ور خدائی باشد ای جانِ پدر	وہ اگر ہے سحر دے ہم کو خبر	گر خدا والا ہے ای جانِ پدر
ہم خبر دہ تا کہ ما سجدہ کنیم	خویش را بر کیمیائے برزنیم	بھی خبر دے تا کہ ہم سجدہ کرین	آپ کو اس کیمیا پر ہم کسین
ناامیدانیم اُمیدے رسد	در شبِ دیجور خورشیدی رسد	ہم ہین ناامید امید اک ملے	ہین شبِ ظلمت مین خورشید اک ملے
از ضلال آئیم در راہِ رشد	راندہ گانیم و کرم ما را کشد	گمرہی سے نیک رہ ہمکو ملے	زندہ درہین کرم تا ہمکو ملے

جواب گفتن ساحرِ مُردہ با فرزندان خود

جواب دینا ساحرِ مُردہ کا فرزندون اپنے کو

گفت شان در خواب کای اولادِ من	نیست ممکن ظاہر این را دم زدن	خواب[۲] مین اُسنے کہا کہ ای پسر	کہ نہین سکتا ہون ظاہر یہ خبر
فاش مطلق گفتنم دستور نیست	لیک راز از پیشِ چشمم دور نیست	صاف کہنے کی اجازت نہی مجھے	پر نہ پنہان راز آنکھونسے مرے
یک نشانے وا نمائم با شما	تا شود پیدا شما را این خفا	اک نشانی تمکو تبلاتا ہون مین	تاکہ ظاہر ہو یہ پوشیدہ تمھین
نورِ چشمانم چو آنجا مے روید	از مقامِ خوابِ شان آگہ شوید	نور[۳] دیدہ جاؤ تم وان پر ذرا	اُنکے سونے کی کرو دریافت جا

سلہ بعد ازان الخ اشعر بعدہ کہا کہ ای مادر تو چلکر ہمین باپ کی قبر بتادی انکو قبر بتلائی وہ گئے تو تین روزے بادشاہ کی خاطر رکھے یعنے مولانا تعبیر فرماتے ہین کہ اولیاء اللہ کے مزار سے اسطرح فیض حاصل کرتے ہین بعدہ انھون نے کہا کہ ای پدر ہمکو بادشاہ نے بہ حالت رنج پیغام بھیجا ہی کہ ہمکو دو مردون نے تنگ کیا ہے اور آگے لشکر کے اسکی آبرو گئی ہے اور ہتھیار انکے پاس نہین ہے بجز عصا کے ولیکن عصا آفت رکھتا ہی تو ہمیشہ جہان پاک مین گیا ہی اگرچہ بظاہر مین تو دیا خاک مین ہے وہ اگر سحر ہے تو ہمکو خبر دے اور اگر خدا والا ہے ای جان پدر اس سے بھی ہمکو خبر دے کہ ہم سجدہ کرین اور خود کو اس کیمیا پر کسین ہم ناامید ہین امید ہمکو ملے اور شب ظلمت مین ہین کہ خورشید ایک ملے گمراہی سے راہ نیک ہمکو ملے ہم زندہ درگاہ ہین کہ تا کرم ہمکو ملے یعنے اولیاء اللہ کے مزار سے اسطرح استمداد کر حاصل کرتے ہین فافہم ۱۲ سلہ جواب مین الخ سہ شعر اسنے جواب مین کہا کہ ای پسر مین یہ خبر ظاہر نہین کر سکتا ہون مجھے صاف کہنے کی اجازت نہین ہی ولیکن راز آنکھون سے میری پوشیدہ بھی نہین ہی ایک نشانی بتاتا ہون تاکہ یہ پوشیدہ تمکو ظاہر ہو باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲ سلہ نور دیدہ الخ ۶ شعر ای نور دیدہ جب تم اس جگہ جاؤ اسکی خوابگاہ دریافت کرو جسوقت کہ وہ حکیم سوتا ہو اس عصا کو بیخوف تم لے لو اگر وہ چرالو جادوگر ہو تم چارہ نہ دہ کر جانتے ہو اگر تم نے [illegible] وہ خدا والا ہی اور رسول حق و نبی اللہ ہے اگر فرعون شرق تا غرب تک جہان لیوے حق سے ان لینے [illegible] سچا دیا جاوی ای جان پدر اسکو تم رکھو اللہ خوب جانتا ہی آگے [illegible] ۱۲

آنزمان که خفته باشد آن حکیم	آن عصا گیرید و بگذارید بیم	جس گھڑی کہ سوتا ہووے وہ حکیم	اُس عصا کو لیو تم بخوف و بیم
گر بدزدید آن عصا شان ساحرست	چارهٔ ساحر شما را حاضرست	گر چرا لووے عصا ہے جادوگر	جانتے ہو چارۂ ساحر پسر
ورنه بتوانید هان آن ایزدیست	او رسول ذوالجلال و مهتدیست	گر نہ لے سکتے ہو حق والا ہے وہ	اور رسول حق نبی اللہ ہے وہ
گر جهان فرعون گیرد شرق و غرب	سرنگون آید ز حق در کار حرب	شرق سے تا غرب فرعون لے جہان	حق سے عاجز ہووے لڑنے مین یہان
این نشان راست دادم جان باب	بر نویس الله اعلم بالصواب	یہ نشان سچا دیا ای جان باب	لکھ رکھو واللہ اعلم بالصواب
جان بابا چون بخسپد ساحری	سحر و مکرش را نباشد رهبری	جبکہ[1] سو جاتا ہے ساحر اس گھڑی	سحر کرتا ہے نہ اُسکی رہبری
چونکه چوپان خفت گرگ ایمن شود	چونکه خفت آن جهد او ساکن شود	سوئے چرواہا زمان ہو گرگ کو	کیونکہ کوشش سوئے کی بیکار ہو
لیک حیوانی که چوپانش خداست	گرگ را آنجا امید و ره کجاست	پر وہ حیوان جسکا چرواہا خدا	گرگ کا کب ہاتھ اُس جا ہو رسا
جادوی که حق کند حق ست و راست	جادوی خواندن مر آن حق را خطاست	حق کرے جادو تو حق ہے اور روا	جادوگر حق کو ہے بس کہنا خطا
جان بابا این نشان قاطع ست	گر بمیرد نیز حقش رافع ست	یہ نشان روشن ہے ای جان پدر	اگر مرے حق دیوے درجہ بیشتر

تشبیه کردن قرآن مجید را بعصای موسی علیه السلام و وفات مصطفی علیه السلام را تشبیه نمودن بخواب موسی علیه السلام و قاصدان تغییر قرآن را با آن دو ساحر بچه که قصد بردن عصا کرده بودند چون موسی علیه السلام را خفته یافتند

قرآن مجید کو تشبیہ دینا ساتھ عصائے موسی علیہ السلام کے اور وفات مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کو تشبیہ دینا ساتھ خواب موسی علیہ السلام کے اور مدعیان تغییر قرآن کو ساتھ ان دو ساحر بچون کے کہ ارادہ لیجانے عصا کا کیا تھا جو موسی علیہ السلام کو سوتا پایا

مصطفی را وعده کرد الطاف حق	گر بمیری تو نمیرد این سبق	حق[2] نے احمد سے کیا اس عہد کو	فوت گر تو ہو نہ قرآن فوت ہو

[1] جبکہ سوجاتا ہے الخ یہ شعر جبکہ سو جاتا ہے اُسدم اُسکا سحر رہبری نہین کرتا ہے آگے اسکی مثال ہے جب چرواہا سو جاتا ہے گرگ کو امن ہوتی ہے کیونکہ خفتہ کی کوشش بیکار ہوتی ہے ولیکن وہ حیوان کہ جسکا پرورندہ خدا ہے تو گرگ کا اُس پر کب پہونچتا ہے اگر حق جادو کرے تو حق ہے اور روا ہے اور جادوگر حق کو کہنا خطا ہے اور نشان روشن ہے اگر مرے حق درجہ بیشتر دیوے یعنے فرق درمیان معجزہ و کرامت و سحر کے یہ ہے معجزہ تصرف ہمت رسول کے خدا کی جانب سے ہے اور نفس الامر مین معجزہ موجود ہے اور کرامت اولیا کے تصرفہ روحانیہ سے ہوتی ہے اور کثرت تصرف ہمت اولیا کا ہوتا ہے اور اگر بغیر تصرف ہمت ولی سے کرامت واقع ہو پس اُس ولی کے علم مین وہ کرامت واقع ہوتی ہوگی اور سحر تصرف قوت نفسانیہ ساتھ سے ہوتا ہے افسون پڑھنے سے اور جو حس ناظرین مین وہ موجود ہے اور اصل مین خلاف واقع ہے چنانچہ آگے اسکی مثال مین قرآن و وفات حضرت رسول مقبول صلعم کا حال فرماتے ہین فافہم ۱۲ [2] حق الخ یہ شعر حق تعالی نے احمد صلعم سے یہ عہد کیا کہ اگر تو فوت ہو تو قرآن فوت نہو معجزہ اور قرآن کا مین حافظ ہون اور بیش و کم قرآن کو نہونے دون دونون عالم مین تیرا نگہبان رہون اور باغی کو دور حدیثون سے کردون اسمین کوئی بیش و کم نہ کرسکے اور نگہبان مجھسے بہتر مت کرے دن بدن تیری رونق زیادہ کردون اور نام تیرا سیم و زر پر کھودون منبر و مسجد تیرے بیٹے کردون اور میرا قہر محبت مین تیرا قہر ہے یعنے رونق تیری شریعت کی قرآن سے کردون باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

من کتاب و معجزت را رافعم / بیش و کم کن را ز قرآن مانعم
من ترا اندر دو عالم حافظم / طاغیان را از حدیثت رافضم
کس تاند بیش و کم کردن درو / تو به از من حافظے دیگر مجو
رونقت را روز افزون می کنم / نام تو بر زر و بر نقره زنم
منبر و محراب سازم بهر تو / در محبت قهر من شد قهر تو
نام تو از ترس پنهان میکنند / چون نماز آرند پنهان میشوند
خفیه میگویند نامت را کنون / خفیه هم بانگ نماز ای ذو فنون
از هراس و ترس کفار لعین / دینت پنهان میشود زیر زمین
من مناره پر کنم آفاق را / کور گردانم دو چشم عاق را
چاکرانت شهرها گیرند جاه / دین تو گیرد ز ماهی تا بماه
تا قیامت باقیش داریم ما / تو مترس از نسخ دین ای مصطفیٰ
ای رسول ما تو جادو نیستی / صادقی هم خرقهٔ موسیستی
هست قرآن مر ترا همچون عصا / کفرها را درکشد چون اژدها
تو اگر در زیر خاکے خفتهٔ / چون عصایش دان تو آنچه گفتهٔ
گرچه باشے خفته در زیر خاک / چون عصا آگه بود آن گفت پاک
قاصدان را بر عصایت دست نے / تو بخسپ ای شه مبارک خفتنے
تن بخفته نور جان در آسمان / بهر پیکار تو زه کرده کمان
فلسفی و آنچه پوزش میکند / قوس نورت تیر دوزش میکند
آنچنان کرد و از آن افزون که گفت / او بخفت و بخت و اقبالش نخفت

معجزہ کا قرآن کے حافظ مین ہون / بیش و کم قرآن مین کرنے نہ دون
دونون عالم مین ترا حافظ رہون / دور باغی کو حدیثون سے کرون
بیش و کم کوئی نہ اُسمین کر سکے / مجھسے بہتر اور نگہبان مت کرے
دن بدن رونق تری بہتر کرون / سیم و زر پر نام تیرا لکھ دون
منبر و مسجد کرون تیرے لئے / قہر میرا حب مین تیرا قہر ہے
ڈر سے[سلہ] خفیہ نام تیرا لیتے ہین / اور نمازین ہو کے مخفی پڑھتے ہین
خفیہ تیری نام کو اب کہتے ہین / خفیہ بس بانگ نماز اب دیتے ہین
کافرونکے ڈر سے جو کہ ہین لعین / دین ترا چھپتا رہے زیر زمین
مین منارہ کردون عالم مین بلند / اور مردود کی کردون راہ بند
تیرے چاکر شہر لین اور عز و جاہ / دین ترا ماہی سے پکڑے تا بماہ
باقی[سلہ] رکھون تا قیامت دین ترا / نسخ دین سے تو نہ ڈر ای مصطفیٰ
ای پیمبر میرے جادو ہے نہ تو / تو ہی صادق خرقۂ موسیٰ ہی تو
اور قرآن ہے ترا مثل عصا / کفر کو کھاتا ہے مثل اژدہا
خاک کے نیچے اگر سوتا ہی تو / چون عصا جان اسکو جو کہتا ہی تو
گرچہ تو سوتا ہے نیچے خاک کے / چون عصا آگاہ تیرا قول ہے
مدعی تیرا عصا کب پا سکے / سو تو ای سلطان اب آرام سے
سویا تن اور نور جان نے چرخ پے / لڑنے والون نے کمان کھینچی ترے
فلسفی اور قول اُسکا جو کہ ہے / تیر مارے اُسکو تیرے نور نے
وہ کیا اُس سے زیادہ کہ کہا / وہ کہ سویا بخت بیدار اُسکا تھا

سلہ ڈر سے الخ ۵ شعر تیرا نام ڈر سے خفیہ لیتے ہین اور مخفی ہو کر نمازین پڑھتے ہین تیرے نام کو خفیہ آپ لیتے ہین اور بانگ نماز خفیہ دیتے ہین ڈر سے کفار لعین کے دین تیرا زیر زمین چھپتا ہے مین عالم مین منارہ مانند بلند کردون اور مردودون کی آنکھ بند کردون تیری چاکر عزت و جاہ اور شہر لین اور ماہ سے ماہی تک دین تیرا روشن ہو باقی حال آگے ہے تا فہم ۱۲ سلہ باقی. نمبر ۹ شعر تا قیامت باقی رکھون دین تیرا تو نسخ دین سے مت ڈر اے مصطفیٰ اے پیغمبر میرے تو جادو نہین ہے تو صادق ہے اور خرقۂ موسیٰ ہے اور قرآن مثل عصا کے تیرا ہے اور کفر کو مثل اژدہا کے کھاتا ہے اگر تو خاک کے نیچے سوتا ہے اسکو مانند عصا کے جان کہ جو حدیث کہتا ہے اگرچہ تو زیر خاک سوتا ہے ولیکن مانند عصا کے تیری حدیثین خبردار ہین تیرا عصا کب مدعی پا سکے تو ای شاہ آرام سے اب سو تن سویا اور جان نے آسمان پر تیرے لڑنے والون پر کمان کھینچی فلسفی اور قول جو اسکا ہے اُسکو تیر مارے تیرے نور نے اس سے زیادہ وہ کیا کہ جو کہا وہ کہ سویا بخت اُسکا بیدار تھا یعنے خداوند عالم نے جو حضرت رسول مقبول صلعم سے اقرار فرمایا تھا بعد رحلت حضور کے اُس سے زیادہ کیا کیونکہ وہ ہمیشہ فرماتے تھے اور اُنکا دل بیدار رہتا تھا آگے باقی حکایت موسیٰ علیہ السلام کی ہے فافہم ۱۲

بقیۂ حکایت موسیٰ علیہ السلام

جان بابا چونکہ ساحر خواب شد — کار او بی رونق و بی آب شد
ہر دو از گورش روان گشتند تفت — تا بمصر از بہر آن پیکار رفت
چون بمصر از بہر آن کار آمدند — طالب موسیٰ و خانۂ او شدند
اتفاق افتاد کان روز ورود — موسیٰ اندر زیر نخلے خفتہ بود
پس نشان دادند شان مردم عیان — کش بنخلستان بجوئید این زمان
آمدند آن ہر دو تا خرمابنان — خفتہ بود او لیک بیدار جہان
بہر نازش بستہ بود او چشم سر — عرش و فرشش جملہ در پیش نظر
ای بسا بیدار چشم خفتہ دل — خود چہ بیند چشم اہل آب و گل
وانکہ دل بیدار دارد چشم سر — گر بخسپد برگشاید صد بصر
گر تو اہل دل نۂ بیدار باش — طالب دل باش در پیکار باش
ور دلت بیدار شد می خسپ خوش — نیست غائب ناظرت از ہفت شش
گفت پیغمبر کہ خسپد چشم من — لیک کی خسپد دلم اندر وسن
شاہ بیدارست حارس خفتہ گیر — جان فدای خفتگان دل بصیر
وصف بیداری دل ای معنوی — در نگنجد در ہزاران مثنوی
چون بدیدندش کہ خفتہ ہست او زان — بہر دزدی عصا کردند ساز
ساحران قصد عصا کردند زود — کز پسش باید شدن آنگہ ربود

باقی حکایت موسیٰ علیہ السلام کی

جبکہ[1] ساحر سو گیا جان پدر — کام بے رونق ہوا اسکا بتر
گور سے اسکی روان دونون ہوئے — مصر تک وہ پہونچے لڑنے کیلئے
مصر کو اس کام کی خاطر گئے — موسیٰ اور گھر کو تھی اسکے ڈھونڈتے
اتفاقاً[2] پہونچے وہ جسدن وہان — موسیٰ نخلستان مین سوتے تھی نہان
بس دیا مردم نے انکو یہ نشان — سوتا نخلستان مین ہے وہ اس زمان
آئے نخلستان مین وہ دونون جوان — سوتا تھا پر تھا وہ بیدار جہان
بند اسکی ناز سے تھی چشم سر — عرش فرش اسکے تھا سب پیش نظر
ہین بہت بیدار چشم و خفتہ دل — دیکھے کیا خود چشم اہل آب و گل
جو کہ دل بیدار رکھے چشم سر — گر ہو خفتہ کھولتا ہے سو بصر
گر تو اہل دل نہین بیدار ہو — دل کا طالب ہو و بس لڑتا رہو
گر ہو[3] دل بیدار سو تو خوب سا — نے چھپا چھ سات سے ناظر ترا
بولے حضرت میری خفتہ چشم ہین — پر نہ خفتہ ہی مرا دل اونگ مین
شاہ بیدار و نگہبان خفتہ ہے — جان فدا اس خفتۂ بیدار پے
دل کی بیداری کا وصف ای معنوی — کب سمائے گر ہون صدہا مثنوی
دیکھا موسیٰ کو کہ ہے سوتا ہوا — چوری کرنا چاہا اسدم وہ عصا
ساحرون نے بس کیا قصد عصا — جا کے ہم پیچھے سے لائین وہ اٹھا

سلہ جبکہ الخ ، شعر جبکہ ساحر سو گیا تو کام بے رونق اسکا ہوا اور بدتر ہوا اسکی گور سے وہ دونون روان ہوئے اس کام کی خاطر مصر کو گئے موسیٰ علیہ السلام اور گھر کو ڈھونڈھتے تھے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ اتفاقاً الخ ، شعر اتفاقاً وہ جس دن وہان پہونچے موسیٰ علیہ السلام نخلستان میں سوتے تھے وہ دونون وہین نخلستان مین آئے وہ سوتے تھے ولیکن بیدار جہان تھے چشم سر انکی نیند ناز سے تھی عرش و فرش انکے سب پیش نظر تھا آگے حقائق انکے ہین بہت بیدار چشم و خفتہ دل ہین کیا دیکھے چشم اہل آب و گل کی جو کہ دل بیدار تھے اگر چشم سر خفتہ ہو تو سو بصر کھولتا ہے اگر تو اہل دل نہین ہے بیدار رہو دل کا طالب ہو و لڑتا رہو یعنے اگر تو اہل دل نہین ہے بیداری اختیار کر کہ اس سے بیداری دل حاصل ہو اور نفس سے فائدہ کرتا رہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

سلہ اگر ہو الخ ، شعر اگر دل بیدار ہو تو خوب سا سو کہ ناظر تیرا شش جہت مین اور اوصاف سبعہ سے پوشیدہ نہین ہے جناب رسول مقبول صلعم نے فرمایا کہ میری چشم خفتہ ہین ولیکن میرا دل خفتہ نہین ہے غنودگی مین شاہ بیدار اور نگہبان خفتہ ہے جان فدا ہے اس خفتۂ بیدار پر یعنے اگر جان بیدار ہے اور دست و پا خفتہ ہین تو کچھ مضائقہ نہین کیونکہ جان انکی خود محافظ ہے وصف بیداری دل کا اے معنوی کب سمائے اگر صدہا مثنوی ہون آگے رجوع بقصہ ہے موسیٰ کو دیکھا کہ سوتے ہین اسدم اس عصا کو چرانا چاہا ساحرون نے قصد عصا کا کیا کہ ہم پیچھے سے جا کر اٹھا لائین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

اندکے چون پیشتر کردند ساز　　اندر آمد آن عصا در اہتزاز
آنچنان بر خود بلرزید آن عصا　　کان دو بر جا خشک گشتند از وجا
بعد ازان شد اژدہا و حملہ کرد　　ہر دو آن بگریختند و روے زرد
رو درافتادن گرفتند از نہیب　　غلط غلطان منہزم اندر نشیب
پس یقین شان شد کہ ہست از آسمان　　زانکہ مے دیدند حد ساحران
پس ازین رو علم سحر آموختن　　نیست ممنوع و حرام و ممتہن
بعد ازان اطلاق تب شان شد پدید　　کار شان تا نزع و جانکندن رسید
پس فرستادند مردی در زمان　　سوی موسیٰ از برائے عذر آن
کامتحان کردیم ما را کے رسد　　امتحانِ تو اگر نبود حسد
مجرمِ شاہیم ما را عذر خواہ　　اے تو خاص الخاص درگاہِ الٰہ
عفو کرد و در زمان نیکو شدند　　پیش موسیٰ ساجد و تو شدند
در گذرانہ ما کہ ما کردیم بد　　ای ترا الطاف و فضل بعید
گفت موسیٰ عفو کردم اے کرام　　گشت بر دوزخ تن و جان تان حرام
من شما را خود ندیدم اے دو یار　　اعجمی سازید خود را ز اعتذار ہمچنان
آنچنان بیگانہ شکل و آشنا　　در نبرد آئید پیش بادشا
آنچہ باشد مر شما را از فنون　　جمع آرید از برون و از درون
پس زمین را بوسہ دادند و شدند　　انتظار وقت فرصت می بدند

آگے بڑھنے کا ارادہ جو کیا[1]　　بس وہین حرکت مین آیا وہ عصا
اس طرح پر تھرتھرایا وہ عصا　　فق دونون کا وہ چہرہ ہوگیا
بعدہٗ حملہ کیا ہو اژدہا　　دونون بھاگے اور ہر اک بس ڈرا
ڈر کے مارے گر پڑے نہ جا سکے　　اور لڑھکتے بھاگے اندر غار کے
آسمانی ہے یقین ان کو ہوا　　جانتے تھے ساحروں کی انتہا
اس لیے ہے علم جادو سیکھنا　　بس نہ ممنوع اور حرام اور نہ برا
بعدہٗ[2] تپ دست انھین آنے لگے　　کام انکا نزع تک پہونچا تھا لے
بھیجا موسیٰ پاس انھون نے آدمی　　عذر خواہی کے لیئے بس اس گھڑی
امتحان کرنا ہمین لائق نہ تھا　　گو حسد سے ہو نہین کب ہے روا
مجرم شہ ہین ہمارا عذر چاہ　　تو ہے خاص الخاص درگاہِ الٰہ
عفو کرتے ہی وہ بس اچھے ہوئے　　آگے موسیٰ کے وہ سجدہ مین گرے
بخش دے ہمکو کیا ہم نے برا　　تجھپہ ہے الطاف اور فضل خدا
بولا موسیٰ مین نے بخشا ای کرام　　ہوگئی بس تمپہ دوزخ اب حرام
مین نے[3] خود دیکھا نہ تمکو ای دو یار　　عذر سے لاعلم جانو خود کو یار
اس طرح بیگانہ شکل و آشنا　　جنگ مین تم آؤ پیش بادشا
یاد ہون جو کچھ کہ افسون بس تمھین　　ظاہر و باطن سے لاؤ جنگ مین
بس زمین چومی انھون نے اور گئے　　منتظر وہ وقت فرصت کے رہے

[1] آگے الخ یہ شعر جو آگے بڑھنے کا ارادہ کیا کہ وہین عصا حرکت مین آیا اس طرح سے وہ عصا تھرتھرایا کہ ڈر سے دونون کا چہرا فق ہوگیا اس جگہ بعدہٗ حملہ کیا اژدہا ہو کر دونون بھاگے اور ہر ایک پُر خوف ہو، ڈر کے مارے گر پڑے اور نہ جا سکے اور لڑھکتے بھاگے اندر غار کے یقین انکو ہوا کہ یہ آسمانی ہے کیونکہ ساحرون کی انتہا جانتے تھے آگے حقائق ہیں اسواسطے علم سحر سیکھنا ممنوع ہے نہین اور نہ حرام ہے اور برا ہے یعنے علم سیکھنا واسطے بچنے سحر کے ممنوع نہین ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲-

[2] بعدہٗ الخ، شعر بعدہٗ دست و تپ انھین آنے لگے اور کام انکا نزع تک پہونچا موسیٰؑ کے پاس انھون نے آدمی بھیجا عذر خواہی کے لئے اسدم کہ ہمین امتحان کرنا لائق نہ تھا گو حسد سے نہین ہوا کب روا ہے ہم مجرم شاہ ہین عذر ہمارا چاہ تو خاص الخاص درگاہ خدا کا ہے عفو کرتے ہی وہ اچھے ہوگئے اور موسیٰؑ کے رو برو سجدے مین گرے تو ہمکو بخشدے ہمنے برا کیا تجھپر الطاف و فضل خدا کا ہے موسیٰؑ نے کہا کہ مین نے بخشا اے کرام کہ تمپر دوزخ ہوگئی اب حرام باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

[3] مین نے الخ یہ شعر مین نے خود تمکو نہ دیکھا اے دونون یار اور عذر سے خود کو تم بھی لاعلم جانو اس طرح بیگانہ شکل و آشنا تم جنگ میں آؤ بادشاہ کے مقابل مین جو کچھ کہ افسون تمھین یاد ہون ظاہر و باطن سے جنگ مین لاؤ پس انھون نے زمین چومی اور گئے اور منتظر وقت فرصت کے رہے باقی قصہ آگے ہے فافہم ۱۲-

جمع آمدن ساحران از مدائن پیش فرعون و تشریف یافتن از وی و دست سینہ زدن در قہر خصم کہ این کار را دفع بر نویسید

جمع ہونا ساحرونکا اطراف سے فرعون کے پاس اور خلعت پانا اور چھاتی ٹھوکنا قہر دشمن مین کہ یہ حاجت روائی ہمپر لکھدے

تا بفرعون آمدند آن ساحران — داد شان تشریفہاے بیکران
وعدہاشان کرد و ہم پیشین بداد — بندگان اسپان نقد و جنس زاد
بعد ازان شان گفت ہان ای سابقان — گر فزون آیید اندر امتحان
بر فشانم بر شما چندین عطا — کہ بدرد پردہ جود و سخا
پس بگفتندش باقبال تو شاہ — غالب آییم و شود کارش تباہ
ما درین فن صفدریم و پہلوان — کس ندارد پاے ما اندر جہان
ذکر موسی بند خاطرہا شدست — کاین حکایتہاست کہ پیشین بدست
ذکر موسی بہر روپوش ست لیک — نور موسی نقد تست ای یار نیک
موسی و فرعون در ہستی تست — باید این دو خصم را در خویش جست
تا قیامت ہست از موسی نتاج — نور دیگر نیست دیگر شد سراج
این سفال و این فتیلہ دیگرست — لیک نورش نیست دیگر زان سرست
گر نظر در شیشہ داری گم شوی — زانکہ در شیشہ است اعداد دوی
ور نظر بر نور داری وارہی — از دوی و اعداد جسم منتہی
از نظرگاہ است ای مغز وجود — اختلاف مومن و گبر و جہود

پاس[1] فرعون کے وہ سب ساحر گئے — بھاری بھاری خلعت انکو بس دیے
اور دیے وعدے بھی پہلے دیئے — کچھ غلام و اسپ و نقد و جنس سے
پھر کہا اُسنے کہ ہان ای سابقان — بڑھ کے نکلوگے جو اندر امتحان
اسقدر تم پر کرونگا میں عطا — کہ پھٹے گا پردۂ جود و سخا
بولے سب اس سے کہ با اقبال شاہ — ہم ہون غالب کام ہو اسکا تباہ
صفدر اس فن مین ہین ہم اور پہلوان — کب مقابل ہو کوئی اندر جہان
ذکر موسی[2] سے بند خاطر ہو گیا — کہ حکایت میں یہ پہلے کہہ چکا
ذکر موسی بہر روپوشے ولے — نور موسی نقد تیرا یار ہے
موسی و فرعون تری ہستی مین ہین — ڈھونڈھ ان دو دشمنونکو آپ مین
یہ نتیجہ حشر تک موسی سے ہے — گو چراغ اب دوسرا نور اک رکھے
یہ چراغ و بتی گر ہے دوسری — دوسرا نور اسکا کب ہے ای اخی
گر نظر شیشہ پہ ہو ہے گمرہی — کیونکہ شیشہ مین ہے اعداد دوئی
گر نظر ہو نور پر تیری چھٹے — تو دوئی اور جسم کے اعداد سے
یہ نظرگہ سے ہے ای روح وجود — اختلاف مومن و گبر و جہود

[1] پاس الخ شعر وہ سب ساحر اِس فرعون کے گئے اور بھاری بھاری خلعت انکو دیئے اور وعدے کئے وہ بھی اول اول کچھ کچھ غلام و اسپ و نقد و جنس انکو دیئے پھر اُسنے کہا کہ اے سابقو جو بڑھ کے نکلوگے امتحان مین اسقدر بخشش تمپر کرونگا کہ جود و سخا کا پردہ پھٹے گا سب نے کہا اُس سے کہ اقبال بادشاہ سے ہم غالب ہون اور کام اسکا تباہ ہو ہم اس فن مین صفدر و پہلوان ہین کب کوئی مقابل جہان مین ہو ذکر موسی سنے دل کو بند کیا کہ حکایت اول مین کہہ چکا ہون یعنے اُن دونون ساحرون کے دل کو محبت موسی عم کی پیدا کر دی کیونکہ پہلی حکایت مین اُنکے رجوع ہونے کا ذکر کر چکا ہون آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲-

[2] ذکر الخ شعر ذکر موسی واسطے روپوشی کے ہے ولیکن نور موسی تیرا نقد یار ہے یعنے نشان ہی پدرا اپنے سے وہ ساحر اور پر نور موسی عم کے دل ایمان لائے یعنے موسی اور فرعون تیری ہستی مین ہین تو خود مین ان دونون دشمنونکو ڈھونڈھ لے یہ نتیجہ حشر تک موسی عم سے ہے گو چراغ دوسرا ہے ولیکن نور ایک رکھتا ہے یہ چراغ و بتی اگر دوسری ہے دوسرا ہو نور اسکا کب ہے اگر شیشہ پر نظر ہو گمراہی ہے کیونکہ شیشہ مین دوئی ہے اگر تیری نظر نور پر ہو تو چھوٹے دوئی اور اعداد جسم سے ای روح وجود یہ نظرگاہ سے اختلاف مومن و گبر و جہود کا ہے یعنے جو صورت کو دیکھتا ہے نظر اُسکی دوئی پر ہے اور جو نور کو دیکھتا ہے وہ دوئی سے چھوٹتا ہے پس یہ اختلاف مذہب نظر صورت پر رکھنے سے ہے چنانچہ حکایت ہاتھی کی آگے مثال مین فرماتے ہین فافہم ۱۲-

اختلاف کردن در چگونگی شکل پیل در شب تار

پیل اندر خانۂ تاریک بود	عرضه را آورده بودندش هنود
از برائے دیدنش مردم بسے	اندران ظلمت همی شد هر کسے
دیدنش با چشم چون ممکن نبود	اندران تاریکیش کف می بسود
آن یکے را کف بخرطوم اوفتاد	گفت همچون ناودانستش نهاد
آن یکی را دست بر گوشش رسید	آن برو چون بادبیزن شد پدید
آن یکی بر پشت او بنهاد دست	گفت خود این پیل چون تختی بدست
آن یکی را کف چو بر پایش بسود	گفت شکل پیل دیدم چون عمود
همچنین هر یک بجزوی چون رسید	فهم آن میکرد هر جا مے شنید
از نظرگه گفت شان بد مختلف	آن یکی دالش لقب داد آن الف
در کف هر کس اگر شمعے بُدے	اختلاف از گفت شان بیرون شدے
چشم حس همچون کف دستست و بس	نیست کف را بر همه آن دسترس
چشم دریا دیگرست و کف دگر	کف بهل وز دیدهٔ دریا نگر
جنبش کفها ز دریا روز و شب	کف همی بینے و دریا نے عجب
ما چو کشتیها بهم بر مے زنیم	تیره چشمیم و در آب روشنیم
اے تو در کشتی تن رفته بخواب	آب را دیدی نگر در آب آب
آب را آبی ست کو میراندش	روح را روحی ست کو میخواندش

اختلاف کرنا بیچ کیفیت شکل ہاتھی کے شب تاریک مین

خانۂ تاریک مین اک پیل تھا	لائے تھے ہندو دکھانے کو بھلا
مردم اُسکے دیکھنے کیواسطے	اندر اُس تاریک تر گھر کے گئے
دیکھ سکتے تھے نہ اُسکو آنکھ سے	ہاتھ تاریکی مین اُسپر پھیرتے
جو پڑا ہاتھ ایک کا بس سونڈ پے	بولا اسکا جسم پرنالہ سا ہے
ہاتھ اک کا کان کے اوپر گیا	مثل پنکھا اُسکو وہ ظاہر ہوا
ہاتھ اک کا پیٹھ کے اوپر پڑا	بولا یہ ہاتھی ہے خود اک تخت سا
ہاتھ اک نے پاؤن کے اوپر رکھا	بولا یہ ہاتھی مجھے تھم سا دکھا
اسطرح ہر جزو پہ ہر اک گیا	سوچتا تھا وہ ہی ہر جا سنتا تھا
وہ نظرگہ سے تھے کہتے مختلف	دال نام اک نے رکھا اُسنے الف
شمع گر ہر اک کے ہوتی ہاتھ مین	اختلاف آتا نہ اُنکی بات مین
چشم حس مثل ہتیلی ہے و بس	کب ہتیلی پر ہو سب کو دسترس
چشم دریا اور ہی جھاگ اور ہے	چھوڑ جھاگ اور دیکھ دریا آنکھ سے
رات دن دریا سے حرکت جھاگ کو	جھاگ کو تو دیکھے نے دریا کو تو
ہاتھ پاؤن مارین ہم جون کشتیان	ہم مین اندھے آب روشن مین یہان
کشتی تن مین گیا تو خواب مین	آب دیکھا دیکھ پھر آب آب مین
آب کو ہے آب جو جاری کرے	روح کو ہے روح کہ کھینچے اُسے

سلہ خانۂ تاریک الخ شعر ایک خانۂ تاریک مین ہاتھی تھا اور ہندو واسطے دکھانے کے لائے تھے مردم اسکے دیکھنے کے لئے جو اندر تاریک گھر کے گئے اُسکو آنکھ سے دیکھ نہ سکتے تھے ہاتھ تاریکی مین اسپر پھیرتے تھے جو ایک کا ہاتھ سونڈ پر پڑا کہ اسکا جسم مثل پرنالے کے ہے اور ایک کا ہاتھ کان کے اوپر پڑا اسکو مثل پنکھے کے وہ ظاہر ہوا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ ہاتھ الخ شعر ایک کا ہاتھ پاؤن کے اوپر پھیرا کہا کہ مثل تھم کے ہاتھی معلوم ہوا ایک نے ہاتھ پیٹھ کے اوپر رکھا کہا کہ ہاتھی خود ایک تخت کے مانند ہے اسطرح ہر ایک جزو پر ہر ایک گیا سوچتا تھا وہی ہر جا سنتا تھا وہ نظرگاہ کے سبب سے مختلف کہتے تھے ایک نے دال نام رکھا اور دوسرے نے الف رکھا اگر شمع ہر ایک کے ہاتھ مین ہوتی تو اُنکی بات مین اختلاف نہوتا آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲ سلہ چشم حس الخ شعر چشم حس مانند ہتیلی کے ہے کب سب پر دسترس ہو چشم دریا اور ہے اور جھاگ اور ہے جھاگ کو چھوڑ اور دریا کو دیکھ آنکھ سے رات دن دریا سے جھاگ کو حرکت ہے تو جھاگ کو دیکھتا ہے اور دریا کو نہین دیکھتا ہے ہم ہاتھ پاؤن مارین مانند کشتیون کے ہم اندھے ہین آب روشن مین بیا نیرہ کشتی بدن مین گیا خواب مین آب دیکھا پھر آب کو آب مین دیکھ آب کو آب ہے کہ جاری کرے اُسکو روح کو روح ہے کہ اُسے کھینچے موسیٰ و عیسیٰ اُسوقت کہان تھے کہ آفتاب امکان کے کھیت کو آب دیتا تھا آدم و حوا اُسدم کہان تھے کہ خدا نے یہ کمان چڑھائی تھی یعنے چشم ظاہر مانند کف دست کے ہے کہ سب جسم کو کب دیکھ سکے اسیطرح صورت پرست معنی کو چشم ظاہر سے سب دیکھ سکتے نہین ہیں تو صورت کو چھوڑ اور معنی کو دیکھ کہ صورت مثل جھاگ کے آب معنی سے حرکت رکھتی ہے باقی حال سکا آگے ہے فافہم ۱۲

 حکایت چہارم دفتر سوم بمقام غنا

موسی وعیسی کجا بد کافتاب	کشت موجودات را مید آداب	موسی وعیسی نہ تھے جب آفتاب	کھیت کو اُسکا نہ دیتا تھا وہ آب
آدم وحوا کجا بود آن زمان	کہ خدا افگند این زہ در کمان	آدم وحوا کہان تھے اُس زمان	کہ خدا نے تھی چڑھائی یہ کمان
این سخن ہم ناقص ست و ابتر ست	آن سخن کہ نیست ناقص آن سر ست	[1] یہ سخن ناقص ابتر ہے ولے	جو سخن ناقص نہین اُس جا کا ہے
گر بگویم زان بلغزد پاے تو	ور نگویم ہیچ ازان ای واے تو	گر کہون اُسکو تو لغزش ہو تجھے	گر نہ کچھ اُس سے کہون افسوس ہے
ور بگویم در مثال صورتے	بر ہمان صورت بچسپی ای فتے	گر کہون شکل مثالی مین تجھے	بس اُسی تو شکل پر چپکا رہے
بستہ پائی چون گیا اندر زمین	سر بجنبانے ببادے بایقین	تو زمین مین گھانس سا پابند ہے	سر ہلائے بے یقین کے باد سے
لیک پایت نیست تا نقلے کنی	یا مگر پا را ازین گل بر کنے	پر نہین پانوٗن ترا کہ تو چلے	یا نکال اس پانو کو تو خاک سے
چون کنی پا را حیاتت زین گل ست	این حیاتت را رہائی مشکل ست	کیسے پا نکلے تو زندہ گل سے ہے	زندگی یہ تیری بس مشکل سے ہے
چون حیات از حق بگیری ای روے	پس غنی گردی ز گل در دل روے	زندگی جو حق سے لے تو ہو غنی	گل سے نکلے دلمین جائے ای اخی
شیر خوارہ چون ز دایہ بگسلد	قوت خوارہ شد مراورا مے ہلد	[2] دودھ کا بچہ جو دائی سے چھٹے	کھانا کھائے تو وہ اُسکو چھوڑ دے
بستۂ شیر زمینے چون حبوب	جو فطام خویش از قوت القلوب	مثل دانہ کھائے شیر خاک کو	ڈھونڈھ ترک شیر قوت دل سے تو
قوت حکمت خور کہ شد نور ستیر	ای تو نور بے حجب را ناپذیر	قوت حکمت کھا ہوا روشن ہی نور	نور بے پردہ ہے تو جو کہ دور
تا پذیرا گردی اے جان نور را	تا ببینی بے حجب مستور را	جب کیا تو نے قبول ایجاد نور	تجھ پہ بے پردے کرے مخفی ظہور
چون ستارہ سیر بر گردون کنی	بلکہ بے گردون سفر بیچون کنی	جون ستارہ سیر گردون تو کری	بے فلک بل سیر گردون تو کری
آنچنان کز نیست در ہست آمدی	ہین بگو چون آمدی مست آمدی	اسطرح جو نیست سے ہست آیا تو	کس طرح آیا کہو مست آیا تو
راہہاے آمدن یادت نماند	لیک رمزی با تو بر خواہیم خواند	[3] یاد رہ آنے کی نے تجکو رہی	پر کہونگا رمز اک تجھ سے اخی
ہوش را بگذار آنگہ ہوش دار	گوش را بر بند آنگہ گوش دار	ہوش کو تو چھوڑ اسدم ہوش رکھ	گوش کو کر بند اسدم گوش رکھ

نوٹ

سلہ یہ سخن الخ، شعر یہ سخن ابتر و ناقص ہے ولیکن جو سخن ناقص نہین ہے وہ اُس جا کا ہے اگر اُسکو کہون تو لغزش تجھے ہو اور اگر اُس سے کچھ نہ کہون افسوس ہو اور اگر شکل مثالی مین تجھسے کہون تو اُسی شکل پر چپکا رہے کیونکہ تو زمین مین گھانس کے مانند پابند ہے اور بغیر یقین کے ہوا سے سر ہلاتا ہے لیکن تیرا پانوٗن نہین ہے کہ تو چلے پانوٗن کو نکال خاک سے کیسے پانوٗن نکلے کہ تو زندہ خاک سے تیری زندگی یہ تیری ہے مشکل سے چلے اگر تو زندگی حق سے لیوے غنی ہووے گل سے نکلے اور دل میں جائے یعنے تو پابند وجود نفس ہے۔ اس عالم مین کیونکر راہ چل سکتا ہے اور بغیر اس وجود خاکی کے تو زندہ کب رہ سکتا ہے اگر زندگی تو حق سے حاصل کر غنی ہووے اور گل سے نکل کر مقام دل کو پہونچے آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲ سلہ دودھ الخ، شعر دودھ کا بچہ جو دایہ سے چھوٹے اگر کھانا کھائے تو وہ اسکو چھوڑ دے مثل دایہ کے شیر خاک تو کھائے تو قوت دل سے ترک شیر ڈھونڈھتا ہے قوت حکمت کا کھا کر روشن ہوا ہے نور بے پردہ لئے جو کہ تو دور ہے جبکہ تو نے نور قبول کیا تجھ پر بے پردہ ظہور پوشیدہ کرے مانند ستارے کے تو سیر آسمان کی کرے بلکہ بغیر فلک تو سیر بیچون کی کرے اسطرح جو تو نیست سے ہست ہوا کس طرح آیا یعنے جب تو نے نور حاصل کیا آسمانون پر سیر خدا کی تجکو حاصل ہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

سلہ یاد الخ، شعر راہ آنے کی تجکو یاد نہین رہی پھر کہونگا ایک امر مین تجھے تو ہوش کو چھوڑ اسدم ہوش رکھ اور گوش کو بند کر اسدم گوش رکھ مین نہین کہتا ابھی تو جان خام ہے بہار مین ہے اور خزان دیکھی آگے مثال ہے یہ بیان مثل درخت کے ہے اور ہم اسپر مانند میوہ نیم خام کے ہین شاخ کو مضبوط پکڑے خام ہے کیونکہ خامی مین لائق محل کی نہین ہے جبکہ پکا و شیرین و کام کا ہوا اسکی شاخ کمزور ہو جدا اسکے جو اس اقبال سے شیرین دہان ہوا آدمی پر ملک جہان سرد ہو یعنے جو دنیا پر مائل ہے وہ ثمر خام ہے اور جو راغب مولا ہوا وہ میوہ پختہ کار کہ ادلے حرکت سے تاک ہوتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

نے نگویم زانکہ تو خامے ہنوز	در بہارے و ندیدستے تموز	مین نہین کہتا کہ ہے تو خام جان	ہے بہار و تم نہین دیکھی خزان
این جہان ہمچون درخت است ای کرام	ما برو چون میوہ ہاے نیم خام	ہے جہان مثل درخت ای نیکنام	آپ سے ہم جون میوہ ہاے نیکنام
سخت گیرد خامہا مر شاخ را	زانکہ در خامے نشاید کاخ را	شاخ کو مضبوط پکڑے خام ہے	کیونکہ خامی مین نہ لائق محل ہے
چون بپخت و گشت شیرین لب گزان	سست گیرد شاخہا را بعد ازان	جبکہ پکا اور ہوا شیرین بکار	شاخ ہو کمزور اُسکی بعد بار
چون ازان اقبال شیرین شد دہان	سرد شد بر آدمی ملک جہان	ہو جو اس اقبال سے شیرین دہان	آدمی پر سرد ہو ملک جہان
سخت گیری و تعصب خامے ست	تا جنینے کار خون آشامی ست	ہے تعصب سخت گیری خام پن	ہین جنین جبتک پیے ہے خون تن
چیز دیگر ماند اما گفتنش	با تو روح القدس گوید بے منش	دوسری چیز اک ہی ہے جان لے	مین نہین روح قدس تجھ سے کہے
نے تو گوئی ہم بگوش خویشتن	نے من و نے غیر من اے ہم تو من	تو نہین کہتا ہے اپنے کان مین	ہم سے بے غیر میرے ای تو مین
ہمچو آن وقتے کہ خواب اندر روے	تو ز پیش خود بہ پیش خود شوی	جس طرح سے خواب مین ای نیکخو	اپنے آگے آپ خود ہوتا ہے تو
بشنوی از خویش و پنداری فلان	با تو اندر خواب گفت ست آن نہان	خود سے سنتا ہے و جانے غیر سے	خواب پوشیدہ مین وہ تجھسے کہے
تو یکی تو نیستی ای خوش رفیق	بلکہ گردونے و دریاے عمیق	تو نہین ہے ایک تو ای خوش رفیق	بلکہ ہے گردون دریائے عمیق
آن توئی زفت ست کان نہصد تو ست	قلزم ست و غرقہ گاہ صد تو ست	وہ تو ہی خود ہے کہ تو سو بنگیا	بحر ہے اور ڈوبنے کی سو کی جا
خود چہ جائی حد بیداری و خواب	دم مزن واللہ اعلم بالصواب	خود ہے وہ کیا جا ہے بیداری و خواب	چپ رہو واللہ اعلم بالصواب
دم مزن تا بشنوی زان مہلقا	الصلا ای پاک بازان الصلا	چپ رہو تا تم سنو اس سے صدا	الصلا ای پاک بازان الصلا
دم مزن تا بشنوی اسرار حال	از زبان بے زبان کہ قم تعال	چپ رہو تا تم سنو اسرار حال	بے زبانی سے کہے کہ قم تعال
دم مزن تا بشنوی ان دم زنان	آنچہ ناید در بیان و در زبان	چپ رہو تا تم سنو اس یار سے	جو زبان و قال سے افزون ہے
دم مزن تا بشنوی زان آفتاب	آنچہ ناید در کتاب و در خطاب	چپ رہو تا تم سنو اس شمس سے	لکھنے اور پڑھنے سے جو کہ دور ہے

سلہ ہے تعصب الخ ۲ شعر تعصب سخت گیری خام پن ہے جبتک جنین ہے خون تن پیتا ہے دوسری ایک اور چیز رہی مین نہین ہون روح القدس تجھسے کہے یعنی حضرت رسول مقبول صلعم تجھ سے کہہ دینگے تو اپنے کان مین نہین کہتا ہے ہے میرے و بغیر میرے اسنے تو تو مین ہون آگے اسکی مثال ہے جس طرح خواب مین اپنے آگے تو خود ہوتا ہے تو خود سے سنتا ہے و غیر سے جانتا ہے خواب مین جو تجھ سے پوشیدہ کہے تو ایک نہین ہے بلکہ گردون و دریا تجھ مین ہین کیونکہ جو چیز تجکو خواب مین مشاہدہ ہوتی وہ تو ہی ہے اور جس سے تو باتین کرتا ہے وہ تیری صورت ہے دوسرا نہین ہے چنانچہ جبرئیل علم کو وحی لاتے تھے وہ حقیقت میں جبرائیل ایک قوت رسل سے تھے کہ عالم مثال مین متصور ہو کر رسول کو دکھائی دیتی تھی پس رسول خود سے مستفیض ہوتے نہ غیر سے اسی طرح ملک الموت بھی ہر ایک قوت میت سے ہے کہ وہ صورت اسکو دکھتی ہے اور اسیطرح منکر نکیر بھی قبر مین دکھتے ہین بقول بحر العلوم باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ وہ الخ ۶ شعر وہ خود تو ہی ہے کہ تو سو بنا بحر ہے اور سوئے ڈوبنے کی جا ہے وہ خود ہے کیا جگہ بیداری و خواب کی چپ رہو اللہ خوب جانتا ہے تم چپ رہو تا اس سے صدا سنو کہ اے پاکبازو آؤ چپ رہو تم اسرار حال سنو بے زبانی سے کہے کہ اٹھو آؤ چپ رہو تا تم اس یار سے سنو جو زبان و قال سے زیادہ ہے چپ رہو تم اس شمس سے سنو جو کہ لکھنے و پڑھنے سے دور ہے چپ رہو تا تجھ سے جان کہے نوح کی کشتی مین بیٹھ چھوڑو مثل کنعان کے کہ وہ پسر نوح تھا کہ مین کشتی نوح کی نہین چاہتا ہے وہ خود پیراک ہے خاموشی اختیار کرو کہ آواز یار کی تمھین مشتاقی دے کہ لکھنے دیکھنے مین وہ نہین آسکتا ہے اور اپنی کوشش کو چھوڑو کہ بے تائید حق وہ کچھ نفع پذیر نہین ہے جیسے کنعان کی کوشش سے کچھ نہ ہوا آگے قصہ نوح کا مثال مین فرماتے ہین فافہم ۱۲

دم مزن تا دم زند بهر تو روح	آشنا بگذار در کشتی نوح	چپ رہو تا جان کہے تجھسے بھلا	نوح کی کشتی مین چھوڑو پیرنا
همچو کنعان کاشنای کرد او	که نخواهم کشتی نوح عدو	مثل کنعان کے کروہ تھا پیرنا	نہ کشتی نوح کی مین چاہتا

دعوت کردن نوح علیه السلام پسر او را سر کشیدن او که بر سر کوه روم و چاره کنم و منت تو نه کشم

دعوت کرنا نوح علیہ السلام کا بیٹے کو اور انکار کرنا اسکا کہ مین پہاڑ پر جا کر اسکا بند و بست کرتا ہون اور تیرا احسان نہین لیتا

هین بیا در کشتی بابا نشین	تا نگردی غرق طوفان ای مهین	کشتی بابا مین آکر بیٹھ تو[1]	تا نہووے غرق طوفان تندخو
گفت نی من آشنا آموختم	من بجز شمع تو شمع افروختم	بولا نے سیکھا مین نے پیرنا	شمع روشن کی تری شمع سوا
هین مکن کاین موج طوفان بلاست	دست و پای آشنا امروز لاست	مت کری یہ موج طوفان ہی بلا	پیرنے والے کے دست و پا ہین لا
باد قهرست و بلای شمع کش	جز که شمع حق نمی پاید خمش	ہے ہوا قہر و بلا کی شمع کش	شمع حق کے بس سوا باقی خمش
گفت نی رفتم بران کوه بلند	عاصمست آن که مرا از هر گزند	بولا جاتا ہون بلند اک کوہ پر[2]	کہ مرا عاصم ہے وہ بس سر بسر
هین مکن که کوه کاهست این زمان	جز حبیب خویش را ندهد امان	مت کری کہ کوہ کہ ہی اس زمان	جز حبیب اپنے نہ دیوی وہ امان
گفت من کی پند تو بشنوده ام	که طمع کردی که من زین دوده ام	بولا مین تیری نصیحت کب سنون	طمع مت کر اہل سے تیرے ہون
خوش نیاید گفت تو هرگز مرا	من بری ام با تو در هر دو سرا	خوش نہین آتا مجھے کہنا ترا	دو جہا نین تجھسے بس ہون مین جدا
هین مکن بابا که روز ناز نیست	مر خدا را خویشی و انباز نیست	مت کرے بابا نہ دن ہی ناز کا	نے خدا کا ہے شریک و اقربا
تا کنون کردی و این دم نازکیست	اندرین درگاه گیرا ناز کیست	بس کیا اب تک یہ نازک وقت ہی	ناز اس درگہ مین نہ کوئی کرے
لم یلد لم یولدست او از قدم	نی پدر دارد نه فرزند و نه عم	لم یلد لم یولد آیا وہ قدیم[3]	باپ رکھتا ہی نہ بیٹا وہ کریم
ناز فرزندان کجا خواهد کشید	ناز بابایان کجا خواهد شنید	ناز بیٹوں کا اٹھائیگا وہ کب	ناز بابا کا سنے گا وہ تو کب
نیستم مولود پیرا کم بناز	نیستم والد جوانا کم بناز	ناز کم کر بابا مین بیٹا نہین	ناز کم کر اے جوان بابا نہین

[1] کشتی الخ یہ شعر بابا کی کشتی مین تو آکر بیٹھ تا غرق طوفان نہووے ای تندخو کہا کہ تین نہین مین پیرنا سیکھا ہون اور تیری شمع سے سوا شمع روشن کی ہے۔ نوح عم نے کہا کہ مت انکار کر کہ یہ موج طوفان بلا ہے اور پیرنے والے کے دست و پا فنا ہین قہر و بلا کی ہوا شمع کش ہے اور خدا کی شمع کے سوا باقی خاموش ہین آگے جواب کنعان کا ہے فافہم ۱۲ [2] بولا الخ یہ شعر کہا کہ بلند ایک کوہ پر جاتا ہون کہ وہ میرا نگہبان ہے بالکل نوح عم نے کہا کہ تو انکار مت کر کوہ کاہ ہے اسوقت سوا اپنے دوست کے وہ امن نہ دیوے کہا کہ مین تیری نصیحت کب سنون تو طمع مت کر مین تیری اہل سے نہین ہون مجھے تیرا کہنا خوش نہین آتا دونون جہان مین مین تجھسے جدا ہون نوح علیہ السلام نے کہا کہ ای پسر ناز کا دن نہین ہے خدا کا شریک و اقربا کوئی نہین ہے پس ابتک کیا یہ نازک وقت ہے اس درگاہ مین نہ کوئی ناز کرے آگے حقائق ہین فافہم ۱۲ [3] لم یلد الخ یہ شعر وہ قدیم لم یلد و لم یولد ہے باپ و بیٹا وہ کریم نہین رکھتا ہے وہ کب ناز بیٹوں کا اٹھائیگا اور ناز بابا کا وہ کب سنیگا ناز کم کر ای جوان میں بابا نہین ہون مین شوہر نہین ہون نہ شہوت رکھتا ہون ای خانم ناز کو چھوڑ مین کہتا ہون سوا خضوع اور بندگی اور اضطرار کے اس درگاہ مین اعتبار نہین رکھتا ہے یعنے درگاہ حق مین بجز عجز و نیاز کے اعتبار نہین ہے تو اسپر ناز مت کر آگے رجوع بقصہ ہے۔ کنعان نے کہا کہ اے بابا تو نے یہ برسون کہا اب تو جہل سے پھر گیا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

نیستم شوہر نہ من شہوتے	نازرا بگذار اینجا اے ستے	نہ مین شوہر ہون نہ شہوت کو رکھون	چھوڑ خانم ناز کو کہتا مین ہون
جز خضوع و بندگی و اضطرار	اندرین حضرت ندارد اعتبار	جز خضوع اور بندگی اور اضطرار	رکھے اس درگاہ مین نہ اعتبار
گفت بابا سالہا این گفتۂ	باز میگوئی بجہل آشفتۂ	بولا بابا برسون یہ تو نے کہا	پھر تو کہتا جہل سے ہی اب بھلا
چند از ینہا گفتۂ با ہر کسے	تا جواب سرد بشنودے بسے	یہ [1] بہت تو نے کہا ہر ایک سے	اور جواب سرد بس تو نے سُنے
این دم سرد تو در گوشم نرفت	خاصہ اکنون کہ شدم دانا و زفت	سرد دم تیرا یہ کب مین نے سُنا	خاصکر اب کہ ہوا ہون مین بڑا
گفت بابا چہ زیان دارد اگر	بشنوی یک بار تو پند پدر	بولا بابا کیا کرے نقصان اگر	ایک باری سُن لے تو پند پدر
ہمچنین میگفت او پند لطیف	ہمچنین میگفت او دفع عنیف	ایسی ہی کرتا تھا اُسکو پند وہ	ایسا ہی دیتا جواب تند وہ
نے پدر از نصح کنعان سیر شد	نے دمی در گوش آن ادبیر شد	پند کنعان سے نہ ساکن تھا پدر	تھا نہ اکدم کان مین اسکے اثر
اندرین گفتن بدند و موج تیز	بر سر کنعان زد و شد ریز ریز	تھے انھین باتون مین آئی موج تیز	کر دیا کنعان کو اُسنے ریز ریز
نوح گفت اے بادشاہ بردبار	مر مرا خر مرد و سیلت برد بار	نوح [2] بولا کہ اے شاہ بردبار	خر کو مارا لے گئی سیل اُسکا بار
وعدہ کردے مر مرا تو بارہا	کہ بیابد اہلت از طوفان رہا	مجھسے وعدہ تھا یہ تیرا بارہا	اہل تیری ہووین طوفان سے رہا
دل نہادم بر اُمیدت اے سلیم	پس چرا بربود سیل از من گلیم	مطمئن تھا مین تری اُمید پے	سیل نے کملی مری لی کس لیے
گفت او از اہل و خویشانت نبود	خود ندیدی تو سفیدی از کبود	بولا تیرے اہل سے بس وہ نہ تھا	دیکھائی تونے سفیدی سے سیاہ
چونکہ دندان ترا کرم اوفتاد	نیست دندان برکنش ای اوستاد	دانت مین تیرے جو ہو کیڑا لگا	دانت وہ کب ہی تو کر اُسکو جدا
تا کہ باقی تن نگردد زار ازو	گرچہ بود آن نیز شو بیزار ازو	تا نہ اس سے باقی تن بیمار ہو	ملک ہو وہ تو بھی تو بیزار ہو
گفت بیزارم ز غیر ذات تو	غیر نبود آنکہ او شد مات تو	بولا ہون بیزار تیرے غیر سے	غیر کب ہو جو کہ تجھ مین بات ہو
تو ہمی دانی کہ چونم با تو من	بیست چندانم کہ با باران چمن	جانتا [3] ہی تو مین کیسا تجھسے ہون	بیس حصہ ہون چمن مین مین فزون
زندہ از تو شاد از تو عائلے	مغتذی بی واسطہ بی حائلے	شاد و زندہ تجھسے ہون محتاج ہون	اور غذا بیواسطہ مین تجھسے لون

[1] یہ بہت الخ۔ شعر یہ تونے ہر ایک سے بہت کہا اور جواب سرد بس تو نے سُنے یہ سرد دم تیرا کب مین نے سُنا خاص کر اب مین جوان ہوا ہون نوح عم نے کہا کہ ای بابا کیا نقصان کرے اگر ایک بار تو پند پدر سُن لے اسی طرح وہ پند اُسکو کرتا تھا اور ایسے ہی وہ جواب تند دیتا تھا پند کنعان سے پدر ساکن نہ تھا ورنہ اکیدم کام مین اُسکے اثر تھا انھین باتون مین تھے کہ موج تیز آئی اور کنعان کو زیر و زبر کر دیا باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲

[2] نوح بولا الخ۔ شعر نوح عم نے کہا کہ ای بادشاہ بُردبار خر کو مارا اور سیل اُسکا بارے گیا یہ تیرا بارہا مجھ سے وعدہ تھا کہ اہل تیرے طوفان سے رہا ہووین مین تیری اُمید پر مطمئن تھا میری کملی سیل نے کس واسطے لی آگے قول حق تعالی ہی کہا کہ وہ تیرے اہل سے نہ تھا تو نے نہین دیکھا سفیدی سے سیاہ کو آگے مثال ہے جو ایک کیڑا تیرے دانت مین لگے وہ دانت کب ہے تو اُسکو جدا کر تا کہ اس سے باقی تن بیمار نہو اگرچہ ملک ہی ہو تو اس سے بیزار ہو کہا کہ مین بیزار ہون تیرے غیر سے غیر کب ہے جو کہ تجھ مین بات ہو یعنی جو تجھ مین فنا ہے وہ تیرا غیر نہین ہے باقی حقائق آگے ہین فافہم ۱۲

[3] جانتا ہی الخ۔ شعر تو جانتا ہی کہ مین تجھ سے کیسا ہون بیس حصہ مین چمن سے سوا ہون مین شاد و زندہ تجھ سے ہون اور محتاج ہون اور غذا بے واسطہ تجھ سے لیتا ہون نہ متصل و نہ منفصل نہ یہ کمال اور اعتدال سے محبت یعنی ان تینون درجہ سے مین ہوا ہون کہ جدا نہین ہون ہم تجلی ہین و تو دریائے صفات ہے اور تیرے لطف سے ہم زندہ ہین فی فکر کی تو بغل مین آسکتا ہی اور نہ ساتھ اہل علت کے تو علت سے ہے تو قبل طوفان اور بعد طوفان میرا مخاطب رہا جب مین تجھ سے کہتا اُسنے نہین کہتا تھا سخن کہ کہتے تو تونے اُسے بخشا ہی سخن دینے مین و تو ایک ہین کہ جُدا نہین ہی کیونکہ مین تجھ مین فنا ہون آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲-

متصل نے منفصل نے ای کمال | بلکه بیچون وچگون و اعتدال
ماهیانیم و تو دریاے حیات | زنده ایم از لطفت ای نیکو صفات
تو نه گنجی در کنار فکرتے | نے تو معلولے قرین با علتے
پیش ازین طوفان و بعد این مرا | تو مخاطب بوده در ماجرا
با تو میگفتم نه با ایشان سخن | ای سخن بخش نو و آن کهن
نے که عاشق روز و شب گوید سخن | گاه با اطلال و گاهی با دمن
روی در اطلال کرده داما | او کرا میگوید این مدحت کرا
شکر طوفان را کنون بگماشتے | واسطه اطلال را برداشتے
زانکه اطلال لئیم و بد بدند | نے ندائی نے صدائی میزدند
من چنان اطلال خواهم در خطاب | کز صدا چون کوه واگوید جواب
تا مثنی بشنوم من نام تو | عاشقم بر نام جان آرام تو
هر نبی زان دوست دارد کوه را | تا مثنی بشنود نام ترا
آن که پست مثال سنگلاخ | موش را شاید نه ما را در مناخ
من بگویم او نگردد یار من | بے صدا ماند دم گفتار من
با زمین آن به که هموارش کنی | نیست همدم با قدم یارش کنی
گفت ای نوح ار تو خواهی جمله را | حشر گردانم بر آرم از ثری
بهر کنعانے دل تو نشکنم | لیکت از احوال وا آگه کنم
گفت نی نی راضیم که تو مرا | هم کنی غرقه اگر باید ترا

متصل نے منفصل نے یہ کمال | اعتدالی سی بھی ہی بے قیل وقال
ہم ہین مچھلی تو ہی دریای حیات | لطف سی ہم زندہ ای نیکو صفات
نی بغل مین فکر کی تو آسکے | اہل علت کی نہ ساتھ علت سی ہی
قبل طوفان اور بعد اسکے مرا | تو مخاطب ماجرا مین بس رہا
تجھسے کہتا تھا نہ مین اُنسے سخن | کہنہ اور نوای تو بخشے ہے سخن
نی کہ[1] عاشق راتدن باتین کری | گہ کھنڈرا اور گاہ بستی سے کرے
منہ کھنڈر کی سمت کرکے ظاہرا | وہ کہے کس سے یہ ہی کس کی ثنا
شکر طوفان کا کہ اب قائم کیا | واسطہ کھنڈرون کا دفع کر دیا
کیونکہ بد تہی یہ کھنڈرا اور بس بُرے | نی صدا اور نی ندا دیتے تھے وے
وہ کھنڈر چہتا ہون مین وقت خطاب | کہ صدا سے مثل کوہ دیوی جواب
تادوبارہ نام تیرا مین سُنون | نام پر تیری مین عاشق زار ہون
دو[2]ست رکھتا ہر نبی کو اس لیے | تادوبارہ نام تیرا وہ سُنے
کوہ چھوٹے جو مثال سنگ ہین | چاہئے چوہو نکو وہ اور نی ہمین
مین کہون نے یار ہو وہ میرا | وقت کہنے کی وہ ہووے بے صدا
کر زمین کے بس برابر تو اسے | اور کر پامال کب ہمدم وہ ہے
بولا ای نوح گر تو چاہی سب کو مین | حشر کرکے خاک سے لاؤن ابھین
نی تجھے دون رنج کنعان کے لیے | پر کرون حال اُسکے سی آگہ تجھے
بولا نی نی راضی اب ہون کہ مجھے | غرق کردی ہو اگر خواہش تجھے

[1] نے کہ عاشق الخ، شعر نے کہ عاشق رات دن باتین کرتا ہی کبھی کھنڈرا اور کبھی بستی سے کرتا ہی یعنے کبھی وجود غافل و کبھی دل بیدار سے باتین کرتا ہی منہ کھنڈر کی سمت کرکے ظاہر وہ کس سے کہے اور یہ کس کی ثنا ہے طوفان کا شکر ہے کہ اب قائم کیا اور واسطہ کھنڈرون کا دفع کر دیا کیونکہ یہ کھنڈر بد تھے اور بُرے کہ نہ صدا نہ ندا دیتے تھے مین وہ کھنڈر چاہتا ہون کہ وقت خطاب کے صدا سے جواب دیوے مثل کوہ کے تاکہ نام تیرا مین دوبارہ سُنون کیونکہ تیرے نام پر عاشق زار ہون یعنے طالب صادق ہون مین چاہتا ہون کہ وہ تیرا نام لے اور مین اُس سے تیرا نام سُنون آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲۔

[2] دوست رکھتا الخ، شعر اس لئے ہر نبی دوست رکھتا ہے کوہ کو کہ تا وہ دوبارہ نام تیرا سُنے چھوٹے پہاڑ کہ جو مثل سنگ کے ہین وہ چوہون کو چاہیئے یعنی وہ وجود بے معنی فلان فلان دُنیا کو لائق ہین کہ وہ گھر مٹی کا بناتے ہین یعنی نہین رکھتے ہین مین کہون اور وہ میرا یار نہووے اور وقت کہنے کے وہ بے صدا ہووے تو زمین کے برابر اُسے کر اور پامال کر کہ وہ ہمدم کب ہے حق نے کہا کہ اے نوح اگر تو چاہے مین حشر کرکے اُن کو خاک سے لاؤن تجکو رنج کنعان کے لئے نہ دون و لیکن حال اسکے سے تجھے آگاہ کرون کہا نہین نہین اب راضی ہون کہ مجھے غرق کردے اگر خواہش تجھے ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

ہر زمانم غرقہ می کن من خوشم — حکم تو جان ست چون جان میکنم
ننگرم کس را و گر ہم بنگرم — او بہانہ باشد و تو منظرم
عاشق صنع توام در شکر و صبر — عاشق مصنوع کی باشم چو گبر
عاشق صنع خدا با فر بود — عاشق مصنوع او کافر بود
درمیان این دو فرق بس خفی ست — خود شناسد آنکہ وریت صفی ست

ہر گھڑی کر غرق مجکو خوش ہین ہم — حکم تیرا جان ہی کیون میں جان دون
نہ کسیکو دیکھون اور دیکھون اگر — وہ بہانہ تو مرا مدِ نظر
عاشق صنعت ہون شکر و صبر میں — عاشق مصنوع نہیں جون گبر میں
عاشق صنع خدا با فر ہو بس — عاشق مصنوع اک کافر ہو بس
درمیان اُن دو کی فرق ہی اک خفی — جانے وہ جسکو صفا ہی دید کی

توفیق میان این حدیث کہ الرضا بالکفر کفر و حدیث دیگر کہ من لم یرض بقضائی و لم یصبر علی بلائی فلیطلب ربا سوائی

موافقت کرنا درمیان اُن دو حدیث کی کہ الرضا بالکفر کفر اور حدیث دوسری کی من لم یرض بقضائی و لم یصبر علی بلائی فلیطلب ربا سوائی

دی سوالے کرد سائل مر مرا — زانکہ عاشق بود او بر ماجرا
گفت نکتۂ الرضا بالکفر کفر — این پیمبر گفت و گفتِ اوست مُہر
باز فرمود او کہ اندر ہر قضا — مر مسلمان را رضا باید رضا
نی قضای حق بود کفر و نفاق — گر بدین راضی شوم باشد شقاق
ور نیم راضی بود آن ہم زیان — پس چہ چارہ باشدم اندر میان
گفتمش این کفر مقضی نی قضاست — ہست آثار قضا این کفر راست
پس قضا را خواجہ از مقضی بدان — تا شکالت حل شود اندر جہان

مجھسے سائل نے سوال اک کل کیا — کیونکہ وہ عاشق تھا اپنی بحث کا
بولا نکتہ الرضا بالکفر کفر — یہ پیمبر نے کہا قول اُنکا مہر
پھر کہا اُسنے کہ اندر ہر قضا — چاہیے از بس مسلمان کو رضا
نی نفاق و کفر ہے حق کی قضا — اسپہ گر راضی ہوا کافر ہوا
گر نہ راضی ہون تو وہ بھی ہی زیان — کیا کرون میں اب علاج اس درمیان
بولا اُس سے کفر مقضی نے قضا — کفر ہے یہ ایک آثارِ قضا
پس قضا کو خواجہ تو مقضی سے جان — حل ہو مشکل تا تری اندر جہان

سلہ ہر گھڑی الخ ۵ شعر ہر گھڑی مجکو غرق کر مین خوش ہون حکم تیرا جان ہے مین جان کیون دون یعنی جان امر ربی ہے پس امر مسترد نہ کرنا چاہیے نہ کسی کو دیکھون اور اگر دیکھون وہ بہانہ ہی اور تو میرا مدنظر ہے میں عاشق صنعت ہون شکر و صبر مین اور عاشق مصنوع مثل گبر کے نہیں ہون کیونکہ عاشق صنع خدا اہل فر ہوتا ہی اور عاشق مصنوع کافر ہوتا ہی درمیان ان دونون کے ایک فرق پوشیدہ ہے مگر وہ جانے کہ جسکو صفائی دید کی ہے یعنے عاشق صنعت مومن اور عاشق مصنوع کافر ہے کیونکہ مصنوع سے صانع کو دیکھنا بت پرستی ہے چنانچہ اسکی مثال ہیں دو حدیث نبوی آگے فرماتے ہیں فافہم ۱۲ سلہ مجھسے الخ ۵ شعر ایک سائل نے مجھ سے سوال کل کیا کیونکہ وہ عاشق اپنی بحث کا تھا ایک نکتہ کہا ترجمہ راضی ہونا اوپر کفر کے کفر ہے یہ پیغمبر صلعم نے فرمایا قول حضور کا اور پھر آپنے کہا کہ ہر قضا مین مسلمان کو چاہیے راضی ہونا نفاق و کفر نہیں حق کی قضا اگر اسپر راضی ہوا کافر ہوا اگر راضی نہوؤن تو وہ بھی نقصان ہے اب کیا علاج اس کے درمیان کرون یعنی بموجب حدیث کے راضی ہونا کفر پہ کفر ہے اور دوسری حدیث مین ہے کہ ہر قضا مین مسلمان کو راضی ہونا چاہیے پس قضائے کفر پر کیونکر راضی ہو چنانچہ اسکا جواب آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ بولا اس سے الخ ۹ شعر اس سے کہا کہ کفر مقضی ہے قضا نہیں ہے اور یہ کفر ایک آثار قضا ہے پس قضا کو اسے خواجہ تو مقضی سے جان تا مشکل تیری حل ہو جان مین مین کفر پر راضی ہون جو ساتھ قضا کے ہو اور ہمارے کفر کے مانند نہو یعنے مقضی قضا ہونی شی کو کہتے ہین پس کفر مقضی قضا نہیں ہے اس صورت مین قضا پر راضی ہونا چاہیے جو کفر قضا سے ہو وہ کفر کب ہے حق کو تو کافر مت کہہ اس جگہ کفر جہل ہے اور قضائے کفر علم ہے دونون ایک کب ہون آخر خشم و حلم آگے مثال ہے زشتی خط کی زشتی نقاش نہیں ہے بلکہ وہ زشتی اُس سے ظاہر کرے نقاش کو طاقت ہوتی ہے کہ وہ زشت کو نیک کر سکتا ہے اگر اچھی طرح اس بحث کو کھو ہون تا سوال و جواب زیادہ ہون مجھ سے ذوق نکتۂ عشق کا جاتا ہی اور نقش خدمت دوسرا نقش جاتا ہے یعنے نقش کی برائی نقاش کو برا نہیں کرتی ہی کیونکہ نقاش نقش بھلا و برا دونون کرتا ہی اسواسطے برائی اپنے ذمہ ہی اور نیکی خدا کی طرف ہے پس بحث نہ کرنا چاہیے آگے عدم بحث کی مثال کا بیان ہی فافہم

راضیم بر کفر زان رو که قضاست	نی ازان رو که نزاع کفر ماست
کفر از روی قضا خود کفر نیست	حق را کافر مخوان اینجا بایست
کفر جہل ست و قضائی کفر علم	ہر دو یک کی باشد آخر علم و حلم
زشتی خط زشتی نقاش نیست	بلکہ از وی زشت را بنمود نیست
قوت نقاش باشد آنکہ او	ہم تواند زشت کردن ہم نکو
گر کشایم بحث این را من بساز	تا سوال و تا جواب آید دراز
ذوق نکتہ عشق از من میرود	نقش خدمت نقش دیگر میشود

کفر پر راضی ہون جو ہو با قضا	اور نہ ہووے ہمارا کفر سا
جو قضا سے کفر ہو کب کفر ہے	حق کو کافر مت کہو اسجا پہ بے
کفر جہل اور ہے قضائی کفر علم	دونون کب ہون یک آخر خشم و حلم
خط کی زشتی زشتی نقاش نے	بلکہ زشتی اُس سے وہ ظاہر کرے
ہوتی ہے نقاش کو طاقت کہ دو	زشت کو بھی کر سکے اور نیک کو
کھولون گر اچھی طرح اس بحث کو	تا سوالات و جواب از بسکہ ہو
مجھسے جانا ذوق نکتہ عشق کا	نقش خدمت نقش بنتا دوسرا

در بیان آنکہ حیرت مانع بحث و فکر ست

بیان مین اسکے کہ حیرت مانع بحث و فکر کی ہے

آن یکی مرد دو مو آمد شتاب	پیش یک آئینہ دار مستطاب
گفت از ریشم سفیدی کن جدا	کہ عروس نو گزیدم اے فتا
ریش او ببرید و کل پیشش نہاد	گفت تو بگزین چون مرا کاری فتاد
این سوال و این جواب است ای گزین	کہ سر اینہا ندارد مرد دین
این یکے زد سیلئے مر زید را	حملہ کرد او ہم برائے کید را
گفت سیلی زن سوالے میکنم	پس جوابم گوی و آنگہ می زنم
بر قفای تو زدم آمد طراق	یک سوالی دارم اینجا در وفاق
این سوال از تو ہمی پرسم بگو	حل کن اشکال مرا اے نیک خو
این طراق از دست من بودست یا	از قفا گاہ تو اے فخر کیا
گفت از درد این فراغت نیستم	کہ درین فکر و تامل بیستم
تو کہ بے دردی ہمی اندیش این	نیست صاحب درد را این فکر ہین

مرد کھچڑی ریش کا آیا شتاب	پاس اک حجام کے با اضطراب
بولا داڑھی سے سفیدی کر جدا	کہ نئی عورت کو مین نے ہے کیا
داڑھی اُسکی کل کتر آگے رکھی	کہ تو بینا کر ہے مجکو کام اخی
یہ سوال اور یہ جواب اب کر یقین	کہ خیال اسکا نہ رکھے مرد دین
مارا تھپڑ ایک نے بس زید کے	حملہ اُسنے بھی کیا بس مکر سے
بولا تھپڑ مارا تو پہلے مجھے	دے جواب اسکا کہ مارا کس لیئے
مارا گردن پر صدا آئی تڑاق	ہے سوال اک مجکو یان از رہ وفاق
تجھسے میرا یہ سوال اب تو بتا	کر مری مشکل کو حل اے دلربا
ہاتھ سے میرے تڑاق آواز کا	یا کہ گردن سے تری پیدا ہوا
بولا اس درد سے فرصت مجھے	کہ گردن مین فکر اب اس بات کی
تو ہے بے درد اور تجھے یہ فکر ہے	فکر اہل درد یہ بس کب رکھے

سلہ مرد کھچڑی ریش الخ ۱۱ شعر ایک مرد کھچڑی ڈاڑھی کا جلد آیا حجام کے پاس بیقرار ہوکر کہاکہ سفید بال ڈاڑھی سے جدا کردے کہ مین نے نئی عورت کو کیا ہے اُسنے ڈاڑھی کل کترکے آگے رکھی کہ تو بینا کر مجھے کام ہے آگے حقائق ہین - یہ سوال و یہ جواب اب یقین کر کہ خیال اسکا مرد دین نہ رکھے آگے اسکے مثال ہے - ایک نے تھپڑ مارا زید کے اُسنے بھی حملہ کیا مکر سے زید سے کہاکہ ایک سوال ہے مجکو تو جواب دے کہ کس لیئے مارا گردن پر صدا تڑاق کی آئی مجکو بیان ایک سوال از راہ محبت کے تجھسے ہے میرا یہ سوال اب بتا تو کہ میری مشکل حل ہووے میرے ہاتھ سے تڑاق کا آواز تھا یا تیری گردن سے پیدا ہوا کہا کہ اس درد سے مجکو فرصت نہین ہے کہ مین فکر اس بات سے کرون تو بے درد ہے اور مجکو فکر ہے اور یہ فکر اہل درد کب رکھتا ہے یعنے اہل حیرت بحث و فکر سے بیزار ہوتے ہیں کہ وہ مشاہدہ حق مین غرق رہتے ہین اور جو بحث کرتے ہین وہ محجوب ہین کہ انکو شغل یار کا نہین ہے آگے حقائق اسکے ہین فافہم ۱۲

دردمندان را نباشد فکر غیر　　خواہ در مسجد برو خواہی بدیر
غفلت و بیدردیت فکر آورد　　در خیالت نکتۂ بکر آورد
جز غم دین نیست صاحب درد را　　می شناسد مرد را او گرد را
حکم حق را بر سر و رو می نہد　　حفظ فکر خویش یکسو می نہد

دردمندونکو[1] نہووے فکر غیر　　خواہ مسجد مین ہو خواہ ہی ہو بدیر
غفلت و بیدردی دیتی فکر ہے　　اور نکتے دے خیالون مین ترے
جز غم دین کب ہو اہل درد کو　　جانتا ہے مرد کو اور گرد کو
رو و سر پر حکم حق کو وہ رکھے　　فکر اپنی کی حفاظت نہ کرے

دربیان آنکہ درمیان صحابہؓ حافظ کسے نبود

بیان مین اسکے کہ درمیان صحابہؓ کے کوئی حافظ نہ تھا

در صحابہ کم بُدی حافظ کسے　　گرچہ شوقی جان شان را بُد بسے
زانکہ چون مغزش در آگند و رسید　　پوستہا شد بس رقیق و وا کفید
مغز علم افزود و کم شد پوستش　　زانکہ عاشق را بسوزد دوستش
قشر جوز و فستق و بادام ہم　　مغز چون آگندشان شد پوست کم
وصف مطلوبی چو ضد طالبی ست　　وحی برق نور سوزان نبی ست
چون تجلی کرد اوصاف قدیم　　پس بسوزد وصف حادث را گلیم
ربع قرآن ہر کرا محفوظ بود　　جل فینا از صحابہؓ می شنود
جمع صورت با چنین معنے ژرف　　نیست ممکن جز ز سلطانی شگرف
در چنین مستی مراعات ادب　　خود نباشد ور بود باشد عجب

پس[2] صحابہ مین نہ تھا حافظ کوئی　　گرچہ رکھتے شوق جان سے تھے سبھی
کیونکہ انمین مغز جو از بس بھرا　　پوست بس باریک ہو کرکے پھٹا
مغز علم افزون ہوا اور پوست کم　　کیونکہ عاشق کو جلائے سوز غم
پستہ و بادام و اخروٹ انکے پوست　　مغز جو بھرتا ہی کم ہوتا ہی پوست
وصف مطلوبی ہی ضد طالبے　　برق نور وحی سی جلتے ہین نبی
ہے کہ متجلی ہوا وصف قدیم　　پس جلائی وصف حادث کی گلیم
پاؤ پارہ یاد قرآن تھا جسے　　جل فینا سنتا وہ اصحابؓ سے
جمع[3] صورت ایسے معنی سے رہی　　نہ ہی ممکن جز بڑے سلطان کے
ایسی مستی مین رعایات ادب　　ہوتی کب ہی اور اگر ہو ہی عجب

[1] دردمندون الخ یہ شعر دردمندونکو غیر کی فکر نہووے خواہ مسجد مین ہون یا بُت خانہ مین غفلت و بیداری فکر دیتی ہے اور نکتے خیالون مین تیرے دیتی ہے اہل درد کو سوائے غم دین کے کب ہے کیونکہ جانتا ہی مرد کو اور گرد کو حکم حق کو منہ و سر پر رکھتا ہی اور اپنی فکر کی حفاظت نہین کرتا ہی یعنے اہل درد کو بجز غم یار کے فکر نہین ہوتی ہی کیونکہ فکر غفلت و بیدردی پیدا کرتی ہے اسیواسطے صحابۂ کرام مین کوئی حافظ تمام قرآن کا نہ تھا کہ انکو فکر کرنے کی فرصت نہ تھی چنانچہ صحابہ کا حال آگے مثال مین فرماتے ہین فافہم ۱۲ [2] پس صحابہ الخ شعر کوئی حافظ صحابہ مین نہ تھا اگرچہ سب ہی شوق جان سے رکھتے تھے کیونکہ مغز انکا بھرا تھا اور پوست باریک ہوکرکے پھٹا تھا مغز علم زیادہ اور پوست کم کیونکہ عاشق کو سوز عشق جلائے آگے مثال اسکی ہی پستہ و بادام و اخروٹ کا جو مغز بھرتا ہے پوست کم ہوتا ہے وصف مطلوبی ضد طالبی ہے برق نور وحی سے نبی جلتا ہے جبکہ متجلی وصف قدیم ہوا وصف حادث کی گلیم جلاوے آگے رجوع بقصہ ہے پاؤ پارہ قرآن کا جسکو یاد تھا ترجمہ بزرگ تم مین ہے اصحاب سے سنتا تھا یعنے اصحاب کا علم بڑھتا تھا اور جسم گھٹتا تھا کیونکہ انکو فرصت مشاہدۂ یار سے کم تھی اسواسطے حفظ کرنے قرآن مین وہ کوشش کم کرتے تھے کہ حفظ قرآن کرنا تعلق فکر سے رکھتا ہے اور حیرت مین فکر کا ہونا محال چنانچہ اسکے حقائق آگے ہین فافہم ۱۲-
[3] جمع صورت الخ یہ شعر جمع ہونا صورت کا ساتھ معنے کے ممکن نہین ہے بجز بڑے سلطان کے یعنے حدوث و قدم کا باہم جمع ہونا بجز جناب رسول صلعم کے ممکن نہین ایسی مستی مین ادب کی رعایت کب ہوتی ہے اور اگر ہو تعجب ہے جو غنا مین رعایت نیاز کی ہو ضدین جمع ہین کیونکہ دراز ہو تو ضد جمع ہین نیاز و ناز سے پھر تحیر مین اسکو تمیز رہے اندھون کا جو عصا مشوق ہے خود اندھا قرآن کا صندوق ہے قول اندھون کا خود صندوق ہے حدیثون اور قرآن سے پھر صندوق بھرے ہوئے خوب ہین اس سے کہ صندوق خالی ہاتھ مین ہو پھر ایک صندوق خالی بار سے بہتر ہے اس سے کہ وہ سانپ سے بھرا ہو یعنے اس عالم سے جاہل بہتر ہے کہ جو ایذا پہونچائے مخلوق کو آگے مثال ہے فافہم ۱۲-

اندر استغنا مراعات نیاز	جمع ضدین ست چون گرد و دراز	جو غنا میں ہو رعایات نیاز	جمع ہیں ضدین کیونکر ہو دراز
جمع ضدین از نیاز افتاد و ناز	ناز در وقت تحیر امتیاز	جمع دو ضد ہیں نیاز و ناز سے	پھر تحیر میں تمیز اسکو رہے
چون عصا معشوق عمیان میشود	کور خود صندوق قرآن میشود	جو عصا اندھوں کا بس معشوق ہے	اندھا خود قرآن کا صندوق ہے
گفت کوران خود صنادیق اند پُر	از حدیث و مصحف و ذکر و نذر	قول ان اندھوں کا خود صندوق ہیں	بس حدیثوں سے وہ اور قرآن سے
باز صندوقی پر از قرآن به است	زانکه صندوقی بود خالی بدست	پھر بھرے صندوق قرآن خوب ہیں	اس سے جو صندوق خالی ہاتھ میں
باز صندوقی که خالی شد ز بار	به ز صندوقی که پر موش ست و مار	پھر وہ اک صندوق خالی بار سے	بہتر اس سے کہ بھرا ہو مار سے
حاصل اندر وصل چون افتاد مرد	گشت دلاله به پیش مرد سرد	الغرض جو وصل ہووے مرد کو	اس گھڑی دلالہ بس بیکار ہو
چون بمطلوبت رسیدی اے ملیح	شد طلبگاری علم اکنون قبیح	جبکہ تو مطلوب سے اپنے ملا	علم کا کرنا طلب پھر ہو برا
چون شدی بر بامهای آسمان	سرد باشد جست و جوی نردبان	آسمان کی چھت پہ جبکہ تو چڑھا	پھر عبث سیڑھی کا ہووے ڈھونڈھنا
جز برای یاری و تعلیم غیر	سرد باشد راه خیر از بعد خیر	بس سوا تعلیم غیر دن کے لئے	خیر کی رہ سرد پیچھے خیر ہے
آینه روشن که شد صاف و جلی	جهل باشد بر نهادن صیقلی	آئینہ روشن کہ جو ہووے صفا	جہل ہو صیقل کریں اسکو بھلا
پیش سلطان خوش نشسته در قبول	جهل باشد جستن نامه رسول	شہ کے آگے ہو جو خوش بیٹھا ہوا	جہل ہووے قاصد و خط ڈھونڈھنا

داستان مشغول شدن عاشق بعشق نامه خواندن و مطالعه کردن عشق نامه در حضور معشوق و معشوق آن را ناپسند داشتن که طلب الدلیل عند حصول المدلول قبیح والاشتغال بالعلم بعد الوصول الی المعلوم مذموم

(طلب کردن دلیل وقت حاصل شدن مدلول بد ہست)

داستان مشغول ہونا عاشق کا ساتھ عشق نامہ کے اور پڑھنا عشق نامہ کو حضوری معشوق میں اور ناپسند کرنا معشوق کا اسکو کہ طلب الدلیل عند حصول المدلول قبیح والاشتغال بالعلم بعد الوصول الی المعلوم مذموم

(طلب کرنا دلیل کا وقت حاصل ہونے مدلول کے برا ہے)

آن یکے را یار پیش خود نشاند	نامه بیرون کرد و پیش یار خواند	اک کو پاس اپنے بٹھایا یار نے	خط لگا پڑھنے وہ آگے یار کے

سلہ الغرض جو وصل الخ ۔ شعر الغرض جو مرد کو وصل ہوا یعنی دلالہ بیکار ہووے یعنی بعبادت ظاہری بعد وصال یار کے بیکار ہے جبکہ تو اپنے مطلوب سے ملا علم طلب کرنا برا ہووے جبکہ تو آسمان کی چھت پر چڑھا پھر سیڑھی کا ڈھونڈھنا عبث ہوئے سوا واسطے تعلیم غیروں کے سر ہوئی راہ خیر کی اور خیر کی آگے مثال ہے جو آئینہ روشن کہ صفا ہوئے اگر صیقل اسکو کریں جہل ہوئے جو آگے شاہ کے خوش بیٹھا ہوا ہے قاصد و خط ڈھونڈھنا جہل ہووے یعنے جبکہ یار سے ملا پھر تدبیر وصال کی کرنا اسکو خطا ہے کیونکہ تحصیل حاصل کرنا بے فائدہ ہے۔ چنانچہ قصہ عاشق کا آگے مثال میں فرماتے ہیں فافہم ۱۲ سلہ ایک کو یار نے اپنے پاس بٹھایا وہ خط آگے یار کے پڑھنے لگا خط میں اشعار مدح و ثنا و زاری و الحاح و مسکینی و نالہ تھا اپنا درد و غم و زاری و خفقان و خواری بیزاری اہل خانمان کی تھی دوری سے اور رنجوری فراق یار سے اور جھوٹ سچ پیغام کے ذکر دن سے اسقدر آگے معشوق کے پڑھا کہ وہ حد و انداز سے گذرا کہا معشوق نے اگر یہ میرے لئے ہے تو وصل میں یہ عمر ضائع مت کر میں تیرے پاس ہوں تو خط کو پڑھتا ہے عاشقوں کا یہ دستور نہیں ہے۔ کہا کہ تو حاضر اس جا پر ہے ولیکن میں اپنی قسمت نیک نہیں پاتا ہوں جو میں تجھ سے پارسال دیکھتا تھا وہ اب نہیں ہے اگرچہ وصال ہے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲

بیتہا در نامہ و مدح و ثنا | زاری و مسکینے و بس لابہا
خط مین تھے اشعار اور مدح و ثنا | زاری و الحاح و مسکینی و بکا

گریہ و افغان و حزن و درد خویش | خواری و بیزاری با اہل خویش
اپنا درد و غم و زاری و فغان | خواری و بیزاری اہل خانمان

دوری و رنجوری از ہجران دوست | ذکر پیغام و رسول از مغز و پوست
دوری و رنجوری ذوق یار سے | جھوٹ سچ پیغام کا اذکار سے

ہمچنان میخواند با معشوق خود | تا کہ بیرون شد ز حد و از عدد
اسقدر آگے بڑھا معشوق کے | کہ وہ حد سے گذرا اور انداز سے

گفت معشوق این اگر بہر من ست | گاہ وصل این عمر ضائع کردن ست
بولا معشوق یہ گر میرے لیئے | وصل مین یہ عمر مت ضائع کرے

من بہ پیشت حاضر و تو نامہ خوان | نیست این باری نشان عاشقان
پاس مین تیرے ہون تو خط کو پڑھے | عاشقون کا یہ نہین دستور ہے

گفت اینجا حاضری اما ولیک | من نمی یابم نصیب خویش نیک
بولا تو حاضر ہے اس جا پر ولیک | مین نہین پاتا ہون قسمت اپنی نیک

آنچہ می دیدم ز تو پاریہ سال | نیست ایندم گرچہ می بینم وصال
دیکھا تھا تجھسے جو مین نے پار سال | اب نہین ہے وہ اگرچہ ہے وصال

من ازین چشمہ زلالی خوردہ ام | دیدہ و دل ز آب تازہ کردہ ام
مین نے اس چشمہ سے آب خوش پیا | اور دل و دیدہ کو بس تازہ کیا

چشمہ می بینم ولیکن آب نے | راہ آبم را مگر زد رہزنے
دیکھتا ہون چشمہ پر پانی نہین | میرا پانی روکا رہزن نے کہین

گفت پس من نیستم معشوق تو | من ببلغار و مرادت در قتو
بولا مین تیرا نہین معشوق مین | مین ہون مشرق مین تو وہ ہے غرب مین

عاشقی تو بر من و بر حالتے | حالت اندر دست نبود یا فتے
تجھ کو تو عاشق ہے اور بھی حال ہے | پر نہین قبضہ مین ہوتا حال ہے

پس نیم کلی مطلوب تو من | جزو مقصودم ترا اندر زمن
پس نہین مطلوب کل ہون مین ترا | مجھ مین مقصد ہے ترا اک جز ترا

خانۂ معشوقہ ام معشوق نے | عشق بر نقد ست بر صندوق نے
خانۂ معشوق ہون معشوق نے | نقد پر ہے عشق نے صندوق پے

ہست معشوق آنکہ او یک تو بود | مبتدا و منتہایت او بود
جو کوئی یکتا ہو وہ معشوق ہے | ابتدا اور انتہا تیرا رہے

چون بیابیش نباشی منتظر | ہم ہویدا او بود ہم نیز سر
پائے جو اسکو نہو تو منتظر | بھی وہ ظاہر ہووے بھی ہووے وہ سر

میر احوال ست نے موقوف حال | بندۂ آن ماہ باشد ماہ و سال
حال کا ہے میر نے پابند حال | ہوتا بندہ ماہ کا ہے ماہ و سال

چون بگوید حال را فرمان کند | چون بخواہد جسمہا را جان کند
حال کو کہوے اطاعت تو کرے | جو کہ چاہے جسم کو جان وہ کرے

منتہی نبود کہ موقوف ست او | منتظر بنشستہ باشد حال جو
جو کہ ہے پابند نے وہ منتہی | منتظر ہے حال کا وہ ای اخی

کیمیائی حال باشد دست او | دست جنباند شود مس مست او
کیمیائے حال اسکا دست ہو | جو ہلائے ہاتھ وہ مس مست ہو

سلہ مین نے الخ، شعر آب خوش مین نے اس چشمہ سے پیا اور دل و دیدہ کو تازہ کیا چشمہ کو دیکھتا ہون لیکن پانی نہین ہے کہین رہزن نے میرا پانی روکا تو کہا کہ مین تیرا معشوق نہین مین مشرق مین ہون تو مغرب مین ہے تو مجھ پر عاشق ہے اور حال پر و لیکن حال قبضہ مین نہین ہوتا ہے پس کل مطلوب مین تیرا نہین مجھ مین تیرا مقصد ایک جز تیرا ہے مین خانہ معشوق ہون معشوق نہین ہون - نقد پر عاشق ہے صندوق پر نہین ہے یعنے عاشق معنی ہے عاشق صورت نہین ہے آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲-

سٹہ جو کوئی الخ، شعر وہ معشوق ہے جو کوئی یکتا ہو اور ابتدا اور انتہا تیرا وہ ہووے جو تو اسکو پاوے منتظر نہووے بھی وہ ظاہر ہووے و بھی پوشیدہ ہووے حال کا حاکم ہے پابند حال نہین ہے ماہ کا بندہ ہوتا ہے حال کو کہے تو اطاعت کرے جو کہ چاہے جسم کو وہ جان کرے جو کہ پابند ہے وہ منتہی نہین ہے اور وہ حال کا منتظر ہے حال کی کیمیا اسکا دست ہو جو ہاتھ ہلائے وہ مس مست ہو اگر وہ موت چاہے بھی شیرین بنے خار اور نشتر نرگس و نسرین بنے یعنے جو ابو الوقت ہے وہ معشوق ہے اور وہ ابن الوقت نہین ہے کیونکہ جب حال وہ چاہے ظہور مین آئے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲

گر نخواہد مرگ ہم شیرین شود — خار و نشتر نرگس و نسرین شود
او بود سلطان حال اندر روش — نے چو تو محروم از حال و کشش
آنکہ او موقوف حال آدمی ست — گہ فزون و گاہی در کمی ست
لیک صافی فارغ ست از وقت حال — صوفی ابن الوقت باشد در مثال
حالہا موقوف عزم و رای او — زندہ از نفخ مسیح آسای تو
عاشق حالی نہ عاشق بر منی — بر امید حال بر من مے تنی
آنکہ گہ ناقص گہے کامل بود — نیست معبود خلیل آفل بود
وانکہ آفل باشد و گہ آن و این — نیست دلبر لا احب الآفلین
آنکہ او گاہی خوش و گہ ناخوش ست — یک زمانی آب و یکدم آتش ست
برج مہ باشد و لیکن ماہ نے — نقش بت باشد ولی آگاہ نے
ہست صوفی صفا چون ابن وقت — وقت را ہمچون پدر بگرفتہ سخت
لیک صافی غرق عشق ذوالجلال — ابن کس نے فارغ از اوقات و حال
غرقۂ نوری کہ او لم یولد ست — لم یلد لم یولد آن ایزد ست
رو چنین عشقے گزین گر زندۂ — ورنہ وقت مختلف را بندۂ
منگر اندر نقش زشت و خوب خویش — بنگر اندر عشق و در مطلوب خویش

گر وہ چاہی موت بھی شیرین بنے — خار و نشتر نرگس و نسرین بنے
وہ[1] طریقت مین ہو سلطان حال پے — تجھسا نے محروم جذب و حال سے
حال کا پابند جو ہے آدمی — گہ کبھی افزون کبھی رکھے کمی
پر ہی صافی رستہ وقت و حال سے — اور مثل مین صوفی ابن الوقت ہے
حال اُسکی رائے کا بندہ ہی بس — اسکے عیسی دم سی بس زندہ ہی کس
حال کا عاشق ہی نے میرا تو ہے — حال کی اُمید پر مجھ سے ملے
جو کبھی ناقص کبھی کامل ہی وہ — نے ہی معبود خلیل آفل ہے وہ
جو ہی آفل گاہ کامل گہ نہین — کب ہی دلبر لا احب الآفلین
جو کبھی[2] خوش ہی کبھی ناخوش ہی وہ — دم مین پانی دم مین اک آتش ہی وہ
ماہ کا ہی برج لیکن مہ نہین — نقش بت کا ہی ولے آگہ نہین
جو کہ صوفی صفا ہی ابن وقت — وقت کو مثل پدر پکڑا ہی سخت
پر ہی صافی غرق عشق ذوالجلال — نے کسی کا بیٹا نے پابند حال
غرق نور ایسے ہین لم یولد جو ہی — لم یلد لم یولد حق کی ملک ہے
عشق ایسا کر اگر ہے زندہ تو — ورنہ بندہ مختلف وقتون کا تو
نیک و[3] بد نقش اپنے کو مت دیکھ تو — دیکھ اپنے عشق اور مطلوب کو

[1] وہ طریقت الخ، شعر وہ طریقت مین حال پر سلطان ہے تیرے مانند وہ جذب حال سے محروم نہین ہے حال کا پابند جو آدمی ہے کبھی زیادہ وکبھی کمی رکھے لیکن صافی وقت حال سے فارغ ہے اور مثال مین صوفی ابن الوقت ہے اُسکی رائے کا حال بندہ ہے اسکے دم عیسیٰ سے مُردہ زندہ ہے یعنے صافی کا حال تابعدار ہے اور صوفی حال کا پابند ہے آگے رجوع لبقصہ ہے تو حال کا عاشق ہے میرا نہین ہے اور حال کی امید پر مجھ سے ملتا ہے آگے حقائق ہین جو کبھی ناقص وکبھی کامل ہو وہ معبود خلیل اللہ نہین ہے وہ ڈوبنے والا ہے جو ہے ڈوبنے والا کبھی کامل کبھی ناقص ہے وہ کب دلبر ہے ترجمہ نہین دوست رکھتا ہون مین ڈوبنے والے کو یعنے وہ کامل نہین ہے ناقص ہے فافہم ۱۲ [2] جو کبھی الخ شعر جو کبھی خوش وکبھی ناخوش وہ ہے دم مین آب و دم مین آتش ہے۔ برج ماہ ہے ولیکن ماہ نہین ہے نقش بت کا ہے ولیکن آگاہ نہین ہے جو کہ صوفی صفا ابن الوقت ہے اُسنے وقت کو مانند پدر کے پکڑا ہے ولیکن صافی غرق عشق خدا ہے نہ کسی کا بیٹا ہے اور نہ پابند حال ہے جو ایسے کو نہ مین غرق ہے کہ وہ نہ جناگیا ہے ترجمہ نہ جنا نہ جناگیا ہے وہ حق کی ملک ہے ایسا عشق کر اگر تو زندہ خو ہے ورنہ بندہ مختلف وقتون کا ہے یعنے وہ صوفی ابن الوقت ہے وہ کبھی خوش وکبھی ناخوش ہے اور جو صافی ابوالوقت وہ عشق خدا مین غرق ہے اور کسی کا پابند نہین ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔
[3] نیک و بد الخ، شعر تو اپنے نقش نیک و بد کو مت دیکھ اپنے عشق و مطلب کو مت دیکھ حقیر و ضعیف اپنی ہمت کو دیکھ اے شریف تو جس حال مین ہووے طلب کر اور ہمیشہ ڈھونڈھ پانی کو اے خشک لب تیرا خشک لب گواہی دیتا ہی کہ وہ کر چشمہ پر تو آخر جائیگا خشکی لب کی پیغام آب کا ہے کہ بیتابی مجھ سے ملادے تجکو یہ طلبگاری عجب جنبش رکھتی ہے کہ راہ حق مین ایک مانع کش ہوتی ہے یہ طلب کنجی مطلوبات کی ہے اور نصرت و رایات کی یہ سپاہ ہے یہ طلب مثل نعرہ مرغ کی ہے کہ سحر آتی ہے تو چلا کر کہتا ہے یعنی تو عشق و ہمت اور طلب یار کی حاصل کر کہ تشنگی تجکو خود یار سے ملادیگی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

منگر این را کہ حقیرے یا ضعیف	بنگر اندر ہمت خود ای شریف	دیکھ مت اسکو حقیر اور یا ضعیف	دیکھ ہمت کو تو اپنی ای شریف
تو بہر حالے کہ باشی می طلب	آب میجو دائما ای خشک لب	ہووے تو جس حال مین کر تو طلب	ڈھونڈھ پانی کو سدا ای خشک لب
کان لب خشکت گواہی میدہد	کو بآخر بر سر منبع رود	خشک لب دیتا گواہی ہی ترا	کہ وہ چشمہ پر تو آخر جائے گا
خشکی لب ہست پیغامی ز آب	کہ بآب آرد یقین این اضطراب	خشکی لب آب کا پیغام ہے	کہ ملادی تجھ سے بیتابی تجھے
کاین طلبگاری مبارک جنبشی ست	این طلب در راہ حق مانع کشی ست	یہ طلبگاری عجب جنبش رکھے	راہ حق مین مانع کش کی آئی ہی
این طلب مفتاح مطلوبات ہست	این سپاہ نصرت و رایات ہست	یہ طلب کنجی ہے مطلوبات کی	یہ سپہ ہے نصرت و رایات کی
این طلب ہمچون خروسے در صباح	مے زند نعرہ کہ می آید صباح	یہ طلب ہی مثل نعرہ مرغ کے	کہ سحر آتی ہے چلا کر کہے
گرچہ آلت نیستت تو می طلب	نیست آلت حاجت اندر راہ رب	گرچہ [سلہ] بے سامان ہے تو کر طلب	حاجت سامان نہ رکھے راہ رب
ہر کرا بینی طلبگار اے پسر	یار او شو پیش او انداز سر	جسکو دیکھے تو طلبگار ای پسر	یار اسکا ہو رکھ آگے اسکے سر
کز جوار طالبان طالب شوی	وز ظلال غالبان غالب شوی	طالبونکی سائے سی طالب ہو تو	غالبونکی سایہ سے غالب ہو تو
گر یکے مورے سلیمانی بجست	منگر اندر جستن او سست سست	ایک چیونٹی گر سلیمانی کرے	ڈھونڈھنی مین سست تو مت دیکھ اسی
ہر چہ دارے تو ز مال و پیشۂ	نی طلب بود اول و اندیشۂ	جو کہ مال و پیشہ رکھتا ہی اخی	نی طلب ور فکر پہلے اسکی تھی
گر یکے گنجے بیابد نادرست	در باستد از طلب ہم قاصرست	گنج اک پائے اگر نادر ہی وہ	اور طلب سے ٹھہرے گر قاصر ہے وہ
ہر کہ چیزی جست بیشک یافت او	چون بجد اندر طلب بشتافت او	چیز ڈھونڈھی جسنے بیشک پائی ہے	جو طلب کی راہ مین کوشش کری
چون نہادی در طلب پا ای پسر	یافتی و شد میسر بے خطر	جو [سلہ۵] قدم رکھا طلب مین ای پسر	پایا اور حاصل ہوا وہ بے خطر
ہین مباش ای خواجہ یکدم بے طلب	تا بیابی ہر چہ خواہی ای عجب	مت رہو ای خواجہ اکدم بے طلب	تا تو پائے جو کہ چاہے ای عجب
عاقبت جویندہ یابندہ بود	چونکہ در خدمت شتابندہ بود	آخراب ڈھونڈھے گا جو وہ پائے گا	جو کوئی خدمت مین جلدی جائیگا
در طلب چالاک شو ای فتحیاب	ز طلب واللہ اعلم بالصواب	تو طلب مین تیز ہو ای فتحیاب	کر طلب واللہ اعلم بالصواب

سلہ گرچہ الخ یعنی شعر اگر چہ تو بے سامان ہے ولیکن طلب کر کیونکہ سامان کی حاجت نہین ہے راہ خدا مین جسکو تو طلبگار دیکھے اسکا یار ہو اور سر کو اسکے آگے رکھ کہ طالبون کے سایہ سے تو غالب ہو آگے اسکی مثال ہے اگر تو ایک چیونٹی سلیمانی کرے سست مت دیکھ اسکو ڈھونڈھنے مین جو کہ تو مال و پیشہ رکھتا ہے کہ طلب و فکر اول اُسکی نہ تھی یعنے تھی اگر ایک گنج پائے وہ نادر ہے اور اگر طلب سے ٹھہرے تو وہ قاصر ہے جس نے جو چیز ڈھونڈھی وہ بیشک پائی ہے جو راہ طلب مین کوشش کرے یعنے جس نے ڈھونڈھا اُسنے پایا پس طلب جزو اعظم ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

سلہ۵ جو قدم الخ یہ شعر جو طلب مین قدم رکھا وہ پایا اور حاصل ہوا بے خوف و خطر پس اسے خواجہ بے طلب ایک دم مت رہو تاکہ تو پائے جو چاہے آخراب جو ڈھونڈھے گا وہ پائے گا جو کوئی خدمت مین جلدی جائے گا تو طلب مین تیز ہو دروازہ کشادگی کا ہے پس طلب کر کہ اللہ خوب جانتا ہے یعنے جس چیز کی تجکو خواہش ہو طلب اختیار کر کہ جویندہ یابندہ ہوتا ہے فافہم ۱۲۔

حکایت آن مرد که در عہد داؤد نبی علیہ السلام شب و روز دعا می کرد و از خدا طلب رزق حلال می نمود بے رنج کسب

حکایت اُس مرد کی کہ عہد مین داؤد نبی علیہ السلام کے رات دن دعا کرتا تھا اور خدا سے طلب رزق حلال کی کرتا تھا بے رنج کسب کے

آن یکے در عہد داؤد نبی — نزد ہر دانا و پیش ہر غبی
این دعا می کرد دائم کای خدا — ثروتے بے رنج روزی کن مرا
چون مرا تو آفریدے کاہلے — زخم خوارے سست جنبی مبتلی
بر خران پشت ریش بے مراد — بار اسپان و شتران نتوان نہاد
کاہلم چون آفریدی اے ملے — روزیم دہ ہم ز راہ کاہلے
کاہلم من سایہ خسپم در وجود — خفتم اندر سایۂ احسان وجود
کاہلان و سایہ خسپان را مگر — روزی بنہادۂ نوعے دگر
ہر کرا پا ہست جوید روزیے — ہر کرا پا نیست کن دلسوزیے
رزق را میران بسوے این حزین — ابر را باران بسوے ہر زمین
چون زمین را پا نباشد جود تو — ابر را راند بسوے او دو تو
طفل را چون پا نباشد مادرش — آید و ریزد وظیفہ بر سرش
روزی خواہم بناگہ بے تعب — کہ ندارم من ز کوشش جز طلب

عہد مین داؤد کے اک آدمی — پاس دانا اور نادانون کے بھی
یہ دعا کرتا تھا ہر دم کہ خدا — دی مجھے بے رنج تو ثروت سدا
تونے اک کاہل مجھے پیدا کیا — سست بازو زخم خوار و مبتلا
پس گدھون پر جنکی زخمی پیٹھ ہی — بوجھ اونٹون کا نہ رکھنا چاہیئے
مجکو کاہل جو کیا پیدا سخی — روزی مجکو دے براہ کاہلی
مین ہون کاہل سایہ پر جسم مین — سویا تیری سایہ مین بخشش کے مین
جو کہ سست او سایہ پر رہین بشر — دی انھین روزی بھی با نوع دگر
ڈھونڈھی روزی وہ کہ جسکا پانون ہے — کر تو دلسوزی نہ جو پانون رکھے
رزق اس غمگین کی جانب بھیج تو — ہر زمین کی سمت برسا ابر کو
جو زمین کا پا نہین تیری سخا — ابر کو بھیجے ہے اسکی سو سدا
طفل کا پانون نہین تو اسکی مان — دودھ اسے آکر پلائے ہر زمان
چاہتا روزی ہون بے رنج اب — کہ نہ کوشش سے ملے کچھ جز طلب

سلہ حکایت پنجم طلب راہ خدا مین ۱۲ سٰہ عہد مین الخ ۵ شعر حضرت داؤد عم کے عہد مین ایک آدمی پاس دانا اور نادان کے یہ دعا ہر دم کرتا تھا کہ اے خدا مجکو بغیر رنج کے ثروت ہمیشہ دے تو نے مجکو ایک کاہل پیدا کیا سست بازو و زخم کھانے والا و مبتلا آگے اُسکی مثال ہے کہ گدھون پر جنکی پیٹھ زخمی ہے بوجھ اونٹون کا نہ رکھنا چاہیئے جو کاہل پیدا کیا اے کریم پس روزی مجکو دے از راہ کاہلی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سٰہ مین ہون الخ ۶ شعر مین جسم مین کاہل سایہ پر درہون میں سایہ مین بخشش تیرے کے سوتا ہون آگے حقائق اسکے ہین۔ کاہلون اور سایہ پر درکی دوسری صورت روزی ہے روزی ڈھونڈھتا ہے کہ جسکا پانون ہے تو دلسوزی کر جو پانون نہین رکھتا ہے تو اس غمگین کی جانب رزق بھیج اور ہر زمین کی سمت ابر کو برسا آگے مثال اسکی ہے جو زمین کا پانون نہین ہے تو تیرا کرم ابر کو بھیجتا ہے ہمیشہ اُسکی طرف طفل کا پانون نہین ہے تو اُسکی مان دودھ اُسکو آکر ہر دم پلاتی ہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ سکہ چاہتا روزی الخ ۷ شعر مین روزی چاہتا ہون بغیر رنج کے کہ کوشش نہین رکھتا ہون سوائے طلب کے ایک بہت مدت سے دعا کرتا تھا شب سے تا روز اور صبح سے تا شام تمام مخلوق اسکی باتون پر ہنستی تھی اور اُسکی طمع خام اور بیکاری پر کہ یہ احمق کیا کہتا ہے یا کسی نے اسکو بھنگ دی ہے اب راہ روزی کی کسب و رنج ہے یہ نادر نہین ہے اگرچہ تعجب ہے جسکو طلب اور پیشہ دیا کسب محنت کے راستہ سے دیا ترجمہ طلب کرو رزق کو سببون سے اور داخل ہو وطنون مین دروازون سے یعنے روزی کا حاصل ہونا بغیر کسب و پیشہ کے نہین ہے اور جسکو خدا مفت دے تو اُسکی قدرت ہے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲۔

مدتی بسیار میکرد این دعا	روز تا شب شب همه شب تا ضحی	اک بہت مدت سی کرتا تھا دعا	شب سے تا روز و سحر سے تا مسا
خلق می خندید بر گفتار او	بر طمع خامی و بر بیکار او	خلق ہنستی اسکی بس گفتار پر	اسکی طمع خام اور بیکار پر
کرچه میگوید عجب این سست ریش	یا کسی داد ست بنگ بیهشیش	کر کیا کہتا ہی احمق ای عجب	یا کسی نے بھنگ اسکو دی ہی اب
راه روزی کسب و رنج ست و تعب	هرگز این نادر نشد در شد عجب	راہ روزی کسب ہے اور ہی تعب	یہ تو نادر ہے اگر ہووی عجب
هر کرا او پیشه واده طلب	از ره کسب و تعب با رنج و تب	جسکو پیشہ اور طلب اسنے دیا	کسب و محنت کے رستے سے دیا
اطلبوا الارزاق من اسبابها	ادخلوا الاوطان من ابوابها	اطلبوا الارزاق من اسبابها (۱) طلب کو رزق کو اسباب سے	ادخلوا الاوطان من ابوابها اور داخل ہو وطنون میں دروازون سے
شاه و سلطان و رسول حق کنون	هست داود نبی ذو فنون	شاہ و سلطان و رسول کبریا	ہے جو داود نبی با صفا
هست در فرمان او از وحش و طیر	در همه روی زمین او راست سیر	حکم مین اسکے وحوش و طیر ہے	اسکی کل روئے زمین پر سیر ہے
با چنان عزی و نازی کاندروست	که گزیدیتش عنایتهای دوست	باوجود اس ناز کے جو اسمین ہے	کر کیا مقبول لطف دوست نے
معجزاتش بی شمار و بی عدد	موج بخشایش مدد اندر مدد	معجزے اسکے بہت اور بی عدد	موج بخشش کی مدد اندر مدد
هیچکس را خود ز آدم تا کنون	کی بدست آواز همچون ارغنون	حضرت آدم سی اب تک کون ہے	جو کہ آواز ارغنون سی بس رکھے
کو بهر وعظی بمیراند دو بیست	آدمی را صوت خوبش کرد نیست	دو سو مردم کو جو مارے وعظ سے	لحن اسکا بس اسے شایان ہے
(۲) شیر و آهو جمع گردد آن زمان	سوی تذکیرش مغفل این از آن	شیر و آہو جمع ہووین اس زمان	سوی ذکر اسکے و غافل خود سی وان
کوه و مرغان هم رسائل با دمش	هر دو اندر وقت دعوت محرمش	اسکے دم کو پہونچے کوہ و مرغ بھی	وقت دعوت اسکے محرم وہ سبھی
این و صد چندان مرا ورا معجزات	نور رویش بی جهات و در جهات	وہ اس سے زیادہ اسکے معجزات	نور اسکا بے جہات و با جہات
با همه تمکین خدا روزی او	کرده باشد بسته اندر جست و جو	باوجود جملہ تمکین رزق کو	جست و جو پر حق نے رکھا اسکے تو
بی زره بافی خدای روزیش	می نیاید با همه پیروزیش	بے زرہ بننے کے روزی ملے	باوجود اس فتحمندی کے اسے
اینچنین مخذول واپس ماندهٔ	خانه گنده دون گردون راندهٔ	تو ہے گمرہ اور برگشتہ ہے تو	گندہ گھر مردود گردون کا ہی تو
اینچنین مدبر همی خواهد که او	گنج یابد تار و پایش فرد	اس طرح بدبخت چاہے کہ اسے	گنج حاصل ہووی دہنے پاؤن سے

۱؎ شاہ و سلطان الخ ۔ شعر بادشاہ و سلطان خدا کے جو داود نبی ہم باصفا ہین انکے سیر کل روئے زمین ہے باوجود اس ناز کے جو ان مین ہے کہ لطف دوست نے مقبول کیا ہے معجزے انکے بہت اور بے عدد اور موج بخشش کی مدد اندر مدد ہے حضرت آدم سے اب تک کون شخص ہے کہ جو آواز مثل ارغنون کے رکھتا ہے دو سو مرد کو جو وعظ سے مارے لحن انکا پس لائق انکو ہے ۔ باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۲؎ شیر و آہو الخ ۔ شعر شیر و آہو جمع ہووین اسوقت انکے ذکر کی طرف اور وہان خود سے غافل انکے دم کو پہونچے کوہ و مرغ بھی اور وقت دعوت انکے وہ سب محرم ہیں اور اس سے زیادہ انکے معجزات ہین اور نور انکا بے جہات ہے باوجود جملہ تمکین کے رزق کو انکی جستجو پر حق نے رکھا ہے بغیر زرہ بننے کے روزی نہین ملتی انھین باوجود اس فتحمندی کے تو گمراہ ہے ۔۔ برگشتہ ہے اور گندہ گھر مردود آسمان ہے بدبخت اس طرح چاہے کہ اسے گنج حاصل ہووے پاؤن دہنے سے یعنے جب داود کو بغیر کسب کے روزی نہ پہونچی تو تجھ گمراہ کو بے کسب کے کیونکر روزی مفت حاصل ہوگی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۔

زاحمقی خواہد کہ بی رنجش زود　　بے تجارت پر کند دامن ز سود
ہمچنین گنجے نیابد در جہان　　کہ برآید بر فلک بے نردبان
این ہمی گفتش بتسخر زر بگیر　　کہ رسیدت روزی و آمد بشیر
وان ہمی خندید ما را ہم بدہ　　زانچہ یابی ہدیہ ای سالار دہ
او ازین تشنیع مردم وین فسوس　　کم نمی کرد از دعا و چاپلوس
تا کہ شد مشہور در شہر و شہیر　　کو ز انبان تہی جوید پنیر
شد مثل در خام طبعی آن گدا　　او ازین خواہش نمی آمد جدا
کم نمی کرد از دعا و ابتہال　　کرد اجابت مستعان ذوالجلال
گر گران و گر شتابندہ بود　　عاقبت جویندہ یابندہ بود

احمقی سے چاہی بے تکلیف و رنج　　بے تجارت حاصل اسکو ہووے گنج
کس کو ایسا گنج عالم مین ملا　　آسمان پر کون بی سیڑھی چڑھا
بس ہنسی سے کہتے اسکو زر تو لے　　ہی یہ خوشخبری کہ روزی آئی ہی
وہ بھی ہنس کر کہتا لاؤ ہمکو دو　　جیسے ہدیہ پایا تم نے ای نکو
اس ہنسی اور طعنۂ مردم سے وہ　　کم نہ کرتا تھا دعا و عجز کو
ہوگیا مشہور شہرون مین حقیر　　چرم خالی سے وہ ڈھونڈھی ہی پنیر
طمع مین ضرب المثل وہ ہوگیا　　پر نہ اس خواہش سے ہوتا وہ جدا
کم نہین کرتا تھا وہ زاری و دعا　　حق نے کر لی بس قبول اسکی دعا
گر کوئی دوڑے یا آہستہ چلے　　پائے آخر کو تجسس جو کرے

دویدن گاو در خانۂ آن دعا کنندہ بہ الحاح

گھس آنا بیل کا بیچ گھر اس دعا و زاری کرنیوالے کے

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ یحب الملحین فی الدعا زیرا کہ دعا کنندہ عین خواستہ ہست از حق تعالی والحاح خواہندہ ہست از انچہ میخواہد آنرا از وے

قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ یحب الملحین فی الدعا کسواسطے کہ دعا کرنیوالا عین خواستہ خدا ہی اور واسطے زاری کرنیوالے کی موجود ہی جو کچھ چاہتا ہی اس سے

تا کہ روزی ناگہان در چاشتگاہ　　این دعا میکرد با زاری و آہ
ناگہان در خانہ اش گاوی دوید　　شاخ زد بشکست دربند کلید
گاو گستاخ اندر خانہ بجست　　مرد در جست و قوائمہاش بست

یا نتک ایک دن ناگہان وہ صبح کو　　یہ دعا کرتا تھا اور زاری سے نکو
بس گھسا بیل اسکے گھر مین یکبار　　توڑا بس زنجیر در کو سینگ مار
گھر مین جو گستاخ بیل اسکے گھسا　　مرد دوڑا اسکو باندھا خوب سا

سلہ احمقی سے الخ ۹ شعر احمقی سے بغیر تکلیف و رنج کے چاہے اور بغیر تجارت کے اسکو گنج حاصل ہووے . . . . . . کس کو ایسا گنج عالم مین حاصل ہوا اور آسمان پر کون بغیر سیڑھی کے چڑھا پس ہنسی سے کہتے تھے کہ یا تو زر لے اور یہ خوشخبری ہے کہ روزی آئی ہے۔ وہ بھی ہنس کر کہتا تھا کہ لاؤ مجکو دو جیسے تحفہ تمنے پایا ہے اس ہنسی اور طعنۂ مردم سے وہ دعا و عجز کو کم نہین کرتا تھا وہ شہرون مین مشہور حقیر ہوگیا تھا کہ چرم خالی سے وہ پنیر ڈھونڈھتا ہے طمع مین وہ ضرب المثل ہوگیا و لیکن اس خواہش سے کم نہین ہوتا تھا اور زاد براہ دعا کم نہین کرتا تھا پس حق نے اسکی دعا قبول کری اگر کوئی دوڑے یا آہستہ چلے آخر کو پائے جو تجسس کرے بیٹے جو کوئی جس شے کو ڈھونڈھتا ہے وہ آخر کو پاتا ہے کیونکہ جویندہ یابندہ ہوتا ہے آگے قصہ دعا والے کا ہے فافہم ۱۲ سلہ یہان تک الخ ۵ شعر یہان تک کہ ایک دن وہ ناگہان صبح کے وقت یہ دعا کرتا تھا اور زاری ایک بیل اسکے گھر مین ایک بار گھسا اور سینگ مار کر زنجیر دروازہ کو توڑا جو بیل گستاخ اسکے گھر مین گھسا مرد دوڑا اور اسکو بخوبی باندھا اور اسوقت اسکو ذبح کیا بے تامل و بیدرنگ و بے امان اسکا سر کاٹا اور قصاب کی طرف گیا تا کھال اسکی ادھیڑے جلدی آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲

پس گلوی گاو ببرید آن زمان	بی توقف بی تامل بی امان	اور گلا بس اسکا کاٹا اس زمان	بی تامل بے درنگ و بی امان
چون سرش ببرید شد سوی قصاب	تا ہلاکش بر کند در دم شتاب	کاٹا سر اسکا گیا سوی قصاب	تا ادھیڑی کھال اسکی وہ شتاب
ای تقاضا گر درون ہمچون جنین	چون تقاضا میکنی اتمام این	اے تقاضا گر تقاضا باطنا	جو جنین کرتا ہے اسکے ختم کا
سہل کن راہ نما توفیق دہ	یا تقاضا را بہل بر ما منہ	سہل کر رستہ بتا توفیق دے	یا تقاضا چھوڑ مجھ پر مت رکھے
چون ز مفلس زر تقاضا میکنی	زر ببخشش در سرای شاہ غنی	جو تقاضا زر کا مفلس سے کرے	اے غنی زر بخش پوشیدہ آسے
بی تو نظم و قافیہ شام و سحر	زہرہ کی دارد کہ آید در نظر	قافیہ اور نظم صبح و شام کا	کسکو طاقت ہے ترے دیکھے بھلا
نظم و تجنیس و قوافی اے علیم	بندۂ امر تواند از ترس و بیم	قافیہ اور نظم و تجنیس اے علیم	بندے حکمی ہین ترے از راہ و بیم
چون مسبح کردۂ ہر چیز را	ذات بے تمیز و با تمیز را	تو نے تسبیح خوان کیا ہر چیز کو	ذات بے تمیز و با تمیز کو
ہر یکے تسبیح بر نوعے دگر	گوید و از حال آن این بیخبر	ہر کوئی تسبیح ہر اک طور پر	کہوئے اسکے حال سے وہ بیخبر
آدمی منکر ز تسبیح جماد	وان جماد اندر عبادت اوستاد	آدمی نے جانی تسبیح جماد	اس عبادت مین جمادات استاد
بلکہ ہفتاد و دو ملت ہر یکے	بیخبر از یکدگر اندر شکے	بل بہتر مذہبون سے اے نیک	بیخبر اک دوسرے سے ہے ہر ایک
چون دو ناطق را ز حال ہمدگر	نیست آگہ چون بود دیوار و در	جو کہ دو ناطق ہون باہم بیخبر	کیسے ہون آگاہ یہ دیوار و در
چون من از تسبیح ناطق غافلم	چون بداند سبحہ صامت دلم	بیخبر تسبیح ناطق سے مین ہون	کیسے تسبیح جمادون کو سنون
ہست سنی را یکے تسبیح خاص	ہست جبری را ضد آن در مناص	خاص تسبیح ایک بس سنی کی ہے	اور جبری اسکی ضد مین بس رکھے
سنی از تسبیح جبری بیخبر	جبری از تسبیح سنی بے اثر	جبری سنی کی نہ تسبیح سے خبر	سنی نہ جبری کی تسبیح سے خبر
این ہمی گوید کہ آن ضال است گم	بیخبر از حال او وز امر قم	کہیں انکو کہ وہ گمراہ ہیں	نے خبر وہ حال محشر سے رکھین
وان ہمی گوید کہ آنرا چہ خبر	جنگشان افگند یزدان از قدر	وہ کہین انکو کہ یہ ہین بیخبر	جنگ رکھی ہین حق نے سر بسر
گوہر ہر یک ہویدا میکند	جنس از ناجنس پیدا میکند	وہ گہر ہر ایک کا ظاہر کرے	جنس کو ناجنس سے ماہر کرے

سے اے تقاضا گر الخ ۹ شعر اے تقاضا کرنے والے تقاضا باطناً مانند جنین کے کرتا ہے اسکے ختم کا سہل کر راستہ بتا دو توفیق دے یا تقاضا چھوڑ او مجھ پر مت رکھ جو تقاضا زر کا مفلس سے کرے اے غنی زر بخش پوشیدہ اسکو قافیہ و نظم صبح و شام کا کس کو طاقت ہے کہ بغیر تیرے دیکھے قافیہ و نظم و تجنیس اے علیم تیرے بندے حکمی ہین از راہ خوف کے تو نے تسبیح خوان کیا ہر ایک چیز کو ذات بے تمیز و با تمیز کو ہر کوئی تسبیح ہر ایک طور پر کہے اور اس کے حال سے وہ بیخبر آدمی نہین جانتا ہے تسبیح جماد کو اور اس عبادت مین جماد استاد ہے بلکہ بہتر مذہبوں سے اے نیک بیخبر اس دوسرے سے ہر ایک ہے یعنے ہر ایک اپنی اپنی تسبیح کرتا ہے اور خود اس سے بیخبر ہے آدمی تسبیح کو نہین جانتا ہے جماد اس عبادت مین خود ایک استاد ہے آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲ سے جو کہ دو ناطق الخ ۷ شعر جب کہ دو ناطق باہم بیخبر ہون پس کیسے آگاہ ہون یہ دیوار و در بیخبر تسبیح ناطق سے مین ہون اس کس طرح تسبیح جمادون کو سنون ایک ایک تسبیح خاص سنی کی ہے اور اسکی ضد ایک جبری کی ہے جبری سنی کی تسبیح سے بیخبر اور سنی جبری کی تسبیح سے بیخبر یہ انکو کہین کہ وہ گمراہ ہین اور حال محشر سے خبر نہین رکھتے ہین وہ انکو کہین کہ یہ بیخبر ہین انہین جنگ حق نے رکھی ہے سر بسر وہ ہر ایک کا ظاہر گہر کرے جنس کو ناجنس سے ماہر کرے یعنے جبری سنیون کو برا جانین اور آنکے عیبون کو کھولین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲-

قہر را از لطف داند ہر کسے	خواہ نادان خواہ دانا یا خسے	قہر کو ہر ایک جانے لطف سے	خواہ دانا یا کوئی نادان ہے
لیک لطفے قہر در پنہان شدہ	یا کہ قہرے در دل لطف آمدہ	لطف مین پر قہر پنہان ہو گیا	قہر مین یا لطف پوشیدہ ہوا
کم کسے داند مگر ربانیے	کش بود در دل محک جانیے	کم ہوئی جانے مگر خاصان رب	ہے کسوٹی جان انکے دلمین اب
باقیان این دو گمانے می برند	سوی لانہ خود بیک پرمے پرند	باقی ان دو سے گمان کو رکھتے ہین	ایک پر سے آشیان کو جاتے ہین
علم را دو پر گمان را یک پرست	ناقص آمد ظن بہ پرواز ابترست	علم کے دو پر گمان کا ایک پر	ہے گمان ناقص اڑنے مین بتر

در بیان آنکہ علم را دو پر و گمان را یک پرست

بیان مین اسکے کہ علم کے دو پر اور گمان کا ایک پر ہے

مرغ یک پر زود افتد سرنگون	باز بر پر دو دو گامے یا فزون	مرغ اڑے اک پا سر کے بل گرے	دو قدم یا کچھ سوا جو پھر اڑے
می فتد می خیزد آن مرغ گمان	با یکے پر بر امید آشیان	اڑتا ہے گرتا ہے وہ مرغ گمان	ایک پر سے با امید آشیان
چون ز ظن وا رست علمش رو نمود	شد دو پر آن مرغ پر با واکشود	جو گمان سے چھوٹا علم اسکو ہوا	مرغ دو پر کا ہوا وہ اور اڑا
بعد ازان یمشی سویا مستقیم	نے علی وجہہ مکبا او سقیم	بعدہٗ یمشی سویا مستقیم	نے علی وجہہ مکبا یا سقیم
با دو پر بر مے پرد چون جبرئیل	بے گمان و بے مگر بے قال و قیل	ساتھ دو پر کے اڑے جون جبرئیل	بے گمان بے فکر اور بے قال و قیل
گر ہمہ عالم بگویندش توئی	بر رہ یزدان و دین مستوی	گر تمام عالم کہے اسکو تو ہے	راہ حق پر اور سچے دین پے
او نگردد گرم تر از گفت شان	جان طاق او نگردد جفت شان	انکے کہنے سے نہین خوشتر ہو وہ	جان طاق اسکی نہ انکی جفت ہو
در ہمہ گویند او را گمرہے	کوہ پنداری و تو برگ کہے	گر کہین سب اسکو تو گمراہ ہے	کوہ جانے خود کو تو اک کاہ ہے
او نیفتد در گمان از طعن شان	او نگردد دردمند از طعن شان	وہ طعنون سے گمانمین کب پڑے	اور ان طعنون سے رنجیدہ رہے
بلکہ گر دریا و کوہ آید بہ گفت	گویدش با گمرہی یاری جفت	بلکہ گر دریا و کوہ اسکو کہے	کہ تو گمراہی کا جفت اور یار ہے

سلہ قہر کو الخ ۵ شعر قہر کو لطف سے ہر ایک جانے خواہ دانا یا کوئی نادان ہے لطف مین قہر پوشیدہ ہو گیا اور قہر مین لطف چھپ گیا کوئی کم جانے مگر خاصان حق انکی جان کسوٹی ہے دل مین باقی ان دو سے گمان کو رکھتے ہین اور ایک پر سے آشیانہ کو جاتے ہین علم کے دو پر گمان کا ایک پر ہے گمان ناقص ہے اڑنے مین بدتر ہے یعنے گمان علم کے مقابل مین ناقص و بدتر ہے فافہم ۱۲۔

سلہ مرغ اڑے الخ ۹ شعر ایک پر کا مرغ اڑے اور سر کے بل گرے دو قدم یا کچھ سوا جو کہ پھر اڑے اڑتا ہے اور گرتا ہے وہ مرغ گمان ایک پر سے بامید آشیانہ کے جبکہ گمان سے چھوٹا و علم اسکو ملا مرغ دو پر کا ہوا اور اڑا ترجمہ بعدہ چلتا ہے برابر بقصود نہ منھ کے بل اوندھا گرتا ہے نہ بیمار ہے دو پر کے ساتھ اڑے مانند جبرئیل کے بگمان و بے فکر و بے قال و قیل کے اگر تمام عالم اسکو کہے کہ تو راہ خدا پر و سچے دین پر ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

سلہ انکے کہنے سے الخ ۹ شعر انکے کہنے سے وہ خوشتر نہین ہو جان طاق اسکی جفت انکی نہو اور اگر اسکو کہین کہ تو گمراہ ہے خود کو کوہ جانے اور تو ایک کاہ ہے ولیکن وہ طعنون سے کب گمان مین پڑے اور ان طعنون سے کب رنجیدہ رہے بلکہ اگر دریا و کوہ اسکو کہو وے کہ تو گمراہی کا جفت اور یار ہے ایک ذرہ خیالون مین نہ پڑے وہ حالی پر مطمئن . وہ فارغ رہے یعنے اگر تمام عالم اسکو برا کہے وہ ایک ذرہ خیالون مین نہ پڑے جیسے معلم لڑکون کے کہنے سے بسبب خیال کے بیمار بنا چنانچہ اسکا قصہ آگے مثال مین فرماتے ہین فافہم ۱۲۔

ہیچ یک ذرہ نیفتد در خیال | مطمئن و موقن و بے احتیال

ایک ذرہ نے خیالوں میں پڑے | حال سے وہ مطمئن قانع رہے

رنجور شدن آدمی بوہم تعظیم خلق و رغبت مشتریان بوے وحکایت معلم کودکان

بیمار ہونا آدمی کا اوپر تعظیم خلق کے اور رغبت مشتریوں کی ساتھ اُسکے اور حکایت لڑکوں کی معلم کی

کودکان مکتبے از اوستاد | رنج دیدند از ملال و اجتہاد
مشورت کردند در تعویق کار | تا معلم در فتد در اضطرار
چون نمی آید ورا رنجوریے | کہ بگیرد چند روز او دورئے
تا رہیم از حبس و از تنگی کار | ہست او چون کوہ خارا برقرار
آن یکی زیرک ترین تدبیر کرد | کہ بگوید اوستا چونی تو زرد
خیر باشد رنگ تو برجا نیست | این اثر یا از ہوا یا از تپی ست
اندکے اندر خیال افتد ازین | تو برادر ہم مدد کن این چنین
چون در آئی از در مکتب بگو | خیر باشد اوستا احوال تو
آن خیالش اندکے افزون شود | کز خیال عاقلے مجنون بود
آن سوم وان چارم و پنجم چنین | در پے ما غم نمایند و چنین
تا چو سی کودک تواتر این خبر | متفق گویند یابد مستقر
ہر یکے گفتش کہ شاباش اے ذکی | باد بختت بر عنایت متکی
متفق گشتند در عہد وثیق | تا نہ گرداند سخن را یک رفیق
بعد ازان سوگند داد او جملہ را | تا کہ غمازے نہ گوید ماجرا

لڑکے[1] اک مکتب کے بس اُستاد سے | رنج پاتے تھے جو کوشش تھی اُسے
مشورت کی اپنی فرصت کے لئے | تا مرض میں یہ معلم بس پڑے
کیوں نہیں آتا مرض اب اسکو ہی | چند مدت تا ہمیں فرصت ملے
تا رہائی ہووے ہمکو قید سے | جو وہ قائم ہے مثال کوہ کے
اُنمیں اک زیرک نے یہ تدبیر کی | کہ کہو اُستاد کیا حالت تری
خیر ہے کیوں رنگ تیرا زرد ہے | یا ہوا کا ہے اثر یا تپ تجھے
کچھ[2] خیال اس سے ہو تھوڑا سا اُسے | تم مدد اُنمیں کرو اس طور سے
جو کہ مکتب میں گھسو تم یہ کہو | خیر ہے اُستاد اب تم کیسے ہو
وہ خیال اُسکا ذرا افزوں ہو | کیونکہ عاقل فکر سے مجنوں ہو
تیسرا چوتھا ویسے پانچواں | میرے پیچھے غم کرے اُسکا عیاں
تیس لڑکوں تک تواتر یہ خبر | متفق کہویں ہو قائم مستقر
بس کہا ہر اک نے شاباش اے ذکی | بخت ہو بیدار تیرا اے اخی
ہو گئے سب متفق اس عہد پے | کہ نہ پھیرے بات کوئی آپ سے
بعدہ اُسنے قسم بس سب کو دی | تا نہ غمازی کرے اُسکی کوئی

[1] لڑکے الخ، شعر لڑکے ایک مکتب کے اُستاد سے رنج پاتے تھے جو کہ اُسکو کوشش تھی مشورہ کیا اپنی فرصت کے لئے تاکہ یہ معلم مرض میں پڑے اسکو مرض کیوں نہیں آتا ہے تاکہ چند مدت ہم کو فرصت ملے تاکہ ہم کو رہائی ہووے قید سے جو کہ وہ قائم ہے مثل کوہ کے ایک زیرک نے اُن میں یہ تدبیر کی کہ اُستاد کو کہا کیا حالت ہے تیری خیر ہے تیرا کیوں رنگ زرد ہے یا ہوا کا اثر ہے یا تجکو تپ ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

[2] کچھ خیال الخ، شعر کچھ خیال کتھوڑا سا اُسکو ہو امداد اُنمیں اس طور سے کرو کہ جو تم مکتب میں گھسو یہ کہو خیر ہے اُستاد آپ کیسے ہیں وہ خیال اُسکا ذرا زیادہ ہو کیونکہ عقلمند خیال سے مجنون ہو تیسرا چوتھا ایسے ہی پانچواں میرے پیچھے اُسکا غم عیان کرے تیس لڑکوں تک تواتر یہ خبر متفق کہہ دیں تو زیادہ قائم ہووے پس ہر ایک نے کہا شاباش اے ذکی بخت تیرا بیدار رہو اے اخی سب متفق ہوگئے اس عہد پر کہ آپ سے کوئی بات نہ پھیرے بعدہ اُسنے سب کو قسم دی تاکہ غمازی کوئی اُنکی نہ کرے آگے فرق عقلوں کا بیان ہے فافہم ۱۲۔

بیان آنکه عقول خلق متفاوت ست در اصل فطرت و نزد معتزله متساویست و تفاوت عقول از تحصیل علم ست

بیان اسکا کہ مخلوق کی عقلوں مین فرق ہے اصل پیدائش سے اور معتزلہ کے نزدیک برابر ہے مگر فرق عقلوں مین تحصیل علم سے ہے

رای آن کودک بچربید از همه	عقل او در پیش میرفت از رمه	رای تھا لڑکے کی سب پر غالب ہوئی	عقل اسکی سب پہ سبقت لے گئی
آن تفاوت هست در عقل بشر	در میان شاهدان اندر صور	بس تفاوت عقل کا فطرت مین ہے	شاہدون کی جسطرح صورت مین ہے
زین قبل فرمود احمد در مقال	در زبان پنهان بود حسن رجال	اس قسم سے مصطفےٰ نے بھی کہا	حسن انسان کا زبان مین ہے چھپا
اختلاف عقلها در اصل بود	بر وفاق سنیان باید شنود	اصل مین کل اختلاف عقلون کا ہے	یہ مقولہ سنیون کا جان لے
برخلاف قول اهل اعتزال	که عقول از اصل دارند اعتدال	معتزل ہین برخلاف اس عقل مین	کہ برابر عقل ہے سب اصل مین
تجربه و تعلیم بیش و کم کند	تا یکی را از یکی اعلم کند	تجربہ تعلیم زیادہ کم کرے	تاکہ اک کو ایک سے اعلم کرے
باطل ست این زانکه رای کودکی	که ندارد تجربه در مسلکی	اس سے باطل یہ مقولہ ہو گیا	طفل کی رائے نہ رکھے تجربا
بگذرد ز اندیشهٔ مردان کار	عاجز آید کارشان در مضمار	آزمودون کی وہ گذرے فکر سے	کام انکا رنج سے عاجز کرے
بردمید اندیشهٔ زان طفل خرد	پیر با صد تجربه بوئے نبرد	طفل سے اندیشہ وہ پیدا کرے	کہ نہ بوڑھے کو پتا اسکا لگے
خود فزون آن به که آن فطرت ست	تا ز افزونی که جهد فکرت ست	برتری بہتر جو پیدائش سے ہے	اس فزونی سے کہ جو کوشش سے ہے
تو بگو داده خدا بهتر بود	یا که لنگی راهوارانه رود	تو کہو بہتر خدا کی دین ہے	یا کہ لنگڑا اسپ جو رستہ چلے

در وهم افگندن کودکان استاد را به مکر

وہم مین ڈالنا لڑکون کا اُستاد کو ساتھ مکر کے

روز گشته آمدند آن کودکان	بر همین فکرت بمکتب شادمان	دن ہوا تو آئے سب اس فکر مین	سوے مکتب طفل خوش ہوتے ہوئے

سلہ رائے غالب۔ یہ ۱۱ شعر اس غالب سب پر لڑکے کی ہوئی اور عقل اُسکی سب پر سبقت لے گئی آگے حقائق لکھے ہین پس عقل کا تفاوت فطرت مین ہے جس طرح شاہدون کی صورت مین ہے اُسی قسم سے مصطفےٰ صلعم نے بھی فرمایا ہے کہ حسن انسان مین پوشیدہ ہے اصل مین اختلاف کل عقلون کا ہے یہ مقولہ سنیون کا جان لے اور معتزلہ برخلاف اس عقل مین ہین تجربہ و تعلیم کم و زیادہ کرے تاکہ ایک کو ایک سے اعلم کرے اس سے یہ مقولہ باطل ہو گیا کہ رائے طفل کی کہ تجربہ نہین رکھتی ہے آزمودون کی وہ فکر سے گذرے اُسکا کام رنج سے عاجز کرے وہ اندیشہ طفل سے پیدا ہو کہ بوڑھون کو پتا اُسکا نہ لگے یعنے اہل سنت جماعت کہتے ہین کہ عقلین اصل مین تفاوت رکھتی ہین بموجب حدیث نبوی کے اور معتزلہ کہتے ہین کہ عقلین اصل مین برابر ہین اگر تجربہ و تعلیم سے کم یا زیادہ ہوتی ہین اس سے ثابت ہوا قول اہل سنت و جماعت کا کہ لڑکون کو تجربہ نہین ہوا ہے پس اُنکی عقل اُستاد پر کیون غالب آئی پس برتری و بہتری پیدائش سے ہے اُس زیادتی سے جو کہ کوشش سے ہے تو کہو خدا کی بخشش بہتر ہے یا کہ لنگڑا اسپ راہ چلے آگے حال لڑکون کا ہے فافہم ۱۲۔

سلہ دن ہوا الخ ۵ شعر دن ہوا تو سب اس فکر پر آئے طرف مکتب کے خوش ہوئے سب باہر کھڑے رہے منتظر کہ اندر وہ یار معتبر آئے آگے حقائق ہین چونکہ وہ سرچشمہ رائے کا ہو کیونکہ پانون کا سر ہمیشہ پیشوا ہے اُسکے مقلد تو پیشوا اُسکا مت ہو جو نور فلک سے چشمہ ہوا آگے رجوع بقصہ وہ آیا اور اُستاد کو اُسنے سلام کیا کہا خیر ہے کیون زرد رو تیرا ہوا اُستاد نے کہا مین بیمار نہین ہون تو جا بیٹھ اور مت کہہ اس سے سوا نفی کی ولیکن وہم کا اک غبار اُسکے دل مین ذرا پڑ گیا دوسرا لڑکا آیا اور وہی اُسنے کہا اُسکا وہم اور تھوڑا سا بڑھ گیا اسی طرح وہم بڑھتا گیا یہان تک کہ وہ اپنے حال مین پھنس گیا باقی حال اُسکا آگے ہے فافہم ۱۲۔

جملہ اُستادند بیرون منتظر	تا درآید از در آن یار مُصر	سب کھڑے باہر رہے بس منتظر	تاکہ اندر آئے وہ یار مُصر
زانکہ منبع او بدست این رای را	سر امام آمد ہمیشہ پائے را	جو وہ سرچشمہ ہوا اس رائے کا	پاؤن کا سر ہے ہمیشہ پیشوا
ای مقلد تو مجو بیشے بر آن	کو بود منبع ز نور آسمان	ای مقلد مت ہو اُس کا پیشوا	جو فلک کے نور سے چشمہ ہوا
او درآمد گفت اُستا را سلام	خیر باشد رنگ رویت زرد فام	آیا اُستا کو سلام اُس نے کیا	خیر ہے کیون زرد رو تیرا ہوا
گفت اُستا نیست رنجے مر مرا	تو برو بنشین مگو یاوہ ہلا	بولا اُستا مین نہین بیمار ہون	جا تو بیٹھ اور مت بک اس سے فزون
نفی کرد اما غبار وہم بد	اندکے اندر دل ناگاہ زد	کی نفی لیکن غبار اک وہم کا	اُسکے دلمین بس ذرا سا پڑ گیا
اندر آمد دیگرے گفت اینچنین	اندکے آن وہم افزون شد برین	دوسرا آیا وہی اُس نے کہا	وہم اُسکا اور تھوڑا سا بڑھا
ہمچنین تا وہم او قوت گرفت	ماند اندر حال خود بس در شگفت	وہم اُسکا اس طرح بڑھتا گیا	یان تلک وہ حال مین اپنے پھنسا

رنجور شدن فرعون بہ وہم از تعظیم خلقان | بیمار ہونا فرعون کا بسبب وہم تعظیم مخلوق کے

سجدۂ خلق از زن و از طفل و مرد	زد دل فرعون را رنجور کرد	سلہ مرد و زن کے سجدہ کرنے نے کیا	جلد تر بیمار دل فرعون کا
گفتن ہر یک خداوند و ملک	آنچنان کردش ز وہمی منہتک	سب کے کہنے سے خداوند و شہا	ایسا اُسکو وہم سے رسوا کیا
کہ بدعوی الٰہی شد دلیر	اژدہا گشت و نمی شد ہیچ سیر	کہ ہوا دعوی خدائی سے دلیر	اژدہا تھا وہ نہین ہوتا تھا سیر
عقل جزوی آفتش وہمست و ظن	زانکہ در ظلمات شد او را وطن	عقل جزوی اُسکو ہے وہم و گمان	کیونکہ تاریکی مین ہے اُسکا مکان
بر زمین گر نیم گز راہے بود	آدمی بے وہم ایمن می رود	گر زمین پر آدھ گز اک راہ ہے	آدمی بے وہم و خوف اُسپر چلے
بر سر دیوار عالی گر روے	گر دو گز عرضش بود کژ میشوی	اونچی گر دیوار پر بس جاے تو	ہو عرض دو گز ہو مگر جھک جائے تو
بلکہ می افتی ز لرز دل بوہم	ترس وہمے را نکو بنگر بفہم	بل پڑے تو لرز دل سے وہم مین	وہم کو ڈر دیکھ لا تو فہم مین

رنجور شدن اُستاد معلم بہ وہم و خیال | بیمار ہو جانا اُستاد معلم کا بسبب وہم و خیال کے

گشت اُستا سخت سست از وہم و بیم	بر جہید و می کشانید او گلیم	سلہ بس پریشان وہم سے اُستا ہوا	اُڑھا کمل اور وہان سے وہ اُٹھا

سلہ مرد و زن الخ، شعر سجدہ کرنے نے مرد و زن کے کیا جلد تر فرعون کا دل بیمار سب کے کہنے نے خداوند و شاہ اُسکو وہم سے ایسا بیمار کیا کہ دعوی خدائی سے دلیر ہوا اژدہا تھا کہ وہ اسیر نہین ہوتا تھا آگے حقائق ہین عقل جزوی اُسکو وہم و گمان ہے کیونکہ تاریکی مین اُسکا مکان ہے اگر زمین پر آدھ گز راہ ہے آدمی بے وہم و خوف اُسپر چلے اگر بلند دیوار پر تو جائے تو لرز دل سے وہم مین پڑے وہم دوڑ کو دیکھ اور فہم مین لا یعنے عقل جزوی کے سبب سے تو وہم و گمان مین نہ پڑے کیونکہ دل تو تاریکی رکھتا ہے اور جنکا دل روشن ہے وہ مقام یقین مین رہتے ہین آگے اُستاد کا حال ہے فافہم ۱۲ سلہ بس پریشان الخ ہ شعر بس اُستاد وہم سے پریشان ہوا اور کمل اوڑھا اور وہان سے اُٹھا عورت پر غصہ ہوا کہ بیوفا نے اول حال نہ میرا پوچھا نہ خبر مجکو کی میرے رنگ سے اور وہ چھوٹے کاہے مجھے ننگ سے وہ اپنے جلوۂ حسن مین مست ہے اور تیز میری بیماری کہنے سے آیا اور وہ دروازہ خشم سے کھولا اور لڑکے سب پیچھے معے اُستاد کے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

خشمگین با زن که مهر اوست سست / من بدین حالم نپرسید او نخست
خود مرا آگه نکرد از رنگ من / قصد دارد تا رهد از ننگ من
او بحسن و جلوهٔ خود مست گشت / بیخبر کز بام من افتاد طشت
آمد و در را به تندی برگشاد / کودکان اندر پی آن اوستاد
گفت زن خیرست چون زود آمدی / که مبادا ذات نیکت را بدی
گفت کوری رنگ و حال من ببین / از غم بیگانگان اندر حنین
تو درون خانه از بغض و نفاق / می نه بینی حال من در احتراق
گفت زن ای خواجه عیبی نیستت / وهم و ظن و لاش بی معنیستت
گفت ای غر تو هنوزی در لجاج / می نه بینی در تغیر و ارتجاج
گر تو کور و کر شدے مارا چه جرم / ما درین رنجیم و در اندوه و گرم
گفت اے خواجه بیارم آئینه / تا بدانی که ندارم من گنه
گفت رو رو چه تو چه آئینه ات / دائما در بغض و کینے و عنت
جامهٔ خواب مرا زو گستران / تا بخسپم که سر من شد گران
زن توقف کرد مردش بانگ زد / کای عدو زوتر ترا این می سزد

غصہ عورت پر ہوا کہ بے وفا / پہلے حال اُسکے نہ پوچھا یہ مرا
نہ خبر کی مجھکو میرے رنگ سے / ہی ارادہ چھوٹے میری ننگ سے
اپنے جلوہ حسن مین وہ مست ہی / بیخبر گرنے سے بیماری مرے
آیا اور دروازہ کھولا خشم سے / لڑکے سب پیچھے تھے اُس استاد کے
[۱]بولی عورت خیر ہی جلد آئی کیون / کہ طبیعت کیا ہوئی تیری زبون
بولا اندھی دیکھ میرا رنگ و حال / دوسرون کے غم مین رکھتی ہی ملال
گھر مین اب بغض و نفاق اپنے سے تو / دیکھتی کب میرے ابتر حال کو
بولی عورت کچھ نہ بیماری تجھے / ہی گمان و وہم بے معنی تجھے
بولا قحبہ ہے تجھے پرخاش ابھی / نے تغیر دیکھے نہ لرزہ کو بھی
[۲]تو ہے اندھی بہری میرا کیا گناہ / مین رکھون یہ رنج و غم و درد و آہ
بولی ای خواجہ مین لاؤن آئینہ / تاکہ جانے تو کہ میرا کیا گنہ
بولا جا جا کیا تو اور کیا آئینہ / بغض و کینہ مین سدا تو مبتلا
جا بچھا دے تو مرا اب بسترا / تاکہ مین سوؤن ہی بھاری سر مرا
ٹھہری عورت مرد نے اس سے کہا / دیر مت کر جلد لا تو بسترا

و جامۂ خواب افگندن اُستاد و نالیدن او بوہم رنجوری

لیٹ جانا بستر پر اُستاد کا اور رونا اسکا وہم بیماری سے

جامه خواب آورد و گسترد آن عجوز / گفت امکان نه و باطن پر ز سوز
گر بگویم متهم دارد مرا / ور نگویم جد شود این ماجرا

[۳]لاکے بستر کو بچھایا اُسنے پر / یہ نہین سکتی وہ باطن پر شرر
گر کہون مین متہم مجھکو کرے / چپ جو رہون ماجرا بالکل بڑھے

سلہ بولی الخ ۵ شعر عورت نے کہا خیر ہے جلد آئیے کیون کہ طبیعت بیمار تیری کیا ہوئی کہا کہ اندھی دیکھ میرا رنگ حال دوسرون کے غم مین ملال رکھتی ہے تو گھر مین اپنے بغض و نفاق سے میرے ابتر حال کو کب دیکھتی ہے عورت نے کہا کہ کچھ بیماری تجھکو نہین ہے تجھکو گمان بیہودہ ہے کہا اے قحبہ ابھی تجھکو پرخاش ہی نہ تغیر و لرزہ کو دیکھتی ہی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔
سٹہ تو ہے الخ ۵ شعر تو اندھی و بہری ہے میرا کیا گناہ ہے مین رکھتا ہون یہ رنج و درد و غم و آہ عورت نے کہا کہ اے خواجہ مین آئینہ لاؤن تاکہ تو جانے کہ میرا کچھ گناہ نہین ہے کہا کہ جا جا تو کیا تیرا آئینہ کیا و بغض و کینہ مین تو سدا مبتلا ہے تو جا بچھا دے بستر تاکہ مین سوؤن میرا بھاری سر ہے عورت ٹھہری مرد نے اُس سے کہا دیر مت کر جلد تو بستر لا۔ باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔
سٹہ لاکے الخ ۲ شعر بستر لاکر اُس نے بچھا دیا و لیکن کہہ نہین سکتی تھی و باطن پر شرر تھا اگر مین کہون وہ مجکو متہم کرے اور اگر چپ رہون بالکل ماجرا بڑھے آگے متعلق اسکے ہین فافہم ۱۲۔

فال بد رنجور گرداند ہمے　　آدمی را کہ نبودستش غمے
قول پیغمبر قبولہ یفرض　　ان تمارضتم لدینا تمرضوا
گر بگویم او خیالے بد زند　　فعل دار وزن کہ خلوت میکند
مر مرا از خانہ بیرون مے کند　　بہر فسقے فعل افسون میکند
جامہ خواب افگند استاد و فتاد　　آہ آہ و نالہ از وے می بزاد
کودکان آنجا نشستند و نہان　　درس میخواندند با صد اندہان
کاین ہمہ کردیم و ما زندانیم　　بد بنائے بود و ما بد بانی ایم
ہین دگر اندیشۂ باید نمود　　تا ازین محنت فرج یابیم زود

فال ہے بد بیمار انسان کو کرے　　کہ تدارک کچھ نہ اسکا ہو سکے
قول پیغمبر کو مانو یفرض　　ان تمارضتم لدینا تمرضوا
گر کہون مین بد خیال آوے اُسے　　کوئی مطلب ہے کہ جو خلوت چہتی ہے
گھر سے باہر وہ نکالے بس مجھے　　فسق کو یہ مکر و افسون کرتی ہے
اُسنے لاکر کے بچھایا بسترا　　لیٹا اُستاد آہ و نالہ کرتا تھا
لڑکے اس جا آن کر بیٹھے نہان　　درس کرتے تھے مگر غمگین وہان
ہمنے سب کچھ یہ کیا پر قید ہین　　یہ بنا ہم نے بُری کی کیا کرین
دوسری تدبیر کرنا چاہیے　　تا کہ اس محنت سے بس فرصت ملے

دوم بار در وہم افگندن اُستاد را کہ ما را از قرآن خواندن صداع آید و در دسر افزاید

دوبارہ وہم مین ڈالنا اُستاد کو کہ اُسکو قرآن پڑھنے سے درد سر زیادہ ہو۔

گفت آن کودک کہ ای قوم پسند　　درس خوانید و کنید آواز بلند
چون ہمی خوانند گفتای کودکان　　بانگ ما استاد را دارد زیان
درد سر افزایدِ استا را ز بانگ　　ارزد این کو درد یابد بہر دانگ
گفت استا راست میگوید روید　　درد سر افزون شد بیرون روید
سجدہ کردند و بگفتند اے کریم　　دور بادا از تو رنجوری و بیم
پس برون جستند سوی خانہا　　ہمچو مرغان در ہوائے دانہا

بولا وہ لڑکا کہ اے قوم پسند[۲]　　اب پڑھو قرآن باآواز بلند
جو پڑھا بولا اے لڑکو اوستا　　اس صدا سے پاتا ہے نقصان سوا
درد سر اُستا کو ہو آواز سے　　کب ہے لائق زر کی خاطر درد دے
بولا اُستا سچ تو کہتا ہے بھلا　　جاؤ تم اب درد سر افزون ہوا
پس کیا سجدہ و بولے ای کریم　　دور تجھ سے ہو یہ تیرا رنج و بیم
پس گئے وہ گھر کی جانب اُڑ اُڑ کے　　جس طرح دانہ پہ جاتا مرغ ہے

سلہ فال بد الخ یہ شعر فال بد انسان کو بیمار کرے کہ اُسکا روک کچھ نہو سکے قول پیغمبر کا مانو فرض ہے ترجمہ اگر مرض کو اپنے اوپر رکھو گے مریض ہو جاؤ گے آگے رجوع بقصہ ہے اگر مین کہون تو اُسے خیال بد آئے کہ کوئی مطلب ہے جو خلوت چاہتی ہے وہ گھر سے باہر نکالے مجھے فسق کو یہ مکر و افسون کرتی ہے اُسنے لاکر بستر بچھایا اُستاد لیٹا اور آہ و نالہ کرتا تھا لڑکے اُس جگہ آکر پوشیدہ بیٹھے اور درس کرتے تھے مگر غمگین تھے ہمنے یہ سب کچھ کیا و لیکن قید ہین یہ بنا بُری کی اب کیا کرین اب دوسری تدبیر کرنا چاہیے تا کہ اس محنت سے فرصت ملے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

سلہ بولا الخ یہ شعر اس لڑکے نے کہا کہ اے قوم پسند اب قرآن پڑھو آواز بلند سے جو پڑھا کہا کہ اے لڑکو اُستاد اس صدا سے نقصان پاتا ہے سوا درد سر اُستاد کو ہو آواز سے لائق کب ہے کہ زر کی خاطر درد دے کہا اُستاد نے کہ تو سچ کہتا ہے جاؤ تم اب درد سر زیادہ ہوا پس سجدہ کیا اور کہا کہ اے کریم تجھ سے دور ہو یہ رنج و خوف پس وہان سے وہ گھر کو اُڑے جس طرح مرغ دانہ پہ جاتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

خلاصی کودکان از مکتب بدین مکر و سوال مادران از ایشان

مادران شان خشمگین گشتند و گفت   روز کتاب و شما با لہو جفت
وقت تحصیل ست اکنون و شما   میگریزید از کتاب و اوستا
عذر آوردند کای مادر بالیست   این گناه از ما و از تقصیر نیست
از قضای آسمان استاد ما   گشت رنجور و سقیم و مبتلا
مادران گفتند مکرست و دروغ   صد دروغ آرید بہر طمع دوغ
ما صباح آییم پیش اوستا   تا ببینیم اصل این مکر شما
کودکان گفتند بسم اللہ روید   بر دروغ و صدق ما واقف شوید

رہائی پانا لڑکون کا مکتب سے ساتھ اس مکر کے اور سوال کرنا ماؤن کا اُن سے

سلہ غصہ ہو کر انکی ماؤن نے کہا   کھیلتے ہو کیون نہین تمنے پڑھا
وقت تحصیل علوم اب کس لیئے   بھاگتے ہو تم کتاب استاد سے
عذر لائے کہ ای مان تو مت کہی   یہ گنہ ہم سے نہ اور تقصیر ہے
کہ قضائے آسمان سے اوستا   ہو گیا بیمار اور وہ مبتلا
بولین مائین جھوٹ ہے اور مکر ہے   حیلے سوہین کھیلنے کیواسطے
صبح کو ہم پاس استاد کے چلین   اصل کو اس مکر کے ہم دیکھ لین
بولے سب لڑکے کہ بسم اللہ چلو   جھوٹ سچ کو تم ہمارے جان لو

بعیادت رفتن مادران علی الصباح معلم فرزندان را

بامدادان آمدند آن مادران   خفتہ استا ہمچو بیمار گران
ہم عرق کردہ ز بسیاری لحاف   سر ببستہ رو کشیدہ در سجاف
آہ آہی میکند آہستہ او   جملگان گشتند ہم لاحول گو
خیر باشد اوستاد این درد سر   جان تو ما را نبودہ زین خبر
گفت من ہم بیخبر بودم ازان   آگہم کردند این مادر غران
من بدم غافل بشغل قال و قیل   بود در باطن چنین رنجی ثقیل
چون بجد مشغول باشد آدمی   او ز دید رنج خود باشد عمی
از زنان مصر یوسف شد سمر   جملہ از مشغولی خود بیخبر

عیادت کو جانا ماؤنکا معلم فرزندون کے پاس صبح کو

سلہ صبح کو مائین گئین تو اوستاد   مثل بیمارون کے تھا سویا ہوا
تھا لحافون سے پسینہ بس آ رہے   منہ چھپایا سر کو باندھا درد سے
کرتا تھا بس آہ آہ آہستہ وہ   سنتے بس اُس دم پڑھا لاحول کو
سلہ خیر ہے اُستاد نے ہمکو خبر   جان تیری کو ہوا یہ درد سر
بولا مین بھی بیخبر بس اس سے تھا   قحبہ زادون نے مجھے آگہ کیا
شغل قال و قیل مین غافل مین تھا   رنج ایسا بس مرے باطن مین تھا
آدمی مشغول جو کوشش مین ہو   دیکھنے سے رنج کے اندھا ہو وہ
عورتون سے مصر کے یوسف نشان   اپنی مشغولی سے وہ سب بیخبر

سلہ غصہ الخ، شعر انکی ماؤن نے غصہ ہو کر کہا کہ کیون کھیلتے ہو تم نے نہین پڑھا وقت تحصیل علوم، اب کس لئے تم بھاگتے ہو کتاب و استاد سے عذر کیا کہ ای مان تو مت کہے یہ گناہ ہم سے نہین ہے بلکہ قضائے آسمان سے اُستاد بیمار ہو گیا اور مبتلا ماؤن نے کہا کہ جھوٹ ہے اور مکر ہے سوجھتا ہے کھیلنے کے لئے ہم صبح کو اُستاد کے پاس جائین اور اس مکر کی اصل کو ہم دیکھ لین لڑکون نے کہا کہ بسم اللہ تم چلو اور جھوٹ سچ کو تم ہمارے جان لو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ صبح کو ۲ شعر صبح کو مائین گئین تو استاد بیمار کے مانند سویا ہوا تھا لحاف سے اسکو پسینا تھا منہ چھپایا تھا اور سر کو درد سے باندھا تھا وہ آہستہ آہستہ آہ آہ کرتا تھا سب نے اسوقت لاحول کو پڑھا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ خیر ہے الخ شعر خیر ہے اُستاد ہمکو خبر نہین کہ تیری جان کو یہ درد سر ہوا کہا کہ مین بھی بیخبر اس سے تھا قحبہ زادون نے مجھے آگاہ کیا مین شغل قال و قیل مین غافل اور ایسا رنج میرے باطن مین تھا آگے حقائق لکھے ہین جو آدمی مشغول کوشش مین ہو وہ رنج کے دیکھنے سے اندھا ہو جائے اسکی مثال ہے یوسف عم مصر کے عورتون سے مشہور اور وہ سب اپنے مشغولی سے بیخبر باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

پارہ پارہ کردہ ساعدہای خویش — روح والا کو نہ پس داند نہ پیش
ای بسا مرد شجاع اندر حراب — کہ ببُرد دست یا پایش ضراب
او ہمہ دست آورد در گیر و دار — بر گمان آنکہ ہست او برقرار
خود نہ بیند دست رفتہ در ضرر — خون ازو بسیار رفتہ بے خبر

ٹکڑے ٹکڑے ہاتھ اپنے کو کیا[1] — روح والا پیش و پس نے جانتا
ای بہت مرد قوی کے جنگ مین — ہاتھ پانون ضرب سے بس کٹتے ہین
وہ انھین ہاتھون سے حربہ کرتے ہین — اس گمان پر کہ درستی رکھتے ہین
دیکھتے ہین نہ کٹے ہاتھ اپنے پر — خون جاتا ہی بہت وہ بے خبر

در بیان آنکہ تن روح را چون لباسی ست و این دست آستین دست روح ست و این پاے موزہ پاے روح

بیان مین اُسکے کہ بدن روح کو مانند لباس کے ہے اور یہ ہاتھ آستین روح کی ہے اور یہ پانون موزہ روح کے پانون کا ہے

تا بدانی کہ تن آمد چون لبیس — رو بجو لابس لباسے را ملیس
روح را توحید اللہ خوشتر ست — غیر ظاہر دست و پاے دیگر ست
دست و پا در خواب بینی ایتلاف — آن حقیقت دان مدانش از گزاف
آن تویی کہ بے بدن داری بدن — پس مترس از جسم جان بیرون شدن
روح دارد بے بدن بس کاروبار — مرغ باشد در قفس بس بے قرار
باش تا مرغ از قفس آید برون — تا ببینی ہفت چرخ او را زبون
یک حکایت گویمت گر بشنوی — در حقیقت بر حقیقت بگروی

جونسا لباس آیا بدن مین ڈھونڈھ تو[2] — پہننے والے کو نے ملبوس کو
روح کو توحید حق ہے خوشنما — ہاتھ پانون اور ہین انکے سوا
ہاتھ پانون خواب مین دیکھے ملا — وہ حقیقت جان تو نے جھوٹ لا
بے بدن کے ہی بدن وہ تو ہی ہے[3] — جان تن سے جانے سے تیری مت ڈر کہ
بے بدن کے جان کرتی ہی کاروبار — مرغ ہوتا ہی قفس مین بے قرار
ٹھہر تا باہر قفس سے مرغ ہو — پہونچ جانے ساتھ افلاک کو دو
اک حکایت کہتا ہون گر تو سنے — تا حقیقت کا تو گرویدہ رہے

حکایت آن درویش کہ در کوہ خلوت کردہ بود و بیان حلاوت انقطاع و خلوت و داخل شدن درین منقبت

حکایت اُس درویش کی کہ پہاڑ مین خلوت اختیار کی تھی اور بیان لذت قطع تعلقات اور داخل ہونا اس منقبت مین

[1] ٹکڑے ٹکڑے الخ یہ شعر ہاتھ کو ٹکڑے ٹکڑے کیا روح والا پیش و پس نہین جانتی ہین ای بہت مرد بہادر کے جنگ مین ہاتھ پانون کٹتے ہین ضرب سے وہ انھین ہاتھون سے حربہ کرتے ہین اس گمان پر کہ درستی رکھتے ہین اپنے ہاتھ کٹے نہین دیکھتے ولیکن خون بہت رہتا ہی اور وہ بیخبر ہین یعنے انسان حالت مشغولی خود سے بیخبر ہوتا ہے گو کہ جسم کٹے روح کو اس سے کچھ خبر نہین ہوتی ہے چنانچہ آگے جان و تن کا حال مثال مین فرماتے ہین فافہم ۱۲ [2] جون لباس الخ یہ شعر مانند لباس کے بدن آیا تو ڈھونڈھ پہننے والے کو نہ ملبوس کو روح کو توحید حق کی خوشنما ہے اور ہاتھ پانون روح کے اور ہین انکے سوا ہاتھ پانون خواب مین تو نے دیکھے وہ حقیقت تو جان جھوٹ نہین ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [3] بے بدن الخ یہ شعر بے بدن کے ایک بدن ہے وہ تو ہی ہے جان تیرے تن سے جانے تو مت ڈر بے بغیر بدن کے جان کاروبار کرے مرغ قفس مین بیقرار ہوتا ہے تو ٹھہر کہ مرغ قفس سے باہر ہو اور سات افلاک کو وہ پہونچ جانے مین ایک حکایت کہتا ہون اگر تو سنے تا حقیقت مین گرویدہ رہے یعنے اس جسم کے سوا اللہ ایک جسم نورانی ہے کہ وہ بغیر اس جسم عنصری کے کام کرتا ہی اور افلاک سے بڑھ کر جاتا ہے یہ تو حکایت سن کر تو راغب حقیقت کا ہووے چنانچہ وہ حکایت آگے ہے فافہم ۔

که انا جلیس من ذکرنی وانیس من استانس بی
گر با همه‌ای چو بی منی بی همه‌ای ور بی همه‌ای چو با منی با همه‌ای

که انا جلیس من ذکرنی وانیس من استانس بی
گر با همه‌ای چو بی منی بی همه‌ای ور بی همه‌ای چو با منی با همه‌ای

بود درویشی بکهسارے مقیم | خلوت او را بود همخواب و ندیم
چون ز خالق میرسید او را شمول | بود از انفاس مرد و زن ملول
همچنان که سهل شد ما را حضر | سهل شد قومی دیگر را سفر
آنچنان که عاشقی بر سروری | عاشق ست آن خواجه بر آهنگری
هر کسے را بهر کارے ساختند | میل آن را در دلش انداختند
دست و پا بے میل جنبان کے شود | خار و خس بے آب و بادی کے رود
گر بہ بینی میل خود سوے سما | پر دولت بر گشا همچون هما
ور بہ بینی میل خود سوی زمین | نوحه میکن هیچ منشین از حنین
عاقلان خود نوحها پیشین کنند | جاہلان آخر بسر برمے زنند
ز ابتداے کار آخر را ببین | تا نباشی تو پشیمان یوم دین

[۱] کوہ مین درویش اک بس تھا مقیم | اسکی ہمصحبت تھی خلوت اور ندیم
جو کہ تھا اللہ سے اسکو وصال | مرد و زن کے نفس سے رکھتا ملال
ہوگیا جیسے ہمین آسان حضر | دوسری ہم قوم کو آسان سفر
جیسے تو محبوب رکھے سروری | خواجہ کو مرغوب ہے آہنگری
[۲] ہر کسی کو کام کے لائق کیا | ولمین اسکے اسکی رغبت کو رکھا
کب ہلین بے خواہشون کے دست و پا | کب واہون خار بے آب و ہوا
دیکھے رغبت اپنی تو سوئے سما | کھول پر دولت کا تو مثل ہما
دیکھے رغبت اپنی تو سوئے زمین | نالہ کر اور بیٹھ تو اندوہگین
نالہ اول سے کرین ہین عاقلان | اور سر پیٹے ہین آخر جاہلان
دیکھ انجام ابتدا مین کام کے | تا نہ محشر مین پشیمان تو رہے

دیدن زرگر عاقبت کار را و سخن بر وفق عاقبت گفتن با مستعیر ترازو

دیکھنا زرگر کا انجام کام کو اور باتین کرنا موافق انجام کے ساتھ استعارہ ترازو کے

آن یکے آمد به پیش زرگرے | که ترازو ده که بر سنجم زرے
گفت خواجه رو مرا غربال نیست | گفت میزان ده برین تسخر مایست

[۳] پاس اک زرگر کے آیا اک بشر | دے ترازو دو مجھے تولون مین زر
بولا وہ چلنی نہ میرے پاس ہے | بولا میزان دے تمسخر مت کرے

[۱] کوہ مین الخ ۴ شعر ایک درویش پہاڑون مین مقیم تھا خلوت اسکی ہم صحبت اور ندیم تھی جو کہ اللہ سے اسکو وصال تمام مرد و زن کے نفس سے ملال رکھتا تھا آگے اسکی مثال ہے جیسے ہم کو حضر آسان ہے دوسری قوم کو سفر آسان ہے جیسے تو سروری محبوب رکھے خواجہ کو آہنگری مرغوب ہے فافہم ۱۲۔

[۲] ہر کسی کو الخ ۶ شعر ہر کسی کو ایک کام کے لائق کیا دل مین اسکے اسکی رغبت کو رکھا کب بغیر خواہش کے دست ہلین اور خار و خس بغیر ہوا کے روان ہون اگر تو اپنی رغبت آسمان کی جانب دیکھے پر دولت کو تو کھول مثل ہما کے اور اگر اپنی رغبت دیکھے طرف زمین کے نالہ کر اور بیٹھ تو غمگین نالہ اول سے عقلمند کرتے ہین اور سر پیٹتے ہین آخر کو جاہل ابتدا سے کام مین انجام دیکھ تا محشر مین تو پشیمان نہ رہے یعنے حق تعالی نے ہر ایک کو ایک کام کے واسطے پیدا کیا اور اسی کام کی رغبت اسکے دل مین ڈالی دو عقلمند ہے کہ اول مین انجام کو دیکھے جیسے ایک زرگر انجام بین تھا چنانچہ اسکی حکایت آگے مثال مین فرماتے ہین فافہم ۱۲۔

[۳] پاس الخ ۵ شعر ایک شخص ایک زرگر کے پاس آیا کہ ترازو دے مین زر کو تولون کہا کہ تو جا میرے پاس چلنی نہین ہے کہا کہ میزان دے تمسخر مت کر کہا کہ جا اور میری دکان پر نہین ہے کہا بس کر اور مزاح مت کر مین ترازو تجھ سے چاہتا ہون کہ دے تو بہرا مت ہو اور ہر طرف مت پھر کہا مین بات سنتا

گفت جاروبے ندارم بر دکان / گفت بس بس این مضاحک را بمان
من ترازوئے کہ میخواہم بدہ / خویشتن را کر مکن ہر سو مجہ
گفت بشنیدم سخن کر نیستم / تا نپنداری کہ بے معنیستم
این شنیدم کہ پیرے مرتعش / دست لرزان جسم تو نا منتعش
فہم کردم یک پیر ناتوان / دستت از ضعفست لرزان ہر زمان
وان زر تو ہم قراضہ خورد و مرد / دست لرزد پس بریزد زر خرد
پس بگوئی خواجہ جاروبے بیار / تا بجویم زر خود را از غبار
چون بروبی خاک را جمع آوری / گوئیم غربال خواہم اے اخی
من ز اول دیدم آخر را تمام / جائے دیگر رو ازینجا و السلام
ہر کہ اول بین بود اعمیٰ بود / ہر کہ آخر بین چہ با معنی بود
ہر کہ اول بنگرد پایان کار / اندر آخر او نگردد شرمسار
حکم چون بر عاقبت اندیشی است / پادشاہی بندۂ درویشی است
عاقبت بینان بوند اہل رشاد / در نگر واللہ اعلم بالسداد
این سخن پایان ندارد راز گوے / قصۂ آن مرد زاہد باز گوے
کن تمام اکنون حدیث شیخ فرد / کاندران کہسار بودش خو بہ خود

بولا نے جھاڑو ہے دوکان پر مرے / بولا بس کر یہ مذاق اب مت کری
مین ترازو تجھ سے چاہتا ہون کہ دے / بہرا مت ہو اور ہر سو مت پھرے
بولا سنتا بات ہون بہرا نہین / تا کہ تو جانے مین بے معنی نہین
یہ سنا پر رعشہ پیری سے ترے / ہاتھ کانپے اور لاغر جسم ہے
سمجھا پر پیری سے تو ہے ناتوان / ہاتھ کمزوری سے کانپے ہر زمان
اور وہ زر ریزہ ریزہ ہے ترا / ہاتھ کانپے زر وہ گر جاوے ترا
پس کہے تو خواجہ جھاڑو مجکو دے / تا کہ ڈھونڈھون زر کو اپنے خاک سے
خاک کو تو جھاڑ کر جمع کرے / پھر کہے چلنی تو بھائی دے مجھے
مین نے اول دیکھا آخر کو تمام / جا کہین تو جا یہان سے والسلام
دیکھے جو اول کو بس اندھا ہے وہ / دیکھے جو آخر کو با معنا ہے وہ
دیکھتا اول جو ہے انجام کار / ہوتا آخر کو نہین ہے شرمسار
حکم جو کہ آخر اندیشی پہ ہے / شاہی بس موقوف درویشی پہ ہے
ہوتے آخر بین ہین بس اہل صواب / دیکھ تو واللہ اعلم بالصواب
بات یہ بے انتہا ہے راز گو / مرد زاہد کا تو قصہ پھر کہو
بات کر شیخ مجرد کی تمام / کوہ مین رکھتا تھا وہ خواب طعام

بقیہ قصۂ آن زاہد کوہی کہ نذر کردہ کہ میوہ کوہی از درخت باز نگیرم و درخت نفشانم و کسے را نگویم بصریح و کنایت کہ بفشان تا آن را بخورم مگر آنکہ باد از درخت افگندہ باشد

باقی قصہ اُس زاہد کوہی کا کہ عہد کیا تھا کہ میوہ درخت کوہی سے نہ توڑونگا اور نہ درخت کو خود ہلاؤنگا اور نہ کسی سے اشارۃً و صراحۃً کہونگا کہ تم توڑ دو مین کھاؤن ہان مگر وہ کہ ہوا درخت سے گرا دے

سلہ یعنی الخ شعر مین نے سنا و لیکن رعشہ پیری سے تیرے ہاتھ کانپین اور لاغر جسم ہے مین سمجھا و لیکن تو پیری سے ناتوان ہے اور کمزوری سے ہاتھ کانپے ہر وقت اور زر تیرا ریزہ ریزہ ہے ہاتھ کانپے اور وہ تیرا زر گر جاوے پس تو کہے کہ اے خواجہ جھاڑو مجکو دے تاکہ اپنے زر کو مین ڈھونڈھون خاک سے تو خاک کو جا کر جمع کرے پھر تو کہے کہ بھائی چھلنی مجکو دے مین نے اول دیکھا انجام کام کو تمام اور کہین تو جا و السلام فافہم ۱۲

سلہ دیکھے الخ شعر جو اول کو دیکھے وہ اندھا ہے اور جو آخر کو دیکھے وہ با معنے ہے جو اول دیکھتا ہے انجام کار وہ آخر کو نہین ہوتا ہے شرمسار جو کہ حکم آخر اندیشی پہ ہے شاہی درویشی پر موقوف ہے اہل صواب آخر بین ہوتے ہین تو دیکھ اللہ خوب جانتا ہے یہ بات بے انتہا ہے اے راز گو مرد زاہد کا پھر قصہ کہہ بات شیخ مجرد کی تمام کر جو کہ کوہ مین رکھتا تھا خواب و طعام یعنے جو انجام بین ہین وہ درویشی مین شاہی کرتے ہین آگے قصہ زاہد کوہ نشین کا ہے فافہم ۱۲

اندر ان کہ بود اشجار و ثمار	سیب و امرود و انار و بے شمار	کوہ۱ مین پھل کے درخت از بسکہ تھے	سیب انار امرود کی وہ قسم سے
قوت آن درویش بود آن میوہ ہا	غیر آن چیزے نخوردے دائما	قوت اُس درویش کا میوے تھے وہ	اُس سوا کھاتا نہ کوئی چیز کو
گفت آن درویش یارب با تو من	عہد کردم کہ نہ چینم در زمن	بولا درویش اے خدا مین اس گھڑی	عہد کرتا ہون نہ توڑونگا کبھی
خود نہ چینم میوہ را در کل حین	نیز غیرے را نگویم کہ بچین	خود نہین توڑونگا میوہ آپ سے	نے کہونگا غیر کو کہ توڑ دے
جز ازان میوہ کہ باد انداز دش	من نہ چینم از درخت منتعش	ہان وہ میوہ جو ہوا سے خود گرے	مین چنون اور خود نہ توڑون پیڑ سے
مدتے بر نذر خود بودش وفا	تا در آمد امتحانات خدا	عہد پر اپنے کی اک مدت وفا	یان تلک کہ امتحان حق نے کیا
زین سبب فرمود استثنا کنید	گر خدا خواہد بہ پیمان بر زنید	۲انشاء اللہ کو کہا اسواسطے	عہد گر چاہے خدا پورا کرے
زانکہ حکم کار در دست من ست	اختیار جملگان الیت من ست	کام اجرا کیونکہ میرے ہاتھ ہے	اختیار اب کل مری قبضہ مین ہے
ہر زمان دل را دہم میل دگر	ہر زمان بر دل نہم داغ جگر	ہر گھڑی دل کو مین رغبت اور دون	ہر گھڑی داغ جگر دل پر رکھون
کل اصباح لنا شان جدید	کل شی عن مرادی لا یحید	کل اصباح لنا شان جدید	کل شی عن مرادی لا یحید
در حدیث آمد کہ دل ہمچون پری ست	در بیابانی اسیر صرصری ست	ہے حدیث اندر کہ دل جون پر ہی	قید صحرا مین وہ بس صرصر کے ہی
باد پر را ہر طرف راند گزاف	گہ چپ و گہ راست با صد اختلاف	ہر طرف پر کو اڑاتی ہے ہوا	گاہ اُلٹا گاہ سیدھا جابجا
در حدیث دیگر این دل دان چنان	کاب جوشان ز آتش اندر قازغان	۳ہے حدیث اندر کہ دل پر جوش ہے	جیسے پانی دیگ مین ہو آگ سے
ہر زمان دل را دگر رائے بود	آن نہ از وے لیک از جائے بود	دل کو ہر دم اور ہی اک رائے ہے	وہ نہ اُس سے لیکن اور ہی جا سے ہے
پس چرا ایمن شوی بر رای دل	عہد بندی تا شوے آخر خجل	کس لئے ہے تم کو دل کی رائے پر	ہو وے آخر عہد سے شرمندہ تر
این ہم از تاثیر حکم ست و قدر	چاہ مے بینی و توانی حذر	حکم حق کی یہ بھی ہے تاثیر سے	چاہ دیکھے اور نہ اُس سے بچ سکے
نیست خود از مرغ پران این عجب	کو نہ بیند دام وافتد در عطب	نہ تعجب اڑنے والے مرغ سے	دام سے دیکھے ہلاکت مین پڑے

۱ کوہ مین الخ۔ شعر کو ہ مین درخت میوے کے از حد تھے قسم سیب و انار و امرود کے وہ میوے قوت اس درویش کے تھے اُسکے سوا چیز کھاتا نہین تھا درویش نے کہا کہ مین اس گھڑی عہد کرتا ہون کہ کبھی نہ توڑونگا آپ سے اور غیر سے نہین کہونگا کہ توڑ دے ہان وہ میوہ کہ جو خود ہوا سے گرے مین چنون اور خود نہ توڑون درخت سے اپنے عہد پر ایک مدت وفا کی یہان تک کہ امتحان حق نے لیا فافہم ۱۲۔

۲ انشاء اللہ الخ۔ شعر انشاء اللہ کو اسواسطے کہا کہ خدا عہد کو چاہے پورا کرے کیونکہ سبب کام کا اجرا میرے ہاتھ میں ہے اور اختیار اب میرے قبضہ مین ہین مین ہر گھڑی دل کو رغبت دون اور ہر گھڑی داغ دل پر رکھون ترجمہ میرے واسطے نئی شان ہے ہر شے میری خواہش سے رغبت نہین کرتی حدیث مین ہے کہ دل مانند پر ہے اور صحرا مین وہ قید صرصر کا ہوا ہے پر کو ہر طرف اُڑاتی ہے کبھی اُلٹا کبھی سیدھا جابجا لے جاتی ہے یعنے انشاء اللہ تعالیٰ اسواسطے ہے کہ حق وعدہ کو پورا کرتا ہے پس اُس درویش صحرا نشین نے انشاء اللہ نہین کہا اسواسطے حق نے اُسکا امتحان لیا باقی اسکا حال آگے ہے فافہم ۱۲۔ ۳ ہے حدیث الخ۔ شعر حدیث مین ہے کہ دل پر جوش ہے جیسے پانی دیگ مین آگ سے جو دل پر ہوم ایک رائے اور ہی ہر دم اُس سے نہین اور ہی جگہ سے ہے پس کسواسطے دل کی رائے پر بیغم ہے آخر عہد سے شرمندہ ترجمہ یعنے ہر عہد پر انشاء اللہ کہنا چاہیے کہ امتحان شرمندہ و خجل نہو یہ بھی حکم حق کی تاثیر سے ہے چاہ دیکھے اور اُس سے بچ نہ سکے اُڑنیوالے مرغ سے تعجب نہین ہے کہ دام نہ دیکھے اور ہلاکت مین پڑے یہ تعجب ہے کہ دام کو دیکھے خواہ مخواہ اُس دام مین جا کر قید ہو سکان وہ آنکھ کھلے ہین اور دام آگے ہے اپنے پر سے دام کی جانب اُڑے یعنے بے قضا دل کو نہین کر سکتا ہے کہ دیدہ و دانستہ دام بلا مین پھنستا ہی آگے تشبیہ دام کا قضا سے بیان ہے فافہم ۱۲۔

این عجب کہ دام بیند یا وتد	گر بخواہد ور نخواہد مے فتد	یہ تعجب ہے کہ دیکھے دام کو	خواہ مخواہ اس دام مین جا قید ہو
چشم باز و گوش باز و دام پیش	سوی دامی می پرد با پر خویش	کان و آنکھین بازو آگے دام ہو	اپنے پر سے دام کی جانب اڑی

تشبیہ بند دام بقضا کہ بصورت پنہان و با اثر پیداست

تشبیہ گرفت دام کی ساتھ قضا کی کہ ساتھ صورت کے پنہان اور ساتھ اثر کے عیان ہے

بنگر اندر دلق مہتر زادۂ	سر برہنہ در بلا افتادۂ	دیکھ اک[1] گدڑی مین مہتر زادہ کو	سر برہنہ اور بلا افتادہ کو
در ہوائے نابکاری سوختہ	اقمشہ و املاک خود بفروختہ	تھا وہ بدکاری کی خواہش مین جلا	مال املاک اپنا تھا بیچے ہوا
خوار گشتہ درمیان قوم خویش	مرہمش نایاب و دل ریش از مریش	قوم مین اپنی ہوا تھا خوار وہ	ہمسری سے لادوا بیمار وہ
خانمان رفتہ شدہ بدنام خوار	کام دشمن مے رود ادبار زار	خانمان برباد و بدنام اور خوار	مقصد دشمن ہوا ادبار دار
زاہدے بیند بگوید اے ضیا	ہمتے میدار از بہر خدا	کوئی[2] زاہد پایا کہتا مشفقا	کر مدد میری تو اب بہر خدا
کاندرین ادبار زشت افتادہ ام	مال و زر و نعمت از کف دادہ ام	کہ مین اس ادبار و آفت مین پڑا	مال و دولت ہاتھ سے مین نے دیا
ہمتے تا بو کہ من زین وارہم	زین گل تیرہ بود کہ بر جہم	کر مدد تا ہوؤن مین اس سے رہا	ہوؤن خاک تیرہ سے شاید جدا
این دعا میخواہد او از عام و خاص	کالخلاص و الخلاص و الخلاص	یہ دعا چہتا تھا وہ با عام و خاص	کالخلاص الخلاص و الخلاص
دست باز و پای باز و بند نے	نے موکل بر سرش نے آہنے	ہاتھ پاؤن اسکا نہ کچھ تھا بندھا	نے موکل سر پہ نے زنجیر پا
از کدامی بند می جوئی خلاص	از کدامی قید میخواہی مناص	تو خلاصی چاہتا کس قید سے	تو رہائی چاہتا کس قید سے
بند تقدیر و قضائے مختفی	کہ نہ بیند آن بجز ذات صفی	قید و تقدیر و قضائے مختفی	نے کوئی جانے بجز ذات صفی
گرچہ پیدا نیست آن در مکمن ست	بدتر از زندان و بند آہن ست	گرچہ[3] وہ ظاہر نہین پنہان ہے وہ	ہے بتر زنجیر اور زندان سے وہ

[1] دیکھ ہم شعر ایک گدڑی مین برہنہ سر اور بلا افتادہ مہتر زادہ کو وہ بدکاری کی خواہش مین جلا تھا اور مال و املاک کو بیچے ہوئے تھا اپنی قوم مین وہ خوار ہوا تھا اور ہمسری سے وہ لادوا تھا خانمان برباد و بدنام و خوار تھا اور دشمن کا مقصد پورا ہوا ادبار کے مانند یعنے یہان گدڑی سے وجود امیرزادہ سے مراد روح ہے پس روح خواہش دنیا کے سبب سے خوار و ذلیل تھی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲-

[2] کوئی زاہد الخ، شعر کسی زاہد کو پاتا تو کہتا مشفق میری مدد کر تو واسطے خدا کے کہ مین اس ادبار و آفت مین پڑا اور مال و دولت مین نے ہاتھ سے دیا مدد کر دے تاکہ مین ہوؤن اس سے رہا اور خاک تیرہ سے ہوؤن مین شاید جدا یہ دعا وہ خاص سے چاہتا تھا- ترجمہ ضرور کر رہائی اور رہائی ہو ہاتھ دپاؤن اسکا کچھ بندھا نہ تھا نے نگہبان سر پر اور پاؤن مین زنجیر آگے اسکا جواب ہے تو خلاصی کس قید سے چاہتا ہے اور رہائی کس قید سے چاہتا ہے قید و تقدیر قضای پوشیدہ کی کوئی نہین جانتا ہے بجز واللہ باقی یعنے بجز اولیاء اللہ کے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۲ [3] اگرچہ الخ، شعر اگرچہ وہ ظاہر نہین پوشیدہ ہے وہ بدتر ہے زنجیر و زندان سے کیونکہ اسکو آہنگر توڑتا ہے اور نقب زن زندان کو کھودتا ہے یہ تعجب ہے کہ قید پوشیدہ اور گران ہے آہنگر توڑنے سے عاجز ہے اس قید سے آگہی احمد صلعم کو ہے کہ قید رسی کھجور کی گردن پر ہے لکڑیون کا بوجھ ابولہب کی عورت اٹھاتے ہوئے تھی کہا حمالۃ الحطب یعنے لکڑیون کی اٹھانے والی اسکی سواری ونکڑی کون دیکھے رسول اللہ پر ظاہر ہوتا ہے، ہر ایک مخفی انکے ماتھا تاویل کرتے ہین کہ یہ بیہوش اور آشنا ہین یعنے قید قضا الٰہی کی پوشیدہ ہے اور بجز حضرت رسول مقبول صلعم کے کوئی نہین جانتا ہے فقط دوسری تاویلین کرتے ہین آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲-

زانکہ آہنگر مر آنرا بشکند ‖ حفرہ گر ہم خشت زندان بر کند
این عجب این بند پنہان گران ‖ عاجز از تکسیر آن آہنگران
دیدن آن بند احمد را رسد ‖ بر گلوئے بستہ حبل من مسد
دید بر پشت عیال بو لہب ‖ تنگ ہیزم گفت حمال الحطب
حبل و ہیزم را جز او چشمے ندید ‖ کہ پدید آید برا و ہر نا پدید
باقیانش جملہ تاویلے کنند ‖ کاین ز بیہوشی ست و ایشان ہوشمند
لیک از تاثیر آن پشتش دو تو ‖ گشتہ و نالان شدہ در پیش او
کہ دعائے ہمتے تا وارہم ‖ تا ازین بند نہان بیرون جہم
آنکہ داند این علامتہا پدید ‖ چون نداند او شقی را از سعید
داند و پوشد بامر ذوالجلال ‖ کہ نداند کشف راز حق حلال
این سخن پایان ندارد آن فقیر ‖ از مجاعت شد زبون تن اسیر

کیونکہ آہنگر بس اُسکو توڑ دی ‖ اور نقب زن کھود دی بس زندان کو ہر
یہ عجب ہے قید پنہان اور گران ‖ توڑنے سے عاجز آہنگران
آگہی احمد کو ہے اُس قید سے ‖ بند حبل من مسد گردن پہ ہے
لکڑیون کا بوجھ زوجہ بولہب ‖ تھی اُٹھائے بولی حمال الحطب
رسی لکڑی دیکھے کون انکے سوا ‖ اُنپہ ظاہر ہوتا ہے ہر کچھ چھپا
کرتے ہین تاویل اُسکی ما بقا ‖ کہ ہین جو بیہوش وہ ہین آشنا
اُسکی پر[1] تاثیر سے عاجز ہوا ‖ اور نالان آگے اُسکے بس گیا
کہ دعا سے ہوؤن تیری مین رہا ‖ اور ہون اِس قید پنہان سے جدا
جو کہ جانے یہ علامت ظاہری ‖ کیون نہ جانے وہ سعیدون سے شقی
جانے پر مخفی کرے بہر خدا ‖ راز کہنے کو بُرا ہے جانتا
بات یہ بے انتہا ہے وہ فقیر ‖ بھوک سے لاغر ہوا اور تن اسیر

مضطر شدن آن فقیر نذر کنندہ بکندن امرود از درخت و گوشمال حق تعالیٰ رسیدن بے مہلت او

بیقرار ہوکے توڑنا اُس فقیر عہد کرنیوالے کا امرود کو درخت سے اور گوشمال دینا حق تعالیٰ کا اُسکو بے مہلت کے

پنج روز آن باد امرودے نریخت ‖ ز آتش جوعش صبورے میگریخت
بر سر شاخے مرودے چند دید ‖ باز صبری کرد خود را وا کشید
باد آمد شاخ را سر زیر کرد ‖ طبع را بر خوردن او چیر کرد
جوع و ضعف و قوت جذب قضا ‖ کرد زاہد را ز نذرش بیوفا
چونکہ از امرود بن میوہ شکست ‖ گشت اندر عہد و نذر خویش سست
ہم در آن دم گوشمال حق رسید ‖ چشم او بکشاد و گوش او کشید

پانچ دن[2] میوہ ہوا سے نے گرا ‖ بھوک کی شدت سے صبر اُسکا گیا
دیر تک امرود وہ تکتا رہا ‖ باز رکھا خود کو صبر اُسنے کیا
پھر ہوا نے سر جھکایا شاخ کا ‖ اُسکا پھل کھانے پہ دل للچا دیا
قوت جذب قضا اور بھوک نے ‖ بیوفا اُسکو کیا بس عہد سے
توڑا اُسنے شاخ سے امرود کو ‖ عہد مین اپنے ہوا بس سست وہ
گوشمالی اُسکو دی اللہ نے ‖ بس کھلین آنکھین وہ کان اسکے کھنچے

[1] اُسکی پر تاثیر الخ شعر لیکن اُسکی تاثیر سے عاجز ہوا اور اُسکے آگے نالان گیا کہ مین تیری دعا سے رہا ہوؤن اور اِس قید پنہان سے جدا ہوؤن آگے جو کہ اِس علامت پوشیدہ کو جانے اور مخفی کرے خدا کے لئے کیونکہ راز کہنے کو بُرا جانتا ہے وہ کیونکر شقی سعید کو جانے بات یہ بے انتہا وہ فقیر بھوک سے لاغر اور تن اسیر ہوا تھا فافہم ۱۲-

[2] پانچ دن الخ شعر میوہ ہوا سے نہین گرا اُسکا صبر بھوک کی شدت سے گیا وہ دیر تک امرود کو تکتا رہا خواہش کو باز رکھا اور اُسنے صبر کیا پھر ہوا نے شاخ کا سر جھکایا اُسکا دل پھل کھانے پر للچا دیا جذب قضا کی قوت اور بھوک نے عہد سے اُسکو بیوفا کیا اُسنے شاخ سے امرود کو توڑا اور وہ عہد مین سست ہوا گوشمالی اُسکو اللہ نے دی آنکھین کھلین اور اُسکے کان کھینچے فافہم ۱۲-

مخلصان هستند دائم در خطر — امتحانهاست در راه ای پسر
تا مکن نذری که نتوانی وفا — بر خطر منشین تو بیرون چه بلا
باز گشتم سوی قصه کان فقیر — عهد چون بشکست و در دم شد اسیر
غیرت حق گوشمالش داد زود — زانکه فرمودست اوفوا بالعهود

سلہ رہتے ہین دام خطر مین مخلصان — راہ مین ہوتے ہین اُنکے امتحان
عہد مت کر جو وفا نے کر سکے — مت خطر مین پڑ تو بھاگ اور چھوڑ دے
پھر سوئے قصہ پھرا کہ وہ فقیر — عہد جو ٹوٹا ہوا اُسدم اسیر
گوشمالی حق نے دی بس اُسکو زود — کیونکہ فرمایا ہے اوفوا بالعہود

متهم شدن آن شیخ با دزدان و بریدن دستش ۱۲

متہم ہونا اُس شیخ کا چورونکے ساتھ اور ہاتھ کٹنا اُسکا

اتفاقاً دزد چندی تافتند — واندر آن کهسار منزل ساختند
بیست از دزدان بُدند آنجا و بیش — بخش میکردند مسروقات خویش
شحنه را غماز آگه کرده بود — مردم شحنه در افتادند زود
هم بر آنجا پای چپ و دست راست — جمله ببریدند و غوغا بخاست
دست زاهد هم بریده شد غلط — پاش را میخواست هم کردن سقط
در زمان آمد سواری بس گزین — بانگ زد بر عوان کای سگ ببین
این فلان شیخیست و ابدال خدا — دست او را تو چرا کردی جدا
آن عوان بدرید جامه تیز رفت — پیش شحنه داد آگاهیش تفت
شحنه آمد پا برهنه عذرخواه — که ندانستم خدا بر من گواه
هین بحل کن مر مرا زین کار زشت — ای کریم و سرور اهل بهشت
گفت میدانم سبب این نیش را — می شناسم من گناه خویش را
من شکستم حرمت پیمان او — پس یمینم برد دادستان او

سلہ اتفاقاً چور کتنے بھاگ کے — اُن پہاڑون مین وہ بس جا کر رہے
بیس چور اور بل زیادہ اُس جگہہ — مال چوری کا وہ خود تھے بانٹتے
مخبری سے کوتوال آگہ ہوا — اُسکے پیادون نے بس اُسکو جالیا
ہاتھ سیدھا پانون اُلٹا اُس جگہہ — اُن سبھونکا کاٹا بس اک شور تھا
ہاتھ زاہد کا بھی دھوکے سے کٹا — اور پانون کو بھی چاہا کاٹنا
اک بزرگ اسوار اُسدم آگیا — چیخ کر بولا کہ اے کتے بھلا
یہ فلان ہے شیخ ابدال خدا — کر دیا ہاتھ اسکا کیون تمنے جدا
وہ سپاہی بھاگے کپڑے پھاڑ کر — کوتوال اپنے کو دی آکر خبر
کوتوال آیا وہان بس عذرخواہ — کہ نہ جانا مین نے حق میرا گواہ
بخش دے اس فعل بد سے تو مجھے — تو کریم اہل بہشت اور میر ہے
بولا مین جانون سبب اس نیش کا — اور گنہ اپنے کو جانون خوب سا
مین نے توڑی حرمت اُسکے عہد کی — ہاتھ کاٹا عہد نے اسکے اخی

سلہ رہتے ہین الخ یہ شعر مخلص دام خطر مین رہتے ہین اور راہ مین اُنکے امتحان ہوتے ہین جو وفا نہ کر سکے عہد مت کر خطر مین مت پڑ اور بھاگ و چھوڑ دے پھر طرف قصہ کے پھرا کہ اُس فقیر سے جو عہد ٹوٹا اُسدم اسیر ہوا گوشمالی حق نے دی اُسکو جلدی کیونکہ فرمایا ہے وفا کرو تم عہد اپنے کو یعنے مخلصون کی دوستی کے سبب امتحان ہوتے ہین جو تجھ سے ایفائے عہد نہو سکے پس تو عہد مت کر ورنہ مثل اس شیخ کے حال ہوگا چنانچہ بد عہدی کا حال آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ سلہ اتفاقاً الخ یہ شعر اتفاقاً کئی چور بھاگ کے اُن پہاڑون مین جا کر رہے بیس بلکہ زیادہ چور اُس جگہ مال چوری کا وہ خود بانٹتے تھے مخبری سے کوتوال خبردار ہوا اُسکے پیادون نے اُنکو جالیا ہاتھ سیدھا پانون اُلٹا اُس جگہ اُن سبھون کا کاٹا ایک شور تھا ہاتھ زاہد کا بھی دھوکے سے کاٹا اور پانون کو بھی کاٹنا چاہا کہ ایک سوار بزرگ اُسدم آیا اور چیخ کر کہا کہ ای کتو بھلا یہ فلانا شیخ ہے ابدال خدا کا تمنے ہاتھ اُسکا کیون کاٹا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

سلہ وہ سپاہی الخ یہ شعر وہ سپاہی کپڑے پھاڑ کر بھاگے اور کوتوال اپنے کو آکر خبر دی پس کوتوال وہان آیا عذر خواہ کہ مین نے نہ جانا حق میرا گواہ ہے تو اس فعل بد سے مجکو بخش دے تو کریم اہل بہشت اور سردار ہے کہا کہ مین جانتا ہون سبب اُس نیش کا اور اپنے گناہ کو خوب سا جانتا ہون اُسکے عہد کی مین نے حرمت توڑی تو اُسکے عہد نے ہاتھ کاٹا مین نے عہد توڑا اور بُرا جانا اور میرا ہاتھ اُسکی شومی سے کٹا ہاتھ و پانون سب میرے فدائے حکم یار ہیں اے کوتوال باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

من شکستم عهد و دانستم بدست — تا رسید آن شومی جرأت بدست
دست ما و پای ما و مغز و پوست — باد ای والی فدای حکم دوست
قسم من بود این ترا کردم حلال — تا ندانستی ترا نبود وبال
آنکه او دانست او فرمان رواست — با خدا سامان پیچیدن کراست
ای بسا مرغان زمعده در مغص — بر کنار بام محبوس قفص
ای بسا مرغ پرنده دانه جو — که بریده خلق او هم حلق او
ای بسا ماهی در آب دوردست — گشته از حرص گلو ماخوذ شست
اے بسا مستور در پرده بده — شومی فرج و گلو رسوا شده
اے بسا قاضی حبر نیک خو — از گلوی رشوتے او زرد رو
ای بسا حاجی بحج رفته بعشق — وقت باز آمد شده او یار فسق
بلکه در هاروت و ماروت این سر آب — از عروج چرخ شان شد سد باب
بایزید از بهر این کرد احتراز — دید در خود کاهلی اندر نماز
از سبب اندیشه کرد آن ذو لباب — دید علت خوردن بسیار آب
گفت تا سالی نخواهم خورد آب — آنچنان کرد و خدایش داد تاب
این کمینه جهد او بد بهر دین — گشت او سلطان و قطب العارفین
چون بریده شد جزای حلق دست — مرد زاهد را در شکوی ببست
آنچنین باشد چو یک در بسته شد — صد در دیگر براو اشکسته شد

عہد توڑا مین نے در جانا برا — ہاتھ میرا شومی اسکی سے کٹا
ہاتھ پاؤن میرا اور سب جان و مال — ہو فدائے حکم یار اے کوتوال
میری قسمت مین تھا یہ تجھپر حلال — تا تو جانے تجھپہ کب ہووے وبال
اُسنے جو جانا وہ ہی فرمان روا — ساتھ حق کے کس کو لڑنا ہی روا
ای بہت سے مرغ بھوکے با اُمید — ہین کنار بام پر پنجرے مین قید
ای بہت ہین مرغ اُڑتے دانہ جو — کاٹا اُنکے خلق نے حلق اُنکے کو
ای بہت مچھلی پڑے پانی مین ہین — پھنس گئین حرص گلو ی شست مین
ای بہت سی عورتین پردہ نشین — بس گلو و فرج سے رسوا ہوئین
عه ای بہت سے قاضی دانا و نکو — کھا کے رشوت سے ہوئے ہین زرد رو
ای بہت کعبہ گئے حاجی بعشق — جبکہ لوٹے تو ہوئے وہ یار فسق
یہ طمع ہاروت اور ماروت مین — آسمان سدرہ بسر اُنکے ہین
بایزید اس سے ہوئے پرہیزگار — ہو گئے کاہل نمازون مین جو یار
جو سبب ڈھونڈھا انھون نے آپ مین — پانی پینے کی ملی علت اُنھین
بولا نے پانی پیونگا ایک سال — حق نے بھی ویسی رکھی طاقت بحال
کوشش ادنی اُنکی یہ تھی بہر دین — وہ ہوئے سلطان و قطب العارفین
جو کٹا ہاتھ حلق کی پاداش سے — مرد زاہد کو نہ کچھ شکوے رہے
ایسا ہوتا ہے جو بند اک در رہے — کھلتے ہین بس آسپہ سو در دوسرے

کرامت شیخ اقطع و زنبیل بافتن او بدو دست در خلوت

کرامت شیخ اقطع کی اور زنبیل بننا اُسکا دونون ہاتھ سے خلوت مین

سله میری قسمت مین الخ ۸ شعر یہ میری قسمت مین تھا اور تجھپر حلال ہے تو نہین جانتا ہے یہ وبال تجھپر کب ہووے اُسنے جو جانا وہ فرمانروا ہے۔ حق کے ساتھ کس کو لڑنا روا ہے آگے اسکی مثال ہے اے مرغ بہت سے امیدوار ہوکر کنارۂ بام پر پنجرے مین قید ہین ای بہت سے مرغ اڑتے دانہ جو ہین کہ اُنکے خلق نے کاٹا اُنکے حلق کو اے بہت سی مچھلیان گہرے پانی مین ہین حرص گلو سے شست مین پھنس گئین ای بہت سی عورتین پردہ نشین بس گلو و فرج مین رسوا ہوئین یعنے صدہا طمع سے گرفتار بلا ہوے اور یہ میرے عہدشکنی کی سزا ہے باقی حال اسکا آگے ہی فافہم ۱۲
سعه ای بہت سے الخ ۹ شعر ای بہت سے قاضی دانا و نیکو کہ رشوت کھانے سے زرد رو ہوئے ای بہت سے حاجی کعبہ کو گئے بسبب عشق کے جبکہ لوٹے تو وہ ہوئے فسق کے یار یہ طمع ہاروت و ماروت مین آسمان سے انکی سد راہ ہوئی اس سے بایزید پرہیزگار ہوا و کاہل ہو گئے نمازون مین جو سبب انھون نے ڈھونڈھا خود مین انکو پانی پینے کی علت ملی کہا ایک سال پانی نہین پیونگا حق نے بھی طاقت رکھی ویسی بحال اُنکی ادنے کوشش یہ تھی دین کے لئے وہ سلطان ہوے و قطب عارفین ہوے جو ہاتھ کٹا پاداش سے حلق کے مرد زاہد کو کچھ شکوے نہین رہے جو ایک در بند ہے دوسرے سو در اُسپر کھلتے ہین یعنے صدہا کام نیک کئے اور طمع سے ایک کے آخر بلا مین پڑے آگے نظم کرامت کا بیان ہے فافہم ۱۲-

شیخ اقطع گشت نامش پیش خلق ۔ کرد معروفش بدین القاب خلق
گر تو نام اولش خواہی روان ۔ ہین برد بو الخیر بنایش بخوان
در عریش او یکے زائر بیافت ۔ کہ بہر دو دست خود زنبیل بافت
گفت او را ای عدوی جان خویش ۔ در عریشم آمدے سر کردہ پیش
این چرا کردی شتاب اندر سباق ۔ گفت از افراط مہر و اشتیاق
پس تبسم کرد و گفت اکنون بیا ۔ لیک مخفی دار این را اے کیا
تا نہ میرم من مگو این با کسے ۔ نی قرینے نی حبیبے نی خسے
بعد ازان قوم دگر از روزنش ۔ مطلع گشتند بر بافیدنش
گفت حکمت را تو دانی کردگار ۔ من کنم پنہان تو کردہ آشکار
آمد الہامش کہ یک چندی بدند ۔ کہ درین غم بر تو منکر مے شدند
کہ مگر سالوس بود او در طریق ۔ کہ درین رسواش کرد اند فریق
من نخواہم کان گرہ کافر شوند ۔ وز ضلالت در گمان بد روند
این کرامت را بکردیم آشکار ۔ کہ دہیمت دست اندر وقت کار
تا کہ این بیچارگان بدگمان ۔ رو نگردند از جناب آسمان
من ترا بے این کرامتہا ز پیش ۔ خود تسلی دادمی از ذات خویش
این کرامت بہر ایشان دادمت ۔ وین چراغ از بہر این بنہادمت
تو ازان بگذشتہ کز مرگ تن ۔ ترسی از تفریق اجزائے بدن
وہم تفریق از سراپائے تو رفت ۔ دفع وہم از سر سدیت نیک رفت

سلہ خلق مین نام انکا شیخ اقطع ہوا ۔ خلق نے مشہور اسکو کر دیا
پہلا نام اسکا تو چاہے جاننا ۔ جا تو پڑھ بوالخیر بنا نام تھا
دیکھا اک زائر نے چھپر مین اسے ۔ بنتا وہ زنبیل دونون ہاتھ سے
سلہ پس کہا اس سے ای دشمن جان کے ۔ بے کہے چھپر مین آیا کس لیئے
پیشقدمی جلد کی یہ کس لئے ۔ بولا زیادہ شوق سے دیدار کے
بس ہنسا اور اس سے بولا اب تو آ ۔ پر کسی سے یہ نہ کہنا تو بھلا
مین جیون جبتک تو اسکو مت کہے ۔ نے قریب یار و نے اغیار سے
بعد روزن سے اکثر دیکھ کے ۔ مطلع بننے سے اسکے ہو گئے
بولا حکمت جانے تو ای کردگار ۔ مین چھپاؤن تو کرے ہے آشکار
سلہ یہ ندا آئی کہ تجھ سے مردمان ۔ اس وقائع مین ہوئے تھے بدگمان
کہ طریقت مین مگر مکار تھا ۔ جو خدا نے اسکو رسوا کر دیا
یہ گروہ کافر ہو مین چاہتا نہین ۔ اور ضلالت سے رہے یہ بدیقین
یہ کرامت مین نے کی ہے آشکار ۔ کہ تجھے بس ہاتھ دون وقت کار
تا جناب آسمان سے بدگمان ۔ ہو کے روگردان نہون یہ عاجزان
مین نے پہلے اس کرامت سے تجھے ۔ خود تسلی دی ہے اپنی ذات سے
یہ کرامت دی تجھے انکے لیے ۔ یہ چراغ انکے لیے بخشا تجھے
اس سے تو گذرا کہ مرگ جسم سے ۔ عضو کی تفریق ہونے سے ڈرے
وہم تفریق بدن تجھ سے گیا ۔ دفع وہم اب تجکو باطن سے ملا

سلہ خلق مین الخ ۲ شعر مخلوق مین اسکا شیخ اقطع نام ہوا خلق نے اسکو مشہور کر دیا اگر تو پہلا نام اسکا جاننا چاہے تو جا پڑھ لے ابو الخیر بنا نام تھا ایک زائر نے چھپر مین اسے دیکھا کہ وہ زنبیل دونون ہاتھ سے بنتا تھا باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ پس کہا الخ ۶ شعر پس اسے کہا کہ اے دشمن جان کے بے کہے چھپر مین کس واسطے آیا پیشقدمی جلد کس واسطے کی کہا کہ زیادہ شوق دیدار سے پس ہنسا اور اس سے کہا کہ اب تو آ لیکن اور کسی سے ہرگز نہ کہنا مین جب تک جیون تو اسکو مت کہنا نے قریب و نے یار و اغیار سے بعد ہ اکثر لوگ روزن سے دیکھا بننے سے اسکے مطلع ہو گئے کہا کہ تو حکمت جانتا ہے اے خدا مین چھپاتا ہون اور تو ظاہر کرتا ہے آگے جواب حق تعالی کا ہے فافہم ۱۲
سلہ یہ ندا الخ ۹ شعر یہ ندا حق سے آئی کہ تجھسے مردم اس وفا مین بدگمان ہو گئے تھے کہ شاید طریقت مین مکار تھا جو خدا نے اسے رسوا کیا مین نہین چاہتا کہ یہ گروہ کافر ہو اور ضلالت سے یہ بدیقین رہے یہ کرامت مین نے کی ہے ظاہر کہ تجھے مین ہاتھ دیتا ہون کام کے وقت تا جناب آسمان سے بدگمان ہو کر یہ عاجز روگردان نہو وے مین نے اول اس کرامت سے خود تسلی اپنی ذات سے دی اور یہ کرامت تجکو دی انکے لیے اور یہ چراغ تجھے بخشا انکے لئے تو اس سے گذرا کہ مرگ جسم کے عضو جدا ہونے سے ڈرے وہم جدائی جسم کا تجھ سے گیا اور دفع وہم تجکو باطن سے ملا یعنے اولیا کو مرگ جسم سے کچھ خوف و خطر نہین ہوتا ہے جیسے ساحران فرعون بخوف و بے خطر تھے چنانچہ انکا حال مثال مین آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲

سبب جرأت ساحران فرعون بہ قطع دست و پائے خود

ساحران فرعون کی بہادری کا سبب ہاتھ پانوءن کے کٹنے مین

ساحران را نی کہ فرعون لعین   کرد تہدید سیاست بر زمین
کہ ببرم دست و پاتان از خلاف   پس در آویزم ندارم تان معاف
او چنان پنداشت کایشان ہمان   وہم و تخویف اند و وسواس و گمان
کہ بودشان لرزہ و تخویف و ترس   از توہمہا و تہدیدات نفس
او نمیدانست کایشان رستہ اند   بر دریچہ نور دل بنشستہ اند
سایۂ خود را ز خود دانستہ اند   چابک و چست و کش و برجستہ اند
ہاون گردون اگر صد بار شان   خرد کوبد اندرین گلزار شان
اصل آن ترکیب را چون دیدہ اند   از فروغ وہم کم ترسیدہ اند
این جہان وہم ست اندر ظن مایست   گر رود در خواب دستی باک نیست
گر بخواب اندر سرت ببرید گاز   ہم سرت بر جاست ہم عمرت دراز
گر بہ بینی خواب در خود را دو نیم   تندرستی چون بخیزی نے سقیم
حاصل اندر خواب نقصان بدن   نیست باکے ز دو صد پارہ شدن
این جہان را کہ بصورت قائم ست   گفت پیغمبر کہ حلم نائم ست
از رہ تقلید تو کردی قبول   سالکان این دیدہ پیدا بی رسول

ساحرون پہ کیا نہ کی فرعون نے[1]   پس سیاست اس زمین پر جان لے
دست و پا کاٹون کہ تم ہو بر خلاف   تمکو لٹکاؤن نہ رکھون مین معاف
ایسا جانا اُسنے بس کہ سب یہ ہین   وہم اور خوف و گمان و سوسہ مین
کہ یہ ڈر جائین و خوف و ترس ہو   وہم سے دھمکی کے جو ہو نفس کو
وہ نہ جانے تھا کہ یہ آزاد ہین   نور دل کے در پہ یہ آباد ہین
اپنا سایہ جانا اپنے جسم کو   چست و چالاک اور ہر اک شاد کو
گرچہ[2] ہاون دستہ گردون کا انھین   ریزہ ریزہ کوٹے اس گلزار مین
اصل اس ترکیب سے واقف ہین جو   روشنی وہم سے بے ڈر ہین وہ
مت گمان مین پڑ یہ عالم وہم ہی   خواب مین گر ہاتھ ٹوٹے مت ڈرے
خواب مین گر کاٹے سر تیرا چھری   سر ہو قائم عمر زیادہ ہو تری
خواب مین دو ٹکڑے دیکھے خود کو تو   جو اُٹھے تو پائے اچھا آپ کو
الغرض نے خواب مین نقصان تن   کیا ہی ڈر گر دو سو ٹکڑے ہو بدن
اس[3] جہان کو جو کہ صورت پر رکھا   حلم نائم ہے پیمبر نے کہا
تو نے تقلیداً کیا اسکو قبول   سالکون نے دیکھا اسکو بے رسول

[1] ساحران الخ۔ شعر ساحرون پر فرعون نے زمین پر کیسی سیاست کی تو جان لے کہ دست و پا کاٹون اور لٹکاؤن اور معاف نہ رکھون اُسنے بس ایسا جانا کہ سب ہین وہم و خوف و گمان و سواس مین کہ یہ ڈر جائین و خوف و ترس ہو دھمکی کے وہم سے جو نفس پر ہو فرعون نہین جانتا تھا کہ یہ آزاد ہین اور نور دل کے در پر آباد ہین ساحرون نے اپنا سایہ جانا اپنے جسم کو چست و چالاک و ہر ایک شاد تھا یعنے جسم مانند سایہ کے ہے کہ اُسکے دور ہونے سے کچھ روح کو رنج نہین ہوتا ہے آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲۔

[2] اگرچہ الخ۔ شعر اگرچہ ہاون دستہ آسمان کا انھین ریزہ ریزہ کوٹے اس گلزار مین اس ترکیب کی اصل سے جو واقف ہین وہ روشنی وہم سے بے خوف ہین اگرچہ آگے حقائق ہین مت گمان مین پڑ یہ عالم وہم ہی اگر خواب مین ہاتھ ٹوٹے مت ڈرے اگر خواب مین سر تیرا چھری سے کاٹے سر قائم ہو اور تیری عمر زیادہ ہو خواب مین خود کو دو ٹکڑے دیکھے جو تو بیدار ہوا اچھا آپ کو پائے الغرض خواب مین نقصان بدن کو نہین ہی کیا ڈر ہی اگر دو سو ٹکڑے جسم ہووے یعنے دنیا خواب ہے پس اس خواب مین بدن ٹکڑے ہوئے روح کو کچھ نقصان نہین فافہم ۱۲۔

[3] اس جہان کو الخ۔ شعر جو کہ اس جہان کو صورت پر رکھا پیمبر نے فرمایا کہ خواب مخلوق کی ہے تو نے اُسکو تقلید قبول کیا سالکون نے اُسکو دیکھا بغیر پیشوا کے یہ دن خواب ہے مت کہو خواب نہین ہے شاخ سایہ ہے و جڑ مہتاب ہے وہ خواب بیداری اپنی جان دے دل خواب مین کوئی دیکھے کہ مین سو گیا گمان اُسکو ہوا خواب مین سو گیا اور یہ نہ جانا کہ دوسرے خواب مین گیا یعنے یہ بیداری اس جہان کی خواب ہی اور یہ خواب اسکی بیداری ہے پس جو اس جہان سے غافل ہوا اُدھر شاغل ہوا آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲۔

روز در خوابی بگو کاین خواب نیست	سایهٔ فرع است اصل جز مہتاب نیست	خواب میں ہے مت کہو نہ خواب ہے	شاخ سایہ ہے وہ جڑ مہتاب ہے
خواب بیداریست آن دان ای عضد	کہ بہ بیند خفتہ کو در خواب شد	خواب بیداری وہ جان اپنی دلا	خواب میں دیکھے کوئی میں سو گیا
او گمان بردہ کہ ایندم خفتہ ام	بیخبر زان کوست در خواب دوم	ہو گمان اُسکو کہ اب میں سو گیا	یہ نجانا خواب دویم میں گیا
کوزہ گر گر کوزهٔ را بشکند	چون بخواہد باز خود قائم کند	کوزہ گر گر ایک کوزہ توڑ دے	پھر وہ چاہے اسکو قائم بس کرے
کور را ہر گام باشد ترس چاہ	با ہزاران ترس می آید براہ	ہر قدم پر چاہ کا اندھے کو ڈر	سیکڑوں ڈر سے چلے وہ راہ پر
مرد بینا دید عرض راہ را	پس بداند او مغاک و چاہ را	مرد بینا دیکھتا ہے راہ کو	جانتا ہے غار کو اور چاہ کو
پاو زانویش نہ لرزد ہر دمے	رو ترش کے دارد او از ہر غمے	ہر گھڑی لغزش نہووے پاؤں کو	اور ہر غم سے ترش رو ہو نہ وہ
خیز فرعونا کہ ما آن نیستیم	کز ہر بانگے زغولے بایستیم	جا تو ای فرعون اب وہ ہم نہیں	غول کی آواز پر ٹھہریں کہیں
خرقهٔ ما را بدر دوزندہ است	ورنہ خود ما را برہنہ تن بہ است	سینے والا ہے تو جامہ چاک کر	ورنہ عریاں تن ہمیں ہی خوبتر
بے لباس این خواب اندر کنار	خوش بگیریم ای عدوے نابکار	بے لباس اس خواب کو اندر کنار	یوں ہیں بہتر ای عدوئے نابکار
خوشتر از تجرید از تن و مزیج	نیست ای فرعون بی الہام گیج	خوش چراگہ میں ہیں ہم نہ جسم سے	نہ ہے ای فرعون بد الہام کے

شکایت کردن استر پیش شتر کہ من بسیار در رو مے افتم و تو مے افتی الا بنادر و جواب گفتن آن

شکایت کرنا خچر کا اونٹ سے کہ میں بہت منہ کے بل گرتا ہوں اور تو نہیں گرتا ہے الا کبھی کبھی اور جواب دینا اُسکا

گفت استر با شتر اے خوش رفیق	در فراز و شیب و در راہ عمیق	بولا خچر اونٹ سے ای باوفا	اونچی نیچی راہ گہری میں سدا
تو نیائی در سر و خوش میروی	من ہمی آیم بسر چون غوی	نہ گرے تو سر کے بل او خوش چلے	اور میں گرتا ہوں جوں گمراہ گرے
من ہمے افتم برو در ہر دمے	خواہ در خشکی و خواہ اندر نمے	ہر گھڑی بس منہ کے بل گرتا ہوں میں	خواہ خشکی میں و خواہ گل آب میں
این سبب باز گو با من کہ چیست	تا بدانم من کہ چون باید زیست	یہ سبب مجھ سے کہو باعث ہے کیا	تاکہ میں جانوں طریقہ زیست کا

۱ کوزہ الخ ۔ شعر اگر ایک کوزہ گر کوزہ توڑے اندھے کو ہر قدم پر چاہ کا ڈر ہے وہ راہ پر سیکڑوں ڈر سے چلے مرد بینا دیکھتا ہے راہ کو اور جانتا ہے غار کو و چاہ کو ہر گھڑی پانوں کو لغزش نہووے اور ہر غم سے وہ ترش رو نہووے جا تو ای فرعون اب وہ ہم نہیں ہیں غول کی آواز پر کہیں ٹھہرتے ہیں حق سینے والا ہے تو جامہ کو چاک کر ورنہ تن عریاں ہمیں خوب ہے بغیر لباس کے اس خواب کو بغل میں یوں ہیں بہتر بغیر جسم کے ہم چراگاہ میں خوش ہیں نہیں ہے ای فرعون یہ کہنا ہمارا بغیر الہام کے یعنی ای فرعون ہمارا حکم ہو تو ہلاک کرے ہیں کچھ خوف نہیں ہے کیونکہ ہم بے جسم کے خوش ہیں کہ روح ہماری بغل میں بے لباس تن کے بہتر و خوش ہے کہ ہم اُس جہان میں بغیر اس جسم کے خوش و خرم رہیں پس دور بینی بہتر ہے پیش بینی سے چنانچہ اسکا حال آگے فرماتے ہیں فافہم ۱۲۔

۲ بولا خچر الخ ۔ شعر خچر نے کہا اونٹ سے ای باوفا راہ گمراہی میں اونچی نیچی ہمیشہ تو نہیں گرتا ہے بلکہ بہتر چلتا ہے اور میں گرتا ہوں مانند گمراہ کے ہر گھڑی منہ کے بل میں گرتا ہوں خواہ خشکی میں و خواہ آب گل میں مجھ سے یہ سبب کہو کیا باعث ہے تاکہ میں طریقہ زیست کا جانوں آگے جواب شتر کا ہے فافہم ۱۲۔

گفت از چشم تو چشم من یقین ۔ بگمان وشن ترست و دور بین
بعد از ان ہم از بلندی ناظرم ۔ زین سبب در رو دمغیتم حاضرم
نخسش بر آیم بر سر کوہ بلند ۔ آخر عقبہ ببینم ہوشمند
پس ہمہ پستی و بالان راہ ۔ دیدہ ام را وانماید ہم آلہ
ہر قدم من از سر بنیش نہم ۔ از عثار و او فتادن وا رہم
تو بہ بینی پیش خود یک دو سہ گام ۔ دانہ بینی و نہ بینی رنج دام
یستوی الاعمی لدیکم والبصیر ۔ فی المقام و النزول والمسیر
چون جنین را در رحم حق جان دہد ۔ جذب اجزا در مزاج او نہد
از خورش او جذب اجزا میکند ۔ تا رو پود جسم خود را می تند
تا چہل سالش بجذب جزوہا ۔ حق حریص کردہ باشد در نما
جذب اجزا روح را تعلیم کرد ۔ چون نداند جذب اجزا شاہ فرد
جامع این ذرہ ہا خورشید بود ۔ بے غذا اجزات را داند ربود
آن زمانی کز در آئی تو ز خواب ۔ ہوش و حس رفتہ را خواند شتاب
تا بدانی کان ازو غائب نشد ۔ باز آید چونکہ فرماید کہ عد

بولا[۱] میری آنکھ تیری آنکھ سے ۔ دور بینی روشنی افزون رکھے
بعدہ مین دیکھتا اوپر سے ہون ۔ اس سبب سے منہ کے بل مین کب گرون
خوب چوٹی پر پہاڑونکی چڑھون ۔ اور گھاٹی کی مین آخر دیکھ لون
کل بلندی اور بس پستی راہ ۔ آنکھ میری کو دکھاتا ہے اِلٰہ
ہر قدم از راہ دانش مین رکھون ۔ لغزش پا اور گرنے سے بچون
اپنے آگے دیکھے تو اک دو قدم ۔ دانہ دیکھے تو نہ دیکھے دام غم
یستوی الاعمیٰ لدیکم والبصیر ۔ فی المقام والنزول والمسیر
جو[۲] رحم مین جان حق بچہ کو دے ۔ جذب اجزا کو طبیعت مین رکھے
وہ خورش سے جذب اجزا کرتا ہے ۔ تانا بانا تن کا اپنے بنتا ہے
جذب اجزا مین اُسے چالیس سال ۔ حق حریص اُسکو رکھے تا ہو نہال
جان کو جذب اجزا کی دی جب دستگاہ ۔ کیون نہ پھر جذب اجزا کو وہ شاہ
جمع ذرون کو کیا خورشید نے ۔ بے غذا اجزا کو بھی لے جا سکے
جس گھڑی تو خواب سے بیدار ہو ۔ ہوش و حس رفتہ پھر دے جلد وہ
جان لے غائب نہ وہ اس سے ہوئے ۔ پھر وہ آجائین طلب جو وہ کرے

اجتماع اجزای خر عزیر علیہ السلام بعد از مردنش باذن اللہ تعالیٰ و در ہم مرکب شدن پیش چشم عزیر علیہ السلام

جمع ہونا اجزای خر عزیر علیہ السلام کی بعد مرنے اسکے کے حکم خدا تعالیٰ سے اور اسی دم مرکب ہو جانا بروبرو عزیر علیہ السلام کے

[۱] بولا میری الخ، شعر کہا کہ میری آنکھ تیری آنکھ سے دور بینی اور روشنی زیادہ رکھتی ہے بعدہ مین اوپر سے دیکھتا ہون اس سبب سے منہ کے بل کب گرون پہاڑ کی چوٹی پر خوب چڑھون اور اخیر گھاٹی کو مین دیکھ لون سب بلندی اور پستی راہ کی میری آنکھ کو حق دکھاتا ہے ہر قدم از راہ دانش کے مین رکھتا ہون لغزش پا اور گرنے سے بچتا ہون اور تو اپنے آگے ایک دو قدم رکھے دانہ دیکھے دام غم کو نہ جانے ترجمہ تمہارے نزدیک برابر ہے اندھا و بینا مقام نزول و سیر مین یعنے برابر نہین ہے آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲۔

[۲] جو رحم مین الخ، شعر جو حق رحم مین بچہ کو دے جذب اجزا کہ طبیعت مین رکھے وہ خورش سے جذب اجزا کرتا اپنے تن کا تانا و بانا بنتا ہے جذب اجزا مین اُسکو چالیس برس حق حریص رکھے تا کہ نہال ہووے جبکہ جان کو جذب اجزا کی قدرت دے وہ شاہ جذب اجزا کو کیون نہ جانے خورشید نے جمع ذرون کو کیا بے غذا کے اجزا کو بھی لے جا سکے جس دم تو خواب سے بیدار ہو ہوش حواس گئے ہوئے کو جلدی پھر وہ دے جان لے کہ وہ اُس سے غائب نہین ہوئے پھر وہ آجائین جو وہ طلب کرے یعنے جان کو قدرت دیتا ہے کہ وقت بیداری کے ہوش و حواس رفتہ پھر آجاتے ہین کیونکہ وہ غائب اُس سے نہین ہوتے ہین جیسے اجزا عزیر کے سو برس کے بعد جمع کئے چنانچہ اُنکا حال آگے مثال مین فرماتے ہین فافہم ۱۲۔

سے تمہارے نزدیک برابر ہے اندھا و بینا ۱۲ منہ ع مقام نزول و سیر ہے ۱۲

هین عزیرا در نگر اندر خرت — که بپوسید است و ریزیده برت
پیش تو گرد آوریم اجزاش را — آن سر و دُم و دو گوش و پاش را
دست نے و جزو بر هم مے نهد — پاره‌ها را اجتماعے مے دهد
در نگر در صنعت پاره زنے — کو همی دوزد کهن بے سوزنے
ریسمان و سوزنے نے وقت حرز — آنچنان دوزد که پیدا نیست درز
چشم بکشا حشر را پیدا ببین — تا نماند شبهه‌ات در یوم دین
تا ببینی جامعیم را تمام — تا نه لرزی وقت مُردن ز اهتمام
همچنان که وقت خفتن ایمنی — از فوات جمله حسهاے دنی
بر حواست هیچ نه لرزی وقت خواب — گرچه میگردد پریشان و خراب

ای عزیز اب دیکھ اپنے خر کو تو — کہ گلا بکھرا ترے نزدیک وہ
تیرے آگے کرتا ہون اب اُسکے مین — جمع اجزا جو سر و دُم کان ہین
ہاتھ سے اور جزو کو باہم رکھتا ہے — اور ٹکڑے سب وہ جمع کرتا ہے
دیکھ پارہ دوز کی صنعات کو — بے سوئی سیتا ہے ٹکڑے کہنہ وہ
وقت سینے کے نہ تاگا نے سوئی — ایسا سیتا ہے نہ پیدا اور بھی
کھول آنکھین دیکھ ظاہر حشر کو — تا نہ شک محشر مین باقی تجکو ہو
جمع کرنے کو مرے تا دیکھے تو — وقت مرنے کے نہ تا گھبرائے تو
جیسے بے غم وقت سونے کے ہے تو — سب حسون کے فوت ہو جانے سے تو
نے ڈرے تو اپنی حس سے وقت خواب — گرچہ ہوتی ہین پریشان و خراب

جزع ناکردن آن شیخ بزرگوار بر مرگ فرزندان خویش

نہ رونا اُس شیخ بزرگوار کا اوپر مرگ فرزندون اپنے کے

بود شیخے رهنمائے پیش ازین — آسمانے شمع بر روے زمین
چون پیمبر در میان اُمتان — در کشائے روضهٔ دار الجنان
گفت پیغمبر که شیخ رفته پیش — چون نبی باشد میان قوم خویش
یک صباحی گفتش اهل بیت او — سخت دل چونی بگو اے نیک خو
ما ز هجر و مرگ فرزندان تو — نوحه میداریم با پشت دو تو
تو نمے گرئی نمے زاری چرا — یا که رحمت نیست در دل اے کیا

پہلے اس سے شیخ ہادی زمان — تھا زمین پر ایک شمع آسمان
جیسے اُمت کے پیمبر درمیان — کھولتا ہے بس در باغ جنان
بولے پیغمبر کہ شیخ پیشوا — قوم مین اپنے ہے مثل انبیا
اُسکی زوجہ نے کہا اک دن اُسے — سخت دل تو ہو گیا کس طور سے
موت و فرقت سے تری اولاد کے — مین تو روتی ہون بس اُسکے رنج سے
اور نہین روتا ہے بس تو کس لیے — یا نہین رحمت ہے کیا دل مین ترے

۵۱ اے عزیز الخ ۔ شعر اے عزیز اپنے خر کو تو دیکھ کہ وہ تیرے نزدیک گلا و بکھرا ہے تیرے آگے اب مین کرتا ہون اجزا جمع جو سر و دُم و کان مین ہاتھ نہین ہے اور اجزا کو باہم رکھتا ہے اور سب ٹکڑے وہ جمع کرتا ہے آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲۔

۵۲ دیکھ الخ ۔ شعر پارہ دوز کی صنعات کو تو دیکھ کہ بغیر سوئی کے وہ ٹکڑے کہنہ سیتا ہے وقت سینے کے نہ تو تاگا ہے نہ سوئی ہے ایسا سیتا ہے کہ درز بھی ظاہر نہین ہے تو آنکھین کھول اور ظاہر حشر کو دیکھ تا محشر مین تجکو شک باقی نہو میرے جمع کرنے کو تا تو دیکھے وقت مرنے کے تا تو گھبرائے نہین آگے مثال ہے جیسے وقت سونے کے تو بے غم ہے سب حسون کے فوت ہو جانے سے تو نہین ڈرتا ہے وقت خواب کے اپنی حسون سے اگرچہ خراب و پریشان ہوتی ہین یعنے وقت سونے کے جو تجکو فوت ہونے حسون سے رنج نہین ہوتا ہے اسی طرح وقت مرگ کے بھی رنج نہوگا چنانچہ اسکی مثال مین قصہ شیخ نہ گریہ کرنے والے کا آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲۔

۵۳ پہلے اس سے الخ ۔ شعر اس سے پہلے ایک شیخ وقت تھا اور زمین پر گویا شمع آسمان تھا جیسے امت کے درمیان پیغمبر کھولتا ہے دروازہ باغ جنت کا آگے اسکے حقائق ہین کہا پیغمبر صلعم نے کہ شیخ پیشوا اپنی اپنی قوم مین ہے مثل انبیا کے ہے آگے رجوع بقصہ ہے اُسکی زوجہ نے ایک دن اُس سے کہا کہ تو سخت دل کس طور سے ہو گیا مرگ و فرقت سے میری اولاد کے مین تو روتی ہون اُسکے رنج مین تو نہین روتا ہے کس لئے یا تیرے دل مین رحمت نہین ہے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲۔

چون ترا رحمے نباشد در درون | پس چہ امیدست مان از تو کنون
ما بامید توایم اے پیشوا | کہ نہ بگذاری تو ما را در عنا
چون بیارانید روز حشر تخت | تو شفیع ما توئی آن روز سخت
در چنان روز و شب بے زینہار | ما بکرام تو امیدوار
دست ما و دامن تست آن زمان | کہ نماند ہیچ مجرم را امان
گفت پیغمبر کہ روز رستخیز | کی گذارم مجرمان را اشک ریز
من شفیع عاصیان باشم بجان | تا رہانم شان ز اشکنجہ گران
عاصیان و اہل کبائر را بجہد | وارہانم از عتاب نقض عہد
صالحان امتم خود فارغ اند | از شفاعتہاے من روز گزند
بلکہ ایشان را شفاعتہا بود | گفتشان چون حکم نافذ میرود
ہیچ وازر وزر غیرے بر نداشت | من نیم وازر خدایم بر فراشت
آنکہ بی وزرست شیخ ست اے جوان | در قبول حق چو اندر کف کمان
شیخ کہ بود پیر یعنے مو سفید | معنے این مو بدان اے نا امید
ہست آن موے سیہ ہستی او | تا ز ہستیش نماند تار مو
چونکہ ہستیش نماند پیر اوست | گر سیہ مو باشد و یا خود دو موست
ہست آن موی سیہ وصف بشر | نیست آن مو موے ریش و موے سر

جب[1] نہووے رحم باطن میں ترے | پس مجھے امید اب کیا تجھسے ہی
مجکو ہے امید تجھ سے پیشوا | تو نہ چھوڑے گا مجھے اندر عنا
حشر کو جو تخت ہو آراستا | ہوگا حامی تو مرا روز جزا
ایسے دن اور رات میں انجام کا | میں تری بخشش کی ہوں امیدوار
میرا ہاتھ اور تیرا دامن اس زمان | کہ کسی مجرم کو نہ ہووے امان
بولے پیغمبر کہ محشر میں بھلا | مجرموں کو چھوڑوں کب روتا ہوا
میں[2] شفیع عاصیان ہوؤں بجان | تا چھڑاؤں رنج سے انکو وہان
دونگا[3] مین اہل کبائر کو بچا | عہد شکنی کی نہووے تا سزا
فارغ امت کے ہیں صلحا اتقیا | بس شفاعت سے مری روز جزا
بلکہ وہ خود ہیں شفیع عاصیان | حکم نافذ کی طرح انکا بیان
بوجھ[4] اٹھاتا ہے نہ کوئی غیر کا | میں نہ وازر حق نے اعلی کر دیا
جو کوئی بے وزر ہے وہ شیخ ہے | جون کمان در کف قبول اللہ کے
شیخ[5] کیا ہے پیر یعنے مو سفید | معنے اس مو کے تو جان اے نا امید
ہے یہ ہستی اسکی وہ موے سیاہ | تا نہو ہستی سے اسکی رہ دلا
جسکی ہستی نہ رہے وہ پیر ہے | ہو سیہ ہو یا ہو کھچڑی جان لے
وہ سیہ مو کہ جو ہے وصف بشر | نہ وہ مو داڑھی اور نہ موی سر

[1] جب نہووے الخ ۱ شعر جب تیرے باطن میں رحم نہیں ہووے تو مجھے امید اب کیا تجھسے ہی آگے حقائق ہیں مجکو امید ہی تجھسے اے پیشوا تو مجکو نہ چھوڑیگا رنج میں جب کہ تخت آراستہ ہو تو شفیع ہوگا دن قیامت کے ایسے دن و برکت میں آخر کار میں تیرے بخشش پر امیدوار ہوں میرا ہاتھ اور تیرا دامن اسوقت ہو کہ کسی مجرم کو امن نہووے پیغمبر صلعم نے کہا کہ محشر میں مجرموں کو کب چھوڑوں روتا ہوا میں شفیع عاصیان اسکے ہوا ہوں تا رنج سے انکو چھڑاؤں یعنے حضرت رسول مقبول صلعم شفیع عاصیان ہونگے بروز جزا باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲ [3] دونگا میں الخ ۵ شعر اہل کبائر کو میں بچا دونگا عہد شکنی کی سزا نہووے امت کے صلحا و تقی فارغ ہیں شفاعت سے میری روز جزا کے بلکہ وہ خود شفیع عاصیان ہیں اور حکم جاری کی طرح انکا بیان ہی ترجمہ کوئی بوجھ اٹھانیوالا بوجھ دوسرے کا نہیں اٹھاتا ہی میں بوجھ اٹھانے والا نہیں ہوں حق نے مجکو اعلی کر دیا ہی جو کوئی بوجھ سے بے تعلق ہے وہ شیخ ہے مانند کمان کے قبول اللہ کے ہاتھ میں یعنے جو بوجھ تعلقات کا نہیں رکھتا ہے وہ ایسا ہی خدا کے قبضہ میں مانند کمان کے کہ فعل کمان کا عین فعل کماندار کا ہی چنانچہ آگے شیخ کا حال ہے فافہم ۱۲ [5] شیخ کیا ہی الخ ۹ شعر شیخ کیا ہے پیر یعنی سفید مو اس مو کے معنی تو جان اے نا امید وہ موے سیاہ اسکی یہ ہستی ہے تا ایک مو اسکی ہستی سے رہوے جسکی ہستی نہیں رہی وہ پیر ہے مو سیاہ یا کھچڑی ہوں جان لے وہ مو سیاہ مو کہ وصف بشر ہے وہ نہ مو داڑھی کا ہے نہ مو سر کا ہے آگے مثال ہے بس جو ہوئے میں جیسے ہم نے بیان کیا کہ میں شیخ و پیر ہوں نے جوان ہوں اگر بعضے اوصاف بشری سے چھٹے آدھا پیر ہے بالکل شیخ نہیں موئے سیاہ کہ وہ ہمارا وصف ہے جسمیں ایک ہو وہ شیخی نہیں رکھتا ہے اگر سفید مو ہوں اور خودی رکھے وہ پیر نہیں ہے نہ خاص خدا ہے اگر بال بھر اسمیں وصف باقی ہے اہل دنیا ہے عرش اللہ کا نہیں ہے یعنے پیر و شیخ وہ ہے کہ جسمیں خودی نہیں ہے اور سفید بال ہونے سے پیر نہیں ہوتا ہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲

[4] بوجھ اٹھانے والا بوجھ دوسرے کا نہیں اٹھاتا عکس کلام ہے ۱۲

جهد در عیسیٰ برآرد صد نفیر — گر جوان ناگشته ناگشتیم پیر
گر پدید از بعض اوصاف بشر — شیخ نبود کهل باشد اے پسر
موی سه گر باشد او وصاف ماست — نیست بر وی شیخ و مقبول خداست
چون بود موئش سپید از با خودست — او نه پیرست و نه خاص ایزدست
ور سر موئش ز وصفش باقی ست — ور نه از عرش خدا آفاقی ست
ما همه اُمیدواران تو ئیم — ریزه چین خوانِ احسانِ تو ئیم
لیک با این جمله چون بے شفقتے — بهر فرزندان چرا بے رافتے
یا مگر خود دل نمے سوزد ترا — باز گو اے شیخ ما را ماجرا

بس کیا چھوٹی من عیسیٰ نی بیان — گر میں شیخ و پیر ہوں نی ہوں جوان
بعض اوصاف بشر سی گر چھٹے — پیر آدھا ہی نہ بالکل شیخ ہی
مو سیہ گر وہ ہمارا وصف ہے — ایک مو جسمیں نہ وہ شیخی رکھے
گر سفید اب مو ہوں اور کہی خودی — ہی نہ وہ پیر اور نہ خاص ایزدی
بال بھر گر وصف باقی نہیں ہے — اہل دنیا ہی نہ عرش اللہ سے
ہم رکھیں[1] اُمید تجھ سے بالیقین — خوان احسان کے تری ہیں خوشہ چین
باوجود اس جملہ شفقت کی تجھے — کیوں نہیں اُلفت ہی اب اولاد سے
یا یہ شاید آنپہ دل جلتا ترا — پھر کہوا ے شیخ مجھ سے ماجرا

عذر کردن شیخ بهر ناگریستن بر مرگ فرزندان

عذر کرنا شیخ کا بسبب نہ رونے فرزندوں کے

شیخ گفت او را مپندار اے رفیق — که ندارم رحم و مهر و دل شفیق
بر همه کفار ما را رحمت ست — گرچه جانِ جمله کافر نعمت ست
بر سگانم رحمت و بخشایش ست — که چرا از سنگهاشان مالش ست
آن سگے که مے گزد گویم دعا — که ازین خو وارهانش اے خدا
این سگان را هم درین اندیشه دار — که نباشد از خلائق سنگسار
زان بیاورد اولیا را بر زمین — تا کندشان رحمة للعالمین
خلق را خواند سوے درگاه خاص — حق را خواند که وافر کن خلاص
جهد بنماید ازین سو بهر پند — چون نشد گوید خدایا در مبند

شیخ[2] نے اس سے کہا مت جان تو — کہ نہ رکھتا ہوں میں مہر و رحم کو
جملہ کفاروں پہ رحمت ہی مجھے — گرچہ جان کفران نعمت کرتی ہے
مجکو کتوں پر بھی آتا رحم ہے — کہ انھیں کیوں مارتے ہیں سنگ سے
کاٹے جو کتا میں کرتا ہوں دعا — کہ چھڑا اس خو سے اسکو ای خدا
اور کتوں کو بھی رکھ اس فکر میں — خلق کے نہ سنگسار اب وہ رہیں
اس لئے[3] بھیجے ولی سوئے زمین — تا کریں وہ رحمة للعالمین
خلق کو کھینچیں سوئے درگاہ خاص — حق کو کہوین کہ زیادہ کر خلاص
کرتے خود کوشش نصیحت کے لیے — جو نہ چاہے کہوین حق در کھولدے

[1] ہم رکھیں الخ ۲ شعر ہم تجھ سے اُمید رکھیں بالیقین ہم خوان اُمید کے خوشہ چین ہیں باوجود اس تمام شفقت کے تجکو اُلفت کیوں نہیں ہے اولاد سے یا اُسپر شاید تیرا دل جلتا نہیں ہے پھر اے شیخ مجھسے ماجرا کہو آگے قصہ شیخ کا ہے فافہم ۱۲۔

[2] شیخ نے الخ ۸ شعر اس سے شیخ نے کہا کہ تو مت جان کہ میں مہر و رحم نہیں رکھتا ہوں مجکو جملہ کفاروں پر رحم ہے اگرچہ جان کفران نعمت کرتی ہے مجکو کتوں پر بھی رحم آتا ہے کہ انکو کیوں سنگ سے مارتے ہیں جو کتا کاٹے میں دعا کرتا ہوں کہ اسکو ای خدا اس خو سے چھڑا اور کتوں کو بھی اس ذکر میں رکھ خلق کے سنگسار اب وہ نہ رہیں آگے حقائق ہیں فافہم ۱۲۔

[3] اس لئے الخ ۱ شعر اسواسطے ولی طرف زمین کے بھیجے تا کہ وہ رحمت عالم کریں خلق کو طرف درگاہ خاص کے کھینچیں اور حق کو کہوین کہ زیادہ خلاص کر خود کوشش کرتے ہیں اور جو نہ چاہے تو کہیں کہ حق دروازہ کھول دے عام کو رحمتیں جزوی ہوتی ہیں خاص کو رحمتیں کلی ہوتی ہیں، اسکی رحمت جزو ملی ہوئی کل سے ہے رحمت ایک دریا ہی مادی راہ کی رحمت جزو ہی تو کل سے اب ملی اور رحمت حق کو تو اپنا مادی جان جبتک جزو نہ جانے راہ بحر کی مانند کب نہر ہوتی ہی جو بحر کو نہ جانے راہ کب ملے اور خلق طرف دریا کے کب لاسکے متصل دریا کے اسوقت ہو کہ بحر سے مل جائے مانند سیل جو کے اگر دعوت کرے تقلیدی ہو ورنہ عیان دوئی و تائیدی سے ہو یعنے اولیاء کرام کو واسطے رحمت کے دنیا میں بھیجا ہے کہ تا مخلوق کو جانب حق کے کھینچیں کیونکہ رحمت جزو اپنے کل سے ملی ہے تو جزو [illegible] فافہم ۱۲۔

رحمتِ جزوی بود مر عام را	رحمتِ کلی بود ہمّام را	عام کو ہوتی ہین جزوی رحمتین	خاص کو ہوتی ہین کُلّی رحمتین
رحمتِ جزوش قرین گشتہ بہ کل	رحمتِ دریاست ہادی سبل	رحمتِ جزو اسکی کل سے ہی ملی	رحمت اُن کی ہی ہادی اُو کی
رحمتِ جزوی بہ کل پیوستہ شو	رحمتِ کل را تو ہادی بین و رو	رحمتِ جزو ہی تو کل سے مل سر آن	رحمتِ کل کو تو ہادی اپنا جان
تا کہ جزو ست او ندارد راہ بحر	ہر غدیرے را کند اشباہ بحر	جب تلک جزو ہی نہ جانی راہ بحر	بحر کے ہم مثل کب ہوتی ہی نہر
چون نداند راہ یم رہ کے برد	سوی دریا خلق را چون آورد	جو نہ جانے بحر کو رہ کب ملے	سوئے دریا خلق کو کب لا سکے
متصل گردد بہ بحر آنگاہ او	رو برو تا بحر ہمچون سیل جو	متصل دریا کے ہو اسوقت وہ	بحر سے مل جائے مثل سیل جو
ور کند دعوت بہ تقلیدے بود	نز عیان و وحی و تائیدی بود	گر کرے دعوت تو تقلیدی سے ہو	نہ عیان و وحی و تائیدی سے ہو
گفت پس چون رحم داری بر ہمہ	ہمچو چوپانے بگرد این رمہ	[1] بولی جو تو رحم رکھتا سب پہ ہی	گرد گلہ مثل چرواہے کے ہی
چون نداری نوحہ فرزند خویش	چونکہ فصاد اجل شان زد بنیش	کیون نہین پھر روتا لڑکون کے لیے	مار افصاد اجل نے نیش سے
چون گواہِ رحم اشک دیدہ ہاست	دیدہ تو بے نم و گریہ چراست	آنکھ کا آنسو گواہِ رحم ہے	آنکھ بے آنسو تری پھر کس لیے
شیخ دانا زین عتابش گرم شد	در سخن یکبارہ بے آزرم شد	شیخ ناخوش اُسکے طعنہ سے ہوا	بحث سے یکبارگی لڑنے لگا
رو بہ زن کرد و بگفتش کای عجوز	خود نباشد فصل دے ہمچون تموز	بولا عورت سے کہ ای پیر زنان	کب بہار اب ہووے مانند خزان
جملہ گر مردند ایشان ور حی اند	غائب و پنہان ز چشمِ دل کے اند	گر وہ سب جیتے رہے یا مر گئے	آنکھ سے پوشیدہ دل کی کب ہوئے
من چو بینم شان معین خویش پیش	از چہ رو را کنم ہمچون تو ریش	پیش [2] خود پاتا ہون اُنکو برقرار	کس لیے روؤن مین تجھسا زار زار
گرچہ بیرون اند از دور زمان	با من اند و گرد من بازی کنان	گرچہ اس عالم سے باہر ہو گئے	پر مری ہین سامنے وہ کھیلتے
گرچہ از ہجران بود یا از فراق	با عزیزانم وصال ست و عناق	گریہ ہوتا ہے فراقِ ہجر سے	پر عزیزون سے وصال اب ہی مجھے
خلق اندر خواب می بینندشان	من بہ بیداری ہمی بینم عیان	خلق اُنکو دیکھتی ہی خواب مین	اور بیداری مین دیکھون اُنکو مین
زین جہان خود را ہمی پنہان کنیم	برگ حس را از درخت افشان کنیم	اس جہان سی مخفی اکدم ہوتا ہون	اور حواسونکو مین بت جھڑ کرتا ہون
حس اسیرِ عقل باشد ای فلان	عقل اسیرِ روح باشد ہم بدان	حس [3] ہی قیدی عقل کی اے رازگو	عقل قیدی روح کی ہی جان تو

[1] بولی جو تو الخ ۔ شوہر عورت نے کہا کہ تو رحم رکھتا ہی سب پر اور مثل چرواہے کے گرد گلہ کے ہی پھر کیون نہین لڑکون کیواسطے روتا ہی مار افصاد اجل نے نیش سے آنسو آنکھ کا گواہ رحم ہی پھر تیری آنکھ بے آنسو کسواسطے ہی اُسکے طعنہ سے شیخ ناخوش ہوا بحث کرنے سے ایکبارگی لڑنے لگا عورت سے کہا کہ ای پیر زنان کب بہار مانند خزان کے ہوئے اگر وہ سب جیتے رہے یا مر گئے آنکھ سے دل کی کب پوشیدہ ہوئے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

[2] پیش خود الخ ۔ شعر اُنکو اپنے آگے برقرار پاتا ہون مین تیرے مانند کسواسطے روؤن زار زار اگرچہ اس عالم سے باہر ہو گئے لیکن میرے پاس کھیلتے ہین اگرچہ گریہ فراق و ہجر سے ہوتا ہی ولیکن عزیزون سے اب مجھے وصال ہے مخلوق اُنکو خواب مین دیکھتی ہے اور مین بیداری مین دیکھتا ہون مین اس جہان سے اکدم مخفی ہوتا ہون اور حواسون کو معطل کرتا ہون آگے حقائق ہین فافہم ۱۲۔

[3] حس ہے الخ ۔ شعر اے رازگو حس قیدی عقل کی ہے اور عقل قیدی روح کی ہے عقل کے عقدہ کو جان نے کھولا اور کام بندھے ہوئے کو جاری کر دیا حس اور اندیشے آب صاف پر ہین جس طرح خاشاک پانی پر پھرتا ہے دست عقل اس حس کو ایک طرف کرتا ہی اور اک عقل کے آگے پیدا ہوتا ہی خس جیسا تھا نہر پر مانند حباب کے خس ہٹا تو پیدا ہو گیا آب جو عقل کا ہاتھ خدا نے کھولے خس کو ہوا زیادہ کر دے آب پر جیسے عقل کی زیادتی سے ہر حس دھوا دور ہو سکتے ہین اور آب معنوی ظاہر ہوتا ہے باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲۔

دست بستہ عقل را جان باز کرد　　کارہائے بستہ را ہم ساز کرد
حسہا و اندیشہ بر آب صفا　　ہمچو خس بگرفتہ روئے آب را
دست عقل آن خس بیکسو می برد　　آب پیدا می شود پیش خرد
خس بس انبہ بود بر جو چون حباب　　خس چو یکسو رفت پیدا گشت آب
چونکہ دست عقل نکشاید خدا　　خس فزاید از ہوا بر آب ما
آب را ہر دم کند پوشیدہ او　　از ہوا خندان و گریان عقل تو
چونکہ تقوی بست دو دست ہوا　　حق کشاید ہر دو دست عقل را
پس حواس چیرہ محکوم تو شد　　چون خرد سالار و مخدوم تو شد
حس را بی خواب خواب اندر کند　　تا کہ غیبتہا ز جان سر بر زند
ہم بہ بیداری ببیند خوابہا　　ہم ز گردون بر گشاید بابہا

عقل کے عقدہ کو جان نے وا کیا　　اور کے کامون کو جاری کر دیا
حس و اندیشے ہین آب صاف پے　　جسطرح خاشاک پانی پر پڑے
دست عقل اس حس کو یکسو کرتا ہی　　آب پیش عقل پیدا ہوتا ہے
جمع خس تھا نہر پر مثل حباب　　خس ہٹا تو ہو گیا پیدا بس آب
عقل کا جو ہاتھ نے کھولے خدا　　خس زیادہ آب پہ کر دے ہوا
آب کو پوشیدہ وہ ہر دم کرے　　روتی اور ہنستی ہوا سے عقل ہے
دست طمع دونون باندھے زہد نے　　کھولے حق نے ہاتھ دونون عقل کے
ہو گئے تیرے مطیع غالب حواس　　عقل حاکم ہو گئی جو تیرے پاس
حس کو بے سوئے معطل گر کرے　　غیب سب ظاہر ہون تیری جان کے
اور بیداری مین دیکھے خواب کو　　آسمان سے کھولے دروازہ کو تو

قصہ خواندن شیخ ضریر قرآن را از روی مصحف و وقت خواندن قرآن بینا شدن باذن اللہ تعالیٰ

قصہ پڑھنا شیخ نابینا کا قرآن کو ناظرہ اور بینا ہونا وقت پڑھنے قرآن کے بحکم خدای تعالیٰ

دیدہ در ایام آن شیخ فقیر　　مصحفے در خانۂ پیر ضریر
پیش او مہمان شد او وقت تموز　　ہر دو زاہد جمع گشتہ چند روز
گفت اینجا ای عجب مصحف چراست　　چونکہ نابیناست این درویش راست
اندرین اندیشہ تشویشش فزود　　کہ جز او نیست اینجا باش بود

دیکھا اس ایام مین درویش نے　　گھر مین قرآن ایک اندھے پیر کے
اسکے یان مہمان وہ گرمی مین ہوا　　چند روز اسکے وہ بس باہم رہا
سوچا یان قرآن اب ہے کس لیے　　کیونکہ نابینا یہ بس درویش ہے
بڑھ گئی تشویش اسکو اس فکر مین　　کہ سوا اسکے نہ یان پر اور مین

سلہ آب کو الخ ۹ شعر وہ آب کو پوشیدہ ہر دم کرے، اور ہوا سے عقل روتی و ہنستی ہے دونون ہاتھ ہوا کے تقوی اور زہد نے باندھے اور حق نے کھولے دونون ہاتھ عقل کے تیرے مطیع حواس غالب ہو گئے جو تیرے پاس عقل حاکم ہو گئی اگر بے سوئے حس کو معطل کرے تیری جان پر غیب سب ظاہر ہون اور خواب کو بیداری مین دیکھے اور آسمان کے دروازہ کو کھولے یعنے حالت مراقبہ مین تو حواسون کو معطل کرے غیب تجھپر منکشف ہو اور خواب تو بیداری مین دیکھے اور سیر آسمان کی کرے جیسے اندھا قرآن کو ناظرہ پڑھتا ہے چنانچہ اسکا قصہ آگے مثال مین فرماتے ہین فافہم ۱۲۔

سلہ دیکھا اس ایام مین الخ ۹ شعر ایک درویش نے اس ایام مین دیکھا قرآن گھر مین ایک اندھے پیر کے وہ اسکے یہان مہمان گرمی مین ہوا اور چند روز اسکے وہ باہم رہا سوچا کہ یہان قرآن کس واسطے ہے کیونکہ درویش نابینا ہے اسکو تشویش بڑھ گئی۔ اس فکر مین کہ اسکے سوا یہان پر اور نہین ہے وہ تنہا ہے اور ایک قرآن لٹکا ہوا ہے مین گستاخ نہین ہون اور نہ ملا ہون تا نہ پوچھون اور چپ رہون تاکہ صبر سے مراد مین اپنی لون جو صبر کیا اور رنج مین رہا کھل گیا ترجمہ کہ ضرور صبر کنجی کشادگی کی ہے آگے حقائق ہین صبر ایک گنج ہے اے برادر تو صبر کرتا شفا اس رنج سے پائے صبر رہبر ہر اسرار کے کشف کا ہے صبر تلخ ہے ولیکن ثمر میٹھا ہے یعنے صبر واسطے کشود کار کے بہتر ہے پس ہر حال مین صبر کرنا چاہئے چنانچہ اسکی مثال مین قصہ لقمان علیہ السلام کا آگے [illegible] فافہم ۱۲۔

اوست تنہا مصحفے آویختہ	من نیم گستاخ یا آویختہ
آ بپرسم نے خمش صبرے کنم	تا بصبرے بر مرادے پر زنم
صبر کرد و بود چندے زحرج	کشف شد کالصبر مفتاح الفرج
صبر گنج ست ای برادر صبر کن	تا شفا یابی تو زین رنج کہن
صبر سوی کشف ہر سر رہبرست	صبر تلخ آمد براو شکرست

وہ ہی تنہا مصحف اک لٹکا ہوا	مین نہین گستاخ اور نہ یون ملا
تا نہ پوچھون اور بس مین چپ رہون	صبر سے تا کہ مراد اپنی مین لون
جو کیا صبر اور رہا اندر حرج	کھل گیا کالصبر مفتاح الفرج
صبر ہے گنج اے برادر صبر کر	تا شفا اس رنج سے پائے مگر
صبر رہبر کشف ہر اسرار ہے	صبر ہے تلخ اور ثمر میٹھا رکھے

صبر کردن لقمان علیہ السلام چون دید کہ داؤد علیہ السلام حلقہا از آہن راست میکرد از سوال باین نیت کہ صبر از سوال موجب فرج و راحت ست

صبر کرنا لقمان علیہ السلام کا سوال سے جو دیکھا کہ داؤد علیہ السلام حلقہ لوہے کا بناتے ہین اس نیت سے کہ صبر کرنا سوال سے موجب راحت ہے

رفت لقمان سوئے داؤد از صفا	دید کو می کرد ز آہن حلقہا
جملہ را باہمدگر در مے فگند	ز آہن و پولاد آن شاہ بلند
صنعت زرّاد کم دیدہ بود	در عجب مے ماند و سواسش فزود
کاین چہ شاید بود واپرسم ازو	کہ چہ مے سازی ز حلقہ تو بتو
باز با خود گفت صبر اولیٰ ترست	صبر با مقصود زوتر رہبرست
چون نپرسی زودتر کشفت شود	مرغ صبر از جملہ پران تر شود
ور بپرسی دیرتر حاصل شود	سہل از بے صبریت مشکل شود
چونکہ لقمان تن بزد اندر زمان	شد تمام از صنعت داؤد آن
پس زرہ سازید و در پوشید او	پیش لقمان کریم صبر خو
گفت این نیکو لباس ست اے فتا	در مصاف و جنگ دفع زخم را

سوئے[1] داؤد نبی لقمان گیا	دیکھا لوہے سے بناتا حلقے تھا
ڈالتا اک دوسرے مین سب کو وہ	لوہے اور پولاد سے وہ نیک خو
جو زرہ بنتے نہ دیکھی تھی کبھی	ہو گیا حیران پریشانی بڑھی
کہ مین پوچھون انسے یہ کیا چیز ہے	ہین بناتے حلقہ جو اوپر تلے
پھر کہا[2] خود سے کہ بہتر صبر ہے	مقصدون کا زیادہ رہبر صبر ہے
جو نہ پوچھے جلد ظاہر تجکو ہو	اڑتا مرغ صبر افزون سب سے جو
گر تو پوچھے دیر مین حاصل ہو وہ	سہل بے صبری سے بس مشکل ہو وہ
ہو گیا لقمان نے صبر اس گھڑی	اور زرہ آخر تمام اسکی ہوئی
پہنی اُسنے بس بنا کر کے زرہ	آگے لقمان کے کہ تھا دانا سے رہ
بولا[3] یہ اچھا لباس اور خوب ہے	جنگ مین بھی ہے بچاتا زخم سے

[1] سوئے داؤد الخ یہ شعر لقمان عم حضرت داؤد عم کی جانب گئے دیکھا کہ حلقہ لوہے کے بناتے ہین اور ایک دوسرے مین سب کو وہ ڈالتے ہین لوہے اور پولاد سے جو کبھی زرہ بنتے نہ دیکھی تھی حیران ہوگئے اور پریشانی بڑھی سوچے کہ مین انسے پوچھون یہ کیا چیز ہے جو حلقے اوپر تلے بناتے ہین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [2] پھر کہا الخ ۵ شعر پھر خود سے کہا کہ صبر کرنا بہتر ہے کہ مقصدون کا صبر زیادہ رہبر ہے جو تو نہ پوچھے تجکو جلد ظاہر ہووے کہ مرغ صبر کا سب سے زیادہ اڑتا ہے اگر تو پوچھے وہ دیر مین حاصل ہو اور سہل بے صبری سے مشکل ہو لقمان عم نے اُسدم صبر کیا اور زرہ آخر کو تمام ہوئی پس اُسنے زرہ بنا کر کے پہنی آگے لقمان کے کہ دانائے راہ تھا آگے جواب داؤد عم کا ہے فافہم ۱۲۔

[3] بولا یہ الخ یہ شعر کہا کہ یہ لباس اچھا و خوب ہے کہ جنگ مین بچاتا زخم سے ہے لقمان نے کہا کہ صبر بھی خوب ہے کہ غم دفع کرتا ہے ہر جگہ تو حق کے ساتھ صبر نزدیک کر اور آخر سورۃ العصر کو پڑھ حق نے صدہا کیمیا پیدا کین صبر کے مانند کیمیا نہین دیکھی یعنے صبر ایک عجب کیمیا ہے کہ اسکے برابر حق نے دوسری کیمیا پیدا نہین کی ہے آگے باقی قصہ نابینا کا ہے فافہم ۱۲۔

گفت لقمان صبر ہم نیکو دمی ست	کو پناہ و دافع ہر جا غمی ست	بولا لقمان صبر بھی اب خوب ہے	کہ کرے یہ دفع غم ہر جا بے سبب
صبر را با حق قرین کرد ای فلان	آخر والعصر را آگہ بخوان	ساتھ حق کے صبر کو نزدیک کر	آخر والعصر کو پڑھ اے پسر
صد ہزاران کیمیا حق آفرید	کیمیائے ہمچو صبر آدم ندید	حق نے صدہا کیمیا پیدا کرین	کیمیا جون صبر بس دیکھی نہین

بقیہ قصہ نابینا و مصحف خواندن آن

باقی قصہ نابینا و قرآن پڑھنے اُسکے کا

مرد مہمان صبر کرد و ناگہان	کشف گشتش حال مشکل در زمان	صبر[1] مہمان نے کیا تو ناگہان	حال مشکل ہو گیا اُسپر عیان
نیم شب آواز قرآن را شنید	جست از خواب آن عجائب را بدید	نیم شب آواز قرآن کی سُنی	خواب سے اُٹھا عجائب اک دیکھی
کز مصحف کور میخواند درست	گشت بے صبر و ز کور آن حال جُست	کہ پڑھے اندھا صحیح قرآن کو	ڈھونڈھا حال اندھے کا وہ بے صبر ہو
گفت چون در چشمہایت نیست نور	چون ہمی بینی ہمی خوانی سطور	بولا[2] تیری آنکھ نے رکھے ہے نور	دیکھکر پڑھتا ہے تو کیونکر سطور
آنچہ میخوانی بران افتادہ	دست را بر حرف آن بنہادہ	جو کہ تو پڑھتا ہی قائم اس پہ ہے	ہاتھ کو حرفون پہ رکھتا اسکی ہے
اصبعت در سیر پیدا مے کند	کہ نظر بر حرف داری مستند	پھیرتا ظاہر ہے اُنگلی کے سرے	کہ نظر حرفون کے اوپر تو رکھے
گفت ای گشتہ ز جہل تن جدا	این عجب مے داری از صنع خدا	بولا جہل تن سے بس چھوٹا ہی تو	صنعتِ حق سے عجب رکھتا ہی تو
من ز حق در خواستم کاے مستعان	بر قرائت من حریصم ہمچو جان	مین نے حق سے کی دعا کہ مستعان	شوق ہی قرات کا مجھکو مثل جان
نیستم حافظ مرا نورے بدہ	در دو دیدہ وقت خواندن بگرہ	مین نہ حافظ ہون مجھے تو نور دے	آنکھ مین پڑھنے کے وقت اب لطف سے
باز گردان دیدہ ام را آن زمان	کہ بگیرم مصحف و خوانم عیان	بخش[3] دونون آنکھ مجھکو تو اس آن	کہ پڑھون قرآن کو بس مین عیان
آمد از حضرت ندا کای مرد کار	ای بہر رنجے بما اُمیدوار	آئی حضرت سے ندا ای مرد کار	مجھسے ہی ہر رنج مین اُمیدوار
حسن ظن ست و امیدی خوش ترا	کہ ترا گویم بہر دم بر ترا	حُسن ظن اور مستندی ہی تجھے	کہ کہون ہر وقت تو پڑھتا ہے
ہر زمان کہ قصد خواندن باشدت	یا ز مصحفہا قرائت بایدت	جس گھڑی ہو قصد پڑھنے کا تجھے	با قرات تو کرے قرآن سے
من در آن دم وادہم چشم ترا	تا فرو خوانی معظم جوہرا	اُس گھڑی مین تجھکو دون آنکھین بھلا	تا پڑھے ظاہر معظم جوہرا

[1] صبر مہمان نے الخ یہ شعر مہمان نے صبر کیا تو ناگہان حال مشکل اُسپر ظاہر ہو گیا آدھی رات کو آواز قرآن کی سُنی خواب سے اُٹھا تو عجائب ایک دیکھا کہ اندھا قرآن کو صحیح پڑھتا ہے اُسنے بے صبر ہو کر حال اندھے کا ڈھونڈھا فافہم ۱۲-

[2] بولا الخ یہ شعر کہا کہ آنکھ تیری نور نہین رکھتی ہے تو کیونکر سطور دیکھکر پڑھتا ہی جو تو پڑھتا ہی اُسپر قائم ہے اور ہاتھ کو اُس کے حرفون پر رکھتا ہی ظاہر اُنگلی کے سرے پھیرتا ہی کہ نظر حرفون کے اوپر ہے کہا کہ جہل جسم سے تو چھوٹا ہی اور صنعت حق سے عجب رکھتا ہی مین نے حق سے دعا کی ای مستعان مین حریص قراءت کا ہون مانند جان کے مین حافظ نہین تو مجکو نور دے آنکھو نمین وقت پڑھنے کے لطف سے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [3] بخش الخ یہ شعر تو دونون آنکھ اُسوقت بخش کہ قرآن کو مین پڑھون ظاہر درگاہ حق سے ندا آئی کہ اے مرد کار مجھ سے تو ہر رنج مین اُمیدوار ہے حُسن ظن اور آرزومندی تجکو ہے کہ کہون مین تجکو ہر وقت تو پڑھتا رہو جسدم پڑھنے کا تجکو قصد با قراءت تو قرآن سے ہو مین اُس گھڑی تجکو آنکھین دون تا کہ تو پڑھے ظاہر معظم جوہر کو اُسنے ایسا ہی کیا جس وقت مین کھول کر پڑھتا ہون قرآن مین وہ خبردار ہے اور غافل نہین کام سے خبر اُس سے نہین وہ کردگار اور بادشاہ والا جاہ ہے پھر وہ بینائی مجکو بخشے اُس دم جیسے چراغ رات کا آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲-

همچنان کرد و هر آنگه که من / واگشایم مصحف اندر خواندن
آن خبیرے کہ نشد غافل زکار / آن گرامی بادشاہ کردگار
باز بخشد بینشم آن شاہ فرد / در زمان ہمچون چراغ شب نورد
زین سبب نبود ولی را اعتراض / ہرچہ بستاند فرستد اعتیاض
گر بسوزد باغت انگورے دہد / در میانِ ماتمت سورے دہد
آن شلِ بیدست را دستے دہد / کان غمہا را دلِ مستے دہد
لا نسلّم و اعتراض از ما برفت / چون عوض می آید از مفقود زفت
چونکہ بے آتش مرا گرمی رسد / راضیم گر آتشش ما را کشد
چونکہ بے چشمت بہ بخشد دیدنے / اینچنین کوری ست چشمِ روشنی
بے چراغے چون دہد او روشنی / گر چراغت شد چہ افغان میکنی

کھولکر پڑھتا ہوں بس قرآن مین / ایسا ہی اُسنے کیا جس وقت مین
کردگار اور شاہ والا جاہ ہے / وہ خبردار اور نہ غافل گاہ ہے
آنکھ کی جیسے چراغ اب رات کے / پھر وہ بینائی مجھے بخشش کرے
جو کہ وہ لیوی عوض اسکے وہ دے / نہ ولی کو اعتراض اسواسطے
اور ماتم مین تجھے وہ خوش کرے / باغ گر پھونکے ترا انگور دے
غم ہو جسکے دلمین مست اسکو کرے / ٹوٹے جسکا ہاتھ اسکو ہاتھ دے
جو عوض آتا ہے مفقود سے بڑا / نا قبولِ اعتراض ہم سے گیا
ہو نہین راضی آگ گر فانی کرے / پہونچے جو گرمی مجھے بے آگ کے
ایسا اندھاپن ہی چشم پُر ضیا / جو تجھے بے آنکھ دیوے دیکھنا
کیون فغان ہی گر گیا تجھ سی چراغ / روشنی جو دی تجھے وہ بے چراغ

قصہ اولیا کہ راضی باحکام قضای الٰہی اند دعا نکنند کہ این حکم بگردان

قصہ اولیا کا کہ راضی بحکم قضای الٰہی ہین اور خوشامد نہین کرتے کہ حکم پھیر لے

بشنو اکنون قصۂ آن رہروان / کہ ندارند اعتراضے در جہان
ز اولیا اہلِ دعا خود دیگر اند / کہ ہمی دوزند و گاہی مے درند
قوم دیگر مے شناسم ز اولیا / کہ دہان شان بستہ باشد از دعا
از رضا کہ ہست رام آن کرام / جُستنِ دفعِ قضا شان شد حرام
در قضا ذوقے ہمی بینند خاص / کفر شان آید طلب کردن خلاص

قصہ اب اُن سالکون کا تم سُنو / کہ نہ رکھتے اعتراض عالم مین وہ
اولیا اہلِ دعا ہین دوسرے / ہین کبھی سیتے کبھی ہین پھاڑتے
دوسری قوم ایک ولی اللہ سے / جانو اُنکا مُنہ دعا سے بند ہی
بس رضا جو ہی رضا جوئے کرام / ڈھونڈنا دفعِ قضا اُنکو حرام
ذوق پاتے ہین قضا مین اولیا / کفر اُنکو ہے رہائی چاہنا

سلہ نہ ولی الخ، شعر اسواسطے ولی کو اعتراض نہین جو وہ لیوے وہ عوض اسکو دیوے اگر تیرے باغ کو وہ جلائے تو انگور دے اور ماتم مین وہ تجکو خوش کرے جسکا ہاتھ ٹوٹے اُسکو ہاتھ دے جسکے دل مین غم ہو مست اُسکو کرے انکار و اعتراض ہم سے گیا جب مفقود سے عوض آتا ہی بڑا جو گرمی تجکو پہونچے بغیر آگ کے مین راضی ہون اگر آتش میری بجھائے جو بغیر آنکھ کے دیکھنا تجکو دے ایسا اندھاپن چشم پر ضیا ہی وہ روشنی تجکو دے بغیر چراغ کے کیون چلاتا ہی اگر چراغ تجھسے گیا یعنے اگر تجکو نابینا کرے اُس سے زیادہ تجکو دیدیوے کہ ناقص کرنا اُسکا عین کامل ہے اور زیان دینا اُسکا عین سود ہے جیسے اولیاء اللہ رضا بقضا رہتے ہین چنانچہ قصہ اولیا کا آگے مثال مین لکھتے ہین فافہم ۱۲
سلہ قصہ الخ سہ شعر تم قصہ اُن سالکون کا اب سُنو کہ وہ اعتراض عالم مین نہین کرتے تھے اولیاء اہل دعا دوسرے ہین کہ کبھی سیتے و کبھی پھاڑتے ہین۔ دوسری قوم ایک ولی اللہ ہی کہ اُنکا منہ دعا سے بند ہی یعنے ایک اولیاء اللہ اہل دعا ہین اور ایک اہل رضا ہین آگے اُنکا بیان ہی فافہم ۱۲۔
سلہ بس رضا الخ دو شعر بس رضا جو وہ اُن بزرگون کی رضا جو ہے اُنکو ڈھونڈھنا دفع قضا کا حرام ہے قضا مین ذوق پاتے ہین اولیاء رہائی چاہنا اُنکو کفر ہے اُنکے دل پر حسن ظن ایسا کھلا کہ نیلا جامہ غمزدہ نہین پہنتے ہین جو کچھ اُنکے آگے آئے وہ خوش ہوں آب حیات اگر آتش بھی ہو زہر بھی حلق مین شکر بجملہ سنگ اُنکی راہ مین گوہر ہے اُنکو نیک و بد سب یکسان ہو گیا اس سبب سے یعنے حسن ظن سے دعا کرنا اُنکے نزدیک کفر ہے کہ ای خدا تو ہم سے قضا پھیر لے یعنے اہل رضا کے نزدیک دعا کرنا کفر ہی کیونکہ وہ رضا بقضا رہے ہین چنانچہ قصہ بہلول کا مثال مین آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲۔

حسن ظنی بر دل ایشان کشود — گر نپوشند از غمی جامه کبود
هر چه آید پیش ایشان خوش بود — آب حیوان گردد ار آتش بود
زهر در حلقوم شان شکر بود — سنگ اندر راه شان گوهر بود
جمله یکسان بود شان نیک و بد — گرچه باشد این ز حسن ظن خود
کفر باشد نزد شان کردن دعا — کای خدا از ما بگردان این قضا

انکے دل پر حسن ظن ایسا کھلا — گر نہ پہنے جامہ نیلا غمزدا
جو کچھ آگے انکے آئے خوش ہوں وہ — آب حیوان ہو اگر آتش بھی ہو
زہر انکے حلق میں شکر بنے — سنگ انکی راہ میں گوہر بنے
نیک و بد یکسان سب انکو ہو گیا — کس سبب سے حسن ظن سے ای دلا
کفر نزدیک انکے ہی کرنا دعا — کہ خدا تو پھیر یہ ہم سے قضا

سوال کردن بهلول از یک صاحب دل و جواب او
سوال کرنا بہلول کا ایک صاحب دل سے اور جواب دینا اسکا

گفت بهلول آن یکی درویش را — چونی ای درویش واقف کن مرا
گفت چون باشد کسی که جاودان — بر مراد او رود کار جهان
سیل و جوها بر مراد او روند — اختران زان سان که او خواهد شوند
زندگی و موت سرهنگان او — بر مراد او روانه کو به کو
هر کجا خواهد فرستد تعزیت — هر کجا خواهد ببخشد تهنیت
سالکان راه هم بر کام او — ماندگان راه هم در دام او
هیچ دندانی نخندد در جهان — بی رضا و امر او فرمان روان
بی رضای او نیفتد هیچ برگ — بی قضای او نیاید هیچ مرگ
بی مراد او نجنبد هیچ رگ — در جهان از اوج ثریا تا سمک
گفت ای شه راست گفتی همچنین — در فر و سیمای تو پیداست این
آن صد چندانی ای صادق ولیک — شرح کن این را بیان کن نیک نیک
آنچنان که فاضل و مرد فضول — چون بگوش او رسد آرد قبول

بولا بہلول[1] ایک اس درویش سے — کیسا ہے درویش تو بتلا مجھے
بولا کیسا ہو وہ کہ جاودان — اسکی بس خواہش پہ ہو کار جہان
سیل و دریا اسکی خواہش پر چلیں — اور ستارے اسکی رائے سے پھریں
اسکے پیادے زندگی اور موت کے — جائیں ہر کوچہ میں اسکی رائے پے
چاہے جس جا پر وہ بھیجے تعزیت — چاہے جس جا پر وہ بخشے تہنیت
سالکان[2] راہ اسکے کام میں — عاجزان راہ اسکے دام میں
دانت منہ میں نہ کوئی جنبش کرے — بے رضا و حکم ان حکام کے
بے رضا انکی گرے نہ کوئی برگ — بے قضا انکی نہ آئے کوئی مرگ
بے مراد انکی نہ رگ حرکت کرے — اس جہان میں تا زمین افلاک سے
بولا ای شہ سچ کہا ایسا ہی ہے — تیری پیشانی سے یہ جلوہ کرے
وہ اور اس سے زیادہ ای صادق لیک — شرح و تشریح اسکی کر تو نیک نیک
اسطرح[3] پر کر کہ فاضل اور فضول — ہو سنے اسکو تو کر لیوے قبول

سلہ بولا الخ ۵ شعر بہلول نے کہا اس درویش سے کیونکر ہے ای درویش مجکو بتلا کہ وہ کیسا ہو جو ہمیشہ اسکی خواہش پر جہان کا کام ہو سیل و دریا کی اسکی خواہش پر چلیں اور ستارے اسکی زندگی پر پھریں اسکی زندگی و موت کے پیادے اسکی رائے پر جائیں ہر ایک کوچہ میں جس جا پر وہ چاہے تعزیت بھیجے اور جس جا پر وہ چاہے تہنیت بخشے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ سالکان الخ ۶ شعر سالک راہ کے اسکے کام میں ہیں اور عاجز راہ کے اسکے دام میں ہیں دانت منہ میں نہ جنبش کرے بغیر رضا اس حاکم کے کوئی برگ بغیر رضا انکی کے نہ گرے اور کوئی مرگ بغیر اسکے چاہے نہ آئے بغیر مراد انکے رگ حرکت نکرے اس جہان میں آسمان سے زمین تک کہا کہ ای شاہ تو نے سچ کہا ہے ایسا ہی ہے یہ تیری پیشانی سے جلوہ کرتا ہے اے صادق وہ اس سے زیادہ ہے ولیکن تو تشریح و شرح اسکی بخوبی کر باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲
سلہ اس طرح الخ ۲ شعر اس طرح پر شرح کر کہ اہل معنی و بے معنے جو اسکو سنے قبول کرلے اسکی شرح ایسی کلام میں کہ اس سے فائدہ عام کی جان پائے عقل کامل ہو خوان کو بچھائے اسکے خوان پر ہر ایک غذا موجود ہو کہ جہان کوئی محروم نہو جو آئے ہر کوئی اپنی غذا علیحدہ پائے آگے اسکی مثال ہے قرآن کے کہ نکات ظاہری ہیں اور خاص و عام کی غذا قرآن میں ہے کہا کہ یہ سب کو یقین ہو گیا کہ جہان تابع حکم خدا کے ہے اولیاء اللہ پاس جو کوئی آرزو والا ہے وہی مراد پائے کہ انکے خوان کرم میں سب چیز موجود ہے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲

آنچنانش شرح کن اندر کلام | که ازان هم بهره یابد جان عام
ناطق کامل چو خوان باشی بود | بر سر خوانش ز هر آشے بود
که نماند هیچ مهمان بے نوا | هر کسے یابد غذائے خود جدا
همچو قرآن که بمعنی هفت توست | خاص او عام را مطعم در وست
گفت این باری یقین شد پیش عام | که جهان در امر یزدان ست رام
هیچ برگے در نیفتد از درخت | بی قضا و حکم آن سلطان بخت
از دهان لقمه نشد سوے گلو | تا نگوید لقمه را حق کادخلوا
میل رغبت کان مهار آدمی ست | جنبش و آرام آن غنی ست
در زمین و آسمان ها ذره | پر نه جنباند نه گردد پرّه
جز بفرمان قدیم نافذش | شرح نتوان کرد و جلدی نیست وش
کا شمرد برگ درختان را تمام | بے نهایت کی شود در نطق رام
اینقدر بشنو که چون کلی کار | مے نگردد جز به امر کردگار
چون قضای حق رضای بنده شد | حکم او را بنده خواهنده شد
بے تکلف نی پے مزد و ثواب | بلکه طبع او چنین شد مستطاب
زندگے خود نخواهد بهر خود | نے پے ذوق حیات مستند
هر کجا امر قدم را مسلکے ست | زندگی و مردگی پیشش یکی ست
بهر یزدان می زید نے بهر گنج | بهر یزدان مرد نی خوف و رنج
هست ایمانش برائے خواه او | نی برائے جنت و اشجار و جو

شرح اسکی ایسی کر اندر کلام | اس سے پائے فائدہ بھی جان عام
عشق کامل جو بچھائے خوان کو | اسکے خوان پر ہر غذا موجود ہو
کہ نہو مہمان کوئی محروم آ | ہر کوئی اپنی غذا پائے جدا
مثل قرآن کے کہ باطن سات ہین | خاص و عاموں کی غذا قرآن مین
بولا یہ سب کو یقین اب ہوگیا | کہ جہان تابع ہے بامر خدا
نے[1] شجر سے کوئی اک پتا گرے | بے قضا اور حکم اس سلطان کے
منہ سے لقمہ جائے نہ سوئے گلو | تا نہ لقمہ کو کہے حق کادخلو
میل و رغبت آدمی کی باگ ہے | بے خدا کے حکم نہ رغبت کرے
نہ زمین و آسمان مین اڑ سکے | کوئی ذرہ اور جنبش پر کو دے
جز قدیمی حکم جاری اسکے کے | شرح نے ممکن نہ جلدی خوب ہے
جب نہ گن سکتا ہے تو پتے تمام | بے نہایت کب ہو پابند کلام
اسقدر سن لو کہ جو کل کار و بار | ہو نہ ہرگز جز بحکم کردگار
جو[2] قضا حق کی رضا بندہ کی ہو | چاہتا بندہ ہے اسکے حکم کو
نہ تکلف نے ثوابون کے لئے | بل طبیعت اسکی ہے اس طور سے
زندگی چاہے نہ خود اپنے لیے | اور نہ ذوق زندگی کے واسطے
جس جگہ امر قدم کی رہ چلے | جینا مرنا اسکے آگے ایک ہے
واسطے حق کے جیئے نہ بہر گنج | واسطے حق کے مرے نہ بہر رنج
ہے اسے ایمان خاص حق کے لیے | نہ بہشت و نہر و پھل کے واسطے

[1] نے شجر الخ۔ شعر کوئی برگ شجر سے نہین گرے بغیر قضا و حکم اس بادشاہ کے طرف گلو کے منہ سے لقمہ نہ جائے جب تک نہ کہے ترجمہ کہ داخل ہو تو خواہش و رغبت آدمی کی باگ ہے بغیر حکم خدا کے حرکت کرے زمین و آسمان مین نہ اڑ سکے کوئی ذرہ اور نہ پر کو جنبش دے بجز اسکے قدیمی حکم جاری کے نہ شرح ممکن ہو نہ جلدی خوب ہی جبکہ تو تمام پتے نہین گن سکتا ہے تو بے نہایت کب کام مین آسکتا ہو اسقدر سن لو کہ تمام کار و بار کب ہوتا ہے بجز حکم خدا کے یعنے کوئی کام بجز حکم خدا کے نہین ہو سکتا ہو کیونکہ سب اسکے اختیار مین ہو فافہم ۱۲۔

[2] جو قضا الخ۔ شعر جبکہ قضا حق کی رضا ہو بندہ چاہتا ہے اسکے حکم کو بے تکلف اور ثوابون کے لیے نہین بلکہ اس کی طبیعت اس طور سے ہے زندگی اپنے لئے نہ خود چاہے ورنہ ذوق زندگی کے واسطے جس جگہ امر قدم کی راہ چلے اسکے آگے جینا و مرنا ایک ہے واسطے حق کے جیئے نہ گنج کے واسطے۔ واسطے حق کے مرے نہ رنج کے واسطے اسکو ایمان ہے خاص حق کے واسطے نہ بہشت و نہر و ثمر کے واسطے یعنے جو کام اولیاء اللہ کرتے ہین خاص حق کے واسطے کرتے ہین کیونکہ انکو ایمان خاص خدا کے واسطے ہے جنت و دوزخ کے واسطے نہین اسیواسطے حضور نے فرمایا ہے حدیث شریف الایمان بین الخوف والرجاء یعنے ایمان درمیان خوف و رجا کے ہے یعنے وہ ایمان خدا کے واسطے ہے نہ امید جنت و نہ خوف دوزخ کے یعنے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲۔

ترک کفرش هم برای حق بود
نی ز بیم آنکه در آتش شود
اینچنین آمد ز اصل خوی او
بی ریاضت بی ز جست و جوی او
آنگهان خندد که او بیند رضا
همچو حلوای شکر او را قضا
بندهٔ کش خوی و خصلت این بود
نی جهان بر امر و فرمانش رود
پس چرا لابه کند او یا دعا
که بگردان ای خداوند این قضا
مرگ او و مرگ فرزندان او
بهر حق پیشش چو حلوا در گلو
نزع فرزندان برا او با وفا
چون قطائف پیش شیخ بینوا
پس چرا گوید دعا الا مگر
در دعا بیند رضای دادگر
آن شفاعت وان دعا نز رحم خود
می کند آن بندهٔ صاحب رشد
رحم خود را او همان دم سوخته است
که چراغ عشق حق افروخته است
دوزخ اوصاف او عشق ست و او
سوخت مر اوصاف خود را مو بمو
هر طروقی این فروقی کی شناخت
جز دقوقی کو درین دولت بتاخت

ترک کفر اسکو ہی حق کیواسطے
اور نہیں ہے خوف دوزخ کے لئے
ایسی عادت آئی اسکی اصل سے
بے ریاضت اور بے تلاش کے
اسگھڑی خوش ہوئے جب دیکھے رضا
میٹھے حلوا کی طرح اسکو قضا
خو و خصلت ایسی جس بندہ کی ہے
کیوں نہ عالم حکم پر اسکے چلے
کیوں خوشامد وہ کرے اور دعا
کہ خدا تو پھیر دے اب یہ قضا
موت اسکی اسکے بس اولاد کی
واسطے حق کے ہی اسکو چاشنی
نزع فرزندوں کی نزدیک اسکے ہی
جیسے لوزینہ گدا کے سامنے
پس وہ مانگے کس لئے حق سے دعا
پر دعا میں دیکھے اللہ کی رضا
وہ شفاعت وہ دعا نے رحم سے
اپنی کرتا ہی وہ بندہ جان لے
سوخت اپنے رحم کو اسدم کیا
کہ چراغ عشق حق روشن ہوا
عشق دوزخ اسکے ہی اوصاف کو
کہ جلایا وصف اسکا مو بمو
جانا ہر سالک نے کب اس فرق کو
جسطرح جانا دقوقی نے ہی وہ

قصهٔ دقوقی رحمه الله تعالی و کراماتش

قصۂ دقوقی رحمہ اللہ تعالی اور کرامات اسکی

آن دقوقی داشت خوش دیباچهٔ
عاشق و صاحب کرامت خواجهٔ
بر زمین می شد چو مه بر آسمان
شب روان را گشته زو روشن روان
در مقامی مسکنی کم ساختی
کم دو روز اندر دهی انداختی

وہ دقوقی چہرہ زیبا رکھتا تھا
عاشق و صاحب کرامت اولیا
تھا زمین پر مثل ماہ آسمان
سالکوں کی تھی روشن اس سے جان
ہر مقام اوپر وہ کمتر ٹھہرتا
تھا نہیں دو دن سے کم رہتا سوا

سلہ ترک کفر الخ ۱ شعر اسکو ترک کفر حق کے واسطے ہی اسکی ایسی عادت اصل سے آئی تھی بغیر ریاضت اور تلاش کے اسدم خوش ہو جو وہ رضا دیکھے حلوہ شیرین کی طرح قضا اسکو ہو جس بندہ کی خو خصلت ایسی ہے کیوں نہ حکم پر اسکے عالم چلے کیوں نہ دعا میں وہ خوشامد کرے کہ ای خدا تو یہ قضا پھیر دے موت اسکی اولاد کی واسطے حق کے اسکو چاشنی ہی باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲ سلہ نزع فرزندان الخ ۵ شعر نزع فرزندوں کی اسکے نزدیک ایسی ہے جیسے لوزینہ گدا کے روبرو پس وہ حق سے دعا کس واسطے مانگے لیکن دعا میں اللہ کی رضا دیکھتا ہی وہ شفاعت وہ دعا رحم سے اپنے وہ بندہ نہیں کرتا ہے اپنے رحم کو اس دم سوخت کیا کہ جب چراغ عشق اسکے دل میں روشن ہوا عشق اسکے اوصاف کو دوزخ ہی کہ وصف اسکا جلا دیا بالکل پر ایک سالک نے کب اس فرق کو جانا جس طرح دقوقی نے وہ جانا یعنے رضا بقضا میں وہ بندہ خدا کا خوش ہی کہ جب چراغ عشق خدا اسمیں روشن ہوا پھر دعا کس واسطے مانگے اور اگر دعا بھی وہ مانگتا ہے تو رحم کے سبب سے نہیں مانگتا ہے بلکہ رضائے حق کے سبب سے مانگتا ہے اس سے ثابت ہوا کہ اہل دعا بھی اہل رضا ہیں کہ رضا دیکھتے ہیں جب دعا کرتے ہیں یہ فرق بجز دقوقی رحمۃ اللہ علیہ کون جانتا ہی فہم من فہم ۱۲۔
سلہ قصہ ششم فرق اہل رضا و اہل دعا میں ۱۲ سلہ وہ دقوقی الخ ۲ شعر دقوقی چہرۂ زیبا رکھتا تھا عاشق و صاحب کرامت والا تھا وہ زمین پر مثل ماہ فلک کے تھا اور سالکوں کی اس سے روشن جان ہوتی تھی وہ ہر مقام پر کمتر ٹھہرتا تھا کا نون میں دو دن سے سوا نہیں رہتا تھا کہتا اگر دو دن ایک مکان میں رہوں اس گھر کی محبت و عشق مجھ میں زیادہ ہو ترجمہ خوف کرتا ہوں فریفتہ ہونے مکان سے سفر کرائے نفس سفر کرنے والے واسطے فنا کے ہیں اپنے دل کی علوت مکان کی نہیں ڈالتا تا ہو وے خالص امتحان میں یعنے محبت مکان کی مانع راہ سلوک ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

گفت در یک خانہ باشم گر دو روز	عشق آن مسکن کند در من فروز	کہتا دو دن ایک گھر میں گر رہوں	عشق اُس گھر کا ہو مجھ میں پُر فزوں
عزۃ المسکن احاذرہا انا	انتقلی یا نفس سافر للغنا	عزتِ المسکن احاذرہا انا	انتقلی یا نفس سافر للغنا
لا اعود خلق قلبی بالمکان	کے یکون خالصا فی الامتحان	لا اعود خلق قلبی بالمکان	کے یکون خالصا فی الامتحان
روز اندر سیر بُد شب در نماز	چشم اندر شاہ باز او ہمچو باز	دن کو چلتا رات کو پڑھتا نماز	گھورتا تھا چشم شہ پر مثلِ باز
منقطع از خلق نے از بدخوئی	منفرد از مرد و زن نے از دوئی	خلق سے تارک تھا نہ بدخوئی سے	مرد و زن سے تھا جدا نہ دوئی سے
مشفقے بر خلق نافع ہمچو آب	خوش شفیعے و دعااش مستجاب	خلق پر مشفق و نافع مثل آب	تھا شفیق اسکی دعا تھی مستجاب
نیک و بد را مہربان و مستقر	بہتر از مادر شہے تر از پدر	نیک و بد پر مہربان تھا آپ سے	ماں سے بہتر زیادہ راغب باپ سے
گفت پیغمبر شما را اے جہان	چون پدر ہستم شفیق و مہربان	بولے پیغمبر کہ تم پر اے بشر	میں شفیق و مہربان ہوں مثلِ پدر
زان سبب کہ جملہ اجزائے منید	جزو را از کل چرا برمے کنید	اس لیے کہ سب ہوا اجزا تم مرے	تم جدا جزو کرتے کل سے کس لیے
جزو از کل قطع شد بیکار شد	عضو از تن قطع شد مردار شد	جزو کل سے جو کٹے بیکار ہو	عضو تن سے جو کٹے مردار ہو
تا نہ پیوندد بہ کل بارِ دگر	مردہ باشد نبودش از جان خبر	جب تلک کل سے نہ پھر جا کر ملے	رہے مُردہ نے خبر ہو جان سے
ور بجنبد نیست خود او را سند	عضو نو بریدہ ہم جنبش کند	گر کرے حرکت وہ کب ہووے روا	کرتا حرکت عضو ہے تازہ کٹا
جزو ازین کل گر بُرد یکسو رود	این نہ آن کل است کو ناقص شود	جزو اس کل سے کٹے ہووے جدا	یہ نہ وہ کل ہے کہ ناقص ہو بھلا
قطع و وصل او نیاید در مقال	چیز ناقص گفتہ شد بہرِ مثال	ملنے اور کٹنے میں اسکے ہو نہ قال	چیز ناقص کو کہا بہرِ مثال

بازگشتن بہ قصۂ دقوقی علیہ الرحمۃ
پھر پھرنا طرف قصۂ دقوقی علیہ الرحمۃ کے

مر علی را بر مثال شیر خواند	شیر مثل او نباشد گرچہ راند	گر مثل میں شیر علی کو کہہ دیا	شیر مثل اُسکے نہو گرچہ کہا

سلہ دن کو اپنے بشروں کو چلتا اور رات کو نماز پڑھتا اور چشم کھوتا تھا شاہ پر کی مانند باز کے خلق سے تارک تھا مگر نہ بدخوئی سے مرد و زن سے جدا تھا دوئی سے نہ تھا خلق پر مشفق و نافع مثل آب کے تھا اور شفیق تھا و اُسکی دعا تھی مستجاب آپ سے نیک و بد پر مہربان تھا ماں سے بہتر اور باپ سے زیادہ آگے حقائق ہیں پیغمبر صلعم نے فرمایا کہ تم پر اے بشرو میں شفیق و مہربان ہوں مانند پدر کے اسواسطے کہ تم سب اجزا میرے ہو تم کل سے جزو جدا کرتے ہو کسواسطے جو جزو کل سے کٹے بیکار ہو جو عضو تن سے کٹے مُردار ہو یعنے تمام مخلوق جزو حضرت رسول مقبول صلعم کی ہے۔ کیونکہ آپکے نور سے پیدا ہوئی ہے بس جو چیز کہ اپنے کل سے جدا ہو بیکار و مُردار ہو اسواسطے کفار کو حق نے نجس کہا ہے باقی حقائق آگے ہیں فافہم ۱۲ سلہ جب تلک الخ ہ شعر جب تک کل سے پھر جا کر نہ ملے مُردہ ہوئے اور جان سے خبر نہووے اگر حرکت کرے وہ کب روا ہے کہ کٹا عضو تازہ حرکت کرتا ہے اس کل سے جزو کٹے و جدا ہووے یہ کل وہ نہیں ہے کہ ناقص ہووے اُسکے ملنے و کٹنے میں گفتگو نہو ناقص چیز کو واسطے مثال کے کہا ہے یعنے جزو کے جدا ہونے سے کل ناقص ہو جاتا ہے مگر یہ کل متفرق جزو سے ناقص نہیں ہوتا ہے کیونکہ نور محمدی کامل علم ہے آگے قصۂ دقوقی کا ہے فافہم ۱۲ سلہ اگر مثل الخ ہ شعر اگر مثال میں علی کرم اللہ وجہہ کو شیر کہہ دیا پس شیر اُنکی مثال کب ہے اگرچہ کہہ دیا ہے تو چھوڑ فرق مثل و مثال کو اور پھر قصۂ دقوقی کا کہ وہ تقوی میں امام مخلوقات کا تھا اور تقوی میں فرشتہ سے سوا تھا سیر کرنے میں وہ ماہ کو بات دنیا اور دینداری میں وہ رشک دنیا دین کو باوجود اس زہد و تقوی کے ہمیشہ رہتا تھا وہ طالب خاصان خدا کا سفر میں یہ بڑی اُسکی مراد تھی کہ کوئی دم خاص خدا سے شاد ہوؤں یہ دعا کرتا جگہ راہ چلتا تھا کہ خدا خاصوں سے مجھ کو ملادے یارب انکو کہ میرا دل جاتا ہے میں جان و دل سے انکا بندہ ہوا یعنے سفر میں ہمیشہ تلاش اسکو لیا دا اللہ کی رہتی تھی کیونکہ ملاقات ولی سے ولی کو ترقی مدارج ہر دم ہوتی ہے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲

از شمال و شل و فرق آن یلان — جانب قصهٔ وقوقی باز ران
آنکه در فتوی امام خلق بود — گوی تقوی از فرشته می ربود
آنکه اندر سیر مه را مات کرد — هم ز دین داری او دین رشک خورد
با چنین تقوی و اوراد و قیام — طالب خاصان حق بودی مدام
در سفر معظم مرادش آن بدی — که دمی با بندهٔ خاصی زدی
این همی گفتی چو می رفتی براه — کن قرین خاصگانم ای اله
یارب آنها را که بشناسد دلم — بنده و بسته میان و مجملم
وانکه نشناسد تو ای یزدان جان — بر من محجوب شان کن مهربان
حضرتش گفتی که ای صدر مهین — این چه عشقست و چه استسقاست این
مهر من داری چه می جویی دگر — چون خدا با تست چه جویی بشر
او بگفتی یارب ای دانای راز — تو گشودی در دلم راه نیاز
در میان بحر اگر بنشسته ام — طمع در آب سبو هم بسته ام
همچو داود نود نعجه مراست — طمع در نعجهٔ حریفم هم بخاست
حرص اندر عشق تو فخرست و جاه — حرص اندر غیر تو ننگ و تباه
شهوت و حرص نران پیشی بود — وان زخیزان ننگ و بدکیشی بود
حرص مردان از ره پیشی بود — در مخنث حرص سوی پس رود
آن یکی حرص از کمال مردی است — وان دگر حرص افتضاح و سردی است
آه سری هست این جا بس نهان — که سوی خضر شود موسی دوان
همچو مستسقی کز آبش سیر نیست — بر هر آنچه یافتی بالله مه‌ایست

چھوڑ تو فرق و شمال و شل کو — اور پھر قصۂ وقوقی کا سنو
کہ وہ فتوی مین امام خلق تھا — اور تقوی مین فرشتہ سے سوا
مات دیتا سیر مین وہ ماہ کو — رشک دینداری مین دیتا دین کو وہ
باوجود اس زہد تقوی کے سدا — رہتا تھا طالب وہ خاصان خدا
تھی سفر مین یہ بڑی اسکی مراد — کہ کوئی دم خاص حق سے ہون شاد
یہ دعا کرتا تھا جو چلتا تھا راہ — کر ملا خاصون سے مجکو ای الہ
یارب انکو جانتا ہی دل مرا — جان و دل سے انکا مین بندہ ہوا
جنکو نہ پہچانوں ای یزدان جان — کر تو مجھ ناآشنا پر مہربان
اسکی درگہ سے کہا اے ملتجی — کیسا یہ عشق اور کیسی تشنگی
مہر رکھے میری ڈھونڈے اور — حق ہی تیری ساتھ ڈھونڈے غیر کو
بولا وہ یارب تو ہی دانائے راز — کھولی مجھ مین تو نے راہ نیاز
گرچہ بیٹھا ہون مین اندر بحر کے — آب مٹکے کی بھی طمع ہی مجھے
نوے عورت میری جون داؤد ہین — طمع عورت یار کی رکھتا ہون مین
حرص تیرے عشق مین ہی فخر و جاہ — حرص تیری غیر مین ننگ و تباہ
حرص و شہوت نر کو پس آگے کی ہو — ننگ و خواری بلکہ ہو نامرد کو
مرد کو آگے کی ہوتی حرص ہے — اور مخنث حرص پیچھے کی رکھے
حرص کہا اک انتہا مردی کی ہے — دوسرے کو حرص نامردی کی ہے
آہ پوشیدہ یہان پر بھید ہے — گیا موسی ہی جانب خضر کے
جیسے مستسقی نہ پانی سے ہے سیر — جو کہ پایا ہی نہ واللہ آپ ٹھیر

سلہ جنکو ز الخ، شعر جنکو مین نہین پہچانتا ہون ای خدا انکو مجھ ناآشنا پر مہربان کر اسکی بارگاہ نے کہا کہ ای ملتجی کیسا یہ عشق کیسی تشنگی میری محبت رکھتا ہے اور غیر کو ڈھونڈھتا یہ خدا تیرے ساتھ ہے اور تو غیر کو ڈھونڈھتا ہے اسنے کہا کہ ای رب تو دانائے راز ہے اور میرے دل مین کھولی راہ نیاز کی اگرچہ مین اندر بحر کے بیٹھا ہون مگر آب سبو کی بھی مجکو طمع ہے میری نوّے عورتین مانند داؤد کے مین یار کی عورت کی طمع رکھتا ہون تیرے عشق مین حرص فخر و جاہ ہے اور تیرے غیر مین حرص ننگ دنیا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ حرص و شہوت الخ، شعر حرص و شہوت مرد کو آگے سے ہو اور نامرد کو ننگ و خواری جیسے ہو مرد کو حرص آگے کی ہوتی ہی اور مخنث حرص پیچھے کی رکھتا ہے ایک کو حرص مردی کی بھید اور دوسرے کو حرص نامردی کی ہے افسوس بیان پر بھید پوشیدہ ہے کہ موسیٰ جانب خضر کے گیا ہے جیسے مستسقی پانی سے سیر نہین ہے جو کہ حاصل ہوا ہے واللہ آپ مت ٹھہر کسی بارگاہ بے نہایت ہی تو سرداری کو چھوڑ تیرا سینہ راہ ہے یعنے خدا کے واسطے حرص کرنا محمود ہے اور امورات دنیا مین حرص کرنا مذموم ہے جیسے موسیٰ ع نے دریافت راز الٰہی مین حضرت خضر ع سے حرص کی چنانچہ انکا قصہ آگے مثال مین فرماتے ہین فافہم ۱۲-

بی‌نہایت حضرتست این بارگاہ	صدر را بگذار صدر تست راہ	بے نہایت اسکی ہے یہ بارگاہ	چھوڑ سرداری ترا سینہ ہی راہ

سر طلب کردن موسی علیہ السلام خضر را با کمال نبوت — اسرار پوچھنا موسیٰ کا خضر سے باوجود کمال نبوت و قربت کے

از کلیم حق بیاموز اے کریم	بین چہ میگوید ز مشتاقی کلیم	تو کلیم حق سے سیکھ اب اے کریم	دیکھ مشتاقی سے کیا کہوے کلیم
با چنین جاہ و چنین پیغمبری	طالب خضرم ز خود بینی بری	باوجود ایسی نبوت جاہ کے	خضر ڈھونڈوں ہوں یہ خود بینی مجھی
موسیا تو قوم خود را ہشتۂ	در پے نیکوئے تو سرگشتۂ	تونے موسیٰ چھوڑا اپنی قوم کو	واسطے اک نیک کے درپے ہے تو
کیقبادی رستہ از خوف و رجا	چند گردی چند جوئی تا کجا	تو ہے شہ چھوڑا رجا و خوف سے	ڈھونڈھتا کب تک پھریگا تو اسے
آن تو با تست و تو واقف برین	آسمان تا چند پیمائی زمین	تو رکھے حصہ تجھے اسپر یقین	اے فلک کب تک تو ناپیگا زمین
گفت موسیٰ این ملامت کم کنید	آفتاب و ماہ را رہ کم زنید	بولا موسیٰ یہ ملامت کم کرو	چاند و سورج کی نہ روکو راہ کو
میروم تا مجمع البحرین من	تا شوم مصحوب سلطان زمن	مجمع البحرین تک جاتا ہوں میں	تا خضر سے بس ملاقی ہوؤں میں
اجعل الخضر لامری سببا	ذاک او امضی و اسری حقبا	اجعل الخضر لامری سببا	ذاک او امضی و اسری حقبا
سالہا پرم بپر و بالہا	سالہا چہ بود ہزاران سالہا	بال و پر سے میں اڑوں برسوں تلک	کیا برس بلکہ بہت قرنوں تلک
میروم یعنی نمی ارزد بدان	عشق جانان کم مدان از عشق نان	جاتا ہوں لائق نہیں اسکے ای جان	عشق نان سے عشق جانان کم نہ جان
این سخن پایان ندارد ای عمو	داستان آن دقوقی بازگو	یہ سخن بے انتہا ہے جان لو	داستان پھر اس دقوقی کی کہو

بازگشتن بہ قصۂ دقوقی علیہ الرحمۃ — پھر پھرنا طرف قصۂ دقوقی علیہ الرحمۃ کے

آن دقوقی رحمۃ اللہ علیہ	گفت سافرت مدی فی خافقیہ	وہ دقوقی رحمۃ اللہ علیہ	بولا سافرت مدی فی خافقیہ
سالہا رفتم سفر از عشق ماہ	بے خبر از راہ و حیران در الٰہ	عشق میں ماہ کے کیے برسوں سفر	حق میں حیران اور رہ سے بیخبر

سلہ تو کلیم الخ شعر تو کلیم اللہ سے سیکھ اور دیکھ مشتاقی سے کہ کلیم کیا کہتا ہے باوجود ایسی نبوت و جاہ کے میں خضر کا طالب ہوں مجکو خود بینی سے دور کرنے کے لئے۔ تونے اپنی قوم کو چھوڑا اور پیچھے ایک نیک کے تو جاتا ہے تو شاہ ہے اور چھوٹا خوف و رجا سے کب تک تو ڈھونڈھتا پھریگا اُسکو تو اپنا حصہ رکھے اور تجھے اسپر یقین ہے اے فلک نبوت تو کب تک زمین ناپیگا موسیٰ نے کہا کہ یہ ملامت کم کرو مہر و ماہ کی راہ مت روکو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ مجمع البحرین الخ شعر مجمع البحرین تک میں جاتا ہوں تا خضر سے میں ملاقات کروں ترجمہ میں خضر کو کرتا ہوں اپنے کام کا وسیلہ یا وہ کہ میں جاتا ہوں اور سیر کرتا ہوں مدتوں میں بال و پر سے برسوں تلک اڑوں برس کیا بلکہ بہت قرنوں تلک میں جاتا ہوں یہ اسکے لائق نہیں تو عشق نان سے عشق جانان کو کم نہ جان یہ بات بے انتہا ہے جان لو پھر داستان اس دقوقی کی کہو یعنے عشق خدا میں اگر قرنوں اڑے اسکی انتہا کو کب پہونچے کیونکہ انسان عشق نان میں برسوں پھرتا ہے اگر چہ میں عشق خدا میں پھروں تو یہ بھی ادنیٰ ہے آگے قصہ دقوقی کا ہے فافہم ۱۲۔

سلہ دقوقی الخ شعر دقوقی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ ترجمہ مسافرت کی میں نے ایک مدت مشرق و مغرب میں ماہ کے عشق میں برسوں سفر کیے حق میں حیران اور بے خبر راہ سے برہنہ کانٹوں پر جاتے ہوئے کہا کہ میں حیران و بیخود و گم ہوں اس پانوں کو زمین پر مت دیکھو کیونکہ مشتاق تو دل پر جاتا ہے راہ و منزل کم زیادہ سے دل کیا جانے وہ مستغرق ہے کم زیادہ یہ بدن کا حال ہے جان کے اور ہی چال ہے یہ کم زیادہ راہ سے بدن جاتا ہے اور جان کے جانے کا اور ہی ڈھنگ ہے چنانچہ اسکے حقائق آگے ہیں فافہم ۱۲۔

ملاقات ہوں خضر کو ... حقبا ... برسوں ... ۱۲۔

مدی

پا برہنہ می روی بر خار و سنگ | گفت من حیرانم و بیخویش و دنگ
تو مبین این پایہا را بر زمین | زانکہ بر دل میرود عاشق یقین
از رہ و منزل ز کوتاہ و دراز | دل چہ داند کوست مست دلنواز
این دراز و کوتہ اوصاف تن ست | رفتن ارواح دیگر رفتن ست
تو سفر کردی ز نطفہ تا بہ عقل | نے بگامی بود و منزل نے بہ نقل
سیر جان بیچون بود در دور و دیر | جسم ما از جان بیاموزید سیر
سیر جان ہر کس ببیند جان من | لیک سیر جسم باشد در علن
سیر جسمانہ رہا کرد او کنون | میرود بیچون نہان در شکل چون

پا برہنہ کانٹوں نیں جاتے ہو تم | بولا میں حیران ہوں بیخود و گم
تم زمین پر مت دیکھو اس پاؤن کو | کیونکہ دل پر جاتا ہی عشاق کو
راہ و منزل کم زیادہ سے ذرا | جانے کیا دل کہ وہ ہی مست خدا
یہ زیادہ کم بدن کا حال ہے | جان کے جانے کی اوہی چال ہے
عقل تک نطفہ سی بس تو نے کیا | جو سفر نے منزل اور قدموں سے تھا
سیر جان بیچون چرا ہی اس جگہ | سیر تن نے سیر سیکھی جان سے
سیر جان ہر ایک کب دیکھی ای جان | لیک سیر جسم ہوتی ہی عیان
سیر جسمی چھوڑی جسنے ای جوان | شکل جو نہیں پھرتا ہی بیچون نہان

نمودن مثال ہفت شمع در ساحل

دیکھنا سات صورت شمع کی کنارۂ دریا پر

گفت رفتہ می شدم مشتاق وار | تا ببینم در بشر انوار یار
تا ببینم قلزمے در قطرۂ | آفتابے درج اندر ذرۂ
چون رسیدم سوئے یک ساحل بگام | بود بیگہ گشتہ روز و وقت شام
ہفت شمع از دور دیدم ناگہان | اندران ساحل شتابیدم بدان
نور شعلہ ہر یکے شمعے ازان | بر شدہ خوش تا عنان آسمان
خیرہ گشتم خیرگی ہم خیرہ گشت | موج حیرت عقل را از سر گذشت
کاین چگونہ شمعہا افروختہ است | وین دو دیدہ خلق ازانہا دوختہ است
خلق جویان چراغی گشتہ بود | پیش آن شمعے کہ بر مہ می فزود
چشم بندی بد عجب بر دیدہا | بندشان میکرد یہدی من یشا

بولا اک دن میں گیا مشتاق وار | تاکہ میں دیکھوں بشر میں نور یار
تاکہ اک قطرہ میں دیکھوں بحر کو | اور اک ذرہ میں دیکھوں مہر کو
ہو کہ میں پہونچا کنارے بحر کے | دن گیا اور وقت کم تھا روز کے
سات شمعیں دیکھیں میں نے دور سے | اُس کنارہ پر چلا میں دوڑ کے
اُن ہر اک شمعوں کا شعلہ اور نور | سقف گردون تک وہ رکھتا تھا ظہور
ہو گیا حیران میں حیرت رہی | موج حیرت عقل کے سر پر گئی
کہ یہ روشن شمع کیں کس طور کی | خلق کی بند آنکھ اُس سے ہو گئی
خلق تھی جویان چراغونکی ہوئی | شمع کے آگے کہ تھی مہ سی بڑی
تھی نظر بندی عجائب ظاہرا | بند کرتا اُن پہ یہدی من یشا

سلہ عقل تک الخ، شعر تو نے نطفہ سے عقل تک جو سفر کیا وہ منزل اور قدموں سے نہ تھا سیر جان کی اس جگہ بیچون وچرا ہے میرے بدن نے سیر سیکھی ہے جان سے ہر اک سیر جان کی کب کی دیکھی ولیکن سیر جسم کی ظاہر ہوتی ہے سیر جسمی جسنے چھوڑی شکل چون میں بیچون پوشیدہ پھرتا ہے یعنے جو شخص اس سیر بدن سے چھوٹا وہ بیچون ہے کہ شکل چون میں پوشیدہ ہے سیر کرتا ہے آگے رجوع قصہ ہے دقوقی نے کہا کہ میں ایک دن گیا مشتاق کے مانند کہ تاکہ میں دیکھوں بشر میں نور یار کو تاکہ ایک قطرہ میں بحر کو دیکھوں اور ایک ذرہ میں مہر کو دیکھوں چنانچہ سات اولیا میں نور حق دیکھنے کا حال آگے بیان فرماتے ہیں فافہم ۱۲ سلہ جو کہ الخ شعر جو کہ میں کنارہ دریا پہونچا دن گیا اور وقت کم رہا میں نے سات شمعیں دور سے دیکھیں اُس کنارہ پر میں دوڑ کے چلا شعلہ و نور اُن ہر اک شمعوں کا سقف گردون تک ظہور رکھتا تھا میں حیران ہوا اور حیرت رہی اور موج حیرت کی عقل کے سر پر گذری کہ یہ کس طور کی شمعیں روشن ہیں کہ مخلوق کی آنکھ اُس سے بند ہو گئی خلق جویان چراغون کی ہوئی ان شمعوں کے آگے کہ ماہ سے سوا تھیں عجائب نظر بندی تھی مخلوق پر کہ اُنپر بند کرتا تھا ترجمہ ہدایت کرتا ہے وہ جسکو چاہتا ہے یعنی جو دیکھا تو وہ سات ایک ہو گئیں اور آسمان تک انکا نور پہنچا جاتا تھا آگے ایک شمع ہو جانیکا بیان ہے فافہم ۱۲

سو سالہ راہ ... کر جاتا ہے

باز می‌دیدم که میشد هفت یک	نور او بشگافتے جیب فلک	دیکھا پھر مین نے ہوئین وہ سات ایک	آسمان تک جاتا انکا نور نیک

شدن آن هفت شمع بر مثال یک شمع | ہوجانا اُن سات شمع کا بصورت ایک شمع کی

باز آن یک بار دیگر هفت شد	مستی و حیرانی من زفت شد	ہوگئین ۞ وہ سات اک اکبار گی	مستی و حیرت ہوئی افزون مری
اتصالاتی میان شمعها	که نیاید بر زبان و گفت ما	درمیان شمعون کے وہ تھا اتصال	کہ بیان اُنکا نہو مجھسے حال
آنکه یکدیدن کند ادراک آن	سالها نتوان نمودن از زبان	جسنے دیکھا اک نظر نے کر سکے	برسون ادراک اُسکا قیل و قال سے
آنکه یکدم بیندش ادراک و هوش	سالها نتوان نمودن آن بگوش	جسنے دیکھا ایکدم نے کر سکے	برسون ادراک اُسکا از رہ کان کے
چونکه پایانی ندارد رو علیک	زانکه لا احصی ثناءً نا علیک	جو کہ ہے بے انتہا جا مرد نیک	کیونکہ لا احصی ثناءً نا علیک
پیشتر رفتم دوان کان شمعها	تا چه چیزست از نشان کبریا	دوڑا ۞ مین آگے کہ کیا یہ چیز ہے	شمعون کے ظاہر نشان اللہ ہے
میشدم مدهوش و بیخویش و خراب	تا بیفتادم ز تعجیل و شتاب	بیخود اور مدہوش بس مین ہوگیا	یان تلک کہ دوڑنے سے گر پڑا
ساعتی بیعقل و بیهوش اندرین	اوفتادم بر سر خاک زمین	اک گھڑی بیہوش ہو کر گر پڑا	خاک پر بے عقل مین لیٹا رہا
باز با هوش آمدم برخاستم	در روش گوئی نه سر نه پا استم	پھر ہوا جو ہوش مجکو تو اُٹھا	گویا چلنے مین نہ سر نہ پاؤن تھا

نمودن آن شمعها در نظر آن شیخ هفت مرد | دکھائی دینا اُن شمعون کا بیچ نظر اُس شیخ کی سات مرد

هفت شمع اندر نظر شد هفت مرد	نورشان میشد بسقف لاجورد	سات ۞ شمعین سات مرد آئے نظر	نور جاتا انکا تھا افلاک پر
پیش آن انوار نور روز درد	از صلابت نورها را می‌سترد	آگے اُن نورونکے ذکا نور گرد	کرتے سختی سے تھے نورونکو وہ سرد
باز حیران گشتم اندر صنع رب	کاین چنین چون شد چگونه است ای عجب	پھر مین حیران صنعت رب مین رہا	کہ یہ ایسا کس طرح کیونکر ہوا
پیشتر رفتم که نیکو بنگرم	تا چه حالست اینکه میگردد سرم	مین بڑھا آگے کہ دیکھون خوب سا	حال کیا ہے یا کہ میرا سر پھرا

باز نمودن آن هفت مرد هفت درخت | پھر دکھائی دینا اُن سات مرد کا سات درخت

سلہ ہوگئین الخ شعر وہ ساتون ایکبارگی ایک ہوگئین میری مستی و حیرت زیادہ ہوگئی شمعون کے درمیان وہ اتصال تھا کہ انکا حال مجھسے بیان نہو سکے جسنے ایک نظر دیکھا برسون اور اک اسکا قیل و قال سے نہ کر سکے جو کہ یہ حال بے انتہا ہے جا ای مرد نیک ترجمہ کیونکہ نہین گھیری جاتی ہے ثنا ہم سے تیری طرف یعنے اُس شیخ کو جسنے دیکھا ہرگز ادراک نہ کر سکا کہ لا احصی ثنا صفت اُسکی ہے یعنے وہ نور الٰہی تھا کہ ادراک نہین ہو سکتا تھا آگے حال اس شیخ نور الٰہی کا ہے فافہم ۱۲ سلہ دوڑا مین الخ ۳ شعر مین آگے دوڑا کہ یہ کیا چیز ہے شمعون کے نشان ظاہر اللہ ہے مین بیخود و مدہوش ہوگیا یہان تک کہ مین دوڑنے سے گر پڑا بیہوش ہو کر مین ایک گھڑی گر گیا اور بے عقل خاک پر لیٹا رہا پھر جو مجکو ہوش ہوا تو مین اُٹھا گویا چلنے مین نہ سر نہ پاؤن تھا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ سات شمعین الخ ۴ شعر وہ سات شمعین سات مرد نظر آئے انکا نور آسمان پر جاتا تھا آگے اُن نورون کے نورون کا گرد تھا اور نورون کو وہ سختی سے کرتے تھے سرد پھر مین حیران صنعت رب مین رہا کہ یہ ایسا کیون ہوا مین آگے بڑھا کہ خوب سا دیکھون کیا حال ہے یا کہ میرا سر پھرتا ہے باقی حال آگے ہے۔ فافہم ۱۲۔

بازهر یک مرد شد شکل درخت	چشم از سبزی ایشان نیکبخت	مرد[سلہ] ہر اک پھر ہوا مثل درخت	آنکھ سبزی انکی سے تھی نیکبخت
زانبهی برگ پیدا نیست شاخ	برگ هم گم گشته از میوهٔ فراخ	شاخ پوشیدہ ہجوم برگ سے	برگ بس میوی کی کثرت سے چھپے
هر درختی شاخ بر سدره زده	سدره چه بود از خلا بیرون شده	ہر شجر کی شاخ سدرہ تک گئی	کیا ہے سدرہ بل خلا سے بڑھ گئی
بیخ هر یک رفته در قعر زمین	زیرتر از گاو و ماهی بد یقین	جڑ زمین کی تہ مین ہر اک کے گئی	بل زیادہ گاؤ مچھلی سے بڑھی
بیخ شان از شاخ خندان روی‌تر	عقل از آن اشکالها زیر و زبر	شاخ سے جڑ انکی بھی بس خندہ تر	عقل اس مشکل سے تھی زیر و زبر
میوه کز بر شکافیدی عیان	همچو آب از میوه جستی نور آن	جو کہ میوی پھٹ گئے تھی ظاہرا	مثل پانی نور جاری انسے تھا

مخفی بودن آن درختان از چشم خلق

پوشیدہ ہونا اُن درختون کا چشم مخلوقات سے

آن عجب کہ بر ایشان می گذشت	صد ہزاران خلق از صحرا و دشت	یہ عجب[سلہ] کہ پاس سے انکے گذر	کرتے تھے صحرا مین بس صد ہا بشر
آرزوی سایه جان می باختند	از گلیمی سایبان می ساختند	آرزوی سایہ مین کھوتی تھی جان	اور کمل سے بناتے سائبان
سایهٔ آن را نمی دیدند هیچ	صد تفو بر دیده‌های پیچ پیچ	دیکھتا کوئی نہ انکے سایہ کو	دیکھنے پر انکے تف ہو جو
ختم کرده قهر حق بر دیده‌ها	که نبیند ماه را بیند سها	مہر کردی قہر حق نے آنکھ پر	کہ سہا دیکھین نہ دیکھین وہ قمر
ذره را بیند و خورشید نی	لیک از لطف و کرم نومید نی	دیکھے ذرہ اور نہین خورشید کو	پر کرم سے ناامید انکے نہ ہو
کاروانها بی نوا وین میوه‌ها	پخته می ریزد چه سحرست ای خدا	کاروان مفلس ہوئے یہ میوے گرے	پختہ ہو کر اے خدا کیا سحر ہے
سیب پوسیده همی چیدند خلق	در هم افتاده ز یغما خشک حلق	بینتی تھی سیب پوسیدہ کو خلق	اور پڑی تھی لوٹ مین وہ خشک حلق
گفته هر برگی و شکوفه آن غصون	دمبدم یا لیت قومی یعلمون	ہر شگوفہ پتا کہتا سرنگون	دمبدم یالیت قومی یعلمون
بانگ می آمد ز سوی هر درخت	سوی ما آیید خلق شوربخت	ہر شجر[سلہ] سے آرہی تھی یہ صدا	کہ ہمارے سمت اے مخلوق آ

[1] تیری وہ الخ ۶ شعر تیری عورت بھی اسکی لونڈی ہے ایسے خواجہ پر جفا کس واسطے کی جو اس سے بیٹا بیٹی پیدا ہوئے وہ ملک وارث کے بالکل ہوئے تیرا کسب اسکی ملک اور تو غلام ہے جو تو ڈھونڈھتا ہے تو اب شرع لے خواجہ کو ظلم سے مارا زار زار بھی یہاں پر خواجہ نے کہا تھا کہ پناہ دے اور یہاں یہ چھری جلدی سے گاڑ دی مارے ہیبت کے کہ کوئی نہ دیکھے اس زمین میں اسکا سر اور چھری ہے اس زمین کو کھود دو کہ تا سب نکلے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [2] نام اس الخ ۹ شعر نام اس سگ کا چھری پر لکھا ہے کہ ساتھ خواجہ کے مکر و دغا کی ہے جو زمین کو کھودا داؤد نے ویسا ہی کیا تو وہ چھری اور سر زمین سے ملا خلق میں اس دم اک شور و غل پڑا اور سبھوں نے زناریں توڑیں برملا اس گھڑی شجر کی طرف متوجہ ہو کر کہا کہ تو کیا جانتا ہے سچ کہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [3] شاخ پتوں نے الخ ۹ شعر اسوقت شاخ و برگ نے شجر کے سبب حق سے یہ بیان کیا۔ اے رسول خدا کے تو بجا کہتا ہے صانع اس تیرے کہنے کا گواہ ہے اس سگ نے خواجہ کو یہاں مارا ہاتھ میں خنجر فولادی ظاہر تھا سب داؤد علیہ السلام سے عذر خواہ ہوئے کیونکہ بدظن اور تباہ ہو گئے تھے آگے قصاص کا بیان ہے فافہم ۱۲۔

بعد ازان گفتش بیا ای داد خواہ	داد خود بستان ازین روسیاہ
ہم بدان تیغش کہ فرمود اقتصاص	کے کند کش زعلم حق خلاص
حلم حق گرچہ مواساہا کند	چونکہ از حد بگذرد رسوا کند
خون نخسپد درفتد در ہر دلے	میل جست وجو و کشف مشکلے
اقتضاے داوری رب دین	سر بر آرد از ضمیر آن و این
کان فلان چون شد چہ شد حالش چہ گشت	ہم چنانکہ جوشد از گلزار کشت
جوشش خون باشد آن واجستہا	خارش دلہا و بحث ماجرا
چون کہ پیدا گشت سر کار او	معجزہ داؤد شد فاش و دو تو
خلق جملہ سر برہنہ آمدند	سر بسجدہ بر زمین ہامے زدند
ما ہمہ کوران اصلی بودہ ایم	وانچہ می فرمودۂ نشنودہ ایم
وز تو ما صد گون عجائب دیدہ ایم	لیک معذوریم چون بے دیدہ ایم
سنگ با تو در سخن آمد شہیر	کز برائے غزو طالوتم بگیر
تو بسہ سنگ و فلاخن آمدی	صد ہزاران خصم را برہم زدی
سنگہایت صد ہزاران پارہ شد	ہر یکے مر خصم را خون خوارہ شد
آہن اندر دست تو چون موم شد	چون زرہ سازی ترا معلوم شد
کوہہا با تو رسائل شد شکور	با تو میخوانند چون مقری زبور
صد ہزاران چشم دل بگشادہ شد	از دم تو غیب را آمادہ شد

سلہ بعدہ فرمایا اے انصاف جو	داد دے اس روسیہ سے اپنی تو
بس قصاص اسنے کیا اس تیغ سے	حلم حق سے کر اسکا کب چلے
حلم حق کا گرچہ غمخواری کرے	جبکہ گذرے حد سے رسوائی کرے
نہ چھپے خون اور ہر دل مین پڑے	بھید کے کھلنے کی پس رغبت کرے
خواہش انصاف داور کرتی ہے	دل سے ظاہر ہوتی ہے ہر ایک کے
کیا ہوا وہ خواجہ کیا حال اسکا ہے	جیسے کھیتی سبز ہو گلزار سے
اسکا جوش خون ہو دل مین جستجو	دل مین خارش ہو وہ بحث گفتگو
جبکہ اس دم بھید اسکا کھل گیا	معجزہ داؤد کا ظاہر ہوا
سکہ خلق جملہ سر برہنہ ہو گئی	سر کو سجدہ سے زمین پر مارتی
اندھے اصلی ہم ہوئے ہین ظاہرا	جو تو کہتا تھا نہ ہم نے سنا
سیکڑون دیکھے عجائب تجھ سے ہین	پر ہین ہم معذور آنکھیں نہین
پتھرون نے یہ تجھے ظاہر کیا	ہمکو لے طالوت کی کر تو غزا
لے کے گوپھن تین سنگ آیا ہے تو	ماری تو نے صدہا دشمن اور عدو
سنگ تیرے سیکڑون ٹکڑے ہوئے	دشمنون کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے
لوہا تیرے ہاتھ مین جون موم ہے	جو زرہ بنانا تجھے معلوم ہے
سکہ کوہ تیرے ساتھ کرتے تھے شکور	ساتھ تیرے پڑھتے جون قاری زبور
سیکڑون دل کی آنکھین کھل گئین	تیرے دم سے غیب کا آیا یقین

سلہ بعدہ فرمایا الخ۔ شعر بعدہ کہا کہ اے انصاف چاہنے والے اس روسیاہ سے اپنی داد لے پس قصاص اسکا اس تیغ سے کر حلم حق سے اسکا کب کو جو وے آگے اسکے حقائق ہین حق کا حلم اگرچہ غمخواری کرے جبکہ حد سے گذرے رسوائی کرے خون نہ چھپے اور ہر دل مین پڑے بھید کے کھلنے کی رغبت کرے خواہش انصاف داور کی سب ضمیرون سے ظہور کرتی ہے کہ وہ خواجہ کیا ہوا اور حال اسکا کیا ہے جیسے کھیتی سبز ہو گلزار سے اسکا جوش خون دل مین جستجو ہو دل مین خارش ہو اور بحث و گفتگو ہو جبکہ بھید اسکا اس دم کھل گیا معجزہ داؤد علیہ السلام ظاہر ہو گیا یعنے حق تعالی ہر ایک غمخواری سے عیب چھپاتا ہے جبکہ وہ عیب گذرتا ہے تو رسوائی کرتا ہے اور ہر ایک کے دل مین وہ ڈالتا ہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ سکہ خلق جملہ الخ۔ شعر سب خلق برہنہ سر ہو گئی سر کو سجدہ سے زمین پر مارتی تھی ہم اندھے اصلی ہوئے ہین ظاہرا کہ جو تو کہتا تھا نہین سنا یہ نشان عجائب تجھ سے دیکھتے ہین ولیکن ہم معذور ہین کہ آنکھین نہین رکھتے ہین پتھرون نے ظاہر کیا کہ ہم کو لے اور طالوت کی طرف سے تو غزا کر گوپھن اور تین سنگ لے کر تو آیا صدہا دشمن تو نے مارے اور عدو تیرے سنگ سے سیکڑون ٹکڑے ہوئے اور دشمنوں کے ٹکڑے کیئے لوہا تیرے ہاتھ مین مثل موم کے ہے جو زرہ بنانا معلوم ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سکہ کوہ تیرے الخ۔ شعر کوہ تیرے ساتھ مثل قاری کے زبور پڑھتے ہین صدہا کے دل کی آنکھین کھول دین ولے یقین غیب کا آیا وہ قوی تر سبب ہے جو کہ دائم زندگی بخشے سدا وہ قائم ہے جملہ معجزون کی جان ہے یہ کہ حیات جاودان مردون کو دے پس ظالم مرا جان زندہ ہوا ہم سے ہر ایک حق کا بندہ ہوا یہ سب معجزون کی جان ہے کہ دل مردہ کو حیات جاودان بخشے پس نفس ظالم مرا اور ہر ایک حق کا بندہ ہوا آگے نتیجہ اس حکایت کا ہے فافہم ۱۲۔

وان قوی تر از ہمہ کان دائم است	زندگی بخشے کہ سرما قائم ست	وہ قوی تر سب سے جو دائم ہے وہ	زندگی بخشے سدا قائم ہے وہ
جان جملہ معجزات اینست خود	کہ بہ بخشد مردہ را جان ابد	جان جملہ معجزون کی بس یہ ہے	کہ حیات جاودان مردون کو دے
کشتہ شد ظالم جہانے زندہ شد	ہر یکے از ما خدا را بندہ شد	بس مرا ظالم جہان زندہ ہوا	حق کا ہم میں سے ہر اک بندہ ہوا

در بیان آنکہ نفس آدمی بجائے آن خونی ست کہ مدعی گاو گشتہ بود و آن کشندہ گاو عقل ست و داود علیہ السلام حق ست یا شیخ کہ نائب حق ست کہ بقوت و یاری او تواند ظالم را کشتن و تواند شدن بروزی بے کسب و رنج

بیان میں اسکے کہ نفس آدمی کا بجائے اس خونی کے ہے کہ مدعی گاو کا گشتہ ہوا تھا اور مارنیوالا گاو کا عقل ہے اور داود علیہ السلام حق ہے یا شیخ کہ نائب حق ہے کر سکتا قوت و یاری کی ظالم کو مار سکتا ہے اور تو انگر ہوتا ساتھ روزی بے کسب و رنج کے

نفس خود را کش جہانے زندہ کن	خواجہ را کشتست او را بندہ کن	مار نفس[۱] اپنا جہان کو زندہ کر	مارا خواجہ کو ہے اسکو بندہ کر
مدعی گاو نفس تست ہین	خویشتن را خواجہ کردہ او مہین	مدعی گاو کا تیرا نفس ہے	خواجہ بن بیٹھا ہے وہ خود آپ سے
آن کشندہ گاو عقل تست رو	بر کشندہ گاو تن منکر مشو	گاوکش وہ عقل تیری ہے شنو	گاوکش ہے تن کے تو منکر نہو
عقل اسیرست و ہمی خواہد ز حق	روزیی بے رنج و نعمت بر طبق	عقل قیدی اس طرح اللہ سے	روزی بے رنج کی خواہان ہی سے ہی
روزی بے رنج او موقوف چیست	آنکہ بکشد گاو را کاصل بدیست	روزے[۲] بے رنج موقوف اسپہ ہی	کہ وہ اپنے گاو کو کشتہ کرے
نفس گوید چون کشی تو گاو من	زانکہ گاو نفس باشد نقش تن	نفس کہوے گاو کیون مارا مرا	کیونکہ گاو نفس نقش ہے جسم کا
خواجہ زادہ عقل ماندہ بے نوا	نفس خونی خواجہ گشتہ پیشوا	خواجہ زادہ عقل کا مفلس رہا	نفس خونی خود ہی خواجہ بن گیا
روزی بے رنج میدانی کہ چیست	قوت ارواح است ارزاق نبی ست	روزی بے رنج کیا ہے جان لے	رزق تیری روح کا غذائے جان ہے

[۱] مار نفس الخ یہ شعر اپنا نفس مار اور جان کو زندہ کر اسنے خواجہ کو مارا ہے اسکو بندہ کر مدعی گاو کا تیرا نفس ہے وہ آپ سے خواجہ بن بیٹھا ہے اور گاوکش وہ تیری عقل ہے تو گاوکش سے تن کے منکر مت ہو عقل قیدی اس طرح اللہ سے روزی بے رنج چاہتی ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲-

[۲] روزی بے رنج الخ یہ شعر روزی بے رنج موقوف اسپر ہے کہ وہ اپنے گاو کو کشتہ کرے نفس کہوے کہ میرا گاو کیون مارا کیونکہ نفس جسم گاو ہے نفس کا عقل کا خواجہ زادہ مفلس رہا نفس خونی خواجہ خود ہی بن گیا روزی بے رنج کیا ہے تو جان لے کہ رزق نوری اور غذا کے جوہاں ہے گاو کی قربانی پر موقوف ہے گاو مین گنج ہے اے احمق تو جان لے کل شب کو کما لیا ورنہ بالکل تیرے دست فہم تنگ کام دیتا ہے اگر نفس کشتہ ہو عقل کو غذائے روحی ملے پس حصول گنج معانی کشتگی نفس پر موقوف ہے باقی حال آگے ہے کل شب کو کما لیا افسانہ کے مانند ہے جو کچھ آتا ہے وہ اس عالم کا ہے آنکہ کس سبب سے اسباب پر رکھتا ہے کرشمہ خوش چشمون سے سیکھا ہے انبیا نے دوسرے اسباب ہیں ان اسباب پر اسبابون کو مت دیکھ اسپر نظر کر انبیا علیہ السلام نے ترک اسباب کیا ہے اپنے معجزے پہونچائے ہیں آسمان تک دریا کو پھاڑا بغیر اسباب کے اور گندم صاف بغیر زراعت کے کئے ریگ کو کوشش سے آٹا کر دیا پشم کو محنت سے آبریشم کر دیا ترک سبب تمام قرآن میں تحریر ہے اور عزت فقرا کی ہلاکت ابولہب ہے یعنی ان اسبابون کے اوپر دوسرے اسباب ہیں تو ان پر نظر رکھ اور یہ اسباب انبیا علیہ السلام نے ترک کئے ہیں ابولہب کے مرنے سے رونق صحابہ کی ہوئی آگے مثال ہے فافہم ۱۲-

ملک موقوف ست بر قربان گاو — گنج اندر گاو دان ای گنج کاو
دوش چیزے خوردہ ورنہ تمام — دادمی در دست فہم تو زمام
دوش چیزے خوردہ ام افسانہ ایست — ہر چہ می آید ز پنہان خانہ ایست
چشم را اسباب از چہ دوختم — کہ ز خوش چشمان کرشم آموختم
ہست را اسباب اسبابے دگر — در سبب منگر دران افگن نظر
انبیا در قطع اسباب آمدند — معجزات خویش بر کیوان زدند
بے سبب مر بحر را بشگافتند — بے زراعت جاش گندم یافتند
ریگہا ہم آرد شد از سعی شان — پشم بز ابریشم آمد کش کشان
جملہ قرآن ست در قطع سبب — عز درویش و ہلاک بولہب

گاؤ کے قربان پر موقوف ہے — گاؤ مین ہے گنج احمق جان لے
کھایا کل شب کو کچھ ورنہ تمام — دیتا دست فہم مین تیرے لگام
کھایا کل شب کو افسانہ سا ہے — جو کچھ آتا ہے وہ اس عالم کا ہے
آنکھ رکھی کس سبب اسباب سے — کر کرشمہ سیکھا خوش چشمون سے ہے
دوسرے اسباب مین اسباب پر — ہے سبب مت دیکھ ان پر کر نظر
ترک اسباب انبیا نے ہے کیا — معجزے سو نچا ہے اپنے تا سما
پھاڑا بس دریا کو بے اسباب کے — پائے گیہون بے زراعت کے لیے
ریگ کو کوشش سے آٹا کر دیا — پشم کو محنت سے ابریشم کیا
سارے قرآن مین بھرا ترک سبب — عزت فقرا ہلاک بولہب

مثال

مثال

مرغ بابیلے دو سہ سنگ افگند — لشکر اہل حبش را بشکند
پیل را سوراخ سوراخ افگند — سنگ مرغے کو ببالا بر زند
دم گاؤ کشتہ بر مقتول زن — تا شود زندہ ہمان دم در کفن
حلق ببریدہ جہد از جای خویش — خون خود جوید ز خون پالای خویش
ہمچنین ز آغاز قرآن تا تمام — رفض اسباب ست و علت والسلام
کشف این نز عقل کار افزا شود — بندگی کن تا ترا پیدا شود
بند معقولات آمد فلسفی — شہسوار عقل عقل آمد صفی
عقل عقلت مغز و عقل تست پوست — معدہ حیوان ہمیشہ پوست جوست
مغز جوئے از پوست دارد صد ملال — مغز نغزان را حلال آمد حلال
چونکہ قشر عقل صد برہان دہد — عقل کل کے گام بے ایقان نہد

مرغ بابیل[1] ایک دو کنکر کو ہے — لشکر اہل حبش کو توڑ دے
پیل مین سوراخ کثرت سے کرے — مرغ کنکر ایسا مارے اوج سے
گاؤ کشتہ کی دم بس مقتول پے — مار دم کو تا کفن مین جی اوٹھے
اٹھ کھڑا ہو اپنی جا سے سرکٹا — خون چاہے اپنے قاتل سے بھلا
ایسے ہی اول سے آخر تک قرآن — ترک اسبابون سے ہے بھرا ہی جان
عقل[2] سے ہرگز نہ یہ معلوم ہو — بندگی کرتا کہ تجھے مفہوم ہو
فلسفی معقول مین یہ کہتے ہین غرض — اولیا ہین شہسوار عقل عقل
مغز عقل عقل تیری عقل پوست — معدہ حیوان چاہے اکل پوست
مغز جو کو پوست سے ہووے ملال — مغز نادہ اسکو آیا ہے حلال
عقل کا چھلکا جو سو برہان دے — عقل کل کب بے یقین پاؤن رکھے

سلہ مرغ بابیل الخ یہ شعر مرغ ابابیل ایک دو کنکرے کہ اہل حبش کے لشکر کو توڑ دے پیل مین سوراخ کثرت سے کرے بلندی سے ایسے کنکر مارے مرغ ابابیل مقتول پر وہ گاؤ کشتہ کی دم کو مارتا کہ وہ کفن مین جی اٹھے اپنی جا سے سرکٹا اٹھ کھڑا ہو اور خون اپنا قاتل سے چاہے ایسے اول سے آخر تک ترک اسبابون سے قرآن بھرا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

سلہ عقل سے الخ یہ شعر عقل سے ہرگز یہ معلوم نہو بندگی کر تاکہ تجھے مفہوم ہو فلسفی معقول مین غرض کہتے ہین اور اولیا شہسوار عقل کی عقل کے ہین عقل کی عقل مغز اور تیری عقل پوست ہے معدہ حیوان کا چاہتا ہے اکل پوست و مغز ڈھونڈنے والے کو پوست سے ملال ہوئے کیونکہ مغز نادہ اسکو حلال آیا ہے پوست عقل جو سو برہان دے عقل کل کب بغیر یقین کے پاؤن رکھے عقل ایک دفتر کو سیاہ کرتی ہے اور عقل کی عقل نور راہ رکھتی ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲—

عقل دفترہا کند یکسر سیاہ — عقلِ عقل آفاق دارد پر ز ماہ
عقل اک دفتر کو کرتی ہے سیاہ — عقلِ عقل عالم میں رکھے نور ماہ

از سیاہی وز سپیدی فارغ ست — نور ماہش بر دل و جان بازغ ست
ہے سیاہی اور سپیدی کی نجاتِ لہ — جان و دل پر روشن اسکے نور ماہ

این سیاہ و آن سپیدی قدر یافت — زان شبِ قدرست کاختروار تافت
اس سپید و اس سیہ نے قدر لی — اس شبِ قدرِ منور سے اخی

قیمتِ ہمیان و کیسہ از زرست — بی زری ہمیان و کیسہ ابترست
سیم و زر سے قدر ہمیانی کی ہے — اور بے زر کون ہمیانی کو لے

ہمچنان کہ قدرِ تن از جان بود — قدرِ جان از پرتوِ جانان بود
جس طرح ہے قدر تن کی جان سے — قدرِ جان ہے پرتوِ جانان سے ہے

گر بدی جان زندہ بی پرتو کنون — ہیچ گفتی کافران را میتون
جان بے پرتو کے ہوتی زندہ گر — کستا کب کافر کو میّت حق مگر

ہین بگو کہ ناطقہ جو می کند — تا بہ قرنی بعد ما آبی رسد
کہ کہو دے ناطقہ تا نہر کو — قرن کے بعد آب جاری ہیں ہم

گرچہ ہر قرنی سخن آری بود — لیک گفتِ سابقان یاری بود
گرچہ ہوں اہلِ سخن ہر قرن میں — لیک قول اگلوں کے اچھے یار ہیں

نی کہ ہم توریت و انجیل و زبور — شد گواہِ صدقِ قرآن ای شکور
کہ نہیں توریت و انجیل و زبورِ سلہ — ہوتیں گواہِ صدقِ قرآن ای شکور

روزی بی رنج جو و بی حسیب — کز بہشت آورد جبرئیل سیب
روزی بے رنج چاہے اے خلیل — کہ جنان سے سیب لاوے جبرئیل

بلکہ رزقی از خداوندِ بہشت — بی صداعِ باغبان و رنجِ کشت
بلکہ روزی خالقِ جنت سے لے — بے تردد باغبان و کشت کے

زانکہ نفعِ نان در آن نان داد اوست — بدہدت آن نفع بی توسیطِ پوست
کیونکہ نان میں ذوق رکھا اسنے ہے — بے ذریعہ پوست تجکو ذوق دے

ذوقِ پنہان نقشِ ما چون سفرہ ایست — نان بی سفرہ ولی را بہرہ ایست
ذوق پنہان نقش مثلِ خوان ہے — نان بے خوان اولیا کو بس ملے

رزقِ جانی کی بری با سعی و جست — جز بعدلِ شیخ کو داود تست
رزقِ روحی کب تو پائے سعی سے — جز توجہ شیخ کہ داود ہے

نفس چون با شیخ بیند گامِ تو — از بنِ دندان شود او رامِ تو
نفس معتقد شیخ سے دیکھے ترا — گرگ سا اگر تابع ہو جائے ترا

صاحبِ آن گاو رام آنگاہ شد — کز دمِ داود او آگاہ شد
گاو والا تب ہوا تابع تراِ سلہ — کہ دمِ داود سے آگہ ہوا

سلہ ہے سیاہی الخ یعنی سیاہی و سپیدی کی خواہش نہیں ہے اسکی جان و دل پر نور ماہ روشن ہے اس سپید و سیاہ نے قدر لی اس شب قدر روشن سے آگے اُسکی مثال ہے سیم و زر سے ہمیانی کی قدر ہے اور بے زر ہمیانی کو کون لے جس طرح قدر تن کی جان سے ہے قدر جان کی پرتو جانان سے ہے جان اگر بے پرتو کے زندہ ہوتی کب کافر کو حق میت کہتا کہہ دے کہ ناطقہ کو تا نہر کھودے کہ قرن کے بعد آب جاری ایسی ہو دے اگرچہ اہل سخن ہر قرن میں ہوں لیکن اگلوں کے قول کی مددگاری کریں یعنے عقل پوست ہے اور عقل کی عقل مغز ہے پس عقل کے عقل نور ماہ رکھی ہے اور عقل سیاہ ہے جیسے تن و جان سے زندہ ہے اسی طرح جان جانان سے زندہ ہے اگرچہ اہل سخن ہر قرن میں ہوتے ہیں مگر ہمارا سخن اگلوں کا مددگار ہے آگے اس کی مثال ہے فافہم ۱۲۔

سلہ کہ نہیں الخ یعنی کہ نہیں توریت و انجیل و زبور گواہ ہوتے ہیں صدق قرآن کی روزی بے رنج چاہے اے خلیل کہ سیب جنت سے لاوے جبرئیل بلکہ روزی خالق جنت سے لے بغیر تردد باغبان و کشت کے کیونکہ ذوق رکھا اسنے نان میں بغیر ذریعہ پوست کے تجکو ذوق دے ذوق پوشیدہ کا نقش مانند خوان کے ہے نان بے خوان اولیا کو ملتی ہے غذاء روحی کب تو سعی سے پائے سوائے توجہ شیخ کے کہ وہ داود ہے نفس معتقد شیخ سے ہے تیرا اگر گرگ سا کے تیرا تابع ہو جاوے یعنے غذائے روحی توجہ شیخ سے حاصل ہوتی ہے جب نفس تیرا شیخ کا مطیع ہوتا ہے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲۔

سلہ گاو والا الخ یعنی تب تیرا مطیع گاو والا ہوا کہ داود سے آگاہ ہوا عقل غالب تب شکار میں آئے سگ نفس پر کہ جب شیخ یار ہو نفس باعث مکر کے اژدہا بنے مطیع اسکو مانند زمرد کے بنا زمرد سے سانپ اندھا ہو جاتا ہے اسی طرح نفس بد شیخ سے خواہ ظاہر خواہ ہیبت سے پژمردہ ہو جاتا ہے اگر تو چاہے کہ اژدہے سے خشد ہو اسکے دامن کو مت چھوڑ اے بیخبر شیخ کے آگے تو خاک ہو ای دل تا خاک سے تیری کیمیا آگے اگر گاو والے کو تو چاہے ڈرانا مثل خر کے آرا اسکے اندر سے نکالیے یعنے ہیبت شیخ کو قائم رکھ تا نفس تیرا مطیع رہے کیونکہ نفس تیرا مرشد سے مردہ ہوتا ہے بقول مولانا روم سے نفس نتوان کشت الا ظل پیر * دامن آن نفس کش را سخت گیر * باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

عقل گاہی غالب آید در شکار — بر سگ نفست کہ باشد شیخ یار
عقل غالب آئے تب اندر شکار — نفس کے سگ پر کہ جو ہو شیخ یار

نفس اژدرہاست با صد زور و فن — روی شیخ او را زمرد دیدہ کن
نفس باعث مکر کے ہی اژدہا — روئے شیخ اسکو زمرد سا ہوا

گر تو خواہی ایمنی از اژدہا — دستش از داماں مکن بیرون دما
گر تو چاہے اژدہا سے ہو نڈر — اسکے دامن کو نہ چھوڑ لے بے خبر

خاک شو در پیش خاکِ با صفا — تا ز خاکِ تو بروید کیمیا
خاک ہو تو شیخ کے آگے دلا — خاک سے تیرے اُگے تا کیمیا

گر تو صاحب گاو را خواہی زبون — چون خر مخش کن بسوی درون
گاؤ والے کو تو چاہے ڈانٹنا — مثل خر اندر سے آرا اسکے لگا

چون بہ نزدیکِ ولی اللہ شود — آن زبان صد گزش کوتہ شود
اولیا کے پاس جو کہ جاوے ہی — وہ زبان نفس کوتہ پائے سب

صد زبان و ہر زبانش صد لغت — زرق و دستانش نیاید در صفت
سو زبان اور ہر زبان میں سو لغت — اسکے حیلے مکر کی ہو کب صفت

مدعی گاو نفس آمد فصیح — صد ہزاران حجت آرد ناصحیح
مدعی گاؤ ہے نفسِ فصیح — سیکڑوں حجت وہ لائے ناصحیح

شہر را بفریبد الا شاہ را — رہ نتاند زد شہِ آگاہ را
دھوکا دیوے شہریان شاہ کو — پر نہ دھوکا دے شہ آگاہ کو

نفس را تسبیح و مصحف در یمین — خنجر و شمشیر اندر آستین
نفس کی تسبیح و قرآن ہاتھ میں — آستین میں خنجر و شمشیر ہیں

مصحفِ سالوس او باور مکن — خویش با او ہمسر و ہمسر مکن
مکر کے قرآن کو اسکے تو نہ مان — مت کرے ہمراز اپنا ہم عنان

سوی حوضت آورد بہر وضو — واندر اندازد ترا در قعر او
حوض پر لائے وضو کے واسطے — تجکو دھوکا دی کے غرق اسمیں کرے

عقل نورانی و نیکو طالب ست — نفس ظلمانی بر او چون غالب ست
عقل نورانی و طالب خوب ہے — نفس ظلمانی کی کیون مغلوب ہے

زانکہ او در خانہ عقلِ تو غریب — بر درِ خود سگ بود شیر مہیب
کیونکہ وہ گھر میں مسافر عقل ہے — ہووے کتا شیر اپنی جائے پے

باش تا شیران سوی بیشہ روند — وین سگانِ کور آنجا بگروند
ٹھہر تا شیر اپنے جنگل کو چلیں — اور یہ اندھے کتے وان بھونکا کریں

مکر نفس و تن نداند عام شہر — او نگردد جز بوحی القلب قہر
مکر نفس و تن نہ جانے خلق ہے — اور نہ وہ مقہور ہو جز وحی کے

ہر کہ جنس ست یار او شود — جز مگر داؤد کہ شیخت بود
ہم کہ ہمجنس اسکا یار اسکا رہے — بس سوا داؤد کہ وہ شیخ ہے

مو بدل گشت و جنسِ تن نماند — ہر کرا حق در مقام خود نشاند
کہ وہ بدلا قیدِ تن سے بس چھٹا — اپنی جا پر جسکو خالق نے رکھا

۵۱ اولیا کے الخ، شعر جو اولیا کے پاس جاتا ہے وہ زبان نفس کو تاہ پاتا ہے سو زبان اور ہر زبان میں سو صفت ہیں اسکے حیلہ و مکر کی کب صفت ہو سکتی ہے نفس مدعی گاؤ کا پس فصیح ہے کہ صد ہا وہ بحث لاتا ہے تا صحیح شہریان شاہ کو دھوکا نہ دیوے لیکن شاہ کا آگاہ دھوکا نہ دیوے تسبیح و قرآن نفس کے ہاتھ میں اور آستین میں خنجر و شمشیر ہیں اسکے قرآن کو مت مان اور ہمراز و ہمعنان نہ کر وضو کے واسطے حوض پر لائے تجکو دھوکا دوے اور اس میں غرق کرے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

۵۲ عقل نورانی الخ، شعر عقل نورانی و طالب خوب ہے نفس ظلمانی کے کیون مغلوب ہے کیونکہ وہ مسافر گھر میں عقل ہے اپنی جگہ پر کتا شیر ہووے تو ٹھہر تا شیر اپنے جنگل کو جائیں اور یہ اندھے کتے وہان پر بھونکا کریں مگر نفس و تن کو خلق نہیں جانتی ہے اور وہ مقہور نہو سوائے وحی کے ہو کہ ہم جنس اسکا ہے سوائے داؤد کے کہ شیخ ہے کہ وہ بدلا اور قید تن سے چھٹا جس کو اپنی جا پر خالق نے رکھا عقل اس تن میں مسافر ہے اور نفس کا بدن گھر ہے اسواسطے نفس عقل کو دھوکا دیتا ہے پس نفس بجز وحی حق کے مردہ نہیں ہوتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

خلق جملہ علتی اند از کمین / یار علت می شود علت الیقین
ہر خسے دعوی داؤدی کند / ہر کہ بے تمییز کف در وی زند
از صیادے بشنود آواز طیر / مرغ ابلہ می کند آنسوے سیر
نقل را از قلب نشناسد غویست / ہین ازو بگریز گر چہ معنوی ست
رستہ و بر بستہ پیش او یکی ست / گر یقین دعوی کند او در شکیست
اینچنین کس گر ذکی مطلق ست / چون اش این تمییز نبود احمق ست
ہین ازو بگریز چون آہو ز شیر / سوی او مشتاب ای دانا دلیر

خلق[1] ساری علتی ہی گمات ہی / یا رعلت کی ہو علت جان لے
دعوی داؤدی ہر ناکس کرے / ہاتھ اسکا پکڑے جو نادان ہی
مرغ کی آواز سن صیاد سے / مرغ نادان اس طرف کو جا ہی
نے کھرا جانے وہ کھوٹے بنی / بھاگ اس سے گرچہ ہووے معنوی
قید و آزاد اسکے آگے ایک ہے / گر کرے دعوی الیقین کا شک ہی
گر ذکی مطلق ایسا کوئی ہو / یہ تمیز اسکو نہو احمق ہی وہ
بھاگ اس سے جیسے آہو شیر سے / ورنہ جا اسکی طرف گر عقل ہے

گریختن عیسے علیہ السلام بفراز کوہ و شخصے درپے او رفتن و سوال کردن

بھاگنا عیسی علیہ السلام کا بلندی کوہ پر اور انکے پیچھے جانا ایک شخص کا اور سوال کرنا

عیسی مریم بکوہے می گریخت / شیر گوئی خون او می خواست ریخت
آن یکے در پے دوید و گفت خیر / در پیت کس نیست چہ گریزی چو طیر
با شتاب او آنچنان می تاخت جفت / کز شتاب خود جواب او نگفت
یک دو میدان در پے عیسی براند / پس بجد و جد عیسی را بخواند
کز پے مرضات حق یک لحظہ ایست / کہ مرا اندر گریزت مشکلے ست
از کہ این سو می گریزی اے کریم / نے پیت شیر و نہ خصم و خوف و بیم
گفت از احمق گریزانم برو / مے رہانم خویش را بندم مشو

عیسے[2] مریم کوہ پر تھا بھاگتا / گویا اسکو شیر تھا اک مارتا
ایک انکے پیچھے دوڑا اور کہا / کون ہی پیچھے اڑے تو مرغ سا
اسطرح تیزی سے تھا وہ بھاگتا / کہ جواب اسکو نہ ہرگز دی سکا
اک دو میدان پیچھے عیسی کے گیا / روکتا عیسے کو با صد التجا
ٹھہر دم بھر تو خدا کے واسطے / بھاگنے مین تیرے مشکل ہے مجھے
کس[3] لیے تو بھاگتا ہے اے کریم / شیر نے پیچھے ترے نے خوف و بیم
بولا مین احمق سے بھاگون ہون تو جا / مین بچون ہون تو نہو زنجیر پا

[1] خلق ساری الخ، شعر خلق تمام علتی ہی گمات سے یا رعلت کی علت ہوتی ہے دعوی داؤد ہونے کا ہر اک ناکس کرے ہاتھ اسکا پکڑے اور وہ نہ پکڑے کہ جو نادان ہے آگے اسکا بیان ہے صیاد سے مرغ کی آواز سن کر نادان اس طرف کو جاتا ہے نہ کھرا کھوٹے سے جانے اس سے بھاگ اگرچہ معنوی ہووے اسکے آگے قید و آزاد ہے ایک ہے اگر دعوی کرے یقین کا تو شک رکھے اگر ایسا کوئی ذکی مطلق ہو اور یہ تمیز اسکو نہو وہ احمق ہے اس سے تو بھاگ جیسے آہو تیزی سے بھاگتا ہے اور اسکی طرف نہ جا اگر عقل ہے پیران ریا کو خود کو کامل جانتے ہین اور نادانون کو مرید کرکے جیسے صیاد آزاد مرغ کو پھانستا ہے ایسے ہی پھانستے ہین پس تو انسے بھاگ جیسے عیسی علیہ السلام نادان سے بھاگتے تھے چنانچہ اسکا قصہ آگے مثال مین فرماتے ہین فافہم ۱۲-

[2] عیسی مریم الخ، شعر عیسی مریم کوہ پر بھاگتا تھا گویا اک شیر اسکو مارتا تھا اک شخص انکے پیچھے دوڑا اور کہا کون ہے کہ تو مرغ کے مانند اڑتا ہے اسقدر تیزی سے بھاگا کہ اسکو جواب ہرگز نہ دے سکا اک دو میدان عیسی کے پیچھے گیا اور عیسی کو سو التجا سے روکا تو ٹھہر دم بھر خدا کے واسطے تیرے بھاگنے مین مجکو مشکل ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲-

[3] کس لئے تو الخ، شعر تو کس لیے بھاگتا ہی اے کریم نہ شیر تیرے پیچھے ہے نہ خوف ہی کہا کہ مین احمق سے بھاگتا ہون تو جا مین بچون اور تو زنجیر پا نہو کہا کہ تو آخر وہ مسیحا نہین ہی کہ اندھا بہرا تجھ سے اچھا ہو فرمایا بیچ ہم کہا کہ کیا تو شاہ نہین ہے کہ افسون ہے تو آگاہ ہو کہ تو وہ افسون مردہ پر پڑھے وہ بھی اٹھے مانند شیر شکاری کے فرمایا بیچ ہے مین وہی ہون کہا کہ تو مرغ گل سے نہین بناتا ہو تو بے دم اسمین پھونکا کہ تا زندہ ہوا اور بھاگا مین اسدم وہ اڑ گیا باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲-

گفت آخر آن مسیحا نه توئی ‌ ‌ که شود کور و کر از تو مستوی
بولا آخر وہ مسیحا نے ہے تو ‌ ‌ کہ ہوا اندھا بہرا تجھسے بس نکو

گفت آری گفت آن شه نیستی ‌ ‌ که فسون غیب را مادیستی
بولے سچ ہے بولا وہ نے شہ ہے تو ‌ ‌ کہ فسون غیب سے آگہ ہے تو

چون بخوانی آن فسون بر مردهٔ ‌ ‌ بر جهد چون شیر صید آوردهٔ
وہ فسون مردہ پہ جو کہ تو پڑھے ‌ ‌ جی اٹھے وہ جون شکاری شیر کے

گفت آرے آن منم گفتا که تو ‌ ‌ نے ز گل مرغان کنی ای خوبرو
بولے[1] سچ ہے مین ہون وہ بولا کہ تو ‌ ‌ مرغ نے گل سے بنائے خوبرو

می دمی بروی سبک تا جان شود ‌ ‌ در هوا اندر زمان پران شود
پھونکا دم اُسپر کہ تا زندہ ہوا ‌ ‌ پس ہوا مین اس گھڑی وہ اڑ گیا

گفت آری گفت بس ای روح پاک ‌ ‌ هرچه خواهی میکنی از کیست باک
بولے سچ ہے بولا بس اے روح پاک ‌ ‌ جو کہ چاہو سو کرو کس سے ہے باک

با چنین برهان که باشد در جهان ‌ ‌ که نباشد مر ترا از بندگان
جو جہان مین ایسی برہانین رکھے ‌ ‌ کون ہے جو تیرا بندہ نے بنے

گفت عیسی که بذات پاک حق ‌ ‌ مبدع تن خالق جان در سبق
بولے عیسی کہ قسم ہے ذات کی ‌ ‌ جو ہے خالق جان و تن کا اے اخی

حرمت ذات و صفات پاک او ‌ ‌ که بود گردون گریبان چاک او
برکت ذات و صفات یار سے ‌ ‌ کہ فلک اُسپر گریبان چاک ہے

کان فسون و اسم اعظم را که من ‌ ‌ بر کر و بر کور خواندم شد حسن
اُس فسون اور اسم اعظم کو پڑھا ‌ ‌ اندھے اور بہرے پہ تو اچھا ہوا

بر کہ سنگین بخواندم شد شکاف ‌ ‌ خرقه را بدرید بر خود تا به ناف
کوہ سنگین پر جو بس مین نے پڑھا ‌ ‌ وہ فسون تو ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا

بر تن مرده بخواندم گشت حی ‌ ‌ بر سر لاشے بخواندم گشت شی
جو پڑھا مردہ پہ زندہ ہو گیا ‌ ‌ جو پڑھا لاشے پہ وہ شی بن گیا

خواندم آنرا بر دل احمق که بد ‌ ‌ صد هزاران بار و درمانی نشد
احمقون کے دل پہ جب ہے جو پڑھا ‌ ‌ سیکڑون باری اثر نے کچھ ہوا

سنگ خارا گشت و زان خو بر نگشت ‌ ‌ ریگ شد کز وی نروید هیچ کشت
نے[2] چھٹی عادت وہ اور پتھر ہوا ‌ ‌ ریگ تھا کہ کچھ نہین اسمین اگا

گفت حکمت چیست کانجا اسم حق ‌ ‌ سود کرد این جا نبود او را سبق
بولا کیا حکمت ہے اسم حق وہان ‌ ‌ تھا اثر ہے نے اثر کچھ یہان

آن همان رنجست و این رنجے چرا ‌ ‌ او نشد او را و این را شد دوا
وہ بھی رنج اور رنج یہ بھی کس لیے ‌ ‌ وان اثر اور نے اثر یان پر کرے

گفت رنج احمقی قهر خداست ‌ ‌ رنج کوری نیست قهر آن ابتلاست
بولے رنج احمقی قہر خدا ‌ ‌ رنج اندھا پن نہ قہر اک بلا

[1] بولے سچ ہے الخ، شعر فرمایا سچ ہے کہا کہ اے روح پاک جو چاہو وہ ہوتا ہے پھر کس سے خوف ہے جہان مین جو شخص ایسی دلیلین رکھے کہ جو نہ تیرا بندہ ہے فرمایا عیسی علیہ السلام نے کہ قسم ہے ذات حق کی کہ جو جان و تن کا خالق ہے برکت ذات و صفات حق ہے کہ فلک اُسپر گریبان چاک ہے اس افسون اور اسم اعظم کو پڑھا اندھے اور بہرے پر تو اچھا ہوا کوہ سنگین پر جو مین نے پڑھا وہ افسون تو ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا جو لاشے پر پڑھا وہ شے ہو گیا احمقون کے دل پر جو محبت سے پڑھا تو کچھ اثر نہوا یعنے دل احمقون کا سنگ و کوہ سے سخت زیادہ ہے کہ اثر پذیر توجہ مرشد کا نہین ہوتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

[2] نے چھٹی الخ، شعر وہ عادت نہ چھٹی اور پتھر ہوا ریگ تھا کہ اس مین کچھ اُگا کہ کیا حکمت ہے خدا کے نام نے وہان اثر کیا اور یہان اثر نہین کیا ہے وہ بھی رنج اور یہ رنج ہے کس واسطے وہان اثر اور یہان اثر نہین کرتا ہے عیسی علیہ السلام نے فرمایا کہ رنج احمقی قہر خدا ہے اندھے پن کا قہر نہین ہے لیکن بلا ہے کہ رنج بلا رحمتین لائے اور رنج احمقی کا زحمتین ہین جو کہ اسکو داغ ہے وہ مہر کی ہے کب علاج اسپر کوئی اثر کرے یعنے رنج احمقی سے رنج بلا کا بہتر ہے کہ احمقی کا رنج زحمت لاتا ہے اور بلا کا رنج رحمت لاتا ہے آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲۔

ابتلا رنجی ست کان رحم آورد	احمقی رنجیست کان زخم آورد	گر بلا کا رنج لائے رحمتین	احمقی کا رنج لائے زحمتین
آنچہ داغ اوست مہر او کردہ است	چارہ برچی نیارد بردہ است	مہر کی ہے وہ جو اسکا داغ ہی	کب علاج اسپر اثر پیدا کرے
ز احمقان بگریز چون عیسی گریخت	صحبت احمق بسے خونہا بریخت	مثل عیسیٰ احمقون سے بھاگ جا	صحبت احمق نے خون صدہا کیا
بر سر آرد زخم رنج احمقی	رحم نبود چارہ جوئی آن شقی	سر کو تڑواتا ہے رنج و احمقی	رحم کب ہو چارہ جو جو ہے شقی
اندک اندک آب را دزدد ہوا	وانچنین دزدد ہم احمق از شما	چوری پانی کی کرے جیسے ہوا	اسطرح احمق بھی لے تجھ سے چرا
گرمیت را دزدد و سردی نہد	ہمچنان کو زیر خود سنگے نہد	لیوے گرمی اور دے سردی تجھے	جیسے پتھر اپنے نیچے تو رکھے
آن گریز عیسیٰ نے از بیم بود	ایمن ست آن پی تعلیم بود	بھاگنا عیسے کا نہ تھا خوف سے	وہ نڈر پر واسطے تعلیم کے
زمہریر ار پر کند آفاق را	چہ غم آن خورشید با اشراق را	زمہریر آفاق کو گر پر کرے	شمس کو سردی سے بس کیا فکر ہے

قصۂ اہل سبا و حماقت ایشان و اثر ناکردن پند و نصیحت انبیا در آن

قصۂ اہل سبا و حماقت اُنکی کا اور نصیحت انبیا کا اُنمین اثر نہ کرنا

یادم آمد قصۂ اہل سبا	کز دم احمق صباشان شد وبا	یاد آیا قصۂ اہل سبا	ہوئی حماقت سے صبا انپر وبا
آن سبا ماند بشہری بس کلان	در فسانہ بشنوی از کودکان	وہ سبا بس اک بڑا سا شہر ہے	تم کہانی مین سنو اطفال سے
کودکان افسانہا می آورند	درج در افسانہ شان بس سر و پند	ظاہر الڑکے کہانی بس کہین	پر کہانی مین بھرے اسرار ہین
ہزلہا گویند در افسانہا	گنج مے جو در ہمہ ویرانہا	ہزل کہتے ہین کہانی مین ولے	تو خزانہ ڈھونڈھ ویرانہ مین ہے
بود شہرے بس عظیم و مہ ولے	قدر او از قدر سکرہ بیش نے	شہر تھا وہ بس عظیم اور مہ بڑا	قدر اسکی نے سکورے سے سوا
بس عظیم و بس فراخ و بس دراز	سخت رفت تو بتو ہمچون پیاز	بس بڑا چوڑا وہ و بس تھا دراز	اور گنجان تہ بتہ مثل پیاز
مردم دہ شہر مجموع اندرو	لیک جملہ سہ تن ناشستہ رو	اسمین بس دس شہر کے انسان تھے	تین قسمون پر تھے وہ جملہ ہی

۱؎ مثل عیسیٰ الخ ۲ شعر تو مثل عیسیٰ کے احمقون سے بھاگ جا انکی صحبتون نے صدہا خون کیا ہی رنج احمقی سر کو تڑواتا ہی رحم کب ہو کر جو چارہ جو شقی ہی آگے مثال ہی جیسے چوری پانی کی ہوا کرتی ہی اسی طرح احمق بھی تجھسے چراتا ہی گرمی لیوے اور سردی تجھے دے جیسے پتھر تو اپنے نیچے رکھے عیسیٰ کا بھاگنا خوف سے نہین تھا وہ بے ڈر تھا ولیکن واسطے تعلیم کے تھا اگر دنیا کو زمہریر پر کرے آفتاب کو سردی سے کیا فکر ہے یعنے احمقون مین انبیا اور اولیا کا اثر نہین ہوتا ہے کہ دل انکا پتھر سے ہوا ہے جیسے انبیا کا اثر ہدایت اہل سبا مین نہ ہوا چنانچہ اسکا قصہ آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۲؎ قصۂ ہفتم اثر پذیر نہونے احمقان سنگ دل مین فافہم ۱۲۔

۳؎ یاد آیا آہ ۷ شعر قصۂ اہل سبا کا یاد آیا کہ صبا حماقت سے انپر وبا ہوئی وہ سبا اک بڑا شہر ہے تم اطفال سے کہانیون مین سنو ظاہر الڑکے کہانی کہین لیکن کہانی مین اسرار بھرے ہین کہانی کو ہزل کہتے ہین ولیکن تو خزانہ ڈھونڈھ کہ ویرانہ مین ہے وہ شہر ایک عظیم تھا اور قدر اسکی ایک سکورے سے سوا نہ تھی وہ از بس بڑا اور چوڑا و دراز و گنجان تھا مثل پیاز کے تہ بتہ باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۴؎ اُس مین دس شہر کے ۲ شعر اُس مین دس شہر کے انسان تھے اور تین قسمون پر وہ جملہ بٹے ہوئے تھے۔ تین قسمین تھین مخلوق کی بیشمار مگر وہ سب مل کر تین تھے انجام کار آگے حقائق ہین جو غافل جانین طرف جانان کے جائین اگر ہزار دل ہین تو آدھا تن وہ ہین ایک ان مین اندھے تھے اور دور بین تھے کہ سلیمان سے اندھے تھے اور چیونٹی کو دیکھتے تھے دوسرے بہرے تیز گوش انمین تھے بال بھرا انمین گنج ہوش نہین تھا تیسرے ننگے بدن تھے ولیکن انکے جامہ کے دامن بڑے تھے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

اندرو نوع خلائق بے شمار ‌ ‌ ‌ لیک آن جملہ سہ خام پختہ خوار
جان ناکردہ بجانان تا متن ‌ ‌ ‌ گر ہزاران ست باشد نیم تن
آن یکی بس دور بین دیدہ کور ‌ ‌ ‌ از سلیمان کور دیدہ پای مور
آن دگر بس تیز گوش و سخت کر ‌ ‌ ‌ گنج در وی نیست یک جو سنگ زر
وان دگر عور و برہنہ لاشہ باز ‌ ‌ ‌ لیک دامن ہای جامہ او دراز
گفت کوران یک گروہی میرسند ‌ ‌ ‌ من ہمی بینم کہ چہ قوم اند و چند
گفت کر آری شنیدم بانگشان ‌ ‌ ‌ کہ چہ می گویند پیدا و نہان
آن برہنہ گفت ترسان اؤ منم ‌ ‌ ‌ کہ ببرند از درازے دامنم
کور گفت اینک بنزدیک آمدند ‌ ‌ ‌ خیز بگریزیم پیش از زخم و بند
کر ہمے گوید کہ آرے مشغلہ ‌ ‌ ‌ می شود نزدیک تر یاران ہلہ
آن برہنہ گفت آرد دامنم ‌ ‌ ‌ از طمع ببرند و من ناایمنم
شہر را ہشتند بیرون آمدند ‌ ‌ ‌ وز ہزیمت در دہی اندر شدند
اندران دہ مرغ فربہ یافتند ‌ ‌ ‌ لیک ذرہ گوشت بروی نے تر ند
کور دید و آن کر آوازش شنید ‌ ‌ ‌ عور بگرفت و بہ دامن در کشید
مرغ مردہ خشک و زرخم کلاغ ‌ ‌ ‌ استخوانہا زار گشتہ چون نباغ
پس طلب کردند دیگے یافتند ‌ ‌ ‌ بی سر و بے بن سبک بشتافتند
بر سر آتش نہادند آن ستہ تن ‌ ‌ ‌ مرغ فربہ را بہ دیگ اندر زدن
آتشش کردند چندان ای پسر ‌ ‌ ‌ کاستخوان شد پختہ گمش بے خبر

انہین تھین قسم خلائق بیشمار ‌ ‌ ‌ پر وہ سب کل تین تھی انجام کار
سوی جانان جای غافل جان جو ‌ ‌ ‌ گر ہزارون ہون تو آدھا تن ہو
ایک اندھے انہین تھے دوربین ‌ ‌ ‌ کہ سلیمان سے تھے اندھی مور بین
دوسرے بہرے تھے انہین تیز گوش ‌ ‌ ‌ مال بھر انہین نہین تھا گنج ہوش
تیسرے ننگے بدن تھے وہ ولے ‌ ‌ ‌ انکی جامے کے تھے دامن کش بڑے
بولے اندھے اک گروہ آتا ہے اب ‌ ‌ ‌ دیکھتے ہین ہم کہ وہ آتے ہین سب
بولے بہرے ہم صدا انکی سنین ‌ ‌ ‌ کہ وہ ظاہر باطنا کچھ کہتے ہین
بولے ننگے ہمکو انسے خوف ہین ‌ ‌ ‌ کہ بڑے دامن ہماری کاٹ لین
بولے اندھے اب وہ نزدیک آئے ہین ‌ ‌ ‌ بھاگے ہم پہلے سے جو کشتہ کرین
بولے بہرے سچ یہی ہے مشورہ ‌ ‌ ‌ یار ہو جاتے اب ہین نزدیک رو
بولے ننگے ہمکو ہای خوف ہے ‌ ‌ ‌ کاٹین وہ دامن ہمارا طمع سے
شہر کو چھوڑا وہ اور باہر ہوئے ‌ ‌ ‌ بھاگ کر اک گانون کے اندر گئے
گانون مین اک مرغ موٹا سا ملا ‌ ‌ ‌ پر نہ ذرہ بھر بھی اسمین گوشت تھا
دیکھا اندھے نے وہ بہرے نے سنا ‌ ‌ ‌ اور اسے ننگے نے دامن مین رکھا
مرغ مردہ خشک زخم و داغ سے ‌ ‌ ‌ گھل گئین تھین ہڈیان جون تار کے
ڈھونڈھ کر لائے وہ بیسرا اک دیگ کو ‌ ‌ ‌ کہ نہ سر اور نے تلا رکھتی تھی وہ
اسکو ان تینون نے آتش پر رکھا ‌ ‌ ‌ مرغ فربہ اس مین ڈالا بر ملا
آگ سلگائی جو اسمین خوب سی ‌ ‌ ‌ گوشت کچا اور ہڈی گل گئی

؎۱ بولے اندھے الخ، شعر اندھون نے کہا کہ ایک گروہ اب آتا ہے ہم دیکھتے ہین کہ وہ آتے سب ہین بہرون نے کہا کہ ہم صدا انکی سنتے ہین کہ ظاہر و باطن وہ کہتے ہین ننگون نے کہا کہ ہمکو انسے خوف ہے کہ ہمارے بڑے دامن ہین کاٹ ڈالین اور اندھون نے کہا کہ وہ نزدیک ہین ہم پہلے سے بھاگین کہ جو کشتہ کرین بہرے نے کہا کہ یہی مشورہ سچ ہے اے یارو اب ہوتے ہین وہ نزدیک راہ کے ننگون نے کہا کہ ہائے ہم کو خوف ہے ہمارے دامن وہ کاٹین طمع سے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲-

؎۲ شہر کو آہ الخ، شعر شہر کو چھوڑا اور وہ باہر ہوئے اور بھاگ کر اک گانون مین گئے گانون مین اک مرغ موٹا سا ملا ولیکن ذرہ بھر گوشت نہ تھا اندھے نے دیکھا بہرے نے سنا اور ننگے نے دامن مین رکھا مرغ مردہ زخم داغ سے خشک تھا ہڈیان گھل گئی تھین مانند تار کے وہ ڈھونڈھ کر لائے ایک دیگ کہ وہ سر و تلا نہین رکھتی تھی ان تینون نے اسکو آتش پر رکھا اور مرغ فربہ اسمین ڈالا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲-

؎۳ آگ سلگائی آہ، شعر آگ جو سلگائی اسمین گوشت کچا اور ہڈیان گل گئین اسکو کھایا جیسے شیر شکار کھاتا ہے اور اسکو کھا کر سیر ہوئے مانند پیل کے وہ تینون فربہ ہوئے اس طرح موٹے ہوئے کہ ہر اک جوان نہین سما سکتا تھا جہان مین باوجود ایسے موٹے جسم کے در کی درز سے باہر نکل گئے مرگ خلق کی راہ ناپیدا ہے نظر نہین آتی کہ وہ راہ عجیب ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲-

زان ہمی خوردند چون از صید شیر — ہر یکے از خوردنش چون پیل سیر
ہر سہ زان خوردند بس فربہ شدند — چون سہ پیل او بزرگ و مہ شدند
آن چنان کز فربہی ہر یک جوان — در نہ گنجیدے ز زفتی در جہان
با چنین گیری و ہفت اندام زفت — از شگاف در برون جستند و رفت
راہ مرگ خلق ناپیدا رہیست — در نظر ناید کہ آن بیجا رہیست
نک بہ پاے کاروانہا متقفے — زین شگاف در کہ ہست آن مختفی
بر در ار جوئی نیابی آن شگاف — سخت ناپیدا و زو چندین زفاف
ای ضیاء الحق حسام الدین عیان — باز باید گفت شرح این بیان
ای پسر ہر مختصر افسانہ نیست — آشنا را وے در بیگانہ نیست

اسکو کھایا شیر جون کھائے شکار — سیر اُسے کھا کر ہوئے وہ پیل وار
تینون وہ کھا کر اُسے فربہ ہوئے — تین ہاتھی کی طرح فربہ بنے
اس طرح موٹے ہوئے کہ ہر جوان — نہ سما سکتا تھا بس اندر جہان
باوجود ایسے مٹاپے جسم کے — درز سے در کے نکل باہر گئے
راہ مرگ خلق ناپیدا ہے راہ — نہ نظر آتی کہ وہ بیجا ہے راہ
آگے پیچھے[۱] کاروان ہین اب روان — درز سے در کے کہ وہ ہے بس نہان
در پہ گر ڈھونڈھے نہ پائے درز کو — ہے بہت طاقون مین اب پوشیدہ وہ
ای ضیاء الحق حسام الدین عیان — چاہیے پھر کرنا یہ شرح و بیان
ای پسر ہر قصہ نے ہے مختصر — آشنا مائل نہین بیگانے پر

شرح کور دوربین و کر تیز شنو و برہنہ دراز دامن

شرح اندھے دوربین و بہرے تیز گوش و ننگے دراز دامن کی

کر امل را دان کہ مرگ ما شنید — مرگ خود نشنید و نقل خود ندید
حرص نابیناست بیند مو بمو — عیب خلقان و بگوید فاش او
عیب خود یک ذرہ چشم کور او — می نبیند گرچہ ہست او عیب جو
عور مے ترسد کہ دامانش برند — دامن مرد برہنہ کے درند
مرد دنیا مفلس ست و ترسناک — ہیچ او را نیست از دزدانش باک
او برہنہ آمد و عریان رود — وز غم دزدش جگر خون می شود
وقت مرگش کہ بود صد نوحہ پیش — خندہ آید جانش را زین ترس خویش
آن زمان داند غنی کش نیست زر — ہم ذکی داند کہ بود او بے ہنر

طول امل[۲] کو بہرا پن تو جان لے — سنتا مرگ غیر ہے اپنی سنی
اندھا حارص ہے کہ دیکھے عیب کو — خلق کے اور اُسکو کھولے فاش وہ
آنکھ اندھی اسکی ذرہ عیب کو — اپنی نہ دیکھے ہے گرچہ عیب جو
ڈرتا ہے ننگا کہ دامن پھاڑ لین — پھاڑتے ننگے کا دامن کون ہین
اہل دنیا[۳] مفلس اور پر خوف ہے — کچھ نہین پاس اور چورون سے ڈرے
آیا وہ ننگا وہ ننگا جائے ہے — غم سے چورون کے جگر خون کھائے ہے
وقت مرنے کے کہ جا رونے کی ہے — جان اسکی ہنستی ہے اس خوف سے
تب غنی جانے کہ نے وہ میر از زر — بھی ذکی جانے کہ تھا مین بے ہنر

سلہ آگے پیچھے الخ یہ شعر کاروان آگے پیچھے اب روان ہین در کی درز سے کہ وہ نہان ہے اگر در پر ڈھونڈھے درز کو نہ پائے بہت طاقون مین وہ پوشیدہ ہے ای ضیاء الحق حسام الدین ظاہر کرنا چاہیے یہ شرح و بیان اے پسر ہر اک قصہ مختصر ہے آشنا مائل بیگانے پر نہین ہے ایک مخلوق در کی درز سے چلی جاتی ہے اور وہ درز دکھائی نہین دیتی ہے اور وہ درز راہ مرگ خلق ہے کہ دکھائی نہین دیتی ہے آگے اُن تینون شخصون کے نتیجہ کا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ طول امل الخ یہ شعر طول امل کو تو بہرا پن جان لے دوسرون کے مرگ کو سنتا ہے اور اندھا حارص ہے کہ عیب کو دیکھے خلق کی اور کھولے اُسکو ظاہر اسکی آنکھ اندھی ذرہ عیب کو اپنے نہ دیکھے اگرچہ عیب جو ہے ننگا ڈرتا ہے کہ دامن پھاڑے ننگے کا دامن کون پھاڑتا ہے نتیجہ اسکا آگے ظاہر ہوگا فافہم ۱۲ سلہ اہل دنیا الخ یہ شعر اہل دنیا مفلس اور پر خوف ہے و لیکن چورون سے ڈرتا ہے ننگا آیا و ننگا جاتا ہے اور غم سے چورون کے خون جگر کھاتا ہے مرنے کے وقت کہ جگہ رونے کی ہے اس خوف سے جان اسکی ہنستی ہے تب غنی جانے کہ میر از زر نہین ہے اور ذکی جانے کہ مین بے ہنر تھا آگے اسکی مثال ہے جس طرح بچون کے پاس ٹھیکریان ہون اور وہ اس سے مانند دولتمندون کے خوف زدہ ہون اگر کوئی ٹھیکری چھینے رونے لگین پھر اگر کوئی اُنھین دیدے ہنسنے لگین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

چون کنارِ کودکی پُر از سفال | کو بران لرزان بود چون ربِ مال
گر ستانی پارہ گریان شوند | پارہ گر بازش دہی خندان شوند
چون نباشد طفل را دانش دثار | گریہ و خندہ اش ندارد اعتبار
محتشم چون عاریت را ملک دید | پس بر آن مال دروغین می طپید
خواب می بیند کہ او را ہست مال | ترسد از دزدی کہ برباید جوال
چون ز خوابش برکشاید گوش کش | پس ز ترس خویش تسخر آیدش
ہمچنین ترسانی این عالمان | کہ بود شان عقل و علم این جہان
از پیِ این عاقلانِ ذو فنون | گفت ایزد در نبی لا یعلمون
ہر کسی ترسان ز دزدی کسے | خویشتن را علم پندارد بسے
گوید او کہ روزگارم می برند | خود ندارد روزگارِ سود مند
گوید او کارم برآوردند خلق | غرقِ بیکاریست جانش تا بحلق
عور ترسان کہ منم دامن کشان | چون رہانم دامن از چنگالِ شان
صد ہزاران فضل داند از علوم | جانِ خود را مے نداند از ظلوم
داند او خاصیتِ ہر جوہرے | در بیان جوہرِ خود چون خرے
کہ ہمے دانم یجوز و لا یجوز | خود ندانی تو یجوزے یا عجوز

ٹھیکری ہون جب طرح بچون کے پاس | اُس سے وہ ہون اہلِ دولت پر ہراس
چھینے گر ٹھکری کو وہ رونے لگین | پھر کوئی دیدے انھین ہنسنے لگین
[1] جو نہین لڑکون کو ہی دانش سے کار | رونا ہنسنا اُنکا ہی بے اعتبار
عاریت کو ملک اہل و جاہ نے | جانا اور تڑپا وہ جھوٹے مال پے
خواب مین دیکھے کہ میرا مال ہے | ڈرتا ہے کہ چور میرا مال لے
جو قضا اسکو جگادے خواب سے | پس ہنسی آئے اُسے اس خوف سے
یون ڈرانا عالمون کا جان لے | علم و عقل اُنکو جو اس عالم کا ہی
[2] ان عقیلون کے لیے اے پُر فنون | حق نے قرآن مین کہا لا یعلمون
ہر کوئی چوری سے ہر اک کے ڈرا | اور خود کو جانے بس عالم بڑا
کہتے ہین کہ وقت ہمارا کھوتے ہین | نے زمانہ سے فوائد خود رکھین
کہتے ہین کہ حرج کار اپنا کیا | اور بیکاری مین خود ہر اک رہا
ڈرتا ننگا کہ مرا دامن بڑا | کیسے اُنکے ہاتھ سے رکھون رہا
سیکڑون وہ فضل جانین علم سے | ظلم سے جان کو نہ اپنی جانتے
خاصیت جانین ہر اک جوہر کی یہ | اپنی جوہر کے بیان مین مثل خر
[3] جانتا ہون مین یجوز و لا یجوز | خود نہ جانے تو یجوزی یا عجوز

سلہ جو نہین آہ شعر و لڑکون کو دانش سے کام نہین ہے اُنکا رونا و ہنسنا بے اعتبار ہے عاریت مال کو اہل جاہ نے ملک جانا اور جھوٹے مال پر وہ تڑپا آگے مثال ہے کوئی خواب مین دیکھے کہ میرا مال ہی ڈرتا ہے کہ چور میرا مال لے لے جبکہ قضا اسکو خواب سے جگاوے اسکو اس خوف سے ہنسی آئے اسی طرح عالمون کا ڈرنا جان لے جو اُنکو علم و عقل اُس عالم کا ہے یعنے اہل دُنیا کو اس مال کے تلف ہونے سے رنج ہوتا ہے جبکہ بعد مرگ کے بیداری ہوگی تو ہنسے گا اور کچھ نقصان اپنا نہ جانے گا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

سلہ ان عقیلون الخ، شعر ان عقیلون کے واسطے حق نے قرآن مین کہا ہی ترجمہ تم نہین جانتے ہو ہر کوئی ہر ایک کی چوری سے ڈرا اور خود کو جانے ایک عالم بڑا کہتے ہین کہ وقت ہمارا کھوتے ہین اور خود زمانہ سے فائدہ نہین اُٹھاتے کہتے ہین کہ ہمارا حرج کار کیا اور خود بیکاری مین ہر اک رہا ننگا ڈرتا ہے کہ میرا بڑا دامن ہے کیسے اُنکے ہاتھ سے رہا رکھون سیکڑون علم سے وہ فضل جانتے ہین ولیکن ظلم سے اپنی جان کو نہین جانتے ہین خاصیت جوہر کی جانتے ہین ولیکن اپنے جوہر کے بیان مین خر کے مانند ہین یعنی یہ علماء ظواہر علم باطن سے بیخبر ہین اور کہتے ہین کہ لوگ ہمارا وقت ضائع کرتے ہین ہر اک کے جوہر کی خاصیت جانتے ہین اور اپنے جوہر سے بیخبر ہین باقی حال اسکا آگے ہی فافہم ۱۲۔

سلہ جانتا ہون آہ الخ، شعر مین جانتا ہون جائز اور ناجائز کو اور یہ نہین جانتے کہ یہ یجوز ہے یا عجوز ہی تو یہ روا اور ناروا جانتا ہی ولیکن خود کو روا ناروا دیکھ لے قیمت ہر سامان کی تو جانتا ہے ولیکن اپنی قیمت کو نہین جانتا ہے گدھا پن ہی تو بد و نیک کو جانتا ہے ولیکن نہ دیکھا کہ تو نیک ہی یا بد ہے تمام علمون کی جان یہ ہی کہ تو جانے کہ مین حشر مین کون ہون وہ اصول دین جانا تو نے ولیکن اپنی اصل مین دیکھ کہ تو کون ہے آدمی علم اصول کم ہین اصول اپنے سے کہ تو اپنی اصل جانے یعنے اس علوم ظاہری سے یہ علم بہتر ہے کہ تو خود کو پہچانے بموجب اس حدیث کے یعنے جسنے پہچانا اپنے نفس کو اُسنے پہچانا اپنے رب کو پس خود شناسی مین رب شناسی ہے آگے اہل سبا کا قصہ ہی فافہم ۱۲۔

این روا و ناروا دانی ولیک	خود روا یا ناروائی بین تو نیک	یہ روا اور ناروا جانے وے لے	خود روا اور ناروا کو دیکھ لے
قیمت ہر کالا میدانی کہ چیست	قیمت خود را نہ دانی احمقیست	نرخ ہر سامان کا تو جانے اچھی	قیمت اپنی کو نہ جانے ہی خری
سعدہا و نحسہا دانستۂ	ننگری سعدی تو یا ناشستۂ	جانتا ہے بد کو تو اور نیک کو	پر نہ دیکھا نیک ہی یا بد ہی تو
جان جملہ علمہا اینست این	کہ بدانی من کیم در یوم دین	سارے علموں کی یہ جان ہی و فنون	کہ تو جانے حشر مین مین کون ہون
آن اصول دین بدانستی ولیک	بنگر اندر اصل خود کو ہست نیک	وہ اصول دین جانا تو نے پر	دیکھ اپنی اصل مین کیا ہی بستر
از اصولیت اصول خویش بہ	کہ بدانی اصل خود ای مرد بہ	ہی اصولیت سے بہتر یہ اصول	کہ تو جانے اصل اپنی ای فضول

قصۂ خرمی اہل سبا و ناشکری ایشان

قصہ خوشی و خرمی اہل سبا کا او ناشکری کرنا انکا

اصل شان بد بود زان اہل سبا	می رمیدندے ز اصحاب بقا	اصل[۱] انکی بدبختی وہ اہل سبا	بھاگتے تھے انبیا سے جو بھلا
داد شان چندین ضیاع و باغ و راغ	از چپ و از راست از بہر فراغ	پس بہت انکو دیئے جنگل و باغ	ہر طرف سے تاکہ ہو انکو فراغ
بسکہ می افتاد از پُرے شمار	تنگ می شد معبرہ بر رہگذار	میوے افزونی سے از بس گرتے تھے	کہ مسافر تنگ رہ مین ہوتے تھے
آن نثار میوہ رہ را می گرفت	از پری میوہ رہرو در شگفت	راستے بس تنگ میوون نے کیئے	اور مسافر اس سے بس حیران تھے
سلہ بر سر بردر ختستان شان	پر شدی ناخواست از میوہ فشان	ٹوکری سر پر درختون مین بھرین	خود بخود میوے گرین اور وہ بھرین
باد آن میوہ فشاندی بے کسے	پر شدی زان میوہ دامن ہا بسے	میوے بے توڑی ہوا سے جھڑتے تھے	خود بخود دامن سبھوں کے بھر گئے تھے
خوشہ ہائے زفت تا زیر آمدہ	بر سر و روی روندہ مے زدہ	خوشے بھاری ہو کے نیچے جھکتے تھے	اور رہگیرون کے منہ پر لگتے تھے
مرد گلخن تاب بودے پُر ز زر	بستہ بودے بر میان زرین کمر	یان[۲] تلک بھرجی تھا صاحب مال و زر	باندھتا تھا ہر گھڑی زرین کمر
سگ کلیچہ کوفتے در زیر پا	تخمہ بودے گرگ صحرا از نوا	ماری پھرتی روٹیان کتون تلے	بھیڑیے بدہضم صحرا مین ہوئے
گشتہ ایمن شہر و از دزد و گرگ	بز نہ ترسیدے ہم از گرگ سترگ	شہر و دہ مین امن گرگ و چور سے	بھیڑیون سے بھیڑ نے دہشت رکھے

سلہ اصل انکی الخ، شعر انکی اصل بدبختی کہ وہ اہل سبا بھاگتے تھے انبیا سے انکو بہت جنگل و باغ دیئے تاکہ انکو فراغ ہو ہر طرف سے میوے کثرت سے گرتے تھے کہ مسافر تنگ راہوں سے ہوتے تھے تنگ راستے میوے نے کیئے اور مسافر اس سے حیران تھے ٹوکرے لے کر درختون مین پھرین میوے خود بخود گرین اور وہ بھرین میوے بغیر توڑے ہوا سے جھڑتے تھے خود بخود دامن سب کے بھرتے تھے خوشے بھاری ہو کر نیچے جھکتے تھے اور راہگیرون کے منہ پر لگتے تھے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲-

سلہ یان تلک آہ الخ، شعر یان تک کہ بھرجی بھی صاحب مال و زر تھا اور ہر گھڑی باندھتا تھا زرین کمر کتون کے نیچے روٹیان ماری پھرتی تھین اور بھیڑیے بدہضم صحرا مین ہوئے تھے شہر و گانون مین گرگ و چورون سے امن تھا بھیڑیون سے بھیڑ دہشت نہین رکھتی تھین اگر انکے کپڑے میلے ہو جاتے آتش انکی صابون ہو جاتی وہ تنور مین کپڑے جو ڈالتے دم بھر مین وہ صاف ہو جاتے تھے اگر مین انکی نعمت کا بیان کرون دن بدن یہ قصہ رسوا ہو مجکو زیادہ کہنا ناروا ہے انبیا نے فاستقم کو جو سنا ہی یعنے قائم رہو زیادہ مت کہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲-

جامۂ ایشان اگر چرکین شدے | آتش سوزندہ شان صابون بُدے
در تنور انداختندے جامہ را | بعد یک ساعت شدے خوش باصفا
گر بگویم شرح نعمتہاے قوم | کز زیادت می شد آن یوماً فیوم
مانع آمد از سخنہاے مہم | انبیا بردند امر فاستقم

میلے کپڑے اُنکے ہو جاتے اگر | آگ صابون اُنکی ہوتی بیشتر
دو تنور اندر جو کپڑے ڈالتے | ایک دم مین بس صفا ہو جاتے تھے
گر کرون نعمت کا اُنکی مین بیان | دن بدن زیادہ ہو یہ قصہ بیان
مجکو بھی کہنا زیادہ ناروا | انبیا نے حکم فاستقم کیا

آمدن سیزدہ پیغمبر بہ نصیحت اہل شہر سبا | آنا تیرہ پیغمبرون کا واسطے نصیحت اہل سبا کے

سیزدہ پیغمبر آنجا آمدند | گمرہان را جملہ رہبر می شدند
کہ ہلا نعمت فزون شد شکر گو | مرکب شکر ار بخسپد حرکو
شکر منعم واجب آمد در خرد | ورنہ بکشاید در خشم ابد
ہین کرم بینید و این خود کس کند | کز چنین نعمت بہ شکری بس کند
سر ببخشد شکر خواہد سجدۂ | پا ببخشد شکر خواہد قعدۂ
شکر نعمت نعمتت افزون کند | صد ہزاران گل ز خاری سر زند

تیرہ پیغمبر وہان پر آئے تھے | ہوتے تھے ہادی وہ اُن گمراہون کے
ہوئی فزون نعمت کرو تم شکر کو | مرکب شکر کا جولان کرو
شکر منعم واجب آیا عقل پے | ورنہ اسکے وہ عوض غصہ کرے
تم کرم دیکھو کوئی ایسا کرے | کہ نہین شکر ایسی نعمت کا کرے
بخشا سر سجدہ کا چاہے شکر وہ | بخشا پا قعدہ کا چاہے شکر وہ
شکر نعمت نعمتین زیادہ کرے | سیکڑون گل خار سے پیدا کرے

جواب دادن قوم انبیا علیہم السلام را | جواب دینا قوم کا انبیا علیہم السلام کو

قوم گفتہ شکر ما را برد غول | ما شدیم از شکر و از نعمت ملول
نعمت چہ سیر شد جان ما ازین | شکر چہ گوئیم بر گوئید ہین
پیش ما این نعمت آمد محنتے | شکر محنت کس نگفت ست ای خرہ
ما چنان پژمردہ گشتیم از عطا | کہ نہ طاعت ما خوش آید نے خطا
ما نمی خواہیم نعمتہا و باغ | ما نمی خواہیم اسباب فراغ

قوم بولی لے گیا شکر اپنا غول | ہم ہوئے ہین شکر و نعمت سے ملول
کیا ہی نعمت سیر جان ہم سے ہوئی | شکر کیا کہوین کہو تم ای نبی
نعمت اب یہ ہم پہ محنت ہو گئی | شکر محنت کا بھی کرتا ہی کوئی
ہم عطا سے ایسے پژمردہ ہوئے | کہ نہ طاعت نے خطا خوش ہمکو دے
ہم نہین چہتے ہین نعمت اور باغ | ہم نہین چہتے ہین اسباب فراغ

سلہ تیرہ پیغمبر آہ ۶ شعر وہان پر تیرہ پیغمبر آئے تھے اور ان گمراہون کے ہادی ہوئے تھے کہ فزون نعمت ہوئی تم شکر کرو مرکب شکر کا ٹھہرا ہے تم جولان کرو منعم کا شکر عقل پر واجب آیا ورنہ اسکے عوض وہ غصہ کرے تم کرم کو دیکھو کوئی ایسا کرتا ہے کہ ایسی نعمت کا شکر نہین کرتا ہے سر کو بخشا وہ شکر سجدہ کا چاہیے پاؤن کو بخشا وہ شکر بیٹھنے کا بھی طرح کرے ہے حضور شکر نعمت زیادہ نعمتون کو کرکے سیکڑون گل پیدا خار سے کرے یعنے شکر نعمتون کو زیادہ کرتا ہے بس جو نعمت کہ حاصل ہو شکر واجب ہے آگے جواب قوم کا ہے فافہم ۱۲

سلہ قوم بولی الخ ۵ شعر قوم نے کہا کہ ہمارا شکر غول لے گیا ہم شکر نعمت سے ملول ہین نعمت کیا ہے سیر جان سے ہوئے ہم شکر کیا کہوین تم کہو اے نبی یہ نعمت ہو گئی ہم پر محنت محنت کا بھی شکر کوئی کرتا ہے ہم ایسی عطا سے پژمردہ ہوے کہ نہ طاعت ونہ خطا ہم کو خوشی دے ہم نعمت و باغ نہین چاہتے ہین اور ہم اسباب فراغ نہین چاہتے ہین آگے جواب انبیا علیہم السلام کا ہے فافہم ۱۲

جواب گفتن انبیا علیہم السلام مر قوم را

انبیا گفتند در دل علتی ست	کہ از آن در حق شناسی آفتی ست
نعمت از وی جملگی علت شود	طعمہ از بیمار کے قوت شود
چند خوش پیش تو آمد ای مصر	جملہ ناخوش گشت و صاف او کدر
تو عدوے این خوشیہا آمدے	گشت ناخوش ہر چہ بردی کف زدے
ہر کہ او شد آشنا و یار تو	شد حقیر و خوار در دیدار تو
ہر کہ او بیگانہ باشد با تو ہم	پیش از تو بس ورا ہست محترم
این ہم از تاثیر آن بیماری ست	زہر او در جملہ طعمان ساری ست
دفع آن علت بباید کرد زود	کہ شکر با آن حدث باید نمود
ہر خوشی کاید بتو ناخوش بود	آب حیوان گر رسد آتش شود
کیمیاے مرگ و جسک ست آن صفت	مرگ گردد زان حیات عاقبت
بس غذاے کہ زوی دل زندہ شد	چون بیاید در تن تو گندہ شد
بس عزیزے کہ بناز اشکار شد	چون شکارت شد بر تو خوار شد
آشنائی عقل با عقل از صفا	چون شود ہر دم فزون باشد ولا
آشنائی نفس با ہر نفس پست	تو یقین میدان کہ دم دم کمتر است
زانکہ نفسش گرد علت می تند	معرفت را زود فاسد می کند

جواب دینا انبیا علیہم السلام کا قوم کو

انبیا[۱] بولے کہ علت دل میں ہے	جو ہی آفت حق شناسی کے لیے
ساری نعمت اس سے بس علت بنے	کھانا بیماری میں کب قوت بنے
چند خوش جو پاس تیرے آئیں گر	ہو دیں ناخوش منفعت ہو دے ضرر
ان خوشی جملہ کا بس دشمن ہے تو	اس سے ناخوش ہووے جو کچھ پاے تو
آشنا اور یار تیرا جو ہوا	وہ حقیر اک تیری نظروں میں رہا
جو کوئی بیگانہ بس تجھ سے ہوا	آگے تیرے محترم وہ ہو گیا
یہ بھی[۲] اس علت کی ہے تاثیر سے	زہر اسکا پہونچا سب خلقت میں ہے
دفع علت جلد کرنا چاہیے	شکر اس سے پیدا کرنا چاہیے
جو خوشی آئی تجھے ناخوش کرے	آب حیوان آئی تو آتش بنے
کیمیای رنج و دکھ ہی وہ صفت	زندگی ہو موت اس سے عاقبت
وہ غذا[۳] کہ اس سے بس زندہ ہو دل	تیری تن میں آئے وہ گندہ ہو دل
جو ہوا اک ناز سے تیرا شکار	پاس تیرے وہ ہوا آخر کو خوار
آشنائی عقل کی ہو عقل سے	دوستی ہر دم صفائی سے بڑھے
آشنائی نفس کی ہو نفس سے	کر یقین کہ دم بدم بس وہ گھٹے
گرد علت کی جو نفس اسکا پھرے	معرفت کو جلد تر فاسد کرے

[۱] انبیا بولے الخ ۶ شعر انبیا نے کہا کہ دل میں علت ہے جو حق شناسی کے لیے آفت ہے تمام نعمت اس سے علت بنے کھانا کب بیماری میں قوت بنے چند خوش لوگ اگر تیرے پاس آئیں ناخوش ہو دیں اور نفع ضرر ہوں ان سب خوشی کا تو دشمن ہے جو کچھ تو پائے اس سے ناخوش ہوئے جو تیرا یار و آشنا ہوا وہ تیری نظروں میں حقیر رہا جو کوئی تجھ سے بیگانہ رہا وہ آگے تیرے محترم رہا یعنے دل میں جب علت ہوتی ہے تو سب نعمت علت ہو جاتی ہے اور یار و آشنا حقیر نظر میں آتے ہیں اور بیگانے محترم دکھائی دیتے ہیں باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲

[۲] یہ بھی اس الخ ۲ شعر یہ بھی اس علت کی تاثیر سے ہے کہ اسکا زہر سب خلقت میں پہونچا پس علت کو جلدی دفع کرنا چاہیے اور اس سے شکر پیدا کرنا چاہیے جو خوشی آئے تجھے ناخوش کرے آب حیوان آئے تو آگ بنے وہ صفت کیمیائے رنج و دکھ کی ہے موت ہووے زندگی اس سے آخر کار یعنے ان صفتوں سے رنج و دکھ پیدا ہوتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

[۳] وہ غذا الخ ۷ شعر وہ غذا کہ اس سے دل زندہ ہو تیرے تن میں آئی تو اس سے دل گندہ ہو ناز سے تیرا شکار ہوا تیرے پاس وہ ذلیل و خوار ہوا آگے حقائق ہیں آشنائی عقل کی عقل سے ہو دوستی ہر دم صفائی سے بڑھے آشنائی نفس کی نفس سے ہو تو نفس گھٹے دمبدم کیونکہ اسکا نفس گرد علت کے پھرے معرفت کو جلد فاسد کرے تو اگر معرفت کل دوست سے چاہے تو دوستی عقل اور عاقل سے کر جو علت نفس کی گرمی سے بنے وہ مرض کا آلہ ہو جو کچھ کہ تو حاصل کرے یعنے دوستی نفس کی نفس سے علت کو زیادہ کرتی ہے پس دوستی عقل سے کرنا چاہیے کہ علت دور ہو و صفائی ملے آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲

گر نخواہی دوست را فرد و نفیر	دوستی با عاقل و با عقل گیر	کل نفرت دوست سے تو چاہے گر	دوستی تو عقل اور عاقل سے کر
از سموم نفس چون با علتے	ہرچہ گیری تو مرض را آلتے	سلہ نفس کی گرمی سے جو علت میں ہے	ہو مرض کا آلہ تو جو کچھ کرے
گر بگیری گوہرے سنگے شود	گر بگیری مہر دل جنگے شود	گر تو اک گوہر لیوے سنگ ہو	گر محبت دل کی لیوے جنگ ہو
ور بگیری نکتۂ بکر لطیف	بعد درکت گشت بے ذوق و کثیف	گر تو لیوے نکتہ نادر لطیف	بعد آگاہی ہو بے ذوق و کثیف
کہ من این را شنیدم کہنہ شد	چیز دیگر گو بجز آن اے عضد	یہ سنا میں نے پرانا ہو گیا	دوسری چیز اور کہہ اسکے سوا
چیز دیگر تازہ و نو گفتہ گیر	باز فردا زو شوی زار و نفیر	بیان یون ہی دوسرے تو چیز کو	کل کو پھر نفرت تجھے بھی اس سے ہو
دفع علت کن چو علت خو شود	ہر حدیث کہنہ پیشت نو شود	دفع علت کر تو علت دور ہو	ہر پرانی بات تجکو ہووے نو
تا کہ از کہنہ برآرد شاخ نو	بشگفد صد خوشۂ کہنہ زگو	تا پرانی سے ہو پیدا شاخ نو	نکلیں خاک کہنہ سے نو خوشہ سو
ما طبیبانیم شاگردان حق	بحر قلزم دید ما را فانفلق	ہم طبیب اللہ کے شاگرد ہیں	پھٹ گیا جو بحر نے دیکھا ہمیں
آن طبیبان طبیعت دیگر اند	کہ بدل از راہ نبضے بنگرند	وہ طبیبان طبیعت اور ہیں	نبض سے دیکھیں دل بیمار ہیں
ما بدل بے واسطہ خوش بنگریم	کز فراست ما بعالی منظریم	دل میں ہم بے واسطہ ہیں دیکھتے	ہے فراست سے نظر اعلیٰ پہ ہی
آن طبیبان غذا اند و ثمار	جان حیوانی بدیشان استوار	وہ طبیب آگے غذا اور پھل کے ہیں	روح حیوانی کو وہ قائم رکھیں
ما طبیبان فعالیم و مقال	ملہم ما پرتو نور جلال	ہیں طبیب ہم فعل کے اور قال کے	نور حق الہام دیتا ہم کو ہے
کاین چنین فعلے ترا نافع بود	وان چنان فعلے زرہ قاطع شود	کہ یہ ایسے فعل نافع تجکو ہیں	اور ویسے فعل قاطع تجکو ہیں
این چنین قولی ترا پیش آورد	وان چنان قولی ترا نیش آورد	قول ایسا تجکو بس بہتر کرے	قول ویسا تجکو بس بدتر کرے
آنچنان و این چنین از نیک و بد	پیش تو بنہیم و بنمائیم جد	نیک و بد سے ایسا ویسا ہم رکھیں	آگے تیرے اور بتائیں کوششیں
گر تو خواہی این گزین و خواہی آن	زہر و شکر سنگ و گوہر شد عیان	گر تو چاہے اسکو لے یا اسکو لے	زہر و شکر سنگ و گوہر ہیں کھلے

سلہ گر تو ایک الخ، شعر اگر تو ایک گوہر لیوے پتھر ہو اور محبت دل کی لیوے جنگ ہو اگر تو نکتہ نادر و لطیف لیوے بعد دریافت کے بے ذوق و کثیف ہووے یہ جو میں نے سنا پرانا ہو گیا دوسری چیز اور کہہ اسکے سوا دوسری تازی چیز کر تو یون ہی بیان کر کل پھر نفرت اس سے بھی تجکو ہووے تو دفع علت کر جو دور علت ہو اور ہر ایک پرانی بات تجکو نئی ہو پرانی شاخ سے نو پیدا ہو اور خاک پرانی سے خوشے نو نکلیں یعنی علت کے سبب سے جو چیز کہ تو نے دوسرے دن اس سے تو متنفر ہووے پس علت کو دفع کر وایک شے تجکو ہر دم بہتر معلوم ہووے۔ باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ ہم طبیب الخ، شعر ہم طبیب شاگرد ہیں اللہ کے جو بحر نے ہمکو دیکھا پھٹ گیا وہ طبیب طبیعت کے اور ہیں کہ نبض سے دل بیمار ہین دیکھیں ہم دل میں بے واسطہ دیکھتے ہیں کہ فراست سے اعلیٰ پر نظر ہے وہ طبیب غذا و ثمر کے آگاہ ہیں اور روح حیوانی کو قائم رکھتے ہیں ہم طبیب قول و فعل کے ہیں نور حق ہمکو الہام دیتا ہے کہ یہ فعل ایسے تجکو نافع ہیں اور ویسے فعل قاطع تجکو ہیں ایسا قول تجکو بہتر کرے اور قول ویسا تجکو بدتر کرے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ نیک و بد آوا الخ، شعر ہم نیک و بد سے ایسا ویسا رکھیں اور تیرے آگے دوستی کوشش بتائیں اگر چاہے اسکو لے یا اسکو لے زہر شکر سنگ و گوہر ظاہر ہیں ان طبیبوں کا قارورہ دلیل ہے اور انکی رہبر وحی خدا کی ہے ہم کسی سے مزدوری نہیں چاہتے ہیں ہم کو مزدوری خدا سے ملتی ہے آؤ تم کہ بیماری ناسور کو ایک پر ایک دوا دیں بیمار کو یعنی طبیبان الٰہی اولیاء اللہ ہیں کہ دل میں بیواسطہ دیکھتے ہیں قول و فعل سے اور مزدوری نہیں چاہتے اور بیماری ناسور دل کی ایک پر ایک دوا دیتے ہیں آگے معجزوں کا انبیا کے حال ہے فافہم ۱۲۔

آن طبیبان را بود بولی دلیل	وین دلیل ما بود وحی جلیل
دست مزدی می نخواهیم از کسی	دست مزد ما رسد از حق بسی
هین صلا بیمارِ ناسور را	داروی ما یک بیک رنجور را

اُن طبیبون کا ہی قارورہ دلیل	اور دلیل اپنی ہی بس وحی جلیل
ہم نہ مزدوری کسی سے چاہتے	ہم کو مزدوری ملے اللہ سے
آؤ تم بیمار ہے ناسور کو	اک پہ اک دیوین دوا رنجور کو

معجزه خواستن قوم از پیغمبران علیهم السلام

معجزہ چاہنا قوم کا پیغمبران علیہم السلام سے

۱؎ انبیا بولے الخ یہ شعر انبیا نے کہا کہ سچ ہی وصف پیدا کردے کہ اس سے پھر نہ سکے عارضی وصفون کو پیدا کیا کہ کبھی راضی و کبھی خفا ہووے آگے اسکے مثال ہے پتھر کو کہے کہ زر ہونا روا ہے تانبے کو کہے کہ زر ہو بجا ہے یعنے وصف عارضی بدل جاتے ہین اور وصف ذاتی نہین بدلتے ہین اسواسطے یہ کفر تمھارا وصف عارضی ہے کہ ہدایت سے دور ہو جاتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۲؎ رنج بعضے الخ یہ شعر بعضے رنج ہین کہ اسکی دوا نہووے جیسے گونگا اندھا پن ہمیشہ رہے اور بعضے رنج ہین کہ انکی دوا ہوتی ہے جیسے کہ لقوہ و درد سر لاحق ہوتا ہے یہ دوا کہ صحت کے واسطے ہے یہ دوا اور درد ہے اور جھونٹھ نہین ہے بلکہ اکثر رنج کی دوا ہے جو کوشش سے ڈھونڈھے وہ پائے یعنے اکثر رنج کی دوا ہے کہ اس سے صحت ہوتی ہے بموجب حدیث کے لکل داء دواءعہ اور بعضے رنج کی دوا نہین ہے کہ وہ قابل صحت پذیری کے نہین ہے آگے قول قوم کا ہے۔ فافہم ۱۲ ۳؎ قوم بولی الخ یہ شعر قوم نے کہا کہ یہ رنج وہ نہین ہے گروہ کہ جو دوا انکی نہ کر سکین اس فسون و نصیحت سے برسون کہا کہ ہر دم انکا بند سوا ہوتا تھا یہ مرض اگر قابل دوا کے ہوتا کچھ ذرا بھی اس سے کم ہوتا آگے مثال ہے اگر جگر مین سدہ ہو باقی نجائے اگر دریا پئے تو اور جگہ جائے دست و پا کو اسواسطے ورم پکڑے تشنگی استقا سے کم نہووے انبیا نے کہا کہ ناامیدی بڑی ہے فضل رحمت خدا کا بے عدد ہی ایسے محسن سے ناامید مت ہو اور رحمت کی اس سے فتراک کو پکڑو یعنے خدا کی رحمت سے ناامید مت ہو کہ اسکی رحمت بڑی ہے بموجب آیت شریف کے لاتقنطوا من رحمۃ اللہ یعنے ناامید مت ہو تم رحمت اللہ سے آگے جواب انبیا علیہم السلام کا ہے فافہم ۱۲۔

عہ لکل داء دواءٌ یعنے واسطے ہر مرض کے دوا ہے ۱۲۔

باز جواب دادن انبیا علیہم السلام جبریان را

ای بسا کاری کہ اول صعب گشت	بعد ازان بگشادہ شد سختی گذشت
بعد نومیدی بسے امیدہاست	از پس ظلمت بسے خورشیدہاست
خود گرفتم کہ شما سنگین شدید	قفلہا بر گوش و بر دل برزدید
ہیچ ما را با قبولی کار نیست	کار ما تسلیم و فرمان بردنیست
او بہ فرمودہ شما این بندگی	نیست ما را از خود این گویندگی
جان برای امر او داریم ما	گر بریگے گوید او کاریم ما
امر حق را ما گروہ بی ریا	می رسانیم این رسالت با شما
غیر حق جان نبی را یار نیست	با قبول و رد خلقش کار نیست
مزد تبلیغ رسالاتش ازوست	زشت و دشمن رو شدیم از بہر دوست
ما برین درگہ ملولان نیستیم	تا ز بعد راہ ہر جا ایستیم
دل فرو بستہ ملول آنکس بود	کز فراق یار در محبس بود
دلبر و مطلوب با ما حاضرست	در نثار رحمتش جان شاکرست
در دل ما لالہ زار و گلشنیست	پیری و پژمردگی را راہ نیست
دائما تازہ جوانیم و لطیف	تازہ و شیرین و خندان و ظریف
پیش ما صد سال و یک ساعت یکیست	کہ دراز و کوتہ از ما منفکیست
آن دراز و کوتہی در جسمہاست	خود دراز و کوتہ اندر جان کجاست

پھر جواب دینا انبیا علیہم السلام کا جبریون کو

۱؎ کام اکثر پہلے مشکل بس رکھے	بعد ہوجانے کے ذی سختی رکھے
بعد نومیدی بہت امید ہین	بعد ظلمت کے بہت خورشید ہین
ہمنے مانا سنگدل تم ہو گئے	قفل اپنے کان اور دل پر دیئے
کچھ نہ مقبولی سے ہمکو کام ہے	حکم کی تعمیل سے تو کام ہے
اسنے فرمائی یہ ہم کو بندگی	ہم نہین کہتے ہین یہ کچھ آپ ہی
۲؎ جان اُسکے حکم پر رکھتے ہین ہم	ریگ مین گر کہوے وہ تو بوئین ہم
حکم حق ہمکو ہوا بے بیش و کم	یہ رسالت تمکو پہونچاتے ہین ہم
غیر حق جان نبی کا نے ہی یار	خلق کی مقبولی و رد سے نہی کار
اس رسالت کا اجورہ اس سے ہے	یار کے ہم واسطے دشمن ہوئے
نہ ملول اس بارگہ سے ہم ہوئے	دوری رہ سے کہ ٹھہرین ہر جگہے
۳؎ وہ ملول اس بارگہ سے ہم ہوئے	جو فراق یار مین زندان مین ہے
دلبر و مطلوب اپنے پاس ہے	شکر اسکی رحمتون کا جان کرے
لالہ زار و گلشن اپنے دل مین ہے	پیری و پژمردگی کب اسکے ہے
ہم سدا تازہ جوان ہین اور لطیف	اور شیرین اور خندان اور ظریف
سَو برس مثل ایک ساعت کے ہوئے	کہ دراز و کوتہ ہم سے ہی جدا
وہ دراز و کوتہ رکھتا جسم ہے	نہ دراز و کوتہ اندر جان کے

۱؎ کام اکثر پہلے الخ ۵ شعر اکثر اول کام مشکل معلوم ہوتا ہے اور بعد ہوجانے کے سختی نہین رکھتا ہے بعد نا اُمیدی کے بہت اُمیدین ہین اور بعد ظلمت کے بہت خورشید ہین ہم نے مانا کہ تم سنگدل ہوگے و قفل اپنے کان و دل پر دے گئے ہمکو کچھ مقبولی سے کام نہین ہے حکم کی تعمیل سے کام ہے اسنے یہ ہمکو بندگی فرمائی ہے ہم یہ کچھ آپ ہی نہین کہتے ہین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

۲؎ جان اُسکی الخ ۵ شعر ہم جان اُسکے حکم پر رکھتے ہین اگر وہ کہے تو ہم ریگ مین بوئین حکم حق ہمکو بے بیش و کم ہوا یہ رسالت ہم پہونچاتے ہین تمکو نبی کی جان کا غیر حق یار نہین خلق کی مقبولی اور رد سے کام نہین ہے اس رسالت کا اجورہ اس سے ہے یار کے واسطے ہم دشمن ہوئے ہین ہم اس بارگاہ سے ملول نہین ہوئے راہ کی دوری سے کہ ہر جگہ ٹھہرین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

۳؎ وہ ملول الخ ۶ شعر وہ کوئی ملول و تنگدل ہے کہ جو فراق یار سے زندان مین ہو اپنے پاس دلبر و مطلوب ہے اسکی رحمتونکا شکر جان کرتی ہے گلشن و لالہ زار اپنے دل مین ہے کب پیری و پژمردگی آسکے ہم ہمیشہ جوان و تازہ و لطیف ہین اور شریف و خندان و ظریف ہین ہمکو سَو برس اور ایک ساعت ایک ہوئی کہ ہم سے دراز و کوتہ جدا ہے دراز و کوتہ جسم رکھتا ہے جان مین دراز و کوتہ نہین ہے یعنے اہل دنیا بسبب فراق یار کے سنگدل ہین اور اولیاء اللہ بسبب وصل کے شیرین و خندان ہین اور ہزار برس اور ایک ساعت ہمکو برابر ہے کیونکہ جان مین دراز و کوتہ نہین ہین چنانچہ اسکی شان ہے فافہم ۱۲۔

سیصد و نه سال آن اصحاب کهف	پیششان یک روز بی اندوه و لهف	تین[۱] سو نو سال بے رنج و جفا	ان صحاب کہف کو اک روز تھا
وانگهی بنمودشان یک روز هم	که بتن باز آمد ارواح از عدم	اس گھڑی انکو نہ اک دن بھی ہوا	تن مین آئی جان عدم سے پھر ذرا
چونکه باشد روز و شب یا ماه و سال	کی بود سیری و پیری و ملال	رات دن ہو جو نہ سال و ماہ کو	کب ملال و پیری اور تسکین ہو
در گلستان عدم چون بیخودیست	مستی از سغراق لطف ایزدیست	جو ہی بستان عدم مین بیخودی	لطف حق کے جام ہی کی ہی امی
لم یذق لم یدر هر کس کو نخورد	کی بوهم آرد جعل انفاس ورد	لم یذق لم یدر جس نے نہ چکھا	کب جعل اس بوئے گل کو پا سکا
نیست موهوم ار بدی موهوم آن	همچو موهومان شدی معدوم آن	ذہن موہوم ہوتا اگر موہوم وہ	ہوتا جون موہوم کے معدوم وہ
دوزخ اندر وهم چون آرد بهشت	هیچ تابد روی خوب از خوک زشت	وہم دوزخ مین نہ جنت آ سکے	خوب و چمکے ہی خوک زشت سے
هین گلوی خود مبر هدیه ای مهان	این چنین لقمه رسیده تا دهان	مت[۲] گلا کاٹو تم اپنا اب بھلا	منھ تلک جو ایسا لقمہ آ گیا
راههای صعب پایان برده ایم	ره بر اهل خویش آسان کرده ایم	سخت رہ کو ہم نے آسان کر دیا	سہل اپنی اہل پر اسکو کیا
هین بجوئید از نجوم سعد راه	زانکه در ظلمت درید و قعر چاه	دوستان حق سی ڈھونڈھو راہ کو	کیونکہ اب تم چاہ اور ظلمت مین ہو
هر که ما را گشت پیرو باز رست	از عذاب نار و در جنت نشست	جو ہوا پیرو ہمارا وہ چھٹا	نار دوزخ سے وہ جنت کو گیا
وانکه نشنید از شقاوت پند ما	در عذاب جاودان شد مبتلا	جو نصیحت کو ہماری نے سُنے	وہ عذاب جاودان مین بس ہی

مکرر کردن قوم اعتراض تزجیه بر انبیا علیهم السلام

دوبارہ کرنا قوم کا اعتراض بڑھ کے انبیا علیہ السلام پر

قوم گفتند از شما سعد خودید	نحس مائید و ضدید و مرتدید	قوم[۳] بولی نیک ہو اپنے لیے	نحس و مرتد ہو ہمارے واسطے
جان ما فارغ بد از اندیشها	در غم انگندید ما را و عنا	جان ہماری فارغ اندیشوں سے تھی	غم مین ڈالا تم نے ہمکو ای نبی
ذوق جمعیت که بود و اتفاق	شد زفال زشتتان صد افتراق	ذوق و جمعیت کہ تھا اور اتفاق	فال بد سے ہو گیا ہم مین نفاق

۱ تین سو الخ، شعر تین سو اور نو برس بے رنج و جفا اصحاب کہف کو ایک روز تھا اس دم انکو ایک دن بھی نہ دکھائی دیا پھر تن مین جو عدم سے جان آئے سال و ماہ کو جو رات دن نہو کب ملال و پیری و تسکین ہو جو بیخودی گلستان عدم مین ہے لطف حق کے بادہ جام سے ہے لم یذق لم یدر جس نے نہین چکھا ہے یعنے نہین ادراک کر سکتا ہے کب کیڑا جعل اس بو کو پا سکتا ہے جو گلاب مین ہے موہوم نہین ہے اگر وہ موہوم ہوتا تو موہوم کے مانند معدوم ہوتا یعنے بیخودی بادہ لطف الٰہی کی گلستان عدم مین ہے جس نے نہ چکھا وہ کب اسکو دریافت کر سکتا ہے اور یہ موہوم اگر موہوم ہوتا معدوم ہوتا آگے اسکی مثال ہے دوزخ کے وہم مین جنت نہین آ سکتی ہے خوک زشت سے کہین خوب چمکتا ہی باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲۔

۲ مت گلا الخ، شعر اب تم اپنا گلا مت کاٹو جو ایسا لقمہ منھ تک آ گیا ہم نے سخت راہ کو آسان کر دیا اسکو اپنے اہل پر سہل کیا راہ کو دوستان حق سے ڈھونڈھو کیونکہ تم چاہ ظلمت مین ہو جو ہمارا پیرو ہوا وہ چھٹا نار دوزخ سے جنت کو گیا جو ہماری نصیحت نہ سنے وہ عذاب جاودان مین رہے یعنے راہ باطنی کو تم دوستان حق سے ڈھونڈھو اور نار دوزخ سے چھٹو اور اگر نہ سنو گے عذاب ہمیشگی مین پڑو گے آگے اعتراض قوم کا ہے فافہم ۱۲۔

۳ قوم بولی الخ، شعر قوم نے کہا کہ تم اپنے لیے ہو نیک اور ہمارے واسطے نحس و مرتد ہو ہماری جان اندیشوں سے فارغ تھی تم نے ہم کو غم مین ڈالا ای نبی ذوق و جمعیت اور اتفاق تھا فال بد سے ہمین نفاق ہو گیا ہم طوطی نقل اور شکر خوار تھے ہم تم سے مرغ مرگ اندیش ہو سنہ ہر جا فسانے غم کے ہوتے ہین ہر جا ذکر رہے اور بدبختی کا ہر جا شور ہے تمکو ذوق فال و قصون مین ہی اور غم کے پھیلانے سے تمکو شوق ہے یعنے تم سے ہماری قوم مین فساد پڑ گیا اور تم کہانیان کہتے ہو اور غم سودا کرتے ہو آگے جواب انبیا علیہم کا ہے فافہم ۱۲۔ ؏ جس کسی نے نہین چکھا نہین ادراک کر سکتا ہی۔

طوطی نقل و شکر بودیم ما	مرغ مرگ اندیش گشتیم از شما	نقل و شکر خوار طوطی ہم تو تھے	مرغ مرگ اندیش ہم تم سے ہوئے
ہر کجا افسانۂ غم گستری ست	ہر کجا آوازۂ مستنکری ست	ہر جگہ غم کے فسانہ ہوتے ہین	ہر جگہ آواز بجوئیون کے ہین
ہر کجا اندر جہان فال بدیست	ہر کجا مسخ نکالی و خذلیست	فال بد کا ہر جگہ مذکور ہے	اور بدبختی کا ہر جا شور ہے
در مثال قصہ و فال شماست	در غم انگیزی شما را اشتہاست	فال اور قصون مین تمکو ذوق ہے	غم کے پھیلانے مین تمکو شوق ہے

باز گفتن انبیا علیہم السّلام ایشان را — پھر جواب دینا انبیا علیہم السّلام کا انکو

انبیا گفتند فال زشت و بد	از میان جان تان دارد مدد	انبیا[1] بولے کہ فال زشت و بد	جان سے رکھتی تمھاری ہی مدد
گر تو جائے خفتہ باشی با خطر	اژدہا در قصد تو آید بسر	پرخطر جا مین اگر سوتا ہے تو	اژدہا اک آئے تیرے قصد کو
مہربانے مر ترا آگاہ کرد	کہ بجہ زود ارنہ اژدرہات خورد	ایک مشفق نے تجھے آگہ کیا	کہ تو بھاگ اب کاٹتا ہے اژدہا
تو بگوئی فال بد چون میزنی	فال چہ بر جہ ببین در روشنی	تو کہے گا فال بد تو کیون کرے	فال کیا اٹھ روشنی مین دیکھ لے
از میان فال بد من خود ترا	مے رہانم مے برم سوے سرا	فال بد سے مین چھڑاتا ہون تجھے	اور بچاتا ہون کہ گھر کی راہ لے
چون نبی آگہ کنندہ است از نہان	کو بدید آنچہ ندید اہل جہان	جو نبی آگاہ باطن سے کرے	کہ وہ دیکھے جو نہ دیکھے کوئی ہے
گر طبیبے گویدت غورہ مخور	کہ چنین رنجے بر آرد شور و شر	گر طبیب[2] اک کہوے تو غورہ نہ کھا	کہ یہ تجھے بیمار کر دے بس ہوا
تو بگوئی فال بد چون مے زنی	پس تو ناصح را مؤثم مے کنی	تو کہے گا فال بد کیون کہتے ہو	کرتا مجرم کیون ہے اہل پند کو
ور منجم گویدت امروز ہیچ	آنچنان کارے مکن اندر بسیچ	گر کہے تجھ سے نجومی آج تو	قصد سے اپنے نہ کر کچھ کام کو
زانکہ نیکو نیست وزامروزہات	تا نہ گردی نادم و فاسد دران	کیونکہ دن اچھا نہین ہے آج کا	تا نہ اسمین تو ہو نادم اور برا
صد درہ از بینے دروغ اختری	یک دوبارہ رہت آید مجزے	سو دفعہ جھوٹھا اگر پائے نجوم	دو دفعہ گر سچ ہو تو لے ای ظلوم
این نجوم ما نشد ہرگز خلاف	صحتش چون ماند از تو در غلاف	نے ہمارے یہ نجوم ہرگز خلاف	صحت اسکی تم سے پوشیدہ ہی صاف

[1] انبیا بولے الخ، شعر انبیا نے کہا کہ فال بد جان سے تمھاری مدد رکھتی ہے آگے اسکی مثال ہے اگر تو جائے پرخطر مین سوتا ہی تیرے قصد ہلاکت کو ایک اژدہا آئے اور اب کاٹتا ہے تو کہے گا کہ فال بد تو کیون کرتا ہے وہ کہے کہ فال کیا تو اٹھ روشنی مین دیکھ لے مین فال بد سے تجکو چھڑاتا ہون اور بچاتا ہون کہ گھر کی راہ لے جو نبی باطن سے تجھے آگاہ کرے وہ دیکھتا ہے جو کوئی نہ دیکھے یعنے امر واقعی فال بد نہین ہوتا ہے آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲۔

[2] گر طبیب الخ، شعر اگر طبیب کہے کہ تو غورہ مت کھا تجھے بیماری سوا کر دے تو کہے گا فال بد کیون کہتے ہو پس اہل پند کو مجرم کیون کرتے ہو اگر نجومی تجھ سے کہے کہ آج تو اپنے ہاتھ سے کام نہ کر کیونکہ آج کا دن اچھا نہین ہے تا اسمین تو نادم نہو اور برا سو دفعہ اسکی نجوم جھوٹھ پائے اگر دو دفعہ سچ ہو تو لیوے آگے حقائق ہین یہ نجوم ہماری ہرگز خلاف نہین ہے صحت اسکی صاف پوشیدہ تم سے یعنے غیب گوئی انبیا کی صحیح اور درست ہے اور کچھ خلاف اسمین نہین ہے باقی حقائق آگے ہین فافہم ۱۲۔

آن طبیب وآن منجم از گمان ۔ میکنند آگاہ وما خود از عیان
دود مے بینیم وآتش از کران ۔ حملہ مے آرد بسوئے منکران
تو ہمیگوئی خمش کن زین مقال ۔ کز زبان ہست فال شوم فال
یکنی نصیح ناصحان را نشنوی ۔ فال بد با تست ہر جا میروی
افعی بر پشت تو بر مے رود ۔ او ز بامے بیندت آگہ کند
گویمش خاموش غمگینم مکن ۔ گوید او خوش باش خود رفت این سخن
چون زند افعی دہان بر گردنت ۔ تلخ گردد جملہ شادی کردنت
پس بدو گوئی ہمین بود ای فلان ۔ چون شد بد ریدے گریبان ز فغان
یار بالائیم تو سنگے مے زدی ۔ تا مرا از جد نمودی آن بدی
او بگوید نے کہ مے آزردہٴ ۔ تو بگوئی نے کہ شادم کردہٴ
گفت من کردم جوانمردے وپند ۔ تا رہانم من ترا زین خشک بند
از لئیمی حق آن نشناختی ۔ مایہٴ ایذا وطغیان ساختی
این بود خوے لئیمان دنی ۔ بد کنند با تو چو نیکوئی کنی
نفس را زین صبر می کن منحنیش ۔ کہ لئیم ست ونساز د نیکوئیش
با کریمے گر کنی احسان سزد ۔ ہر یکے را او عوض ہفصد دہد
با لئیمے چون کنی قہر وجفا ۔ بندہٴ گردد ترا بس باوفا
کافران کارند در نعمت جفا ۔ باز در دوزخ نداشان ربنا
کہ لئیمان در جفا صافی شوند ۔ چون وفا بینند خود جافی شوند

[1] وہ نجومی وطبیب از رہ گمان ۔ کہتے ہیں اور ہم کہیں از خود عیان
دیکھتے ہیں آگ کو ہم اور دھوان ۔ حملہ کرتی ہے وہ سوئے منکران
تم یہ کہتے ہو کرو مت یہ مقال ۔ دی ہمیں نقصان فال شوم فال
تم نصیحت ناصحون کی نے سنو ۔ فال بد ہمراہ ہے تم جس جا پھرو
جا رہا ہو سانپ تیری پیٹھ پے ۔ بام سے اک دیکھے اور آگہ کرے
تو کہے چپ مجکو غمگین مت کرے ۔ وہ کہے کہ اچھا صاحب جائیے
سانپ کاٹے جبکہ گردن پر ترے ۔ عیش سارے تلخ ہو جاوین تجھے
[2] بس کہے تو ای فلان ایسا ہی تھا ۔ کیون نہ چلا کر مجھے تو نے کہا
میرے پتھر مارتا بالا سے تو ۔ وہ بلا مجکو دکھاتا کہ کے تو
وہ کہے کہ تو ہوتا تھا خفا ۔ وہ کہے کہ خوش مجھے تو کرتا تھا
بولے ہم نے کی نصیحت اس لیے ۔ تا چھڑائین تمکو ہم اس قید سے
تم نے حق جانا لئیمی سے نہین ۔ اور کیا پیدا یہ مایہ بغض وکین
ہے یہ عادت بد لئیمون کی اخی ۔ جو کرین نیکی کرین تجھ سے بدی
[3] کر تو لاغر نفس کو اس صبر سے ۔ ہے لئیم اور کچھ نہین نیکی کرے
گر کریمون سے کرے احسان کو ۔ ایک کے دیوین عوض وہ سات سو
جو لئیمون سے کرے قہر وجفا ۔ تیرے بندے ہووین وہ بس باوفا
کرتے ہین کفار نعمت مین جفا ۔ پھر ندا دوزخ مین انکی ربنا
ہون لئیم ابصاف جو دیکھین جفا ۔ اور ظالم تر ہون جو دیکھین وفا

---

[1] وہ نجومی الخ، شرح وہ نجومی اور طبیب از راہ گمان کے کہتے ہین اور ہم از راہ عیان کے کہتے ہین ہم دیکھتے ہین آگ اور دھوان بھی کہ وہ حملہ کرتی ہے طرف منکرون کے تم کہتے ہو کہ یہ باتین مت کرو ہمین باتین بدفالی کی نقصان دیتی ہین تم نصیحت ناصحون کی مت سنو فال بد ہمراہ ہے جس جا تم پھرو آگے اسکی مثال ہے تو جائے اور سانپ تیری پیٹھ پر ہو بام سے ایک دیکھے اور آگاہ کرے تو کہے کہ چپ رہ مجکو غمگین مت کر وہ کہے کہ اچھا صاحب جائیے جبکہ سانپ کاٹے گردن پر تیری عیش سب تلخ ہو جائین تجھے باقی مثال آگے ہے فافہم ۱۲۔

[2] بس کہے الخ، شرح پس تو کہے کہ ای فلانے ایسا ہی تھا تو نے چلا کر کیون نہین مجھے کہا میرے پتھر مارتا تو اوپر سے اور وہ بلا تو مجکو کہہ کر دکھاتا وہ کہے کہ تو خفا ہوتا تھا تو کہے کہ تو خوش مجھے کرتا تھا کہا کہ ہمنے نصیحت اس لیئے کی کہ تاتمکو چھڑائین اس قید سے تم نے لئیمی سے حق نہ جانا اور مادہ بغض وکینہ کا پیدا کیا آگے حقائق ہین یہ لئیمون کی عادت بد ہے کہ جو کرین نیکی تو بدی اسکا بدلہ دین اور بدون سے بدی پیدا ہوتی ہے باقی حقائق آگے ہین فافہم ۱۲

[3] کر تو لاغر الخ، شرح اس صبر سے تو نفس کو لاغر کر کہ لئیم ہے اور نیکی نہین کرتا ہے اگر تو کریمون سے احسان کرے ایک کے سات سو دیوین جو لئیمون سے قہر وجفا کرے تو وہ تیرے بندے ہو دین باوفا کفار نعمت مین جفا کرتے ہین پھر دوزخ مین وہ ربنا کی ندا کرتے ہین لئیم صاف ہو دین جو جفا دیکھین اور جور وجفا دیکھین تو اور ظالم تر ہو دین یعنے لئیمون پر اگر جفا کرین تو وہ دغا کرتے ہین اور اگر وفا کرین تو ظالم ہو دین چونکہ نفس لئیم ہے تو یہ جفا سے وفا کرتا ہے اسواسطے اللہ نے اہل نفس کے واسطے دوزخ پیدا کی ہے چنانچہ اسکا حال آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲۔

حکمت در آفریدن دوزخ در آن جہان و زندان درین جہان تا معبد متکبران گردد کہ ائتیا طوعاً او کرہاً

حکمت پیدا کرنے مین دوزخ کی اس جہان مین اور زندان کے اس جہان مین تا عبادتگاہ منکرون کی ہو کہ ائتیا طوعاً او کرہاً

مسجد طاعاتشان پس دوزخ ست / پای بند مرغ بیگانہ فخ ست
ہست زندان صومعۂ دزد لئیم / کاندران ذکر شود حق را مقیم
چون عبادت بود مقصود از بشر / شد عبادتگاہ گردنکش سقر
آدمی را ہست در ہر کار دست / لیک ازو مقصود این خدمت بدست
ما خلقت الجن والانس این بخوان / جز عبادت نیست مقصود از جہان
گرچہ مقصود از کتاب آن فن بود / گر تواش بالش کنی ہم میشود
لیک ازو مقصود این بالش نبود / علم بود و دانش و ارشاد و سود
گر تو میخی ساختی شمشیر را / برگزیدی بر ظفر ادبیر را
گرچہ مقصود از بشر علم ہدیٰ ست / لیک ہر یک آدمی را معبدی ست
معبد مرد کریم اکرمتہ / معبد مرد لئیم اسقمتہ
مر لئیمان را بزن تا سر نہند / مر کریمان را بدہ تا بر دہند
لاجرم حق ہر دو مسجد آفرید / دوزخ آنہا را و اینہا را مزید

دوزخ انکی مسجد طاعات ہے[1] / پای بندی مرغ کی پھندہ بنے
ہے عبادت گاہ زندان چور کی / جو کرے اسمین وہ حق کی بندگی
جو عبادت تھی غرض انسان سے / ہوئی عبادت گہ سقر کفار پے
اختیار انسان کو ہے ہر کام مین / پر غرض اس سے یہی طاعات ہین
ما خلقت الجن والانس[a] پڑھو / جز عبادت نے غرض عالم سے ہو
جو کتابوں سے غرض اس فن کی ہے / گر کرے تکیہ تو انکو ہو سکے
پر غرض انکی نہ اس تکیہ سے تھی / علم کی تھی اور خرد ارشاد کی
میخ[2] تونے گر کیا تلوار کو / بس ظفر پر لے لیا ادبار کو
گرچہ انسان سے غرض علم و ہدا / پر ہر اک انسان کا ہے معبد جدا
ہے سعادت معبد مرد کریم / ہے شقاوت معبد مرد لئیم
دے لئیمون کو سزا تا رکھیں سر / دے کریمون کو سخا تا دیں ثمر
اس لئے خالق نے کیں دو مسجدیں / دوزخیں انکو وا انکو جنتیں

---

[1] دوزخ الخ، شعر مسجد طاعت دوزخ انکی ہے مرغ کی پابندی دام ہے چور کی عبادت گاہ زندان ہے کہ اسمین حق کی بندگی کرے جو انسان سے غرض عبادت تھی وہ دوزخ عبادت گاہ ہوئی کفار پر انسان کو اختیار ہے ہر کام مین ولیکن اس سے غرض یہی طاعت ہے ترجمہ نہین پیدا کیا ہم نے جنات وانسان کو اب پڑھو کہ سوا عبادت کے غرض عالم سے نہین ہے آگے اسکی مثال ہے جو کتابوں سے اس فن کی غرض ہے اگر تکیہ تو انکا بنائے ہو سکتا ہے لیکن غرض تکیہ کی اُن سے نہ تھی علم اور عقل اور ارشاد کی تھی یعنے مراد انسان کی پیدایش سے عبادت تھی اگر اور کام کرے ہو سکتا ہے لیکن دوزخ کو عبادت گاہ کفار کا اسواسطے کیا کہ آدمی عبادت حالت تکلیف مین کرتا ہے کہ تا عبادت کے وسیلہ سے اس تکلیف سے نجات پائے جبکہ دوزخ کفارون کی عبادت گاہ ہوئی تو بعد عبادت کے نجات پانا ضرور ہے اس سے ثابت ہوا کہ بعد سزائے دوزخ کے کفار بھی تجلی جیسی سے مشرف ہون کیونکہ دوزخ نام بُعد الٰہی کا ہے جبکہ آہ وزاری کفار سے بُعد الٰہی رفع ہوگا تو قرب رہ جائیگا بس اس قرب مین ہمیشہ رہین گے اور تجلی جیسی ہوگی جبکہ تجلی ہوئی تو وہ دوزخ کفارون کو جنت ہوگی بس رویت حق کفارون کو دوزخ مین ہوگی بقول بحر العلوم آگے دوسری مثال اسکی ہے فافہم ۱۲۔

[2] میخ تو بنی الخ، شعر اگر تو نے تلوار کو میخ کیا پس ظفر پر ادبار کو لے لیا اگرچہ انسان سے غرض علم وہدایت ہے ولیکن ہر ایک انسان کا معبد جدا ہے معبد مرد کریم کی سعادت ہے اور مرد لئیم کی شقاوت ہے لئیمون کو سزا دے تا سر رکھین کریمون کو سخا دے تا ثمر دین اسواسطے خالق نے دو مسجدین کین انکو دوزخین اور انکو جنتین یعنے جنت معبد کریمون کی اور دوزخ معبد لئیمون کی ہے اسواسطے دنیا مین بادشاہون کو واسطے مطیع کرنے سرکشون کے پیدا کیا کہ تا انکے جبر سے راستی اختیار کرین فافہم ۱۲۔

[a] نہین پیدا کیا ہمنے جنات وانسان کو۔

بیان آنکہ حق تعالیٰ صورت ملوک را سبب مسخر کردن جباران کہ مسخر حق نیند ساختہ چنانکہ موسیٰ علیہ السلام باب صغیر ساخت بر بیت قدس جہتہ رکوع جباران بنی اسرائیل کہ در وقت آمدن فروتنی کنند کہ ادخلوا الباب سجدا و قولوا حطۃ الیٰ آخرہ

بیان اس بات کا کہ حق تعالیٰ نے صورت بادشاہون کی واسطے مطیع کرنے سرکشون کے کہ مطیع حق کے نہین ہین بنائی جیسے کہ موسیٰ علیہ السلام نے دروازہ چھوٹا حریم بیت المقدس کا بنایا واسطے سر جھکانے بنی اسرائیل کے کہ وقت آنے کے عجز کرین کہ ادخلوا الباب سجدا و قولوا حطۃ الیٰ آخرہ

ساخت موسیٰ قدس در باب صغیر　　تا فرود آرند سر قوم زحیر
زانکہ جباران بدند و سر فراز　　دوزخ آن باب صغیرست و نیاز
آنچنان کز حق ز لحم و استخوان　　از شہان باب صغیری ساخت آن
اہل دنیا سجدۂ ایشان کنند　　چونکہ سجدہ کبریا را دشمن اند
ساخت سرگین دانگہے محراب شان　　نام آن محراب میر و پہلوان
لائق این حضرت پاکے نیند　　نیشکر نے ایک در صورت نیند
آن سگان زین خران خاضع شوند　　شیر را عارست کو را بگروند
گربہ باشد شحنۂ ہر موش خو　　موش کی بدتا ز شیران ترسد او
خوف ایشان از کلاب حق بود　　خوف شان کی ز آفتاب حق بود
رب الاعلیٰ ست ورد آن مہان　　رب ادنیٰ درخور این ابلہان
موش کے ترسد ز شیران مصاف　　بلکہ آن آہوگان مشک ناف

قدس کا در تنگ موسیٰ نے کیا[1]　　سر جھکے وان تا کہ گمرہ قوم کا
کیونکہ وہ سرکش تھے اور گردن فراز　　دوزخ انکی تنگ رہ اور نیاز
جیسے ہڈی گوشت سے اللہ نے　　تنگ دروازہ بنای شاہ کے
اہل دنیا انکو تا سجدہ کرین　　دشمنی جو سجدۂ حق سے رکھین
انکی محرابونکو سرگین دان کیا　　نام رکھا شاہ اس محراب کا
تم نہین[2] لائق ہو اس درگاہ کے　　نیشکر پاک اور تم خالی ہونے
ان سگون کے یہ گدھے عاجز نہین　　شیر کو عار انکے گرویدہ رہین
ہووی گربہ موش خو کی کوتوال　　شیر سے موشونکو کب خوف و ملال
ہی سگان حق سی بس ہیبت انھین　　آفتاب حق سے نے دہشت انھین
رب اعلیٰ ورد ان نیکون کا ہی　　رب ادنیٰ ہادی بدکارون کا ہی
موش کب شیران جنگی سے ڈرے　　بلکہ ان آہو کو انسے خوف ہے

---

[1] قدس کا در الخ ۱ شعر حضرت موسیٰ نے بیت المقدس کا دروازہ تنگ کیا تھا کہ وہان سر جھکے گمراہون قوم کا کیونکہ وہ سرکش اور گردن فراز تھے در تنگ اور نیاز ان کی دوزخ ہے آگے اسکی مثال ہے جیسے اللہ نے ہڈی گوشت سے دروازے تنگ بنائے بادشاہون کی اہل دنیا انکو تا سجدہ کرین جو سجدہ حق سے دشمنی رکھتے ہین انکی محرابون کو سرگین دان کیا اور اس محراب کا نام بادشاہ رکھا آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲۔

[2] تم نہین الخ ۲ شعر تم لائق اس درگاہ کے نہین ہو وہ نیشکر پاک ہین اور تم خالی نے ہو ان سگون کے یہ گدھے عاجز رہتے ہین شیرون کو عار ہے کہ انکے گرویدہ رہین گربہ موش خو کی کوتوال ہے موشون کو شیر سے کب خوف ہے ہیبت انھین سگان حق سے ہے آفتاب حق سے انھین دہشت نہین ہے ان نیکون کا رب اعلیٰ ورد ہے اور بدکارون کو رب ادنیٰ ہادی ہے موش شیران جنگی سے کب ڈرین بلکہ آہو ونکو انسے خوف ہے یعنے اہل دنیا انبیاؤن سے ڈرتے ہین کہ اولیا انکی مدارات سے خبردار ہین شاہان اہل دنیا بادشاہون سے ڈرتے ہین اسواسطے اللہ نے بادشاہون کو انکے واسطے تنگ دروازہ کیا ہی تاکہ گردن فراز انکے آگے سر جھکائین باقی حال آگے ذکر فافہم

رو بپیش دیگ لیس ای کاسہ لیس | پیش خداوند ولی نعمت نویس
بس کن این شرحی بگویم دور دست | خشم گیرد میر ہم داند کہ ہست
حاصل آن آمد کہ بد کن ای کریم | با لئیمان تا نہد گردن لئیم
با لئیم نفس چون احسان کند | چون لئیم آن نفس بد کفران کند
زین سبب بد کاہل نعمت شاکر اند | اہل نعمت طاغیند و ماکر اند
ہست طاغی سرور زرین قبا | ہست شاکر خستۂ صاحب عبا
شکر کے روید ز املاک و نعم | شکر مے روید ز بلوا و سقم

عارفون کے آگے جا ای طالع تو[1] | لکہ خداوند جہان شاہان کو
شرح بس کر کہنا طولانی رکھے | شاہ غصہ ہو وجا ہے ہست ہے
اس سے یہ حاصل ہوا بد کر کریم | تو لئیمون سے کہ رکھین سر لئیم
جو لئیم نفس پہ احسان کرے | جون لئیم آخر کو وہ کفران کری
اہل محنت اس سبب شاکر ہوئے | اہل نعمت اس لیے باغی بنے
بس ہین باغی سرور زرین قبا | بس ہے شاکر خستہ دل کہنہ عبا
شکر کب ہوتا ہی ملک و مال سے | شکر ہوتا رنج اور اشکال سے

قصۂ عشق صوفی بر سفرہ تہی از خورش

قصہ عشق صوفی کا خالی دستر خوان پر کھانے سے

صوفئی بر میخ روزے سفرہ دید | چرخ میزد جامہ را می درید
بانگ میزد نک نوائے بے نوا | قحطہا و درد ہا رانک دوا
چونکہ درد و سوز او بسیار شد | ہر کہ صوفی بود با او یار شد
کخ کخے و ہائے ہوئے میزدند | تا کہ چندین مست و بیخود می شدند
بوالفضولی گفت صوفی را کہ چیست | سفرۂ آویختہ از نان تہی ست
گفت رو رو نقش بے معنیستی | بیخبر از خویش و عاشق نیستی
عشق نان بے نان غذای عاشق است | قید ہستی نیست ہر کو صادق است
عاشقان را کار نبود با وجود | عاشقان را ہست بی سرمایہ سود

صوفی کو کھونٹی پہ دستر خوان ملا[2] | ناچا اور اپنے کپڑے پھاڑتا
کہتا یہ سامان ہی بے سامان کا | قحط کی اور درد کی یہ ہے دوا
درد و سوز اسکا ہوا جب بے شمار | جو کہ صوفی تھا ہوا وہ اسکا یار
قہقہے اور ہای ہو وہ کرتے تھے | یان تلک کہ مست و بیخود ہوتے تھے
بس کہا صوفی سے اک نادان نے | خالی روٹی سے یہ دستر خوان ہے
بولا جا جا نقش بے معنی ہے تو[3] | نہ ہی عاشق بیخبر ہی خود سے تو
عشق نان بے نان غذا عاشق کی ہے | قید ہستی کب بھلا صادق کی ہے
عاشقون کو تن سے نہ ہوتا ہی کام | عاشقون کو سود بے پونجی تمام

[1] عارفون کی الخ شعر ای طالع تو عارفون کے آگے جا اور لکہ بادشاہون کو خداوند جہان اسکی شرح بس کر یہ کہنا طول ہوتا ہی شاہ غصہ ہو اور تجھے ہست جانے آگے اسکے حقائق ہین اس سے یہ حاصل ہوا کہ ای کریم تو لئیمون کے ساتھ بدی کر تاکہ وہ لئیم سر رکھین جو تو لئیم نفس پر احسان کرے لئیمون کے مانند وہ آخر کو کفران نعمت کرے اسواسطے اہل محنت شاکر ہوئے اور اہل نعمت باغی ہوئے پس وہ باغی سرداران زرین قبا ہین اور شاکر خستہ دلان کہنہ عبا ہین شکر ملک و مال سے کب ہوتا ہے شکر رنج اور مشکل سے ہوتا ہے یعنے نفس پر تم سختی کرو کہ وہ مثل لئیمون کے مطیع ہووے کیونکہ لئیم بسبب سختی و رنج شکر کیے کرتے ہین چنانچہ اسکا حال قصہ صوفی مین آگے بیان کرتے ہین فافہم ۱۲۔

[2] صوفی الخ شعر ایک صوفی کو دستر خوان کھونٹی پر دکھائی دیا پس وہ ناچتا اور کپڑے پھاڑتا تھا اور کہتا تھا کہ یہ سامان ہے بے سامان کا اور قحط و درد کی یہ دوا ہے جب درد و سوز اسکا بہوا ہوا جو کوئی صوفی تھا اسکا وہ یار ہوا قہقہے اور ہا ہو وہ کرتے تھے یہانتک کہ مست و بیخود ہوتے تھے پس صوفی سے ایک نادان نے کہا کہ یہ دستر خوان روٹی سے خالی ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

[3] بولا جا جا الخ شعر صوفی نے کہا جا جا تو نقش بے معنے ہے تو عاشق نہین ہے اپنے سے بیخبر ہے کیونکہ عشق نان کا بغیر نان کے عاشق کی غذا ہی قید ہستی صادق کی کب ہے عاشقون کو بدن سے کام نہین ہوتا ہے عاشقون کو بے پونجی کے سود تمام ہوتا ہے پر نہین ہین اور گرد عالم کے اڑتے ہین اور گیند بغیر ہاتھون کے لے جاتے ہین آگے اسکی مثال ہے معنے کی درویش نے بوپائی زنبیل بنتا تھا وہ بغیر ہاتھون کے یعنے عاشق محتاج جسم کے نہین ہین بغیر جسم کے کام کرتے ہین اور غذاے روحی وہ کھاتے ہین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

بال نے وگرد عالم مے پرند   دست نی و گوز میدان می برند
آن فقیری کوز معنی بوی یافت   دست بریدہ ہمی زنبیل بافت
عاشقان اندر عدم خیمہ زدند   چون عدم یکرنگ و نقشِ واحدند
شیر خوارہ کی شناسد ذوق قوت   مر پری را بوی باشد لوت پوت
آدمی کے بو برد از بوے او   چونکہ خوئی اوست ضدِ خوی او
پیش قبطی خون بود آن آب نیل   آب باشد پیش سبطے آن جلیل
جادہ باشد بحر ز اسرائیلیان   غرقہ گہ باشد ز فرعونِ عوان
باد بُد بر عادیان گرز و بتر   لیک بُد بر ہود و بر قومش ظفر
گلستان باشد بر ابراہیم نار   لیک بر نمرود باشد زہر مار
بر سمندر باشد آتش خاندان   لیک باشد بُرد گر مرغان زیان
نزد عاشق درد و غم حلوا بود   لیک حلوا بر خسان بلوا بود

پر نہین اور گرد عالم اڑتے ہین   گیند بے ہاتھونکے وہ لیجاتے ہین
بوئے معنی پائی جو درویش نے   بنتا تھا زنبیل وہ بے ہاتھ کے
[1] جو عدم مین عاشقان خیمہ زن ہین   نقش واحد جون عدم یکرنگ ہین
ذوق کھانے کا نہ جانے شیر خوار   اور پریونکی غذا ہی بوئے یار
پائے کب بو آدمی بو اُسکی سے   کیونکہ خو اُسکی سے ضد خو اُسکی ہے
قبطیون کو خون ہے آب رود نیل   سبطیون کو آب باحکم جلیل
بحر اسرائیلیون کو راہ دے   غرق گہ فرعونیون [illegible] بنے
عادیون پر تھی ہوا گرز و بتر   پر تھی ہود اور قوم پر اُنکی ظفر
[2] ہو گلستان نار ابراہیم پے   ہو وہی نمرود پے آفات سے
اور سمندر پر یہ آتش خانہ ہو   دوسرے مرغون پہ آتش خانہ ہو
عاشقون پر درد و غم حلوا بنے   ناکسون کو حلوا بس کڑوا دکھے

مخصوص بودن یعقوب علیہ السلام بہ چشیدن جام حق تعالےٰ از روی یوسف علیہ السلام و کشیدن بوی حق از بوی یوسف علیہ السلام و حرمان برادران و غیرہم ازین ہر دو صفت

خاص ہونا یعقوب علیہ السلام کا جام نوشی حق تعالیٰ مین رخ یوسف علیہ السلام سے اور پانا بوی حق کو بوی یوسف علیہ السلام سے اور محروم رہنا بھائیون و غیرہ کا ان دونون صفت سے

آنچہ یعقوب از رخ یوسف بدید   وانچہ او از بوے او اندر کشید
وانچہ دروی بود اندر چہ بدید   خاص او بد آن باخوان کے رسید

[3] جو رخ یوسف کو بس یعقوب نے   دیکھا اور بو پائی اُسکے جسم سے
دیکھا جو اُسمین و اندر اسکے تھا   حصہ انکا تھا نہ اخوان کو ملا

سلہ جو عدم الخ ۱ شعر جو عدم مین خیمہ رکھتے ہین نقش واحد مانند عدم کے ایک رنگ ہین آئے اسکی مثال ہے بچے شیر خوار ذوق کھانے کا نہیں جانتے ہین اور پریون کی غذا بو ہے پس آدمی تو کب پائے اُسکی بو سے کیونکہ اُسکے خو سے اس کی خو ضد ہے آب رود نیل قبطیونکو خون ہے اور سبطیون کو آب ہے بحکم خدا دریا اسرائیلیون کو راہ دے اور غرق گاہ فرعون کا بنے ہوا عادیون پر گرز و تبر اور ہود اور انکی قوم پر ظفر ای یعنی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

سلہ ہو گلستان الخ ۳ شعر نار ابراہیم پر گلستان ہو اور نمرود پر آتش ہو سمندر پر خانہ ہوا ای دوسری مرغون پر آتش خانہ ہو عاشقون پر درد و غم حلوا بنے ناکسون کو حلوا کڑوا رکھے یعنے عاشق عدم مین رہتے ہین اسواسطے مانند عدم کے سب ایک رنگ ہین وہی ایک شے ہے کہ دوستان حق کو نفع دیتی ہے اور دشمنان حق کو ضرر پہونچاتی ہے جیسے حسن یوسف عم یعقوب عم کو خوش معلوم ہوتا تھا اور بھائیونکو زبون چنانچہ اسکا قصہ آگے مثال مین ہے فافہم ۱۲۔

سلہ جو رخ الخ ۲ شعر جو رخ یوسف کو دیکھا اور اُسکے جسم سے بو پائی وہ اسمین دیکھا کہ جو اسکے اندر تھا بھائیون کو نہ ملا یعنی یہ حکایت مولانا مقام تشبیہ مین فرماتے ہین کہ بوی یار کہ صورتون مین عاشق پالیتے ہین اور غافل اس سے محروم رہتے ہین آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲۔

این ز عشقش خویش در چہ مے فگند — وان بکین از بہر او چہ می کند
سفرۂ او پیش این از نان تہی ست — پیش یعقوب ست پر کو مشتہی ست
روی ناشستہ نہ بیند روی حور — لا صلوۃ گفت الا بالطہور
عشق باشد لوت و پوت جانہا — جوع ازین روی ست قوت جانہا
جوع یوسف بود مر یعقوب را — بوئے نانش میرسید از دور جا
آنکہ بستد پیرہن را می شتافت — بوی پیراہان یوسف می نیافت
وانکہ صد فرسنگ زان سو بد او — چونکہ بد یعقوب می بوئید بو
ای بسا عالم ز دانش بے نصیب — حافظ علم ست آنکس نے حبیب
مستمع از وے ہمے یابد مشام — گرچہ باشد مستمع از جنس عام
زانکہ پیراہن بدستش عاریہ ست — چون بدست آن نخاسی جاریہ ست
جاریہ پیش نخاسی سرسری است — در کف او از برای مشتری ست
قسمت حق ست روزی خواہ نے — ہر یکے را سوئے دیگر راہ نے
یک خیال نیک باغ آن شدہ — یک خیال زشت راہ این زدہ
آن خیالے از اثر باغے شدہ — وان خیالے عالمے برہم زدہ
آن خدائے کز خیالے باغ ساخت — وز خیالی دوزخ و جای گداخت
پس کہ داند راہ گلشن ہاے او — پس کہ داند جای گلخنہاے او

عشق سے[1] اسکے یہ خود چہ مین پڑے — کھو دین کینہ سے وہ چہ اسکے لیئے
آگے انکے خالی دسترخوان دو — آگے پر یعقوب کے خواہش تھی جو
زشت رو کب دیکھتا ہی روی حور — لا صلوۃ بولا الا بالطہور
عشق باطن مین غذا ہی جان کی — اس سبب سے بھوک قوت جان ہوئی
بھوک یوسف کی تھی بس یعقوب کو — دور سے پہنچی تھی اسکی نان کی بو
جو کہ پیراہن کو لے کر کے چلا — بوئے یوسف کو نہ اس سے پا سکا
جو کہ بس سو کوس کے رستہ پہ تھا — بس وہ تھا یعقوب کہ بو سونگھتا
ای بہت[2] عالم کہ ہین دور عقل سے — ہین وہ علامہ زمانہ کے بڑے
سننے والا اُنسے بس پاتا ہی بو — گرچہ جنس عام سامع ہو انکو
کیونکہ پیراہن رکھے وہ عارضی — جیسے بائع رکھے لونڈی عارضی
عارضی لونڈی فروشندہ رکھے — کر لیئے ہی مشتری کے واسطے
قسمت حق ہی نہ روزی خواہ کے — ایک کو وہ دوسرے کی کب ملے
اک خیال نیک باغ اسکا ہوا — اک خیال بد نے بس گمرہ کیا
یہ خیال[3] اک باغ اثر سے ہو گیا — وہ خیال عالم کو برہم کر گیا
اس خدا نے فکر سے گلشن کیا — اور سفر کو فکر سے گلخن کیا
کون جانے اسکے بس گلشن کی راہ — کون جانے اسکے بس گلخن کی راہ

سلہ عشق سے الخ، شعر عشق یوسف سے یعقوب عم چاہ مین پڑے اور بھائی کینہ سے چاہ اسکے لیے کھودین اُنکے آگے وہ دسترخوان خالی تھا اور آگے یعقوب کے پر تھا کہ انکو خواہش تھی آگے حقائق ہین زشت رو کب دیکھتا ہی روے حور کو ترجمہ نہین ہے نماز مگر ساتھ حضور کے باطن مین عشق غذا جان کی ہے یعقوب کو بھوک یوسف کی تھی دور سے انکی نان کی بو پہونچی تھی جو کہ پیراہن لے کر گیا تھا بوے یوسف کو اس سے نہ پا سکا اور جو کہ سو کوس کی راہ پر تھا وہ یعقوب تھا بو سونگھتا تھا یعنے جو کہ عاشق ہوتا ہے وہ اسکی بو پاتا ہے گو سو برس راہ پر ہو اور جو با عشق نہین ہوتا ہے گو وہ پاس ہو بے خبر رہتا ہے اسی طرح عشاق اسی بو یار کی ہر جا سے پاتے ہین اور غافل محروم رہتے ہین آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲۔
سلہ ای بہت الخ، شعر ای بہت عالم کہ دور عقل سے ہین اور بڑے علامہ زمانہ کے ہین سننے والا انسے بو پاتا ہے اگرچہ سامع جنس عام سے ہو کیونکہ وہ پیراہن عارضی رکھتے ہین جیسے بائع لونڈی رکھتا ہے فروشندہ لونڈی عارضی رکھتا ہی کہ مشتری کے واسطے لایا ہے، قسمت حق کی ہی روزی خواہ کی قسمت نہین ہے کہ ایک کو دوسرے پر راہ کب ملتی ہے ایک کو خیال اسکا نیک باغ ہوا ایک کو خیال بد نے گمراہ کیا یعنے ایک عالم عقل نہین رکھتا ہے اور علامہ زمانہ کا ہی اور عام لوگ اس سے ہدایت پاتے ہین اور خود وہ محروم ہی یہ خدا کی بخشش ہے کہ جسکو چاہا دیا اگر اپنی قسمت ہوتی تو ایک عالم حسب خواہ پاتا باقی حال اسکا آگے ہی فافہم ۱۲ سلہ یہ خیال الخ، شعر یہ خیال اثر سے باغ ہو گیا وہ خیال رسوائی عالم ہو اس غذا نے خیال سے گلشن کیا اور سفر کو خیال سے گلخن کیا کون اسکے گلشن کی راہ جانے اور کون اسکے گلخن کی راہ جانے کیا مجال ہے جو دیدہ بان دل کا دیکھے کہ جان کے کس رکن سے خیال آتا ہے ہان وہ دل کہ جو حق سے مدد چاہے اور ہستی اسکی اللہ نے نیست کی ہے اگر اسکا مطلع کرے دیکھتا راہ خیال بد کی بند کرتا لیکن اس جگہ قدم جاسوس کا کب پہونچے کہ سکونت گاہ اسکی قدم ہے یعنے خداوند عالم نے خیال سے خوشی و غم پیدا کیا ہے و لیکن کون جانتا ہی کہ خیال جان مین کس راہ سے آتا ہے اور اولیاء اللہ جانتے ہین اور اگر ہر کوئی جانتا تو راہ خیال بد کی بند کرتا باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲۔

دیدہ بانِ دل نہ بیند در مجال ... گر کند این کن جان آید خیال
جز مگر آن دل کہ دارد عونِ حق ... کون او در نیست کردہ کونِ حق
گر بدید مطلعش از احتیال ... بند کردے راہ ہر ناخوش خیال
کے رسد جاسوس رہ آنجا قدم ... کہ بود مرصاد و دربندِ عدم
دامنِ فضلش بکف کن کور وار ... قبض اعمیٰ این بود اے شہریار
دامن او امرِ فرمانِ وصیت ... نیکبختی کہ تقی جانِ ویست
آن یکے در مرغزار و جوئے آب ... وان یکے پہلوے او اندر عذاب
او عجب ماندہ کہ ذوقِ آن ز چیست ... وین عجب ماندہ کہ این در حبس کیست
ہین چرا خشکے کہ اینجا چشمہاست ... ہین چرا زردی کہ اینجا صد دواست
ہین بیا اے ہمنشین در انجمن ... گوید اے جان من نیارم آمدن
ہین بیا جانان کہ پایت بستہ نیست ... گویدش نی زین تنانم تو بایست
یک مثل آمد درین معنی بگفت ... تو کہ یابی زین بیانِ سرِ نہفت
اندرین معنے بگویم قصۂ ... گوش بکشا تا بری زان حصۂ

دیدبانِ دل کا جو دیکھے کیا مجال ... جانکے کس رکن سے آتا خیال
ہان وہ دل جو کہ مدد حق سے رکھے ... ہستی اسکی نیست کی اللہ نے
دیکھتا گر مطلع اسکا مکر سے ... بند کرتا تازہ خیال بدعنلے
پہونچے کب جاسوس کا ہی جا قدم ... کہ سکونت گاہ اسکی ہے عدم
دامنِ سلہ فضل اسکا کورانہ پکڑ ... یہ گرفت اندھون کی ہی اے بخیر
دامن اسکا حکم اور فرمان ہے ... نیکخو ہی وہ کہ صافی جان ہے
ایک وہ ہی نہر و سبزہ زار مین ... اک پھنسا ہی وہ عذابِ نار مین
وہ عجب مین ہی کہ ذوق اسکو ہی کیون ... یہ عجب مین ہی کہ قید اسکو ہی کیون
کس لیے ہی خشک یان ہین چشمہا ... کس لیے ہی زرد یان ہی سو دوا
آؤ تو اے ہمنشین اس باغ مین ... کھوے آسکتا نہین اے جان مین
آؤ سکہ جانان نہ ترا پانون بندھا ... کھوے نے آسکتا ہین تو ٹھہر جا
اک مثل یاد آئی اب اس بات کیلیے ... بھید مخفی پائے تو اُمید ہے
کہتا اس معنی مین ہون قصہ نکو ... کان کھول اپنا کہ حصہ پائے تو

حکایت امیر و غلامش کہ نماز بارہ بود و اُنس غلام در نماز و مناجات

حکایت امیر اور غلام اُسکے کی کہ نماز کا وقت تھا اور اُنسیت غلام کو نماز و مناجات سے تھی

در زمانہ بود امیرے از کرام ... بود سنقر نام او را یک غلام

سکہ تھا زمانہ مین امیر اک نیکنام ... اور سنقر نام اسکا تھا غلام

سلہ دامنِ فضل الخ ۵ شعر اُسکے فضل کا دامن اندھون کے مانند پکڑ یہ اندھون کی گرفت ہی اے بےخبر اسکا دامن کیا ہی حکم اسکا ہی وہ نیکخو ہے کہ جو صافی جان ہی ایک وہ شخص ہی کہ نہر و سبزہ زار مین ہی اور ایک عذاب نار مین پھنسا ہی وہ تعجب مین ہی کہ اسکو ذوق کیون ہی اور یہ تعجب مین ہی کہ اسکو قید کیون ہی خشک کس لیے ہی کہ یہان چشمے ہین زرد کس لیے ہی کہ یہان سو دوا ہی اے ہمنشین آؤ اس باغ مین کھوے کہ مین نہین آسکتا ہون اے جان باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲ سکہ آؤ جانان الخ ۳ شعر جان آؤ تیرا پیر بندھا نہین ہی کھوے کہ نہین آسکتا ہون تو ٹھہر جا اس بات پر اب ایک مثل یاد آئی اُمید ہے کہ بھید مخفی تو پائے اس معنے مین ایک قصہ نیک کہتا ہون تو اپنا کان کھول کہ حصہ پائے یعنے اولیاء اللہ ہر ایک اس طرف بلاتے ہین کہ اس باغ مین آؤ اور یہ غافل محبت دُنیا کے سبب سے نہین جاتے چنانچہ اسکی مثال مین امیر و غلام کی حکایت آئی فرماتے ہین فافہم ۱۲ سکہ تھا زمانہ مین الخ ۹ شعر ایک امیر نیکنام زمانہ مین تھا اور سنقر اسکا ایک غلام تھا امیر کو حاجت غسل کی ہوئی صبح کے وقت کہا سنقر کو کہ ابھی جلدی اُٹھ لنگ اور لگنی اور گل لونڈی سے لے تا حمام کو ہم چلین صبح سے سنقر آیا اور لنگ و لگنی کو لے کر اپنے خواجہ کے ہمراہ چل دیا وہان راہ پر ایک مسجد تھی سنقر نے آواز بانگ کی سُنی جو سنقر کو بہت شوق نماز کا تھا خواجہ سے کہا کہ اے بندہ نواز تو ذرا اس دکان پر ٹھہر میَن لم یکن پڑھ کر فرض ادا کرون الغرض وہ سنقر مسجد کو گیا اور امیر منتظر دکان پر رہا امیر اس زندہ جان کی خاطر سے ایک ساعت دکان پر ٹھہرا رہا باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲ ـــ

میر شد محتاج گرمابہ سحر
بانگ زد سنقر ہلا بردار سر

طاس و مندیل و گل از التون بگیر
تا بگرمابہ رویم اے ناگزیر

سنقر آمد طاس و مندیل نکو
برگرفت و رفت با او دو بدو

مسجدے در رہ بد و بانگ صلا
آمد اندر گوش سنقر بر بلا

بود سنقر سخت مولع در نماز
گفت ای میر من ای بندہ نواز

تو برین دکان زمانے صبر کن
تا گزارم فرض و خوانم لم یکن

رفت سنقر میر بر دکان نشست
منتظر از بادۂ پندار مست

میر از بہر دل آن زندہ جان
کرد یک ساعت توقف بر دکان

چون امام و قوم بیرون آمدند
از نماز و وردہا فارغ شدند

سنقر آنجا ماند تا نزدیک چاشت
میر سنقر را زمانے چشم داشت

گفت ای سنقر چرا نائی برون
گفت می نگذاردم ای ذو فنون

صبر کن نک آمدم ای روشنی
نیستم غافل کہ در گوش منی

ہفت نوبت صبر کرد و بانگ کرد
تا کہ عاجز گشت از تیباش مرد

پاسخش این بود مے نگذاردم
تا برون آیم ہنوز اے محترم

گفت آخر مسجد اندر کس نماند
کیست وا میدارد آنجاکت نشاند

گفت آنکہ بستہ است در برون
بستہ است او ہم مرا از اندرون

آنکہ نگذارد ترا کائی درون
می نہ بگذارد مرا کایم برون

آنکہ نگذارد کزانیسو پانہے
او بدینسو بست پائے این رہے

میر کو ہوئی صبح حاجت غسل کی
بولا سنقر کو کہ اُٹھ جلدی ابھی

لنگ لنگی اور گل لونڈی سے لے
تا چلین حمام کو ہم صبح سے

سنقر آیا لنگ اور لنگی کو لے
چل دیا پس ساتھ اپنے خواجہ کے

راہ مین مسجد وہان پر ایک تھی
بانگ کی آواز سنقر نے سنی

تھا بہت سنقر کو جو شوق نماز
بولا خواجہ سے کہ ای بندہ نواز

ٹھہر اس دکان پر اب تو ذرا
لم یکن پڑھکر مین کرون فرض ادا

الغرض مسجد کو وہ سنقر گیا
منتظر بس میر دکان پر رہا

میر بس خاطر سے زندہ جان کے
ایک ساعت ٹھہرا بس دکان پے

[1]جو امام اور مقتدی باہر گئے
ور نماز و ورد سے فارغ ہوئے

چاشت تک سنقر وہان ٹھہرا رہا
میر بس سنقر کی رہ دیکھا کیا

بولا ای سنقر تو آتا کیون نہیں
بولا نہ چھوڑی ہے مجکو ای امین

ٹھہر تو آتا ہون ای آقا مرے
مین نہ غافل ہون مجھے تو یاد ہی

سات بار اسکو پکارا صبر کر
تنگ آیا اُسکے غمزہ سے مگر

تھا جواب اسکا نہین چھوڑی مجھ
تا مین باہر آؤن ایکس طور سے

بولا مسجد مین نہین کوئی رہا
کون ہی جسنے پکڑ تجکو رکھا

[2]بولا جسنے روکا باہر سے تجھے
روکتا ہے باہر آنے سے مجھے

جو نہ چھوڑے اندر آنے کو تجھے
وہ نہ چھوڑے باہر آنے کو مجھے

جو نہ چھوڑے کہ یہان پر آئی تو
اُسنے باندھا یان پہ میرے پاؤن کو

سلہ جو امام الخ، شرح جو امام و مقتدی مسجد کے باہر گئے و نماز و اوراد سے فارغ ہوئے چاشت تک سنقر وہان ٹھہرا رہا اور امیر راہ سنقر کی دیکھا کیا کہا کہ اے سنقر تو کیون نہین آتا ہے کہا کہ مجکو نہین چھوڑتا ہے تو ٹھہر اے میرے آقا آتا ہون مین غافل نہین ہون تو مجکو یاد ہے سات بار اسکو صبر کرکے پکارا اگر وہ اسکے غمزہ سے تنگ آیا یہی جواب اسکا تھا کہ مجکو چھوڑتا نہین ہے مین کس طور سے باہر آؤن کہا کہ مسجد مین کوئی نہین ہے رہا کون ہے کہ جس نے تجکو پکڑ رکھا ہے آگے سنقر کا جواب ہے فافہم ١٢۔

سلہ٢ بولا جسنے الخ، شرح کہا کہ جس نے تجکو باہر سے روکا ہے اُسنے اندر سے مجکو روکا ہے جو اندر آنے کو تجھے نہ چھوڑے وہ مجھے باہر آنے کو نہ چھوڑے جو نہین چھوڑتا ہے کہ تو یہان پر آئے اُس نے یہان پر میرے پاؤن کو باندھا ہے آگے اسکی مثال ہے دریا مچھلیون کو باہر نہین نے دیتا ہے اور خاکیون کو اندر نہین آنے دیتا ہے اصل مچھلی کی آب ہے حیوان کی خاک ہے یہان پر حیلہ و تدبیر باطل ہے آگے اسکے حقائق ہین قفل بھاری خدا کھولنے والا ہے اب تو اختیار کر تسلیم و رضا اگر ذرہ ذرہ کنجیان ہو دین بجز خدائے دادگر کے نہ کھلے یعنے تو رضا و تسلیم اختیار کر وہ مشکل تیری خدا حل کرے گا کہ حلال مشکلات بجز خدا کے کوئی نہین ہے باقی حقائق آگے ہین فافہم ١٢۔

ماہیان را بحر نگذارد برون — خاکیان را بحر نگذارد درون
اصل ماہی ز آب و حیوان از گل ست — حیلہ و تدبیر اینجا باطل ست
قفل زفت ست و کشانیدہ خدا — دست در تسلیم زن و اندر رضا
ذرہ ذرہ گر شود مفتاح ہا — این کشائش نیست جز از کبریا
چون فراموشت شود تدبیر خویش — یابی آن بخت جوان از پیر خویش
چون فراموش خودی یادت کنند — بندہ گشتی وانگہ آزادت کنند
گر تو خواہی حری و دل زندگی — بندگی کن بندگی کن بندگی
از خودی بگذر کہ تا یابی خدا — فانی حق شو کہ تا یابی بقا
گر ترا باید وصال راستین — محو شو واللہ اعلم بالیقین

مچھلیون کو باہر آنے دی نہ بحر — خاکیونکو اندر آنے دے نہ بحر
اصل مچھلی آب حیوان خاک سے — حیلہ و تدبیر باطل یان پہ ہے
قفل بھاری کھولنے والا خدا — اختیار اب کر تو تسلیم و رضا
ذرہ ذرہ کنجیان ہووین اگر — نے کھلے یہ جز خدائے دادگر
اپنی گر تدبیر کو تو بھول جائے[1] — اپنی پیری سے جوان بختی تو پائے
خود کو جو بھولا تجھے یاد اب کرین — تو ہوا بندہ تو آزاد اب کرین
چاہے گر آزادگی دل زندگی — بندگی کر بندگی کر بندگی
تو خودی کو چھوڑ تا پائے خدا — حق مین فانی ہو کہ تا پائے بقا
تو اگر چاہے وصال راستین — محو ہو واللہ اعلم بالیقین

نومید شدن انبیا علیہم السلام از قبول و پذیرائی منکران قولہ تعالیٰ حتی اذا استیئس الرسل الخ

ناامید ہونا انبیا علیہم السلام کا منکرون کے قبول کرنے سے قولہ تعالیٰ حتی اذا استیئس الرسل الخ

انبیا گفتند با خاطر کہ چند — می دہیم این را و آن را وعظ و پند
چند کوبیم آہن سردی زغی — در دمیدن در قفس ہین تا بکی
جنبش خلق از قضا و وعدہ است — تیزی دندان ز سوز معدہ است
عقل اول راند بر عقل دوم — ماہی از سر گندہ گردد نی ز دم
لیک ہم میدان و خر میران چو تیر — چونکہ بلغ گفت حق شد ناگزیر

انبیا نے[2] سوچا اپنے ذہن مین — کب تلک انکو نصیحت ہم کرین
کب تلک ہم کوٹین ٹھنڈے لوہے کو — کب تلک پھونکین قفس مین اے نکو
خلق کی حرکت قضا و عدے سے ہے — منہ کی جنبش گرمی معدہ سے ہی
عقل اول عقل دوم پر رکھی — ماہی سر سے سڑتی نی دم سے اخی
پر تو جان اور خر بھگا مانند تیر — حق نے جو بلغ کہا ہی ناگزیر

[1] اپنی گر تدبیر الخ ۵ شعر اگر تو اپنی تدبیر کو بھول جائے تو اپنی پیری سے جوان بختی پائے جو خود کو بھولا اب تجھے یاد کرین تو بندہ ہوا تو اب آزاد کرین اگر آزادگی و دل زندگی چاہے بندگی کر بندگی کر بندگی اگر تو خودی کو چھوڑے خدا پائے حق مین فانی ہو تا بقا پائے اگر تو وصال اہل اللہ خوب چاہتا ہے ساتھ یقین کے یعنے تو اپنی خودی کو چھوڑ خدا ملے گا کیونکہ یہ خودی تیری حجاب ہے پس خودی کو چھوڑ تا محویت پائے آگے ناامید ہونا انبیا کا بیان ہے فافہم ۱۲۔

[2] انبیا نے الخ ۶ شعر انبیا نے اپنے ذہن مین سوچا کہ انکو نصیحت ہم کب تک کرین ہم ٹھنڈے لوہے کو کب تک کوٹین اور قفس مین کب تک پھونکین خلق کی حرکت وعدۂ قضا سے ہے جنبش منہ کی گرمی معدہ سے ہے عقل اول عقل دوم پر رکھتی ہے ماہی سر سے سڑتی ہے نہ دم سے یعنے جو کچھ کہ بھلائی و برائی عقل سے پیدا ہوتی ہے وہ اعیان ثابتہ سے آتی ہے کیونکہ جو برائی بیان ہے وہ وہان سے آتی ہے دلیکن تو جان اور خر بھگا مانند تیر کے حق کے جو بلغ کہا ہے ضرور کر یعنے نصیحت تو کر اور جاہلون سے بھاگ مانند تیر کے کہ انبیا کو پیغام خدا پہونچا دینے کا کام ہے تو نہین جانتا ہے کہ آخر کو کون ہے سعی کر اور خود سے باہر ہو آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲۔

تو نمی دانی که آخر کیستی ۔ جهد کن چندانکه دانی چیستی
چون نهی بر پشت کشتی بار را ۔ بر توکل می کنی آن کار را
تو نمی دانی که از هر دو کئی ۔ غرقه اندر سفر یا ناجئی
گر بگوئی تا ندانم من کیم ۔ در نخواهم تاختن بر کشتی و یم
من درین ره ناجیم یا غرقه ام ۔ کشف گردان کز کدامین فرقه ام
من نخواهم رفت این ره با گمان ۔ بر امید خشک همچون دیگران
هیچ بازرگانی ناید ز تو ۔ آنکه غیبست سر این دو رو
تاجر ترسنده طبع شیشه جان ۔ در طلب نی سود دارد نی زیان
بل زیان دارد که محرومست و خوار ۔ نور او یابد که باشد شعله خوار
چونکه بر بوک (احتمال ۱۲) ست جمله کارها ۔ کار دین اولی کزان یابی رها
نیست دستوری درینجا قرع باب ۔ جز امید الله اعلم بالصواب

تو نہ جانے کہ تو آخر کون ہے ۔ سعی کر ہو خود سے ماہر کون ہے
جو رکھے[1] کشتی پہ اپنے بار کو ۔ بس توکل پر کرے اُس کار کو
تو نہ جانے کون ہے اس دو سے تو ۔ ڈوبنے یا بچنے والا اب ہے تو
گر کہے جبتک نہ جانوں کون ہوں ۔ کشتی اور دریا پہ نہ ہرگز چلوں
ناجی یا غرقہ ہوں میں اس راہ میں ۔ کھول دے ہوں کونسے فرقہ سے میں
نہ چلوں یہ رہ گمان و وہم سے ۔ مثل اوروں کے امید خشک سے
کچھ تجارت اب نہ تجھ سے ہو سکے ۔ کیونکہ بھید اب غیب میں ان دو کا ہے
تاجر[2] خوف طمع اور شیشہ جان ۔ نہ طلب میں سود رکھے نہ زیان
بل زیان رکھے کہ مفلس خوار ہے ۔ نور وہ پائے جو شعلہ خوار ہے
جو کہ ساری کام ہیں امید پے ۔ کار دین بہتر رہائی تا ملے
نہ اجازت یاں بجا کوئی باب ۔ جز امید الله اعلم بالصواب

بیان آنکه ایمان مقلد خوف ست و رجا ۔ بیان میں اسکے کہ ایمان مقلد کا خوف ہے اور رجا

داعی هر پیشه امیدست و بوک ۔ گرچه گردنشان ز کوشش شد چو دوک
بامدادان چون سوی دکان رود ۔ بر امید و بوک روزی می دود
بوک روزی نبودت چون میری ۔ خوف حرمانست تو چونی قوی
خوف حرمان ازل در کسبهات ۔ چون نگردی سست اندر جستجوت

قصد[3] پیشہ کا امید و خوف ہے ۔ گرچہ گردن سعی سے تکلا بنے
صبح کو جو سوے دکان جای ہے ۔ دوڑتا ہے روزی کی امید پے
خوف روزی گر نہیں جاتا ہے کیوں ۔ خوف حرمان ہے تو پھر سوتا ہے کیوں
خوف[4] حرمان ازل کے کس لیے ۔ نہ کیا عاجز تلاش رزق سے

[1] جو رکھے الخ ۲ شعر جو اپنے بار کو کشتی پر رکھے وہ توکل پر اس کام کو کرے تو نہ جانے کہ اُس دو سے کون ہے تو اب ڈوبنے والا یا بچنے والا ہے تو اگر تو کہے کہ میں جب تک نہ جانوں کون ہوں کشتی دریا پر ہرگز نہ چلوں بچنے والا یا ڈوبنے والا اس راہ میں ہوں میں تو کھول دے کہ میں کون سے فرقہ سے ہوں یہ راہ نہ چلوں گمان وہم سے دوسروں کی مانند امید خشک پر تجھ سے کچھ تجارت اب نہ ہو سکے کیونکہ غیب میں ان دو کا ماہر ہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

[2] تاجر خوف الخ ۴ شعر تاجر خوف طمع اور شیشہ جان طلب میں نہ سود رکھتا ہے نہ زیان بلکہ زیان رکھتا ہے کہ مفلس اور خوار ہے جو کہ وہ نور پائے جو شعلہ خوار ہے جو کہ سب کام امید پر ہیں کام دین کا بہتر ہے تا رہائی ملے یہاں اجازت نہیں ہے کہ کوئی در بجائے سوا امید کے الله خوب جانتا ہے یعنے کسی کو اپنا حال معلوم نہیں ہے کہ میں کون ہوں مقبول سے ہوں یا مردود سے ہوں پس تمام کام امید پر ہیں جیسے ایمان مقید کا چنانچہ اسکا بیان آگے ہے فافہم ۱۲۔

[3] قصد پیشہ الخ ۳ شعر قصد پیشہ کا امید و خوف ہے اگرچہ سعی سے گردن تکلا بنے صبح کو جو طرف دکان کے جاتا ہے روزی کی امید پر پڑا رہتا ہے اگر خوف روزی کا نہیں ہے تو کیوں جاتا ہے اور خوف بے نصیبی کا ہے تو پھر سوتا کیوں ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

[4] خوف حرمان الخ ۲ شعر ازل کے خوف حرمان نے کس واسطے کیا عاجز تلاش رزق سے اگر تو کہے تو خوف حرمان مجکو ہے کاہلی میں یہ خوف زیادہ ہے مجھے امید کوشش میں زیادہ ہے کاہلی میں ڈر زیادہ رکھتا ہوں اے بدگمان کار دین میں کس واسطے تیرا دامن پکڑے یہ خوف زیان یا اہل اس بازار کے نہ دیکھے تو نے فائدے کہ انبیاء و اولیاء رکھتے ہیں انکو کیا سامان دکھے اس دکان سے اور انکو کیا بازار سے نفع ملے یہاں آنے سے کیا کیا نفع پہونچے یعنے دنیا ہیں کہ ایک بازار ہے انبیاء و اولیا کو یہاں آنے سے کیا کیا نفع پہونچے آگے ان نفعوں کا بیان ہے فافہم ۱۲۔

گوئی ار چہ خوف حرمان ست بیش ہست اندر کاہلی این خوف بیش
ہست در کوشش امیدم بیشتر دارم اندر کاہلی افزون خطر
پس چہ در کار دین ای بدگمان دامنت می گیرد این خوف زیان
یا نہ دیدی اہل این بازارہا در چہ سود اند انبیاء و اولیا
زین دکان رفتن چکان شان رو نمود اندرین بازار چہ بستند سود
آتش آنرا رام چون خلخال شد بحر اینرا رام چون حمال شد
از دم آن مردہ زندہ شدہ ابر آنرا سایبانے آمدہ
آہن آنرا رام ہمچون موم شد باد آنرا بندہ و محکوم شد
شد ورا در دفع دشمن چوب مار عنکبوتی شد مراین را پردہ دار

گر کہے تو خوف حرمان ہی مجھے کاہلی مین خوف یہ زیادہ رہے
ہی مجھے امید کوشش مین فزون کاہلی مین کھٹکا ہون زمین فزون
کار دین مین کس لئے ای بدگمان تیرا دامن پکڑے یہ خوف زیان
یا نہ دیکھے اہل اس بازار کے انبیاء و اولیا کے فائدے
کیا ہوئی شان انکی اس دکان سے انکو کیا بازار سے نفع ملے
آگ انکے تابع جون خلخال ہے بحر انکا تابع جون حمال ہے
دم سے انکے مردہ زندہ ہو گیا ابر انکا سائبان اک بن گیا
لوہا انکا موم سا تابع ہوا اور ہوئی محکوم انکی بس ہوا
ہو گئی دشمن کی خاطر چوب مار ہو گئی مکڑی انھون کی پردہ دار

معنے حدیث نبوی علیہ السلام ان للہ تعالے اولیاء اخفیاء

بیان حدیث نبوی علیہ السلام ان للہ تعالے اولیا اخفیاء

قوم دیگر سخت پنہان میروند شہرۂ خلقان ظاہر کے شوند
اینہمہ دارند چشم ہیچکس بر نیفتد بر کیا شان یک نفس
ہم کرامتشان ہم ایشان در حرم نامشان را نشنوند ابدال ہم
یا نمی دانی کرمہاے خدا کو ترا میخواند این سو کہ بیا
شش جہت عالم ہمہ اکرام اوست ہر طرف کہ بنگری اعلام اوست
گر کریمے گویدت آتش در آ اندر آ زود و مگو سوزد مرا
کو ز آتش نرگس و نسرین کند و ز میانش غنچہ ہا سر بر زند
در حقیقت آتش از ہیبت چو ماست گاذر دستار خوان انبیاست

جاتی پوشیدہ ہی قوم اک دوسری خلق مین مشہور ظاہر کب ہوئی
رکھتے یہ سب کچھ ہین نے دیکھے کوئی ظاہرا انکی بزرگی کو کبھی
ہی کرامت بھی حرم مین وہ رہین نام انکا سنتے نی ابدال ہین
یا نہ جانے تو کرمہائے خدا وہ بلاتا ہی تجھے اس سمت آ
شش جہت عالم مین اکرام اسکا ہے جس طرف دیکھے ظہور اسکا ملے
گر کہے تجکو کریم آتش مین آ مت کہو مجکو جلائے جلد جا
آگ کو وہ نرگس و نسرین کرے گل و غنچہ اسکے اندر بس کھلے
آگ جو پانی ہی انکے رعب سے انبیا کی دھوبی دسترخوان کی ہے

سلہ آگ انکی الخ ۹ شعر آتش انکی تابع ہے مانند خلخال کے دریا انکے تابع ہے مانند حمال کے انکے دام سے مردہ زندہ ہو گیا ابر انکا ایک سائبان بن گیا لوہا انکا موم کے مانند تابع ہوا اور ہوا انکی محکوم ہوئی دشمن کے لئے لکڑی سانپ ہوئی اور انکی پردہ دار مکڑی ہوئی یعنے اولیا کا تمام جہان تابعدار ہے مگر کوئی قدر و منزلت کو نہین جانتا ہے کہ وہ پوشیدہ ہین چنانچہ انکی پوشیدگی کا حال آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲
سلہ جاتی پوشیدہ الخ ۳ شعر ایک قوم دوسرے سے پوشیدہ جاتی ہی خلق مین ظاہرا مشہور کب ہوتی یہ سب کچھ رکھتے ہین کوئی نہین دیکھتا ہے انکی ظاہر بزرگی کو بھی کرامت بھی حرم مین وہ رہتے ہین نام انکا ابدال سنتے ہین باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲-
سلہ یا نہ جانے الخ ۵ شعر یا تو نہ جانے کرم خدا کا وہ بلاتا ہے تجھکو کہ اس سمت آ عالم شش جہت اسکا ظہور دیکھے اگر تجکو کریم کہے آتش مین آ مت کہو کہ مجکو جلائے تو جلد جا وہ آتش کو نسرین کرے اور گل و غنچہ اسکے اندر کھلے انکے رعب سے آگ مانند پانی کے ہوئی ہے اور انبیا کے دسترخوان کی دھوبی ہے یعنے کرم اولیا ہے تجھے خبر نہین ہے وہ تجکو جو کہین تو اسپر عمل کر کہ وہ تیرے واسطے بہتر ہوگا گو بظاہر وہ تجکو بلا دکھائی دے مگر تجکو اس مین نفع ہوگا جیسے دسترخوان انس رض بن مالک کا آتش مین پاک و صاف ہوا اور کچھ ضرر نہ پہونچا چنانچہ اسکا قصہ آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲-

حکایت مندیل در تنور انداختن انس ؓ بن مالک و ناسوختن آن

از انس فرزند مالک آمدہ است
کہ بہ مہمانی او شخصے شدہ است

او حکایت کرد کز بعد طعام
دید انس دستارخوان از زرد فام

چرکن و آلودہ گفت ای خادمہ
اندر افگن در تنورش یکدمہ

در تنور پر ز آتش درفگند
آن زمان دستارخوان را ہوشمند

جملہ مہمانان دران حیران شدند
انتظار دود کندوری بدند

بعد یک ساعت برآورد از تنور
پاک و اسپید و ازان اوساخ دور

قوم گفتند اے صحابی عزیز
چون نسوزید و منقی گشت نیز

گفت زانکہ مصطفےٰ دست و لبان
بس بمالید اندرین دستارخوان

چون جمادی را چنان تشریف داد
جان عاشق را چہا خواہد کشاد

مر کلوخ کعبہ را چون قبلہ کرد
خاک مردان باش ای جان در نبرد

بعد ازان گفتند با آن خادمہ
تو نہ گوئی حال خود با این ہمہ

چون فگندی زود این از گفت وے
گیرم او بردہ است در اسرار پے

این چنین دستارخوان قیمتی
چون فگندی اندر آتش ای ستی

گفت دارم از کریمان اعتمید
از عباد اللہ دارم بس امید

میزرے چہ بود اگر او گویدم
در رو اندر عین آتش بے ندم

حکایت ڈالنا دسترخوان انس ؓ بن مالک کا تنور مین اور نہ جلنا اُسکا

یہ انس ؓ فرزند مالک سے سُنا
کہ کوئی مہمان کھانے کو گیا

وہ یہ کہتا جبکہ کھانا کھا چکے
دیکھا دسترخوان انس ؓ نے زرد ہے

اور میلا ہے کہا ای خادما
تو تنور اندر اسے ڈال اب ذرا

اُسنے ڈالا بس تنور اندر اُسے
جو کہ اسدم تھا بھڑکتا آگ سے

سارے مہمان اسمین بس حیران ہی
منتظر بس جلنے دسترخوان کے تھے

پھر نکالا اُسکو بس تنور سے
تھا سفید اور صاف مثل نور کے

قوم بولی ای اصحاب نبی ؐ
کیون نہین اب تک جلا ہی صاف ہی

جو لبادست و لب جو دسترخوان سے
مصطفےٰ نے پونچھے اپنے اس لیے

ایسا خلعت جب جمادی کو دیا
جان عاشق کو کری کیا کچھ عطا

خاک کو کعبہ کی جو قبلہ کیا
خاک مردون کا ہو لڑنے مین دلا

بعد اُسکے اس کنیزک سے کہا
باوجود اسکے نہ کچھ تو نے کہا

تو نے کیون پھینکا وہ اسکی کہنے پے
جانا ہمنے وہ تھا واقف بھید سے

ایسا دسترخوان تو نے قیمتی
پھینکا کیون آتش کے اندر ای ستی

بولی رکھتی ہون سخی سے اعتمید
اور عباد اللہ سے رکھتی ہون امید

کیا ہی دسترخوان اگر کہوے مجھے
آگ مین گر مین گرون بے خوف کے

ؔ۱ یہ انس ؓ الخ ۲ شعر یہ انس ؓ بن مالک سے سُنا کہ مہمان کوئی کھانے کو گیا تھا وہ یہ کہتا تھا کہ جب کھانا کھا چکے دیکھا انس ؓ نے دسترخوان زرد ہے اور میلا ہی خادمہ سے کہا کہ اسکو تو تنور مین ڈال اُسنے ڈالا کہ وہ تنور آتش سے اُسدم بھڑکتا تھا سب مہمان اُسمین حیران رہے اور منتظر جلنے دسترخوان کے تھے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ ؔ۲ پھر نکالا الخ ۲ شعر پھر اُسکو تنور سے نکالا سفید و صاف تھا مثل نور کے قوم نے کہا کہ اے صحابی نبی ؐ یہ کیون نہین جلا بلکہ اُجلا بھی ہو گیا کہا کہ دست و لب کو دسترخوان سے مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پونچھا اسواسطے نہ جلا ایسا خلعت جب جمادی کو دیا عاشق کی جان کو کیا کچھ عطا فرمائیگا جو کعبہ کی خاک کو قبلہ کیا تو پائے خاک مردون کا ہو لڑنے مین آگے رجوع بقصہ ہی فافہم ۱۲ ؔ۳ بعد اسکے الخ ۹ شعر بعد اسکے اُس کنیزک سے کہا کہ باوجود اسکے تو نے کچھ نہ کہا تو نے اسکے کہنے پر کیون پھینکدیا ہمنے جانا کہ وہ اسکے بھید سے واقف تھا ایسا قیمتی دسترخوان تو نے آتش کے اندر پھینک دیا کہا کہ مین اعتماد سخی سے رکھتی ہون اور عباد اللہ سے امید رکھتی ہون دسترخوان کیا ہی اگر مجھے کہوے آتش مین گردن بے تامل اعتقاد از بس کریمون سے رکھون اُنکے کرم سے ناامید نہین ہون سر کو ڈالون نہ دسترخوان کو کریمون کے بھروسے پر اہل درد اپنے کو اس اکسیر پر ڈال صدق مرد کا صدق زن سے کم نہین ہے وہ مرد کا دل کہ عورت سے کم ہی یہ وہ دل ہی جو شکم پرگندگی سے کم ہے یعنے جو دل مرد کا عورت کے دل سے کمتر ہی اعتقاد مین وہ دل مثل شکم کے پُرگندگی سے ہی پس اولیاء اللہ پر عقیدہ کامل رکھنا چاہیے کہ وہ جو کہین تو دل سے اسپر عمل کر کہ مردانسے تجکو پہونچے گی جیسے حضرت رسول صلعم سے کاروان عرب کو مدد پہونچی چنانچہ انکا قصہ مثال مین آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲—

اندر افتم از کمال اعتقاد / نیستم ز اکرام ایشان ناامید
سر در اندازم درین دستارخوان / ز اعتماد ہر کریم رازدان
ای برادر خود برین اکسیر زن / کم نباید صدق مرد از صدق زن
آن دل مردے کہ از زن کم بود / آن دلے باشد کہ کم ز اشکم بود

اعتقاد از بس کہ یون سے رکھون / کب کرم سے انکے ناامید ہون
سر کو ڈالون اوس دسترخوان کو / بس کریمون کے بھروسے پر سنو
خود کو اس اکسیر پر ڈال اہل درد / کم نہین ہے صدق زن سے صدق مرد
مرد کا وہ دل کہ کم عورت سے ہے / بس وہ دل وہ ہے جو کم ہو پیٹ سے

قصۂ فریاد رسیدن رسول علیہ السلام کاروان عرب را کہ از تشنگی و بے آبی درماندہ بودند و دل بمرگ نہادہ و بارکشہای ایشان قریب ہلاکت بودند

قصہ[۱] فریاد کو پہونچنا رسول علیہ السلام کا کاروان عرب کو کہ بسبب نہ ملنے پانی کے پیاس سے مرے جاتے تھے اور شتر وغیرہ قریب ہلاکت تھے

اندران وادی گروہے از عرب / خشک شد از قحط باران شان قِرب
درمیان آن بیابان ماندہ / کاروانے مرگ بر خود خواندہ
ناگہانی آن مغیث ہر دو کون / مصطفے پیدا شد از رہ بہر عون
دید کانجا کاروانی بس بزرگ / بر تف ریگ و رہ صعب و سترگ
اشتران شان را زبان آویختہ / خلق اندر ریگ ہر سو ریختہ
رحمش آمد گفت ہین زوتر دوید / چند یارے سوی آن کثبان دوید
کہ سیاہی بر شتر مشک آورد / سوی میر خود بزودی می برد
آن شتربان سیہ را با شتر / سوی من آرید با فرمان مر
سوی کثبان آمدند آن طالبان / بعد یکساعت بدیدند آنچنان
بندۂ می شد سیہ با اشترے / راویہ پر آب چون ہدیہ برے
پس بدو گفتند می خواند ترا / این طرف فخر البشر خیر الورا

ایک[۲] جنگل مین عرب کا اک گروہ / قحط بارش سے تھا تشنہ او ستوہ
اس بیابان مین پھنسا اک کاروان / تشنگی سے آئی انکے لب پہ جان
ناگہان فریادرس کونین کے / مصطفے آئے مدد کے واسطے
دیکھا وان آکر پڑا اک کاروان / گرم ریتی پر پڑا ہے تشنہ جان
انکے اونٹون کی زبان نکلی ہوئی / خلق اک ریتی پہ وان لیٹی ہوئی
رحم انکو آیا بولے چند بار / جلد دوڑو جاؤ اس ٹیلے کے پار
اونٹ[۳] پر اک مشک حبشی لائے ہے / جلد میر اپنے کی جانب جائے ہے
اس شتربان کو مع اس اونٹ کے / لاؤ میرے پاس تم اس حکم سے
سمت ٹیلون کے گئے وہ ملتجی / بعد اک ساعت کے دیکھا ویسا ہی
اونٹ پر حبشی غلام اک جائے ہے / مشک پانی کی بھری لیجائے ہے
بس کہا اسکو بلاتے ہین تو آ / اس طرف فخر بشر خیر الورا

[۱] قصہ ہشتم مددگاری اولیاء اللہ مین ۱۲ [۲] ایک جنگل الخ ۹ شعر ایک گروہ عرب کا ایک جنگل مین قحط بارش سے تشنہ آب تھا اس بیابان مین ایک کاروان پھنسا تشنگی سے انکے لب پر جان آتی تھی کونین کے فریادرس مصطفے مدد کے واسطے آئے وہان آن کر دیکھا ایک بڑا کاروان گرم ریتی پر تشنہ لب پڑا ہے انکے اونٹون کی زبان نکلی ہوئی ایک خلق ریتی پر لیٹی ہوئی ہے رسول اللہ صلعم کو رحم آیا تو فرمایا چند بار کہ جلد آؤ دوڑ کر ٹیلون کے پار ایک حبشی اونٹ پر مشک لاتا ہے اور جلدی اپنے امیر کی جانب جاتا ہے اس اونٹ والے کو مع اس اونٹ کے میرے پاس لاؤ تم اس حکم سے وہ سمت ٹیلون کے گئے وبعد ایک ساعت کے ویسا ہی دیکھا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [۳] اونٹ پر الخ ۷ شعر ایک غلام حبشی اونٹ پر جاتا ہے وپانی کی بھری مشک لیے جاتا ہے اس سے کہا کہ اس طرف بلاتے ہین تجکو فخر بشر خیر الورا کہا کہ مین نہین جانتا کہ وہ کون ہین کہا کہ وہ خوشخو وماہ کونین ہین سید وسردار محمد نور جان بہتر وافضل وشفیع مجرمان ہین ہر طرح انکی تعریف کی و لیکن کہا اسنے کہ وہ تحقیق ایک ساحر ہے کہ ایک گروہ کو سحر سے عاجز کیا ہے آدھا بالشت اس جگہ مین نہ جاؤن وہ کھینچ کر لائے اسکو اس جگہ وہ چیخ کر برا بھلا کہتا تھا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

گفت من نشناسم او را کیست او   گفت او آن ماه روی قند خو
سید و سرور محمد نور جان   مهتر و بهتر شفیع مجرمان
نوع ها تعریف کردندش که هست   گفت مانا او مگر آن ساحر است
اگر گروهی را زبون کرد او به سحر   من نیایم جانب او نیم شبر
کشکشانش آوریدند آن طرف   او فغان برداشت در تشنیع و تف
چون کشیدندش به پیش آن عزیز   گفت نوشید آب و بردارید نیز
جمله را زان مشک او سیراب کرد   اشتران و هر کسی زان آب خورد
راویه پر کرد و مشک از مشک او   ابر گردون خیره ماند از رشک او
این کسی دیدست کز یک راویه   سرد گردد سوز چندین هاویه
این کسی دیده است کز یک مشک آب   گشت چندین مشک پر بی اضطراب
مشک خود روپوش بود و موج فضل   می رسید از امر او از بحر اصل
آب از جوشش همی گردد هوا   وان هوا گردد ز سردی آبها
بلکه بی اسباب بیرون زین حکم   آب رویانید تکوین از عدم
تو ز طفلی چون سببها دیده   در سبب از جهل بر چفسیده
با سببها از مسبب غافلی   سوی این روپوشها زان مایلی
چون سببها رفت بر سر میزنی   ربنا و ربنا ها می کنی
رب می گوید برو سوی سبب   چون ز صنعم یاد کردی ای عجب
گفت زین پس من ترا بینم همه   ننگرم سوی سبب زان دمدمه

بولا نا واقف ہوں میں وہ کون ہے   بولا وہ خوش خو و ماہ کون ہین
سید و سرور محمد نور جان   بہتر و افضل شفیع مجرمان
ہر طرف تعریف کی انکی وے   بولا وہ تحقیق ساحر ایک ہے
کہ گروہ عاجز کیا ہے سحر سے   آدھا بالشت میں نہ جاؤں اس جگہے
کھینچ کر وہ اسکو لائے اس جگہ   چیخ کر کہتا برا وہ برملا
پاس[۵۱] پس حضرت کے لائے اسکو وہ   بولے تم پانی پیو اور بھر رکھو
سب ہوئے سیراب پس اس مشک سے   اور پیا اونٹوں نے اور ہر ایک نے
مشک و مشکیزہ بھرے اس مشک سے   کہ ہوا حیران ابر اس رشک سے
یہ کسی نے دیکھا اک مشکیزہ سے   اتنی دوزخ سرد کی ہین ایک سے
یہ کسی نے دیکھا مشک اک آب سے   اتنی مشکیں پر ہوئین بے سعی کے
مشک پوشیدہ تھی موج فضل تب   آتی بحر اصل سے با حکم رب
جوش[۵۲] سے پانی ہوا جو کہ ہوا   وہ ہوئی سردی سے پانی پھر ہوا
بل علاوہ اس حکم اسباب کے   آب کو تکوین لایا غیب سے
جو تجھے اسباب طفلی سے ملے   جہل سے اسباب کا پابند ہے
اور مسبب بھولا تو اسباب سے   مائل اس روپوش کا ہے اس لیے
ہو گئے اسباب سر پیٹے گا تو   ربنا و ربنا کہوے گا تو
رب کہے اسباب کی جانب تو جا   یاد کیوں صنعت کو میری اب کیا
بولا[۵۳] بعد اسکے ہوں میں تیرا ہو   نہ سبب کو دیکھوں نہ اس مکر کو

۵۱ پاس پس الخ ۲ شعر یا پس حضرت کے وہ اسکو لائے فرمایا کہ تم پانی پیو اور بھر رکھو سب اس مشک سے سیراب ہوئے اور ہر ایک نے واونٹ نے پیا اور مشک و مشکیزہ بھرے اس مشک سے کہ ابر حیران ہوا اسکی مشک سے یہ کسی نے دیکھا ہے کہ ایک مشکیزہ سے اسنے دوزخ سرد کی ہے یہ کسی نے دیکھا ہے کہ ایک مشک آپ سے اتنی مشکیں پر ہوئین بغیر سعی کے آگے حقائق ہین مشک پوشیدہ تھی اور موج فضل آتی تھی بحر اصل سے بحکم خدا یعنے وہ مشک تو پوشیدہ تھی اور موج فضل دریائے اصل سے آتی تھی کہ سب نے پانی پیا اور اپنی مشکیں بھریں اور کسی کو وہ دکھائی نہیں دیتی تھی آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲ ۵۲ جوش سے الخ ۲ شعر جو کہ پانی ہوا جوش سے ہوا وہ سردی سے پھر پانی ہوئی بلکہ سوا اس حکم رسول اللہ صلعم اسباب کے آپ کو غیب سے تکوین لایا جو اسباب تو نے طفلی سے دیکھے جہل سے اسباب کا پابند ہے اور اسباب سے سبب کو بھولا ہے اسواسطے اس روپوشی کا مائل ہے جو اسباب گئے تو سر پیٹے گا ربنا ربنا تو کہے گا رب فرمائے گا کہ اسبابکی جانب تو جا کیوں یاد صنعت کو میری کیا یعنے تو بچپن سے اسباب کا پابند ہے اسواسطے مسبب کو بھولے گا جبکہ اسباب فنا ہونگے اسوقت تو رب کو پکارے گا آگے جواب ہے فافہم ۱۲ ۵۳ بولا بعد الخ ۲ شعر کہا کہ بعد اسکے تیرا ہو رہوں نہ سبب دیکھوں نہ اس مکر کو وہ کہے تیرا کام ہے ترجمہ اگر تم کو لوٹا دوں دنیا میں تو تم پھر گناہ کروگے تو عہد و توبہ میں بہت قائم ہے لیکن وہ نہ دیکھوں مین اور رحمت کروں میری رحمت پر ہے میں رحمت پر ہوں بدعہد نہ دیکھوں عطا کرتا ہوں تو میرے کرم سے کیا چاہے مجھ سے سب احسان و وفا ہوتے ہین تجھ سے بدعہدی و نسیان و خطا ہے الغرض کہ تو سبب مین پھنسا ہے تو معذور ہے اب تو نے یہی راستہ دیکھا ہے یعنے تجھ سے بدعہدی ہوتی ہے اور حق وفاداری کرتا ہے کیونکہ تو اسباب مین پھنسا ہے اور خدا بے سبب عطا کرتا ہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم آنکے کام سے حیران ہوا یا محمد کیا ہے ای ذو العطا مشکیزہ کو روپوش کرنا تو نے غرق کر دیا ہم عرب کو آگے مشک غلام کی پر ہونے کا حال ہے فافہم ۱۲

گویدش ردوا لعادوا کار تست ای تو اندر توبه و میثاق سست
لیک من آن ننگرم رحمت کنم رحمتم پر است بر رحمت منم
ننگرم عهد بدت بدهم عطا از کرم این دم چه می خواهی مرا
از من آید جمله احسان و وفا وز تو بد عهدی و نسیان و خطا
حاصل آنکه در سبب پیچیدهٔ لیک معذوری همین را دیدهٔ
قافله حیران شدند از کار او یا محمد چیست این ای بحر جو
کردهٔ روپوش مشک خرد را غرقه کردی هم عرب هم کرد را

وہ کہے ردوا لعادوا تیرا کام ای تو توبہ عہد مین ہی سست خام
پر نہ دیکھون مین وہ اور رحمت کرون میری رحمت پر ہی مین رحمت پہ ہون
عہد بد دیکھون نہ کرتا ہون عطا تو کرم مجھسے سے کیا چاہے بھلا
مجھسے سب ہوتے ہین احسان و وفا تجھسے بد عہدی و نسیان و خطا
تو سبب مین الغرض کہ ہے پھنسا تو ہی معذور اب تجھے یہ ہی ملا
قافلہ کام انکے سے حیران ہوا یا محمد کیا ہے یہ ای ذو العطا
کر دیا روپوش مشکیزہ کو اب غرق تونے کر دیا روم و عرب

مشک آن غلام پر شدن از غیب به معجزهٔ رسول خدا و سپید رو شدن آن غلام سیاه

اُس غلام کی مشک کا پُر ہونا غیب سے برکت معجزہ رسول خدا کے اور سپید رُو ہو جانا اُس غلام حبشی کا

ای غلام اکنون تو بین مشک خود تا نه گوئی در شکایت نیک و بد
آن سیه حیران شد از برهان او می دمید از لامکان ایمان او
چشمهٔ دید از هوا ریزان شده مشک او روپوش فیض آن شده
زان نظر روپوش ها هم بر درید تا معین چشمهٔ غیبی رسید
چشمها پر آب کرد آندم غلام شد فراموشش ز خواجه وز مقام
دست و پایش ماند از رفتن براه زلزله افگند در جانش اله
باز بهر مصلحت بازش کشید که بخویش آ باز رو ای مستفید
وقت حیرت نیست حیرت پیش تست این زمان در ره در آ چالاک و چست
دستهای مصطفی بر رو نهاد بوسه های عاشقانه بس بداد
مصطفی دست مبارک بر رخش آن زمان مالید کرد او فرخش

ای غلام اب دیکھ پُر مشک اپنی خود تا شکایت تو نہ کھوی نیک و بد
حبشی حیرت مین ہوا برہان سے لامکان سی آتا تھا ایمان اُسے
دیکھا اک چشمہ ہوا سے ہی روان مشک اسکی فیض مین اسکے نہان
اس نظر نے پھاڑے پردہ اور بھی چشمہ جاری غیبی تک گئی
دیکھ کر گریان ہوا پھر وہ غلام بھولا وہ خواجہ کو اپنی اور مقام
ہاتھ پانوں راہ چلنے سے رہے جان مین اک لرزہ پڑا اللہ سے
مصلحت سے ہوش مین اسکو کیا لا تو پھر آ ہوش مین اور وان پہ جا
ہو نہ حیران آگے حیرت ہی تجے اب تو کر جلدی سے اس رستہ کو طی
مصطفی کے ہاتھ کو منہ پر رکھا اور بوسہ عاشقانہ بس دیا
مصطفی نے ہاتھ کو اسکے ملا منہ پہ اور خرسند اسی اُس دم کیا

سلہ ای غلام الخ۔ شعر ای غلام تو اپنی مشک کو خود دیکھ تاکہ شکایت مین نیک و بد تو نہ کہے حبشی حیرت مین ہوا دلیل سے کہ لامکان سے اُسے ایمان آتا تھا دیکھا کہ ایک چشمہ ہوا سے روان ہے اُسکی مشک فیض مین اسکی نہان ہے اس نظر سے اور بھی پردے پھاڑے چشمہ جاری غیبی تک گئی چشم گریان وہ غلام اُس دم ہوا وہ خواجہ کو اپنے بھولا اور مقام کو باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲۔

سلہ ہاتھ الخ۔ شعر پانون چلنے سے بذریعہ جان مین ایک لرزہ اللہ سے پڑا اسکو ہوش مین ایک مصلحت کے واسطے کیا کہ تو ہوش مین پھر آ اور وہان پر جا اب حیرت کا وقت نہین ہے حیرت آتی ہے اب تو جلد سے جلد اس راہ کو طی کر مصطفی کے ہاتھ کو منہ پر رکھا اور بوسہ عاشقانہ دیا مصطفی نے ہاتھ اُسکے منہ پر ملا اور اُسے اُس دم خرسند کیا حبشی کا منہ سفید مثل ماہ کے ہوا اور اُسکی شب روز روشن ہوئی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

عہ اگر لوٹا دین تم کو طرف دنیا کے تو لوٹ جاؤ تم اسی منہیات پر ۱۲۔

شد سپید آن زنگی زادہ حبش ‖ ہمچو بدر و روز روشن شد شبش
یوسفے شد در جمال و در دلال ‖ گفتش اکنون رو بدہ واگوی حال
او ہمی شد بے سری پا و مست ‖ پای می نشناخت در رفتن ز دست
پس بیامد با دو مشک پر روان ‖ سوی خواجہ از نواحی کاروان
خواجہ بر رہ منتظر بنشستہ بود ‖ کان غلامش دیر می آمد نہ زود
خواجہ از دورش بدید و خیرہ ماند ‖ از تحیر اہل آن دہ را بخواند
راویہ ما اشتر ما ہست این ‖ پس کجا شد بندۂ زنگین جبین

گورا منھ حبشی کا مثل مہ ہوا ‖ روز روشن شب ہوئی اسکی ولا
مثل یوسف[سلہ] وہ جمال اندر ہوا ‖ بولے اب تو جا بیان کر ماجرا
بے سر و پا مست وہ اک ہو گیا ‖ راہ چلنے میں نہ جانے دست و پا
دو بھری مشکین وہ حبشی ز چلا ‖ سوی خواجہ کاروان سے وہ گیا
خواجہ بیٹھا منتظر تھا راہ پے ‖ کہ غلام اسکا نہ آیا دیر سے
دیکھ خواجہ دور سے حیران ہوا ‖ اہل اس دہ کو تحیر سے کہا
یہ ہمارا اونٹ و مشکیزہ تو ہے ‖ کیا ہوا حبشی غلام اب نہ ملے

دیدن خواجہ غلام خود را سفید رو و نہ شناختن و با غلام گفتن کہ تو غلام مرا کشتۂ و خون او ترا گرفتہ

دیکھنا خواجہ کا غلام اپنے کو سفید رو اور نہ پہچاننا اور کہنا غلام کو کہ تو نے میرے غلام کو مار ڈالا اور اسکی خون نے تجکو پکڑا

آن یکی می بدر سیت می آید ز دور ‖ می زند بر نور روز از روش نور
کو غلام ما مگر سر گشتہ شد ‖ یا بد و گرگے رسید و کشتہ شد
یا مگر او را بکشت این بدگہر ‖ اشترش آورد این جا از قدر
چون بیامد پیش گفتش کیستی ‖ یا یمن زادے و یا ترکیستی
کو غلامم را چہ کردی راست گو ‖ گر بکشتے وا نما حیلت مجو
گفت گر کشتم تو چون آمدم ‖ چون بپای خود درین خون آمدم
گفت نے نے در نگیرد با منت ‖ راست باید گفت سر این جنت (۱۱)
کو غلام من بہ گفت اینک منم ‖ کرد دست فضل یزدان روشنم

ایک وہ[سٹہ] آتا ہی بدر از راہ دور ‖ نور ان پر غالب اسکے رخ کا نور
وہ غلام آوارہ شاید ہو گیا ‖ یا کہ اسکو گرگ نے کشتہ کیا
یا کہ اسکو مار شاید اسنے ہے ‖ اونٹ اسکو لایا یان تقدیر سے
پاس جو آیا کہا تو کون ہے ‖ یا یمن زادہ دیا ہی ترک سے
کیا کیا میرا غلام اب سچ کہو ‖ اسکو گر مارا ہے حیلہ مت کرو
بولا گر میں مارتا پھر آتا کیون ‖ خون میں اپنے آپ پھر میں پھنستا کیون
بولا نے کرتا قبول اب یہ مرا ‖ چاہیئے سچ کہنا بھید اس بات کا
بولا میں ہون وہ غلام ادنی ترا ‖ فضل حق کے ہاتھ نے روشن کیا

سلہ مثل یوسف الخ۔ شعر مثل یوسف کے وہ صاحب جمال ہوا فرمایا کہ اب تو جا اور یہ ماجرا بیان کر وہ ایک مست بے سروپا ہو گیا راہ چلنے میں دست و پا نہیں جانتا وہ حبشی دو بھری مشکین لے چلا اور خواجہ کی جانب اس کاروان سے گیا خواجہ منتظر بیٹھا تھا راہ پر کہ غلام اسکا دیر سے آیا خواجہ دیکھ کر دور سے حیران ہوا اور اس نے اہل دہ کو تحیر سے کہا یہ ہمارا اونٹ و مشکیزہ تو ہے کیا ہوا کہ حبشی غلام نہیں دکھائی دیتا ہے آگے شناخت غلام کا حال ہے فافہم ۱۲۔

سٹہ ایک وہ الخ۔ شعر ایک وہ بدر آتا ہے راہ دور سے دن کے نور پر اسکے رخ کا نور غالب ہے وہ شاید غلام آوارہ ہو گیا یا کہ اسکو گرگ نے مار ڈالا یا کہ اسکو اسنے شاید مارا ہے اسکو اونٹ تقدیر سے یہاں لایا ہے جو نزدیک گیا کہا تو کون ہے یا یمن زادہ یا ترک ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔ سٹہ کیا کیا الخ۔ شعر میرا غلام کیا کیا اب سچ کہو اگر اسکو مارا ہے حیلہ مت کرو کہا کہ اگر میں مارتا پھر کیون آتا اور اپنے خون میں آپ کیون پھنستا کہا کہ اب میرا دل قبول نہیں کرتا ہے سچ کہنا چاہئے بھید اس بات کا کہا کہ میں وہی ادنی غلام تیرا ہون فضل حق کے ہاتھ نے روشن کیا صدر کو دیکھا تو میں ایک بدر ہو گیا اور ایک اہل فضل و قدر میں ہو گیا بولا کیا کہتا ہے میرا غلام کہاں ہے میں تجکو نہیں چھوڑونگا سچ بات کر غلام نے کہا کہ میں تیرے بھید اس غلام کے ساتھ کے سب ایک ایک کہتا ہون تجھ سے آگے بیان بھید دن کا ہے فافہم ۱۲۔

دیده ام صدری و بدری گشته ام | صاحب فضلی و قدری گشته ام
هین چه میگوئی غلام من کجاست | هین نخواهی رست از من جز براست
گفت اسرار ترا با آن غلام | جمله وا گویم یکایک من تمام
زان زمانی که خریدی تو مرا | تا به اکنون باز گویم ماجرا
تا بدانی که همانم در وجود | گرچه از شبدیز من صبحی گشود
رنگ دیگر شد ولیکن جان پاک | فارغ از رنگست و از ارکان خاک
تن شناسان زود ما را گم کنند | آب نوشان ترک مشک و خم کنند
جان شناسان از عددها فارغ اند | غرقهٔ دریای بیچونند و چند
جان شو و از راه جان جان را شناس | یار بینش شو نه فرزند قیاس
چون ملک با عقل یک سر رشته اند | بهر حکمت را دو صورت گشته اند
آن ملک با عقل از یک گوهر اند | در پی هم همچو دنبال و سر اند
آن ملک چون مرغ بال و پر گرفت | وین خرد بگذاشت پر و فر گرفت
لاجرم هر دو مناصر آمدند | هر دو خوش رو پشت همدیگر شدند
هم ملک هم عقل حق را واجدے | هر دو آدم را معین و ساجدے
نفس و شیطان بوده ز اول واحدے | بود آدم را عدو و حاسدے
آنکه آدم را بدن دید او رمید | وانکه نور موتمن دید او خمید
آن دو دیده روشنان بودند زین | وین دو دیده را ندیده غیر طین

صدر دیکھا بدر اک مین ہوگیا | اہل فضل و قدر اک مین ہوگیا
ہین تو کیا کہوے کہان میرا غلام | مین نہ چھوڑون تجکو کر سچا کلام
بولا تیرے بھید اسکے ساتھ کے | کہتا ہون مین ایک ایک اب تجھے
ان دونون سے کہ خریدا مجکو تھا | اب تلک کا کہتا ہون مین ماجرا
تا تو جانے جسم میرا ہے وہی | گرچہ میری رات سے صبح ہوئی
دوسری رنگت ہوئی پر جان پاک | نہ رکھے رنگت نہ ارکان خاک
تن شناس اب مجکو ہین بس بھولتے | آب نوش اب مشک و خم ہین چھوڑتے
جان شناس اعداد سے ہین بے خطر | غرق ہین دریائے بیچون مین مگر
جان ہو از راہ جان کے جان شناس | یار بینش ہو نہ فرزند قیاس
ہین ملک و عقل پیدا ایک سے | واسطے حکمت کے دو صورت ہوئے
وہ ملک او عقل اک گوہر سے ہین | آگے پیچھے مثل دم اور سر کے ہین
ان ملک نے مرغ سان پر کو لیا | عقل نے پر چھوڑا اور فر کو لیا
اس لیے دونون مددگار آئے ہین | دونون خوش رو اور مدد باہم کرین
بھی ملک بھی عقل حق کو جانتے ہین | دونون آدم کو مدد سجدہ کرین
نفس و شیطان ایک ہین قبل سے | دشمن آدم کے وہ حاسد ہوئے
جس نے آدم کو بدن دیکھا پھرا | نور کا جس نے امین دیکھا جھکا
وہ دو دیدہ اس سے روشن ہوگئے | اور دو دیدہ ان مین بس [illegible]

سلہ ان دونون الخ۔ شعر ان دونون سے کہ مجکو خریدا تھا اب تک کا ماجرا کہتا ہون تاکہ تو جانے کہ میرا وہی جسم ہے اگرچہ میری رات سے صبح ہوگئی ہے رنگت دوسری ہوئی لیکن جان پاک نہ رنگت رکھتی ہے اور نہ ارکان خاک کے تن شناس مجکو بھولتے ہین اور آب نوش مشک و خم چھوڑتے ہین آگے حقائق ہین جان شناس اعداد سے بے خطر ہین دریائے بیچون مین غرق ہین جان ہو اور از راہ جان کے جان شناس ہو اور یار بینش کا ہو نہ کہ فرزند قیاس ست نہو یعنے از راہ جان کے جان کا پہچاننے والا ہو تقلید و قیاس کا پابند مت ہو کیونکہ صورت بین قیاس سے جانتے ہین اور اہل جان مشاہدہ جان کا کرتے ہین آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲۔

سلہ ہین ملک الخ۔ شعر فرشتہ اور عقل ایک شے سے پیدا ہین حکمت کے سبب سے دو صورت پیدا ہوئے ہین وہ ملک اور عقل ایک گوہر سے آگے پیچھے مثل سر و دم کے ہین ان ملک نے مانند مرغ کے پر کو لیا اور عقل نے پر چھوڑا اور فر کو لیا اسواسطے دونون مددگار آتے ہین دونون خوش رو اور مدد باہم کرتے ہین حق کو بھی ملک بھی عقل بھی پہچانتی ہے دونون آدم کو مدد و سجدہ کرتے ہین ایسے ہی نفس و شیطان اول سے ایک ہین آدم کے دشمن و حاسد ہوئے ہین جس نے آدم کو جسم دیکھا پھر گیا اور جس نے نور کا آدمی دیکھا جھک گیا وہ دونون دیدے جس سے روشن ہوئے اور ان دونون دیدون نے آدم کو بجز مٹی کے نہ دیکھا یعنے جس نے آدم کی صورت کو دیکھا گمراہ ہوا اور جسنے آدم کی جان کو دیکھا سجدہ کیا ہوا کیونکہ عقل اور ملک ایک شے سے پیدا ہوئے ہین اور نفس و شیطان ایک ہین جن مین عقل غالب ہے وہ معنی کو دیکھتا اور جس مین نفس غالب ہے وہ صورت کو دیکھتا ہے باقی بیان اسکا آگے ہے فافہم ۱۲۔

این بیان اکنون چو خر در یخ بماند	چون نشاید بر جہود انجیل خواند
کی توان با شیعہ گفتن از عمرؓ	کی توان بربط زدن در پیش کر
لیک گر در دہ بگوشہ یک کس ست	ہای ہوی کہ بر آوردم بس است
مستحق شرح را سنگ و کلوخ	ناطقے گردد مشرح بارسوخ
این نیاز مریمی بودست و درد	کہ چنان طفلے سخن آغاز کرد
جزو او بے او برائے او بگفت	جزو جزوت گفت دارد در نہفت
دست و پا شاہد شوندت ای رہے	منکرے را چند دست و پا نہے
ور نباشی مستحق شرح و گفت	ناطقہ ناطق ترا دید و بخفت

یہ بیان[۱] اب مثل خر یخ مین پھنسا	مت جہودونکو تو انجیل اب سنا
حال عمرؓ کا کہ سکے شیعہ سے کب	آگے بہرے کے بجے بربط ہی کب
گانون مین گر سننے والا کوئی ہی	ہای ہو جو کی ہی مین نے بس کرے
مستحق شرع کو مارین کلوخ	شرح کرنے والا کب پائے رسوخ
یہ تو مریم کا نیاز اور درد ہے	کہ گواہی طفل باتین کرکے دے
اسکے[۲] جز نے اسکی خاطر خود کہا	خفیہ گویائی رکھے جز جز ترا
تیرا دست و پا گواہی تیری دے	منکری مین تو پھنسا کب تک رہی
تو نہین ہی مستحق اس شرح کا	ناطقہ چپ ہو جو تو گویا ہوا

در بیان آنکہ حق تعالی ہر چہ داد و آفرید ہمہ باستدعا و حاجت آفرید خود را محتاج چیزے دیگر باید کرد کہ تا بدہد کہ امن یجیب المضطر اذا دعاہ

بیان مین اسکے کہ حق تعالی نے جو کچھ دیا و پیدا کیا موافق حاجت کے پیدا کیا انکو اور چیزونکا محتاج کرکے تا دیوے کہ امن یجیب المضطر اذا دعاہ

ہر چہ روئید از پے محتاج رُست	تا بیابد طالبے چیزے کہ جُست
حق تعالی کاین سموت آفرید	از برائے رفع حاجات آفرید
ہر کجا باشد بیابد عاقبت	مایۂ در دست اصل مرحمت

پیدا[۳] کل ہے واسطے محتاج کے	تا کہ طالب پائے جو کچھ ڈھونڈھی
آسمان اللہ نے پیدا کیئے	جان لے تو رفع حاجت کے لیے
جو کوئی ڈھونڈھے گا آخر پائیگا	رحمتون کی جڑ ہی ہونا درد کا

سلہ یہ بیان الخ ۸ شعر یہ بیان مانند خر کے یخ مین پھنسا ہی جہودون کو اب تو انجیل مت سنا حال عمرؓ کا شیعہ سے کب کہہ سکے آگے بہرے کے بربط کب بجا سکے اگر گانون مین سننے والا کوئی ہے مین نے جو ہا ہو کی ہے وہ بس کرتی ہے مستحق شرع کو کلوخ مارین شرح کہنے والا کب رسوخ پاوے یہ مریم کا نیاز و دردہی کہ طفل باتین کرکے گواہی دے جیسے جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ وہ مستحق شریعت کے تھے غافلون نے پتھر مارے ہین شرح کرنے والا کب رسوخ پا سکے ہوشمند کو یہ میری ہا ہو بس کرتی ہے مجکو وہ رتبہ کہان ہی کہ مثل مریم عم کے میرا پسر گواہی دے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ اسکے الخ ۳ شعر اسکی خاطر اسکے جز نے خود کہا کہ تیرا جز جز خفیہ گویائی رکھے تیرا دست و پا تیری گواہی دے تو منکری مین کب تک پھنسا رہے تو مستحق اس شرح کا نہین ہے تو گویا ہوا تو ناطقہ چپ ہو گیا تیسے غافلان دنیا اس راز الٰہی کو کب سن سکتے ہین کیونکہ راز گو بسبب کم توجہی غافلون کے راز کہنے سے چپ ہو جاتے ہین بقول استاد سہ در محفل خود راہ مدہ ہیچو منے را ✤ افسردہ دل افسردہ کند انجمنے را ✤ پس محفل مین مرشدون کے خود کو مشتاق کرنا چاہیے کہ وہ راز الٰہی خود بخود بیان کرین جیسے کہ حق تعالی موافق حاجت کے ہر ایک کو عنایت فرماتا ہے چنانچہ اسکا حال آگے بیان فرماتے ہین- فافہم ۱۲ سلہ پیدا کل الخ ۹ شعر کل پیدا ہے واسطے محتاج کے تاکہ طالب اسکو پائے کہ جسکی تلاش کرے اللہ نے آسمان پیدا کیئے رفع حاجت کے لیے جو کوئی ڈھونڈھے گا آخر پائیگا رحمتون کی جڑ ہے درد کا ہونا آگے اسکی مثال ہے جس جگہ درد ہو دوا وہان جاے جس جا فقر ہو نوا جاے جس جگہ مشکل ہو وہان جواب جائے آگے اسکے حقائق ہین اور پانی کم ڈھونڈھ اور تشنگی تو پیدا کر تاکہ پانی ترا پر جوش ہوا ہو آگے مثال ہے جبتک اسکے بچہ پیدا نہو چھاتیون سے دودھ کیسے جاری ہو آگے حقائق ہین اور پلے دوڑ کر تلاش کرتا حرارت تشنگی زیادہ ہو جبکہ تو آزاد ہوا سے آواز آب نہر کی سنے تیسے آب مت ڈھونڈھ تشنگی پیدا کر کہ آب خود تیری طرف کھینچے کہ جو ڈھونڈھے گا وہ پائے گا آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲-

هر کجا دردی دوا آنجا رود / هر کجا فقری نوا آنجا رود
هر کجا مشکل جواب آنجا رود / هر کجا پستی ست آب آنجا رود
آب کم جو تشنگی آور بدست / تا بجوشد آبت از بالا و پست
تا نزاید طفلک نازک گلو / کی روان گردد ز پستان شیر او
رو بدین بالا و پستیها بدو / تا شوی تشنه حرارت را گرو
بعد از آن از بانگ زنبور هوا / بانگ آب جو بنوشی ای کیا
حاجت تو کم نباشد از حشیش / آب را گیری سوی او می کشیش
گوش گیری آب را می کشی / سوی زرع خشک تا یابد خوشی
زرع جان را کش جواهر مضمرست / ابر رحمت پر ز آب کوثرست
تا سقاهم ربهم آید خطاب / تشنه باش الله اعلم بالصواب

درد ہو جس جا دوا جائے وہاں / فقر ہو جس جا نوا جائے وہاں
جس جگہ مشکل وہاں جائے جواب / جس جگہ پستی وہاں جائے آب
آب کم جو تشنگی پیدا تو کر / تا کہ پانی تیرا ہو پر جوش تر
جب تلک پیدا نہ بچہ اسکے ہو / چھاتیوں سے دودھ جاری کیسے ہو
کر تلاش اوپر تلے تو دوڑ کر / تا حرارت تشنگی ہو بیشتر
بعد اسکے تو ہوا کی بانگ سے / بانگ آب نہر کی از بس سنے
تیری[سلہ] حاجت کم نہ ہووے گھانس سے / کہ وہ لے پانی کو اس جانب کھینچے
کان پانی کا پکڑ کر کھینچے تو / خشک کھیتی کی طرف خوش ہووے تو
بہر کشت جان کہ جوہر ہے چھپا / ابر رحمت آب کوثر سے بھرا
تا سقاہم ربہم آئے خطاب / تشنہ ہو واللہ اعلم بالصواب

آمدن زنی کافر با طفل شیرخوار نزد رسول خدا علیہ السلام و ناطق شدن طفل بہ معجزۂ رسول خدا علیہ السلام

آنا عورت[سلہ] کافرہ کا مع بچہ شیرخوار کے پاس رسول خدا علیہ السلام کے اور گویا ہونا بچہ کا معجزۂ رسول خدا علیہ السلام سے

هم از آن ده یک زنی از کافران / سوی پیغمبر دوان شد زامتحان
پیش پیغمبر در آمد با خمار / کودکی دو ماهه زن او در کنار
گفت کودک سلم الله علیک / یا رسول الله قد جئنا الیک
مادرش از خشم گفتش هین خموش / کیست افگند این شهادت را بگوش
این کی آموخت ای طفل صغیر / کز زبانت گشت در طفلی جریر
گفت حق آموخت وانگه جبرئیل / در بیان با جبرئیلم من رسیل

ایک عورت[سلہ] کافرہ اس گانوں سے / امتحان کو آئی حضرت کے کنے
پاس پیغمبر کے آئی منہ چھپا / ایک بچہ گود میں دو ماہ کا
بولا بچہ سلم اللہ علیک / یا رسول اللہ قد جئنا الیک
ماں نے غصہ ہو کہا چپ رہ و لے / یہ گواہی کس نے سکھلائی تجھے
کس نے یہ سکھلایا اے بچے ذکی / کہ زبان طفلی میں ہوئی گویا تری
بولا حق سکھلائے جبرئیل سے / ہمکلام اب مجھ سے جبرائیل ہے

سلہ تیری حاجت الخ یہ شعر تیری حاجت گھانس سے کم نہووے کہ وہ پانی کو ادھر اسکے جانب کھینچے دکان پانی کا پکڑ کے کھینچے خشک کھیتی کی طرف خوش ہو کے واسطے کشت جان کے کہ جواہر پوشیدہ ہے ابر رحمت آب کوثر سے بھرا ہے ترجمہ تا پلایا انکو رب انکے نے خطاب آئے تشنہ ہو اللہ خوب جانتا ہے یعنے گھانس کو خواہش پانی کی ہوتی ہے تو وہ پانی پاتی ہے تیری حاجت گھانس سے بھی کم ہے کہ تو پانی نہ پائے بس تو تشنگی پیدا کر کہ حق آب رحمت تجکو پہونچائے جیسے عورت کے بچے کو حق نے آگہی دی چنانچہ اسکا حال آگے مثال میں فرماتے ہیں فافہم ۱۲۔

سلہ ایک عورت الخ یہ شعر ایک عورت کافرہ اُس گانوں سے امتحان کو جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس منہ چھپا کر پیغمبر صلعم کے پاس آئی ایک بچہ دو مہینے کا گود میں تھا بچہ نے کہا کہ السلام علیک یا رسول اللہ تحقیق کہ آیا میں تمہارے پاس ماں نے خفا ہو کر کہا کہ چپ رہ یہ گواہی تجکو کسنے سکھائی اے بچہ ذکی یہ کسنے سکھایا کہ طفلی میں زبان تیری گویا ہوئی کہا کہ حق تعالیٰ نے جبرئیل نے سکھایا ہے اب ہم کلام جبرئیل ہے مجھ سے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ — عہ بلایا انکو رب انکے نے ۱۲ عہ سلام ہو تجھ پر اللہ کا ۱۲۔

گفت کوگفتا کہ بالای سرت	می نہ بینی کن ببالا منظرت	بولا کس جانب کہا سر پہ ترے	تو نہ دیکھے اپنے سر پر دیکھ لے
ایستادہ بر سر تو جبرئیلؑ	مر مرا گشتہ بعد گونہ دلیل	سر پہ تیرے یہ کھڑا ہی جبرئیلؑ	سو طرح سے ہو گیا مجکو دلیل
گفت مے بینی تو گفتا کہ بلے	بر سرت تابان چو بدری کاملے	سلہ بولی تو دیکھے کہا ہون دیکھتا	سر پہ تیرے ہی چمکتا بدر سا
می بیاموزد مرا وصف رسولؐ	بر علوی میرساند زین سفول	مجھکو سکھلاتا ہی وہ وصف نبیؐ	اور بلندی ہی مجھے پستی سی بھی
پس رسولش گفت ای طفل رضیع	چیست نامت بازگو و شو مطیع	بولے حضرت کہ ای طفل شیر خوار	نام بتلا ہو مطیع ای ہوشیار
گفت نامم پیش حق عبد العزیز	عبد عزی پیش این یکمشت حیز	بولا حق کے پاس نام عبد العزیز	عبد عزی کہتی ہے یہ بدتمیز
من ز عزی پاک و بیزار و بری	حق آنکہ دادت این پیغمبری	مین ہون عزی سی بیزار و بری	ہے قسم اُس کی کیا تجکو نبی
کودک دو ماہہ ہمچون ماہ بدر	درس ناگفتہ چون اصحاب صدر	سلہ دو مہینے کا وہ بچہ مثل بدر	گفتگو کامل کری جون اہل صدر
پس حنوط آندم ز جنت در رسید	تا دماغ طفل و مادر بو کشید	آ گئی بس جنت سی خوشبو اس گھڑی	مان و بچہ کے دماغ اندر گئی
ہر دو میگفتند کز خوف سقوط	جان سپردن بہ برین بوی حنوط	دونون کہتے تھے کہ یہ زائل نہو	بوی خوش بہتر ہی جائے جان جو
آنکہ تعریفش شہنشہ خود کند	جامد و نامیش صد مرحق زند	جسکی تعریفین شہنشہ خود کرے	جامد و نامی اسے تحسین دے
آن کسی را کش معرف حق بود	جامد و نامیش صد صدق نہد	وہ کوئی کہ عارف باللہ ہے	جامد و نامی اسے سچا کہے
آن کسی را کش خدا حافظ بود	مرغ و ماہی مر ورا حارس شود	اس کسی کا جو کہ حافظ ہو خدا	مرغ و ماہی تک نگہبان ہو سدا

ربودن عقاب موزہ رسول علیہ السلام را و بردن بہوا و نگون کردن و از موزہ مار سیاہ افتادن

لیجانا عقاب کا موزہ رسول علیہ السلام کو ہوا پر اور اُلٹ دینا موزے کا اور گرنا سانپ سیاہ کا اُس میں سے

اندرین بودند کآواز صلا	مصطفیٰ بشنید از سوی علا	اسی میں تھے کہ آئی آواز صلا	مصطفیٰ نے ہکو اعلا سے سُنا

سلہ بولی الخ یعنی شیرخوار نے کہا کہ کہان ہے کہا کہ تیرے سر پر ہے تو نہین دیکھتی ہے سر پر نظر کر یہ جبرئیلؑ تیرے سر پر کھڑا ہے سو طرح سے دلیل ہو گیا ہے بولی تو دیکھتا ہے کہا کہ دیکھتا ہون سر پر تیرے چمکتا ہے بدر کے مانند وہ سکھلاتا ہے وصف نبیؐ کا اور بلندی مجکو پستی سے دیتا ہے حضرتؐ نے کہا کہ ای طفل شیر خوار نام بتلا اور مطیع بن اے ہوشیار کہا کہ میرا نام خدا کے پاس عبد العزیز ہی اور عبد عزی یہ بدتمیز کہتی ہے مین عزی سے پاک ہون اور بیزار و بری ہون اُسکی قسم ہے کہ جس نے نبیؐ تجکو کیا ہی باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲۔

سلہ دو مہینے کا الخ یعنی شعر دو۔ بچہ دو مہینے کا مثل بدر کے گفتگو کرتا تھا مانند اہل صدر کے اُس گھڑی جنت سے خوشبو آئی مان و بچہ کے دماغ مین گئی دونون کہتے تھے کہ یہ زائل نہووے بوے خوش بہتر ہے جو جان جائے آگے حقائق ہین جس کی تعریفین خود شہنشاہ کری جمادات و نباتات تحسین جنکو دے وہ کوئی کہ عارف باللہ ہے جمادات و نباتات سے سچا کہے اُس کسی کا کہ جو خدا حافظ ہو مرغ و ماہی تک نگہبان اسکی ہو یعنے جسکی خدا تعریف کرے تمام مخلوق اسکی تحسین کرے جس کا خدا نگہبان ہو اُسکا مرغ و ماہی تک محافظ ہو جیسے حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا موزہ عقاب لے گیا اور سانپ سے بچایا چنانچہ اسکا قصہ آگے مثال مین فرماتا ہی فافہم ۱۲۔

سلہ اس مین الخ یعنی شعر اس حال مین تھے کہ آواز صلا کی آئی اور مصطفیٰ نے اعلیٰ سے اسکو سُنا پانی مانگا اور وضو تازہ کیا ہاتھ و منہ کو دھویا اور تر کیا پاؤن دھو کر موزہ کا قصد کیا اُس دم موزہ رُبا موزہ لے گیا جبکہ موزہ لینے کو حضرت صلعم جھکے آپ کے ہاتھ سے عقاب موزہ لے اوڑا موزہ لے گیا ہوا مین مانند ہوا کے جو اے پلٹا ایک سانپ اُس مین سے گرا یعنے ایک مار سیاہ موزے سے گرا اس بات سے عقاب نیک خواہ ہوا آگے قول عقاب کا ہی فافہم ۱۲۔

خواست آبی و وضو را تازه کرد | دست و رو را شست او زان آب سرد
هر دو پا شست و بموزه کرد رای | موزه را بربود یک موزه ربای
دست سوی موزه برد آن خوش خطاب | موزه را بربود از دستش عقاب
موزه را اندر هوا برد او چو باد | پس نگون کرد و ازان ماری فتاد
در فتاد از موزه یک مار سیاه | زان عنایت شد عقابش نیکخواه
پس عقاب آن موزه را آورد باز | گفت هین بستان و رو سوی نماز
از ضرورت کردم این گستاخی | من ز ادب دارم شکسته شاخی
وای کو گستاخ پایی می نهد | بی ضرورت کش هوا فتوی دهد
پس رسولش شکر کرد و گفت ما | این جفا دیدیم و خود بود آن وفا
موزه بربودی و من درهم شدم | تو غمم بردی و من در غم شدم
گرچه هر غیبی خدا ما را نمود | دل دران لحظه بخود مشغول بود
گفت دور از تو که غفلت از تو رست | دیدنم آن غیب را هم عکس تست
مار در موزه ببینم در هوا | نیست از من عکس تست ای مصطفی
عکس نورانی همه روشن بود | عکس ظلمانی همه گلخن بود
عکس عبدالله همه نوری بود | عکس بیگانه همه کوری بود
عکس هر کس را بدان ای جان بهین | پهلوی جنسی که میخواهی نشین

پانی مانگا اور وضو تازہ کیا | ہاتھ منہ کو دھویا اور زیبا کیا
پاؤن دھو کر قصد موزہ کا کیا | موزہ اُس دم لے گیا موزہ ربا
موزہ لینے کو جھکے وہ خوش خطاب | لے اُڑا بس ہاتھ سے موزہ عقاب
لے گیا موزہ ہوا مین جون ہوا | جو کر پلٹا سانپ کہ اس سے گرا
جو گرا موزہ سے اک مار سیاہ | ہی عقاب بساہے بس نیکخواہ
لایا[51] پھر موزہ عقاب با نیاز | بولا لیجے جائیے سوئے نماز
یہ تو گستاخی ضرورت سے ہی کی | مین نے گستاخی ادب سے ہی کری
ہای وہ گستاخ پاؤن کو رکھے | بے ضرورت کے ہوا فتویٰ جو دے
شکر کرکے اسکا حضرت نے کہا | مین نے جانی یہ جفا وہ تھی وفا
لے گیا تو موزہ مین برہم ہوا | لے گیا تو غم مرا غم مجکو تھا
گرچہ مجھپر غیب ظاہر حق سے تھا | خود سے تھا مشغول اسدم دل مرا
بولا[52] تجھ سے دور کب غفلت تجھے | غیب بینی میری تیرا عکس ہے
سانپ موزہ مین ملے اندر ہوا | مجھسے نے ہے عکس تیرا مصطفیٰ
عکس نورانی ہے روشن بس تمام | عکس ظلماتی ہے گلخن بس تمام
عکس عبداللہ بالکل نور ہے | عکس بیگانہ کا بالکل کور ہے
عکس ہر اک اسکے لائق جان تو | پاس بیٹھ اسکے جو چاہے جنس کو

وجہ عبرت گرفتن ازین حکایت و معنی انّ مع العسر یسرا

وجہ عبرت لینے کی اس حکایت سے و معنی انّ مع العسر یسرا کے

سلہ لایا الخ ۔ شعر پھر عقاب موزہ لایا از راہ نیاز کے او کہا کہ لیجئے اور جائیے جانب نماز کے جو یہ گستاخی ضرورت سے کی ہے پس مین نے گستاخی ادب سے کی ہے۔ آگے حقائق ہین افسوس وہ گستاخ پاؤن رکھے بغیر ضرورت کے کہ جو ہوا اسکو فتویٰ دے یعنے عقاب جانور گستاخی کرے تو ادب سے کرے اور انسان باوجود عقل کے خواہش نفسانی سے گستاخی کرے آگے رجوع ہی حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شکر حق کا کرکے کہا کہ جو مین نے جفا جانی وہ وفا تھی تو موزہ لے گیا اور مین برہم ہوا تو میرا غم لے گیا اور مجکو غم تھا اگرچہ مجھپر حق کی جانب سے غیب ظاہر تھا میرا دل اس دم خود سے مشغول تھا یعنے انبیاء و اولیا کو اگرچہ کشف ہوتا ہے مگر مشغولی حق و یا مشغولی خود کے اور طرف نظر نہین ہوتی ہے اس واسطے لاعلمی رہتی ہے آگے جواب عقاب کا ہے بطور حقائق کے فافہم ۱۲۔

سلہ ۵۲ بولا الخ ۔ شعر عقاب نے کہا کہ تجھ سے غفلت دور ہو جیو کہ کب غفلت تجکو ہے میری غیب بینی تیرا عکس ہے سانپ موزہ مین دیکھے اندر ہوا کے مجھ سے نہین ہے بلکہ تیرا عکس ہے ای مصطفیٰ صلعم آگے حقائق ہین نور ربانی ہی بالکل روشن اور عکس ظلماتی بالکل گلخن عکس عبداللہ کا نور ہے عکس بیگانہ کا بالکل اندھا ہی عکس ہر ایک کا اسکے لائق تو جان پر اس کے پاس بیٹھ کہ جو جنس تو چاہے یعنے صحبت نیک مین نیک ہوا اور صحبت بد مین بد ہو بموجب قول مشہور کے الصحبۃ موثرۃ کے اس حکایت کا نتیجہ ہے فافہم ۱۲۔

عبرت است این قصه ای جان مر ترا	تا شوی راضی تو در حکم خدا	[1] یہ ہے قصہ تیری عبرت کے لیے	تا ہو راضی حکم پر اللہ کے
تا که زیرک باشی و نیکو گمان	چون ببینی واقعهٔ بد ناگهان	تاکہ ہو ہشیار تو نیکو گمان	واقعہ بد دیکھے جو تو ناگہان
دیگران گردند زرد از بیم آن	تو چو گل خندان گه سود و زیان	دوسرے ہون زرد ڈر سے ہیان	تو ہنسے جون گل جو ہو سود و زیان
زانکه از گل گر تو برگش می کنی	خنده نگذارد نه گردد منثنی	کیونکہ گل کی پتی پتی توڑے تو	نہ ہنسی چھوڑے نہ ہو پژمردہ وہ
گوید از خاری چرا افتم بغم	خنده را من خود ز خار آورده ام	خار کو کہوے مین غم مین کیون پڑون	خود ہنسی کو خار سے مین لایا ہون
هر چه از تو یاوه گردد از قضا	تو یقین دان که خریدت از بلا	جو ہو فوت تجھ سے از راہ قضا	کر یقین تجھکو بلا سے لے لیا
[2] ما التصوف قال وجدان الفرح	فی الفؤاد عند اتیان الترح	ما التصوف قال وجدان الفرح	فی الفؤاد عند اتیان الترح
آن عقابش را عقابی دان که او	در ربوده موزه زان نیک خو	اس بلا کو تو عقاب اک جان لے	لے گیا موزہ حبیب اللہ سے
تا رهاند پاش را از زخم مار	ای خنک عقلی که باشد بی غبار	تا چھڑائے پا کو زخم مار سے	ای وہ بہتر عقل نے لغزش رکھے
گفت لا تأسوا علی ما فاتکم	ان اتی السرحان اردی شاتکم	بولا لا تاسوا علی ما فاتکم	ان اتی السرحان اردی شاتکم
یک هر چه آن فوت شد غمگین مشو	زانکه گر شد کهنه آید باز نو	فوت جو کچھ وہ ہوا غمگین نہو	گر گیا ہے کہنہ تو پھر آئے گا نو
گر بلا آید ترا اندوه مبر	ور زیان بینی غم او را مخور	تو نہ رنجیدہ ہو گر آئے بلا	گر زیان دیکھے تو غم اسکا نہ کھا
کان بلا دفع بلاهای بزرگ	وان زیان منع زیانهای سترگ	وہ بلا دافع بلائے کر بلا	وہ زیان مانع زیان لا دوا
راحت جان آمد ای جان فوت مال	مال چون جمع آمد ای جان شد وبال	راحت جان آیا ای جان فوت مال	جمع ہو گر مال ای جان ہے وبال

استدعا نمودن شخصی از موسیٰ زبان بہائم را | چاہنا ایک شخص کا موسیٰ علیہ السلام سے جانورونکی زبانکو

گفت موسیٰ را یکی مرد جوان	که بیاموزم زبان جانوران	[3] بولا اک موسیٰ کلیم اللہ سے	کہ زبان حیوان کی سکھلا دو مجھے

[1] یہ ہے الخ ۔ شعر یہ قصہ تیری عبرت کے واسطے ہے تا اللہ کے حکم پر راضی ہو تاکہ تو ہوشیار و نیک گمان ہو جو کہ واقعہ بد دیکھے ناگہان دوسرے زرد ہون ڈر سے اور تو ہنسے مانند گل کے جو نفع و نقصان ہو آگے مثال ہے کیونکہ تو گل کی پتی پتی جو توڑتا ہے وہ ہنسے نہین چھوڑتی اور نہ وہ پژمردہ ہووے خار کو کہے کہ مین غم مین کیون پڑون مین خود ہنسی خار سے لایا ہون آگے حقائق ہین جو تجھ سے فوت ہوا ورا قضا کی یقین جان کہ تجکو بلا سے لے لیا یعنی تجھ سے جو کام فوت ہو جائے تو یقین کر کہ وہ کام تجپر بلا تھا کہ یار نے تجکو اس بلا سے بچا دیا آگے اس حقائق کا بیان ہے فافہم ۱۲۔

[2] ما التصوف الخ ۔ شعر ترجمہ تصوف کیا ہے کہ پانا خوشی کا دل مین وقت آنے تکلیف اُس بلا کو تو ایک عقاب جان کہ حبیب اللہ کا موزہ لے گیا تاکہ پاؤن کو زخم مار سے چھڑائے ای بہتر وہ عقل ہے کہ لغزش نہ رکھے کہا ترجمہ غمگین مت ہو اُس چیز سے کہ فوت تم سے ہوئی اگر آئے بھیڑیا اور لے جائے تمہاری بکری کو وہ جو کچھ فوت ہوا غمگین مت ہو اگر کہنہ گیا ہے تو پھر نیا آوے تو رنجیدہ مت ہو اگر بلا آئے اگر زیان دیکھے تو غم مت اُسکا کھا وہ بلا دفع کرنے والی ہے بلائے سخت کی اور زیان مانع ہے زیان لا دوا کا اے جان جان کی راحت فوت مال آیا ہے اگر مال جمع ہو وبال ہے یعنے بلا یار کی راحت ہے کہ وہ تجکو اور آفتون اور بلاؤن سے بچاتی ہے پس یار کی رائے پر چلنا چاہیے اور اپنی رائے کو دخل نہ دینا چاہیے ورنہ اس شخص کے مانند بلا مین پڑے گا کہ جس نے زبان مرغون کی سیکھی اور آفت مین پڑا چنانچہ اسکا قصہ مثال مین آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲۔

[3] بولا الخ ۔ شعر ایک شخص نے موسیٰ کلیم اللہ سے کہا کہ مجھے زبان حیوانون کی سکھا دو تاکہ ان حیوانون کی آواز سے اپنے دین مین مجھے عبرت حاصل ہو یہ زبان کہ نبی آدم کی ہے درپے سارا ان سب کا آب و نان کے ہے شاید حیوانون کا اور طریقہ ہو کہ وہ گذارا کیا کرتے ہون آگے جواب موسیٰ کا ہے فافہم ۱۲۔ عہ تصوف مین کیا ہے کہا بدن مین خوشی کا پایا جانا ہمیشہ دل مین وقت آنے تکلیف کے عہ غمگین مت ہو اس چیز سے کہ فوت ہو گئی تم سے ۱۲۔ عہ اگر آئے بھیڑیا اور لے جائے بکری تمہاری کو ۱۲۔

تا بود کز بانگ حیوانات و دد	عبرتے حاصل کنم در دین خود	تا کہ ان حیوان کی آواز سے	حاصل اپنے دین میں ہو عبرت مجھے
چون زبانہائے بنی آدم ہمہ	در پی آبست و نان و دمدمہ	یہ زبان جو کہ بنی آدم کی ہے	در پے ہی سامان آب و نان کے
بو کہ حیوانات را درد دگر	باشد از تدبیر ہنگام گذر	شاید حیوان کا طریقہ اور ہو	کہ گذر اوقات کی کرتے ہیں وہ
گفت موسیٰ رو گذر کن زین ہوس	کاین خطر دارد بسے در پیش و پس	بولے[۱] موسیٰ جاہ و ہوس کو چھوڑ دے	کہ خطر یہ آگے پیچھے بس رکھے
عبرت و بیداری از یزدان طلب	نہ از کتاب و از مقال و حرف و لب	عبرت اور بیداری حق سے کر طلب	کیا کتاب اور کیا مقال و حرف و لب
گرم تر شد مرد زان منعش کہ کرد	گرم تر گردد ہمی از منع مرد	تیز تر وہ منع کرنے سے ہوا	مرد ہووی منع سے تیز اور سوا
گفت اے موسیٰ چو نور تو بتافت	ہر کہ چیزی یافت از تو چیز یافت	بولا چمکا نور موسے تیرا جو	جنے پائی چیز تجھ سے پائی وہ
مر مرا محروم کردن زین مراد	لائق لطفت نباشد اے جواد	کرنا محروم اس تمنا سے مجھے	لائق لطف و کرم کب ہی ترے
این زمان قائم مقام حق توئی	یاس باشد گر مرا مانع شوی	حق کی جا قائم مقام اب ہی جو تو	یاس ہووی گر مرا مانع ہو تو
گفت موسیٰ یارب این مرد سلیم	سخرہ کردستش مگر دیو رجیم	بولے[۲] موسیٰ اے خدا اس مرد کو	پھانسا ملعون دیو نے شاید کہ ہو
گر بیاموزم زیان کارش بود	ور نیاموزم دلش بدمے شود	گر سکھاؤں اسکو تو نقصان ہو	گر نہ سکھلاؤں تو بے ایمان ہو
گفت اے موسیٰ بیاموزی کہ ما	رد نہ کردیم از کرم ہرگز دعا	بولے اے موسیٰ تو اسکو دی سکھا	نے کرم سے ہم نے رد کی ہے دعا
گفت یارب او پشیمانی خورد	دست خاید جامہ ہا را بردرد	بولے یارب ہو پریشانی اسے	ہاتھ چابے چاک جامہ کو کرے
نیست قدرت ہر کسے را سازوار	عجز بہتر مایۂ پرہیزگار	سب کو کب ہوتی ہے قدرت سازوار	عجز اچھی دولت پرہیزگار
فقر زین رو فخر آمد جاودان	کہ بتقوی ماند دست نارسان	فقر فخر آیا ہے اس باعث سدا	کر رہا تقوی میں دست نارسا
زان غنا و زان غنی مردود شد	کہ ز قدرت صبر ہا پدرود شد	یوں غنا اور یوں غنی مرتد ہوا	صبر جو مقدور سے جاتا رہا
آدمی را عجز و فقر آمد امان	از بلای نفس پر حرص و غمان	عجز اور فقر آدمی کا امن ہے	اور بلائے نفس حرص و غم رکھے

۱ بولے موسیٰ الخ یعنی شعر موسیٰ نے کہا کہ جاہ و ہوس چھوڑ کہ یہ آگے پیچھے خطرہ رکھتی ہے حق سے عبرت و بیداری طلب کر یہ کتاب و قال و حروف لب کیا ہیں منع کرنے سے وہ تیز تر ہوا کہ مرد منع کرنے سے تیز تر ہوتا ہے یعنے منع کرنے سے انسان زیادہ حریص اُس چیز کا ہوتا ہے بموجب حدیث شریف کے الانسان حریص علی ما منع یعنے ضرور کر انسان حرص کرنے والا ہے اُس چیز میں کہ منع کیا گیا کہا کہ اے موسیٰ جو تیرا نور چمکا جس نے چیز پائی وہ تجھ سے پائی ہوگی مجکو اس تمنا سے محروم کرنا لائق تیرے لطف و کرم کے کب ہے جو حق کی اب تو قائم مقام ہے اگر تو میرا مانع ہو تو یاس ہووے آگے جواب موسیٰ کا ہے فافہم ۱۲۔

۲ بولے الخ یعنی شعر موسیٰ نے کہا کہ اے خدا اس مرد کو شاید کہ دیو ملعون نے پھانسا ہو اگر سکھاتا ہوں تو نقصان ہو اور اگر نہ سکھاؤں تو بے ایمان ہو آگے قول حق تعالیٰ کا ہے فرمایا کہ اے موسیٰ تو اسکو سکھا ہم نے کرم سے دعا رد نہیں کی ہے موسیٰ نے کہا کہ اے رب اسے پشیمانی ہو ہاتھ چابے اور جامہ چاک کرے آگے اسکے حقائق ہیں کب قدرت لائق ہر ایک شخص کے ہے عجز مایۂ پرہیز بہتر ہے فقر فخر اس باعث سے سدا آیا ہے کہ دست نارسا تقوی میں رہا ہے یوں غنا اور یوں غنی مرتد ہوا کہ جو صبر مقدور سے جاتا رہا عجز و فقر آدمی کا جائے امن ہے اور بلا نفس کی حرص و غم رکھتی ہے اور غم تمنا سے مشغول رہا ہے کہ اسکی عادت رکھتا ہے جیسے غول خواہش گل کی ہوتی ہے گل کھانے والے کو گل شکر ایسے بیمار کو کب پسند آتی ہے جیسے جو کہ فقر میں انسان راستی پر رہتا ہے اور غنا میں باغی ہوتا ہے اسواسطے فقر فخر آیا ہے اور غنا مرتدی رکھتا ہے تو گے حال سکھانے زبان حیوانوں کا ہے فافہم ۱۲۔

آن غم آمد آرزوہای فضول	کہ بدان خو کردہ است آن صید غول	وہ ہواہی غم تمنائے فضول	کہ رکھی عادت ہی اسکی صید غول
آرزوے گل بود گل خوار را	گل شکر نگوارد آن بیمار را	خواہش گل ہوتی ہی گل خوار کو	ناپسند ہو گل شکر بیمار کو

وحی آمدن از حق تعالیٰ بموسیٰ علیہ السلام که بیاموزش چیزے را که استدعا مے کند

وحی آنا جانب حق تعالیٰ سے موسیٰ علیہ السلام پر کہ سکھا اُسے وہ چیز کہ خواہش کرتا ہے

بعد ازان وحی آمد از حضرت کہ رو	ہرچہ می گوید بلطف خود شنو	سلہ بعدہٗ وحی آئی حضرت سے کہ جا	جو کہے وہ سُن بالطاف و رضا
گفت یزدان کہ بدہ بایست او	برکشا در اختیار آن دست او	بولا یزدان اُسکے لائق اسکو دے	قدرت اسکی اختیار میں تو دے
اختیار آمد عبادت را نمک	ورنہ می گردد بناخواہ این فلک	اختیار آیا عبادت میں نمک	ورنہ بے خواہش کے پھرتا ہی فلک
گردش او را نہ اجر و نے عقاب	کاختیار آمد ہنر وقت حساب	اسکی گردش کو ثواب اور نے عذاب	اختیار آیا ہنر وقت حساب
جملہ عالم خود مسبح آمدند	نیست زان تسبیح جبری سودمند	سارا عالم پڑھتا وہ تسبیح ہے	سود جبری کو نہ اُس تسبیح سے
تیغ در دستش نہ از عجزش مکن	تاکہ غازی گردد او یا راہزن	سلہ تیغ اسکو دے نہ کر عاجز اسے	تاکہ غازی ہو وہ یا رہزن بنے
زانکہ کرمنا شد آدم ز اختیار	نیم زنبور عسل شد نیم مار	جو ہوا کرمنا آدم ز اختیار	آدھا ہی زنبور شہد آدھا ہی مار
مومنان کان عسل زنبور وار	کافران خود کان زہری ہمچو مار	کان مومن شہد کے زنبور وار	کان کافر زہر کے مانند مار
زانکہ مومن خورد بگزیدہ نبات	تا چو نحلے گشت ریق آب حیات	کھائی ہی مومن نے جو بہتر نبات	تھوک جون زنبور ہوا آب حیات
باز کافر خورد شربت از صدید	ہم ز قوتش زہر شد در وے پدید	کھایا جو کافر نے گندہ آب سے	قوت اُسکا زہر ظاہر اُس سے ہی
اہل الہام خدا عین الحیات	اہل تسویل ہوا سم الممات	سلہ اہل الہام خدا چشمہ حیات	اہل تاویل ہوا زہر ممات
در جہان این مدح و شاباش و زہی	ز اختیار است و حفاظ و آگہی	یہ جہان میں مدح اور شاباش ہی	اختیار و حفظ ہی اور ادراک سے

سلہ بعدہٗ الخ یہ شعر بعدہٗ جانب حق سے وحی آئی کہ جا جو وہ کہے تو سن ساتھ لطف و رضا کے حق نے کہا کہ اسکو اُسکے لائق دے اور اسکے اختیار میں تو قدرت دے آگے اسکے حقائق ہیں اختیار عبادت میں نمک آیا ہے ورنہ بغیر خواہش کے آسمان پھرتا ہے اُسکی گردش کو نہ ثواب نہ عذاب ہے اختیار وقت حساب کے ہنر آیا ہے تمام عالم وہ تسبیح پڑھتا ہے جبری کو اس تسبیح سے فائدہ نہیں ہے یعنے عبادت میں اختیار نمک ہے ورنہ مثل فلک کے بے اختیاری ہیں ثواب اور عذاب نہیں ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

سلہ تیغ الخ یہ شعر تیغ اُسکو دے وعاجز نہ کر تاکہ غازی ہو یا رہزن بنے جو آدم اختیار سے کرمنا ہوا ہے پس آدھا زنبور شہد و آدھا مار ہوا ہے مومن کان شہد کی زنبور کے مانند ہے اور کافر کان زہر کی مار کے مانند ہے مومن نے جو بہتر نبات کھائی ہے تھوک اُسکا مانند زنبور کے آب حیات ہے کافر نے جو گندہ آب سے کھایا ہے اُسکا قوت زہر ہے جو کہ اسمین ظاہر ہے یعنے آدم کو جو مزا رب سے کرمنا کا ملا ہے اسواسطے آدمے انسان زنبور شہد و آدھے مار ہین پس مومن کان شہد و کافر کان زہر ہین مومن کی غذا عبادت و کافر کی غذا گندہ آب ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ اہل الہام الخ یہ شعر اہل الہام خدا کے چشمہ آب حیات ہین اور اہل تاویل ہوا زہر ممات کے ہین یہ جہان میں مدح و شاباش و اختیار و ادراک سبب سے آگے مثال ہے جو زندان میں جاتے ہین متقی و زاہد حق خوان ہوتے ہین جبکہ قدرت گئی عمل کھوٹا ہوا تا پونجی میری اجل نہ لیجاوے تیری قدرت پونجی فائدہ کی ہے تو وقت قدرت کو نگاہ رکھ انسان کرمنا کے گھوڑے پر سوار ہے کہ ادراک اسکا پکڑے ہی باگ اختیار کی یعنے مدح و شاباش اختیار کے سبب سے ہے اگر اختیار نہوتا کوئی مدح و تعریف نہ کرتا پس تو اختیار و قدرت کو غنیمت جان اور دقت کو ہاتھ سے نہ دے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲

جملہ رندان چونکہ در زندان روند ۔ متقی و زاہد و حق خوان شوند
چونکہ قدرت رفت کاسد شد عمل ۔ ہین کہ تا سرمایہ نستاند اجل
قدرت سرمایۂ سود ست ہین ۔ وقت قدرت را نگہدار و ببین
آدمی بر خنگ کرمنا سوار ۔ در کف درکش عنانِ اختیار
باز موسیٰ داد پند او را بمہر ۔ کہ مرادت زرد خواہد کرد چہر
ترک این سودا بگو وز خود بترس ۔ دیو دادستت برائے مکر درس
ہین برو در دِ سرِ خود کم طلب ۔ کاین مرادت افگند در صد تعب
گفت بارے نطق سگ کو بر درست ۔ نطق مرغ خانگی کاہل پرست

جاتے ہیں جو رند سب زندان میں ۔ متقی و زاہد حق ہوتے ہیں
جو گئی قدرت ہوا کھوٹا عمل ۔ تا نہ پونجی میری لیجاوی اجل
فائدہ کی پونجی قدرت ہے تری ۔ وقت قدرت کو نگہ رکھ ای اخی
اسپ کرمنا پہ انسان ہے سوار ۔ رکھے در کف اسکا عنانِ اختیار
پھر نصیحت[1] اسکو یہ موسیٰ نے کی ۔ زرد رو کردے تمنا یہ تری
ع سے ڈر اور چھوڑ اس سودا کو تو ۔ دھوکا شیطان نے دیا انسان کو
جا طلب تو درد سر اب مت کرے ۔ یہ تمنا رنج مین ڈالے تجھے
بولا کتے کی زبان بتلا مجھے ۔ مرغ خانہ کی زبان سکھلا مجھے

قانع شدن آن مرد طالب بتعلیم زبان مرغ خانگی و سگ و اجابت کردن موسیٰ علیہ السلام اورا

قناعت کرنا اُس مرد طالب کا تعلیم زبان مرغ خانگی و کُتے پر اور قبول کرنا موسیٰ علیہ السلام کا اُسکو

گفت موسیٰ ہین تو دانی در رسید ۔ نطق این ہر دو شود بر تو پدید
بامدادان آن برائے امتحان ۔ ایستادہ منتظر بر آستان
خادمہ سفرہ بیفشاند و فتاد ۔ پارۂ نانِ بیات آثار زاد
در ربود آنرا خروسے چون گرو ۔ گفت سگ کردی تو بر ما ظلم رو
دانۂ گندم تو دانی خورد و من ۔ عاجزم ز دانہ خوردن در وطن
گندم و جو را و باقی حبوب ۔ تو توانی خورد و من نے ای طرب
این لب نانے کہ قسم ماست آن ۔ مے ربائی این قدر را از سگان

بولے[2] موسیٰ اب تجھے آجائیگی ۔ یہ زبان دونکی ظاہر ہو گئی
صبح کو وہ امتحان کے واسطے ۔ منتظر در پہ کھڑا خود آن کے
خادمہ نے جھاڑا دسترخوان کو ۔ ٹکڑے روٹی کے گرے کھاؤ تھے جو
مرغ نے ٹکڑون کو پہلے لے لیا ۔ بولا کتا ظلم یہ تو نے کیا
تو تو بس کھائیگا دانے گیہون کے ۔ اور مین عاجز ہون کھاؤ گیہون سے
گیہون اور جو اور باقی دانے سب ۔ کھا سکے تو اور نہ مین ای پر طرب
ٹکڑے روٹی کے ہین قسمت مین مرے ۔ جبکہ تو لے کتا بس بھوکا ہے

جواب خروس سگ را

جواب دینا مرغ کا کُتے کو

[1] پھر نصیحت الخ یعنی موسیٰ عم نے یہ نصیحت اسکو کی کہ زرد رو تجکو یہ تمنا تیری کردے تو خدا سے تو ڈر اور اس خیال کو تو چھوڑ شیطان نے دھوکا انسان کو دیا ہے تو جا اور درد سر طلب نکر یہ تمنا تجکو رنج مین ڈالے کہا کہ کتے کی زبان مجکو بتلا اور مرغ خانگی کی زبان مجکو سکھلا آگے زبان سیکھنے کا بیان ہے فافہم ۱۲-

[2] بولے موسیٰ الخ یعنی موسیٰ عم نے کہا کہ اب تجکو آجائے گی یہ زبان دونون کی وہ صبح کو امتحان کے واسطے منتظر خود در پر آن کر کھڑا ہوا خادمہ نے دسترخوان کو جھاڑا روٹی کے ٹکڑے گرے کہ جو کھائے نہ تھے مرغ نے پہلے ٹکڑون کو لے لیا کتے نے کہا کہ یہ تو نے ظلم کیا تو تو گیہون کے دانے کھالے گا اور مین گیہون کھانے سے عاجز ہون گیہون و جو باقی سب دانے تو کھا سکے اور مین نہین روٹی کے ٹکڑے میری قسمت کے ہین جب کہ تو کھائے تو کتا بھوکا رہے گا آگے جواب مرغ کا ہے ۔ فافہم ۱۲-

پس خروسش گفت تن زن غم مخور ۔ کہ عوض بدہد خدا زین بہ دگر
اسپ این خواجہ سقط خواہد شدن ۔ روز فردا سیر خور کم کن حزن
مر سگان را عید باشد مرگ اسپ ۔ روزئی وافر بود بے جہد و کسب
اسپ را بفروخت چون بشنید مرد ۔ پیش سگ شد آن خروس زرد روی
روز دیگر ہمچنان نان را ربود ۔ آن خروس و سگ برو لب بر گشود
ای خروس عشوہ دہ چندین دروغ ۔ ظالمی و کاذبی و بے فروغ
اسپ کش گفتی سقط گردد کجاست ۔ کور اختر گوی محرومی ز راست
گفت او را آن خروس با خبر ۔ کہ سقط شد اسپ او جائے دگر
اسپ را بفروخت جست او از زیان ۔ آن زیان انداخت او بر دیگران
لیک فردا اشترش گردد سقط ۔ مر سگان را باشد این نعمت فقط
زود اشتر را فروشید آن حریص ۔ یافت از غم وز زیان آندم محیص
روز ثالث گفت سگ با آن خروس ۔ ای امیر کاذبان با طبل و کوس
تا بکی گوئی دروغ ای بے فروغ ۔ دوغی ای نا اہل تو عین دوغ دوغ
گفت او بفروخت اشتر را شتاب ۔ لیک فردایش غلام آید مصاب
چون غلام او بمیرد نان ہا ۔ بر سگ و خواہندہ ریزند اقربا
این شنید و آن غلامش را فروخت ۔ دست از خسران و رخ را بر فروخت
شکرہا می کرد و شادیہا کہ من ۔ رستم از سہ واقعہ اندر زمن

مرغ بولا صبر کر اور غم نہ کھا[1] ۔ کہ عوض بہتر دے حق اسکے سوا
گھوڑا اس خواجہ کا کل مر جائیگا ۔ سیر ہو کر کھائیو تو خوب سا
عید کتون کو ہی مرنا اسپ کا ۔ کیونکہ بے کوشش کے کھانا پائیگا
گھوڑا بیچا مرد نے جو یہ سنا ۔ مرغ بس شرمندہ کتے سے ہوا
دوسرے دن روٹی لی پھر مرغ کی ۔ کتا پھر جھنجھلا کے بولا مرغ سے
ای فریبی مرغ[2] جھوٹے اب اسقدر ۔ ہے تو ظالم اور جھوٹا بیشتر
ہی کہاں جو گھوڑا مرنے کا کہا ۔ تو بجز بی اندھا اور گمراہ ہوا
با خبر اس مرغ نے اس سے کہا ۔ گھوڑا اسکا مر گیا بس اور جا
جلد اسنے بیچ ڈالا اسپ وہ ۔ وہ زیان اپنا دیا ہے اور کو
لیکن اسکا اونٹ کل مر جائیگا ۔ ہی یہ نعمت خاص کتون کا بھلا
جلد بیچا اونٹ اس حارص نے جا ۔ غم سے اس نقصان کی اسدم بچا
تیسرے دن کتا بولا مرغ سے ۔ اب تا سردار جھوٹون کے مجھے
کب تلک[3] کہوگے دروغ ای بے فروغ ۔ تو دروغی مین ہی بس اک اہل دروغ
بولا اسنے اونٹ بیچا جلد جا ۔ پر غلام اب اسکا کل مر جائیگا
جو غلام اسکا مری تو روٹیان ۔ دین گدا کتون کو اہل خاندان
یہ سنا تو بیچا اپنا وہ غلام ۔ بس ہوا نقصان سی فارغ تمام
شکر کرتا اور خوش ہوتا کہ مین ۔ تین صدمون سے بچا اسوقت مین

[1] مرغ بولا الخ۔ شعر مرغ نے کہا کہ تو صبر کر و غم نہ کھا کہ حق اسکے سوا عوض پھر دیگا اس خواجہ کا گھوڑا کل مرجائے گا تو سیر ہو کر خوب سا کھائیو کتون کو عید ہے گھوڑے کا مرنا کیونکہ کھانا بے کوشش کے ملے گا مرد نے گھوڑا بیچا جبکہ یہ سنا مرغ شرمندہ کتے سے ہوا دوسرے روز پھر مرغ نے روٹی لی کتا جھنجھلایا پھر مرغ سے بولا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

[2] ای فریبی الخ۔ شعر اے فریبی مرغ اسقدر جھوٹ تو ظالم و جھوٹا ہے بیشتر کہاں ہے کہ جو تو نے گھوڑا مرنے کو کہا تو بجز بی اندھا و گمراہ ہوا اس مرغ باخبر نے کہا اس سے کہ گھوڑا اسکا مر گیا دوسری جگہ اسنے جلد فروخت کیا وہ گھوڑا وہ زیان اپنا دوسرے کو دیا لیکن اونٹ اسکا کل مرجائیگا یہ نعمت خاص کتون کے واسطے ہے اس حارص نے جلد بیچا اونٹ کو اس نقصان کے غم سے اسدم بچا تیسرے دن کتے نے کہا مرغ سے اب کہو اے سردار جھوٹون کے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

[3] کب تلک الخ۔ شعر تو کب تلک دروغ بے فروغ کہے تو دروغ مین ایک اہل دروغ ہے کہا کہ اسنے اونٹ جلد جاکر بیچا لیکن اسکا غلام کل مرجائیگا جبکہ اسکا غلام مرے تو روٹیان اہل خاندان گدا و کتون کو دین یہ سنا تو وہ غلام اپنا فروخت کیا پس نقصان سے فارغ بالکل ہوا شکر کرتا اور خوش ہوتا کہ مین تین صدمون سے اسوقت بچا جب سے مرغ و کتے کی زبان سیکھی قضائے بد کی آنکھ مین نے پوشیدہ کی یعنے قضائے بد سے مین بچا اور آفتون سے چھٹا آگے شرمندہ ہونے مرغ کا بیان ہے فافہم ۱۲۔

تا زبانِ مرغ و سگ آموختم | دیدهٔ سوء القضا را دوختم
سیکھی جب سے مرغ و کُتّے کی زبان | بدقضا کی آنکھ مین نے کی نہان

خجل شدن خروس پیش سگ بسبب دروغ شدن سه وعده
شرمندہ ہونا مُرغ کا آگے کُتّے کے بسبب جھونٹھ ہو جانے تین وعدون کے

روز دیگر آن سگِ محروم گفت | کای خروسِ ژاژخا کو طاق و جفت
چند چند آخر دروغ و مکرِ تو | خود نپرّد جز دروغ از وکرِ تو
گفت حاشا از من و از جنسِ من | که بگردیم از دروغِ ممتحن
ما خروسان چون مؤذن راستگو | هم رقیبِ آفتاب و وقت جو
پاسبانِ آفتابیم از درون | گر کنی بالای ما طشتی نگون
پاسبانِ آفتاب اند اولیا | در بشر واقف ز اسرارِ خدا
اصلِ ما را حق پی بانگِ نماز | داد هدیه آدمی را در جهاز
گر بنا هنگام سهوا از ما رود | در اذان آن مقتلِ ما می‌شود
گفتنِ ناهنگام حی علی الفلاح | خونِ ما را می‌کند خوار و مباح
آنکه معصوم آمد و پاک از غلط | آن خروسِ وحی جان آمد فقط
آن غلامش مرد پیشِ مشتری | شد زیانِ مشتری آن یکسری
او گریزانید مالش را ولیک | خونِ خود را ریخت اندر یاب نیک
یک زیان دفعِ زیانها می‌شدی | جسم و مالِ ماست جانها را فدی
پیشِ شاهان در سیاست گستری | می‌دهی تو مال و سر را می‌خری

دوسرے دن بولا وہ کُتّا کہ ہان | مرغ بیہودہ وہ کل پرسون کہان
کب تلک یہ جھونٹ و مکر آخر ترا | آشیان سے نے بجز جھونٹ اور اُڑا
بولا حاشا نہ وہ میری جنس سے | جھونٹ سے رسوا ہوئی ہم کب ولے
چون مؤذن مرغ ہم ہین راست گو | ہین رقیبِ آفتاب و وقت جو
پاسبان خورشید کی ہم دل سے ہین | گر چھپا دین ہمکو اوندھی طشت مین
پاسبان خورشید کے ہین اولیا | ہین بشر مین جانتے سرِ خدا
حق نے ہمکو واسطے بانگِ نماز | تحفہ انسان کو دیا اندر جہاز
ہم سے گر بے وقت ہو جاوے اذان | سہو سے تو قتل کردین بیگمان
کہنا بے ہنگام حی علی الفلاح | خون ہمارا کرتا ہے خوار و مباح
جو کہ معصوم اور غلط سے پاک ہے | وحی جان کا مرغ وہ بیباک ہے
مشتری کے پاس جا کر وہ غلام | مر گیا نقصان ہوا اُسکا تمام
مال اپنے کو بچایا اُس نے پر | کشتہ اپنے کو کیا ہے نفع پر
ایک نقصان دافعِ نقصان ہے | اپنی جان پر مال و تن قربان ہے
بادشاہوں کی سیاست گر مین تو | مال دے کر کے چھوڑائی جان کو

سلہ بولا حق الخ یہ شعر حق نے کہا واسطے نفاق نامبارک کے ترجمہ انکی لڑائی آپس مین سخت ہے اپنے آپس مین وہ مردانہ ہین اور غزا مین مانند زنان خانہ کے ہین نبی علیہ السلام نے کہا کہ جو بادشاہ غیب کے ہین ترجمہ نہین ہے مردانگی اول لڑائی سے کہ وقت دعوی غزا کی شرطین کرتے ہین اور وقت لڑائی کے وہ عاجز رہتے ہین وقت ذکر غزا کے انکی تیغ دراز ہے اور معرکہ مین تیغ انکی مانند پیاز کے ہے بوقت اندیشہ کے انکا دل زخمی چاہنے والا ہے ورانکی مشک ایک سوئی سے خالی ہو افسوس ہے یعنے مدعیان ریاکار آپس مین بوقت بزم شیر قالین ہین اور ہنگام معرکہ روباہ سے بدتر ہین بسبب ہونے معنی کے آگے حقائق ہین فافہم ۱۲ ملہ اس سے الخ یہ شعر یعنی اس بات سے حیران ہون کہ صفائی ڈھونڈھتا ہے اور وقت جلا کے جفا سے بھاگتا ہے عشق مانند دعوی کے ہے اور جفا پانا گواہ کا ہے جو گواہ نہین ہے تو دعوی تباہ ہے جیسے قاضی گواہ سے تو رنجیدہ ہو سانپ پر بوسہ دے وہ گنج پاوے وہ تجھ مین جفا نہین ہے بلکہ وصف بد ہے کہ جو تجھ مین ہے آگے اسکی مثال ہے اگر کوئی لاٹھی نمدے پہ مارے وہ نمدے پر نہین مارتا ہے بلکہ گرد ان پر مارتا ہے اگر کوئی غصہ سے سپ کو مارے وہ عیب کو مارتا ہو دابہ کو تاکہ عیب کو چھوڑے وہ خوش رفتار ہووے کیونکہ شیرہ قند سے بادہ گلاب ہوتا ہے یعنے جفا باعث صفا ہے کیونکہ بعد رنج کے راحت ہو اور جفا پیر کے اخلاق ذمیمہ کے صاف کرنے کو آئی ہے کہ پاک ہو تا اسکے تکلیف دینے کو آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲-

چون گواہی داد این قاضی مرنج	بوسہ دہ بر مار تا یابی تو گنج	تجھسے قاضی ہے گواہ مت کر تو رنج	بوسہ دے تو سانپ پر تا پاوے گنج
آن جفا با تو نباشد اے پسر	بلکہ با وصف بدے اندر تو در	وہ جفا تجھ مین نہین ہے جان لے	بلکہ وصف بد سے جو کہ تجھ مین ہے
بر نمد چوبے کہ آن را مرد زد	بر نمد آن را نزد بر گرد زد	ملے لاٹھی کوئی نمدے پر اگر	مارے نمدے پر نہ مارے گرد پر
گر بزد مر اسپ را آن کینہ کش	آن نزد بر اسپ زد بر سکسکش	گر کوئی غصہ سے مارے اسپ کو	مارے اسکے عیب کو نہ اسپ کو
تا ز سکسک وا رہد خوش پی شود	شیرہ را زندان کنی تا مے شود	تا کہ چھوٹے عیب خوش رفتار ہو	قید سے شیرہ مئے گلنار ہو
آن یکے میزد یتیمے را بہ قہر	قند بود آن لیک بنمودے چو زہر	[1] مارتا اک تھا یتیم اک کو بہ قہر	قند تھا وہ پر دکھے تھا مثل زہر
دید مردے آن چنانش زار زار	آمد و بگرفت زودش در کنار	مرد نے دیکھا جو اسکو بر ملا	دوڑ کر گودی مین جلدی لے لیا
گفت چندان آن یتیمک را زدے	چون نترسیدی ز قہر ایزدی	بولا اتنا تو یتیمون کو نہ مار	قہر حق سے کیون نہین ڈرتا ہے یار
گفت او را کے زدم اے جان دوست	من بران دیو زدم کو اندر وست	بولا اسکو مین نے کب مارا ہے جان	دیو کو مارا جو اسمین ہے نہان
مادر ار گوید ترا مرگ تو باد	مرگ آن خو خواہد و مرگ فساد	گر کہے مان موت تجھکو ہو جیو	چاہتی ہے موت خوئے بد کی وہ
آن گروہے کز ادب بگریختند	آب مردے آب مردان ریختند	وہ گروہ بھاگا ہے جو آداب سے	آبروئے مردی مردان کھوئی ہے
غازیان شان از دغا وا راندند	تا چنین حیز و مخنث ماندند	[2] غازیون نے انکو خارج کر دیا	جنگ سے کہ ہون مخنث پست پا
لاف و غرہ ژاژ خا را کم شنو	با چنینہا در صف ہیجا مرو	مت سن بیہودون کی تو شیخی ذرا	جنگ مین نہ ساتھ نامردون کے جا
زانکہ زادوکم خبالا گفت حق	کز رفیق سست برگردان ورق	کیونکہ زادوکم خبالا حق کہے	کہ رفیق سست سے منہ پھیر لے
کر گر ایشان با شما ہمرہ شوند	غازیان بے مغز ہمچون کہ شوند	کہ ہمارے وہ اگر ہمراہ ہون	غازی سب بے مغز مثل کاہ ہون
خویشتن را با شما ہم صف کنند	پس گریزند و دل صف بشکنند	خود تمھارے ساتھ صف مین وہ رہین	پیش ہی بھاگین دلکو صف کے توڑ دین
پس سپاہی اندکے بے این نفر	بہ کہ با اہل نفاق آید حشر	پس سپہ تھوڑی بغیر ان حیز کے	بہتر اس سے کہ وہ بھاگین خوف سے
ہست بادام کم خوش بیختہ	بہ ز بسیارے بہ تلخ آمیختہ	تھوڑے سے بادام بہتر ہین چھنے	ان بہت سے جو کہ ہون کڑوے ملے

[1] مارتا تھا الخ، شعر ایک شخص ایک یتیم کو قہر سے مارتا تھا وہ مارنا قند تھا ولیکن زہر دکھائی دیتا تھا جو اسکو مرد نے دیکھا بر ملا دوڑ کر گود مین جلدی سے لے لیا کہا کہ تو اسقدر یتیمون کو مت مار قہر خدا سے تو کیون نہین ڈرتا ہے کہا کہ مین نے اسکو کب مارا ہے مین نے تو دیو کو مارا کہ جو اسمین پوشیدہ ہے اگر کوئی بچہ کو کہے کہ تجھے موت ہو جیو پس وہ موت خوئے بد کی چاہتی ہے آگے حقائق ہین وہ گروہ جو آداب سے بھاگتا ہے آبرو مردی و مردون کی کھوتا ہے یعنے جس نے آداب چھوڑا گویا آبرو مردی و مردون کی کھوئی آگے اسکے حقائق کا بیان ہے فافہم ۱۲

[2] غازیون الخ، شعر انکو غازیون سے خارج کر دیا جنگ نے کہ مخنث پست پا ہون تو بیہودون کی شیخی مت سن اور جنگ کو ان نامردون کے ساتھ مت جا کیونکہ حق نے کہا ترجمہ نہ زیادہ کیا تمکو مگر تباہی رفیق سست سے تو منہ پھیر لے کہ اگر وہ ہمارے ہمراہ ہون سب غازی مانند گھانس کے ہون اگر وہ خود تمھارے ساتھ رہین بھاگین اور تمھارے صف دل کو توڑین تھوڑی سپاہ بے ان حیزون کے بہتر ہے اس سے کہ وہ خوف سے بھاگین آگے اسکی مثال ہے تھوڑے بادام چھنے ہوئے بہتر ہین ان بادامون سے کہ جو کڑوے ملے ہون یعنے تھوڑے مردان حق بہتر ہین ان بہت ریاکارون سے کہ جو آفت لائین اور گمراہی مین ڈالین آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

تلخ و شیرین گر بصورت یکشے اند | نقص ازان افتاد که هم دل نیند
کبر ترسان دل بود که از گمان | می زید در شک ز حال آن جهان
می رود او ره نداند منزلے | گام ترسان می نهد اعمی دلے
چون نداند ره مسافر چون رود | با تردد ها و دل پر خون شود
هر که گوید هاے این سو راه نیست | او کند از بیم آنجا وقف و ایست
ور بداند ره دل با هوش او | کے رود هر هاے و هو در گوش او
پس مشو همراه این اشتر دلان | زانکه وقت ضیق و بیم اند آفلان
پس گریزند و ترا تنها هلند | گرچه اندر لاف سحر بابل اند
تو ز رعنایان مجو هین کارزار | تو ز طاؤسان مجو صید و شکار
طبع طاؤسیت وسوست کند | دم زند تا از مقامت بر کند

میٹھے کڑوے ایک صورت میں ہیں | جو نہیں یکدل ہیں ضد باہم رکھیں
گھبر ڈرتا ہی گمان سے زندہ ہے | شک میں اس عالم کے وہ احوال سے
راہ چلتا ہے نہ منزل جانتا | اور قدم ڈر کے رکھے مثل عمی
جو نہ جانے راہ وہ کیونکر چلے | ہو پریشان اور دل پر خون رکھے
جو کہے ہائے ادھر رستہ نہیں | ٹھہر جائے ڈر سے وان کرکے یقین
جو دل پر ہوش جانے راہ کو | کب سنے ہر ایک ہائے ہو کو وہ
ان شتر کینوں کے تو ہمرہ نجا | کیونکہ وقت خوف یہ ہوویں جدا
پس وہ بھاگیں تجھکو تنہا چھوڑ دین | سحر بابل گرچہ دعوی میں رکھیں
خشک بانکوں سے تو مت لے کارزار | اور نہ طاؤسوں سے چہ تو کچھ شکار
طبع طاؤسی تری خطرہ کرے | دھوکا دے تجھکو اکھیڑے جا سے

گفتن شیطان با قریش که بجنگ احمد علیه السلام آئید که من یاریها کنم و قبیلۂ خود را بمدد خوانم و گریختن او در ملاقات صفین

کہنا شیطان کا قریش کو کہ تم احمد علیہ السلام سے لڑو میں تمھاری مدد کروں اور اپنی قوم کو واسطے مدد کے لاؤں اور بھاگنا اسکا عین مقابلہ میں

همچو شیطان کو سوے قریش | دم دمید و گفت گرد آرید جیش
تا که در احمد هزیمت افگنیم | بیخ و بنیادش از زمینش بر کنیم
چونکه شیطان در سپه شد هم یکم | خواند افسون را انی جار لکم
چون سپه گرد آمد از گفت او | کرد ایشان بحیلت گفتگو

اور قریشون کو دیا شیطان نے دم | مکر سے بولا کرو لشکر بہم
تاکہ احمد کو شکست اب دیوین ہم | اور زمین سے جڑ انکی کھودیں ہم
جبکہ شیطان فوج میں آکر ملا | انی جار لکم کہنے لگا
جمع لشکر اسکے کہنے سے ہوا | مکر و حیلہ سے انھیں دھوکا دیا

سلہ میٹھے الخ۔ اشعر میٹھے وکڑوے ایک سی صورت میں ہیں جو ایک دل نہیں ہیں ضد باہم رکھتے ہیں گبر ڈرتا ہے اور گمان سے زندہ ہے وہ شک میں اس عالم کے احوال سے راہ چلتا ہے اور منزل نہیں جانتا ہے اور قدم رکھتا ہے مثل اندھوں کے جو راہ نہ جانے وہ کیونکر ✱ پریشان ہووے اور دل پر خون رکھے جو کوئی کہے کہ افسوس ادھر راستہ نہیں ہے وہاں ٹھہر جائے یقین کرکے جو دل پر ہوش کر راہ جانے کب وہ سنے ہر ایک ہائے ہو کو ان شتر کینہ والوں کے ہمراہ نہ جا کیونکہ وقت خوف کے وہ جدا ہو پس وہ بھاگیں اور تم کو تنہا چھوڑ دین اگرچہ سحر بابل وہ دعوی میں رکھیں خشک بانکوں سے تو مت لے کام لڑائی کا اور طاؤسوں سے مت چاہ کچھ شکار تیری طبع طاؤسی خطرہ کرے تجکو دھوکا دے اور جگہ سے اکھیڑ دے یعنے ان ریاکاروں سے تو بھاگ اور ظاہر آرایوں سے طمع مت رکھ کہ تجھکو یہ گمراہ کرین و بلا میں ڈالیں جیسے ابلیس نے قریشیوں کو دھوکا دے کر بلا میں ڈالا چنانچہ انکا قصہ مثال میں آگے فرماتے ہیں فافہم ۱۲ سلہ جو قریشون الخ ہم شعر جیسے قریشوں کو شیطان نے دم دیا اور مکر و حیلہ سے کہا کہ لشکر جمع کرو تاکہ ہم احمد صلی اللہ علیہ وسلم کو شکست دیں اور زمین سے جڑ انکی اکھیڑیں رستم بن کر اس خر کی دم نے سپاہ میں دم دیا کہ میں تحقیق ہمسایہ مددگار تمھارا ہوں اسکے کہنے سے لشکر جمع ہوا اور انکو مکر و حیلہ سے کہا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ تحقیق ہمسایہ مددگار تمھارا ہوں ۱۲

گر بیارم من قبیلۂ خویش را — تا کہ در ہیجا بود پشت شما
مر شما را عون و یاریہا کنم — تا سپاہ دشمنان را بشکنم
چون قریش از گفت او حاضر شدند — ہر دو لشکر در ملاقات آمدند
از ملائک دید شیطان انبہی — سوی صف مومنان اندر رہی
آن جنود الم تروہا صف زدہ — گشت جان او ز بیم آتشکدہ
پای خود واپس کشیدہ برگرفت — کہ ہمی بینم سپاہی بس شگفت
کہ اخاف اللہ مالی منہ عون — اذہبوا انی اری ما لا ترون
گفت حارث ای سراقہ شکل ہین — دی چرا تو می نگفتی اینچنین
گفت این دم من ہمی بینم حرب — گفت می بینی جعاشیش عرب
می نہ بینی غیر این لیک ای تو ننگ — آن زمان لاف بود این وقت جنگ
دی ہمی گفتی کہ پایندان شدم — کہ بودتان فتح و نصرت دمبدم
دی زعیم الجیش بودی ای لعین — وین زمان ناچیز و نامرد و مہین
تا بخوردیم آن دم تو و آمدیم — تو بتون رفتی و ما ہیزم شدیم
چونکہ حارث با سراقہ گفت این — از عتابش خشمگین شد آن لعین
دست خشمین ز دست او کشید — چون ز گفت اوش درد دل رسید
سینہ اش را کوفت شیطان و گریخت — خون آن بیچارگان زین مکر ریخت
چونکہ ویران کرد چندین عالم او — پس بگفت انی بری منکم

کہ بلاتا ہوں میں اپنی قوم کو — تا مدد لڑنے میں ان سے تم کو ہو
اور مددگاری تمہاری میں کروں — تا شکست اب لشکر دشمن کو دوں
جمع کہنے سے قریش اسکے ہوئے — دونوں لشکر آ مقابل ہو گئے
دیکھا انبوہ ملک شیطان نے — مومنوں کی صف کی جانب ہیں کھڑی
وہ جنود الم تروہا صف بندی — ڈر سے اسکی جان آتش میں جلی
پاؤں اپنا پیچھے کھینچا اور ہٹا — کہ میں دیکھوں ہوں سپاہ نادرا
کہ اخاف اللہ مالی منہ عون — اذہبوا انی اری ما لا ترون
بولا حارث جو سراقہ شکل ہاں — کیوں نہ کل ایسا کیا ہے بیان
بولا دیکھوں ہوں لڑائی سخت اب — بولا دیکھے تو گدایان عرب
تو نہ دیکھے ان سوا اے شوخ و ننگ — اس گھڑی دعوی تھا اور ہے وقت جنگ
کل یہ کہتا تھا کہ ہوں ثابت قدم — کہ تمہیں ہو فتح و نصرت دمبدم
کل تو تھا سردار لشکر کا لعین — آج ہے ناچیز نامرد و حزین
تیرا دھوکا کھا کے ہم یاں آئے ہیں — ہم ہوں ہیزم تو گیا حمام میں
جو یہ حارث نے سراقہ سے کہا — اسکی خفگی سے لعین غصہ ہوا
کھینچا اپنا ہاتھ اسکے ہاتھ سے — درد دل پہونچا جو اسکی بات سے
سینہ اسکا کوٹ شیطان چل دیا — مکر سے ان عاجزوں کا خون کیا
ویران اک عالم کیا ہے اسنے جو — پس کہا انی بری منکم

سلہ کہ بلاتا ہوں الخ یہ شعر کہ میں اپنی قوم کو بلاتا ہوں تا اُنسے تم کو لڑنے میں مدد ہووے اور میں تمہاری مدد کروں تاکہ لشکر دشمن کو شکست دوں انکے کہنے سے قریش جمع ہوے اور دونوں لشکر آکر مقابل ہوے شیطان نے انبوہ ملائک کو دیکھا کہ جانب صف مومنین کے کھڑے ہیں ترجمہ وہ سپاہ کہ دکھلائی نہ دے صف بندی اور انکے ڈر سے جان شیطان کی آتش میں جلی اپنا پاؤں پیچھے کھینچا اور ہٹا کہ میں سپاہ نادر دیکھتا ہوں باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ کہ اخاف الخ یہ شعر ترجمہ میں خدا سے ڈرتا ہوں کہ مجکو اُنسے مددگاری نہیں جاؤ تم میں نے تحقیق دیکھا جو تم کو نہیں دکھائی دیتا ہے حارث نے کہا کہ اے سراقہ شکل ہاں تو نے کل ایسا کیوں نہ کہا کہا کہ میں اب لڑائی سخت دیکھتا ہوں کہا کہ تو گدایان عرب کو دیکھتا ہے تو انکے سوا نہیں دیکھتا ہے وہ وقت دعوی کا تھا اور یہ وقت جنگ کا ہے باقی حال آئے ہے فافہم ۱۲ سلہ کل الخ یہ شعر کل تو یہ کہتا تھا کہ میں ثابت قدم ہوں اور تمہیں دم بدم فتح و نصرت ہو کل تو سردار لشکر کا تھا آج تو نامرد و ناچیز ہے ہم یہاں تیرا دھوکا کھا کر آئے ہیں پس ہم ہیزم ہوئے اور تو حمام میں گیا جو حارث نے سراقہ سے کہا اسکی خفگی سے وہ لعین غصہ ہوا اپنا ہاتھ اسکے ہاتھ سے کھینچا جو درد دل اسکی بات سے پہونچا اُسکا سینہ کوٹ کر شیطان چل دیا اور مکر سے ان عاجزوں کا خون کیا ایک عالم جو ویران کیا پس کہا ترجمہ تحقیق میں علیحدہ ہوں تم سے سینہ کو مارا اور گرایا اسکو بھی بچا کا جو ہیبت بھاگنے کی ہوئی آگے اسکے حقائق ہیں فافہم ۱۲۔

عہ وہ سپاہ کہ دکھلائی نہ دیے ۱۲۔ عہ ڈرتا ہوں میں خدا سے کہ مددگاری اسنے مجکو نہیں ۱۲۔ عہ جاؤ تم تحقیق میں نے دیکھا جو تم کو نہیں دکھائی دیتا ۱۲۔ عہ تحقیق میں علیحدہ ہوں تم سے ۱۲۔

کوفت اندر سینه و انداختش	پس گریزان شد چو هیبت تاختش	کوٹا سینہ اور گرایا اسکو بھی	بھاگا کہ ہیبت بھاگنے کی جو ہوئی
نفس و شیطان هر دو یک تن بوده اند	در دو صورت خویش را بنموده اند	نفس و شیطان[۱] ایک تن دونون ہوے	خود کو دو صورت مین دکھلایا تجھے
چون فرشته و عقل کایشان یک بدند	بهر حکمتهاش دو صورت شدند	جس طرح عقل و فرشتہ ایک تھے	واسطے حکمت کے دو صورت بنے
دشمنے داری چنین در سر خویش	مانع عقل ست و خصم جان و کیش	ایسے دشمن کو تو باطن مین رکھے	مانع عقل و عدوے جان ہے
یک نفس حمله کند چون سوسمار	پس بسوراخے گریزد در فرار	اک دفعہ حملہ کرے جون سوسمار	پھر گھسے سوراخ مین کرکے فرار
در دل او سوراخها دارد کنون	سر ز هر سوراخ می آرد برون	دلمین سوراخین وہ رکھتا ہی وے	سر ہر اک سوراخ سے باہر کرے
نام پنهان گشتن دیو از نفوس	و اندران سوراخ رفتن شد خنوس	گھستے[۲] سوراخون وہ چھپتے نفس سے	پس خنوس اس دیو کا اک نام ہے
که خنوسش چون خنوس قنفذ ست	چون سر قنفذ ورا آمد شد ست	چھپنا اسکا مثل چھپنے سیہ کے ہی	باہر اندر مثل سیہ سر کو رکھے
که خدا آن دیو را خناس خواند	کو سر آن خارپشتک را بماند	کہ کہا خناس حق نے دیو کو	اسکا سر مانند سیہ کے جان تو
می نهان گردد سر آن خارپشت	دمبدم از بیم صیاد درشت	سر نہان اس سیہ کا جو ہوے ہی	دمبدم پر خوف سے صیاد کے
تا چو فرصت یافت سر آرد برون	زین چنین مکری شود مارش زبون	جب ملے فرصت نکالے سر کو وہ	مکر اسکا ایسا پھانسے سانپ کو
گر نه نفس از اندرون راهت زدی	رهزنان را بر تو کے دستے بدی	نفس رہ تیری نہ اندر مارتا	رہزنون کا ہاتھ کیسے پہونچتا
زان عوان مقتضی که شهوت ست	دل اسیر حرص و آز و آفت ست	اس[۳] سپاہی سے کہ شہوت ہے دلا	دل ہی قیدی حرص اور آفات کا
زان عوان بدتر شدی تو دزد و تباه	تا عوانان را بقهر تست راه	اس سپاہی سے ہوا تو چور ہے	قہر تجھپر وہ سپاہی جو کرے
در خبر بشنو تو این پند نکو	بین جنبیکم لکم اعدا عدو	سن حدیثون مین تو یہ پند نکو	بین جنبیکم لکم اعدا عدو
طمطراق این عدو مشنو گریز	کو چو ابلیس ست در رنج و ستیز	اس عدو کا کر و فر مت سن تو جا	ہی خصومت عجز مین ابلیس سا
بر تو او از بهر این دنیاے سرد	آن عذاب سرمدے را سهل کرد	تجھپے دنیاے لیئے آسان کیا	اسنے وہ رنج و عذاب دائما
چه عجب گر مرگ را آسان کند	او ز سحر خویش صد چندان کند	کیا عجب گر مرگ کو آسان کرے	سحر اپنے کو وہ سو چندان کرے

[۱] نفس الخ ۔ شرح نفس او شیطان دونون ایک تن ہوے اور خود کو دو صورت مین دکھلایا جیسے عقل و فرشتہ ایک تھے مگر واسطے حکمت کے دو صورت بنے تو ایسے دشمن کو باطن مین رکھتا ہے جو منع عقل و عدو جان کا ہے ایک دفعہ حملہ کرے مانند سوسمار کے پھر سوراخ مین گھسے بھاگ کر دل مین سوراخین دور رکھتا ہے ولیکن سر ہر ایک سوراخ سے نکالتا ہے یعنے نفس و شیطان ایک ہین پس نفس بھی مانند شیطان کے دھوکا دیتا ہے اور وہ تیرے دل مین رہتا ہے تو اس سے ہوشیار رہ آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ ۔ [۲] گھستے الخ ۔ شرح نفس کے سوراخون مین گھستے اور چھپنے سے خنوس اس دیو کا نام رکھا اسکا چھپنا مثل چھپنے سیاہی کے ہے کہ اندر باہر مثل سیاہی کے سر کو رکھتا ہے کہ حق نے خناس کہا ہے دیکھو اسکا سر مانند سیاہی کے جان یعنے خناس خنوس سے ہے اور خنوس چھپنے والی چیز کو کہتے ہین چونکہ نفس بھی دل مین چھپتا ہے اسواسطے نفس کو حق نے خناس کہا ہے سر پوشیدہ اس سیاہی کا جو ہوتا ہے دمبدم ولیکن خوف سے صیاد کے جب فرصت ملے وہ سر کو نکالے اسکا ایسا مکر سانپ کو پھانسے تیری کا نفس باطن مین نہ مارتا تو رہزنون کا کیسے ہاتھ پہونچتا ہے باقی حال آگے فافہم ۱۲ ۔ [۳] اس سپاہی الخ ۔ شرح اس سپاہی سے کہ وہ شہوت ہے دل قیدی ہے حرص و آفات کا اس سپاہی سے تو چور ہوا ہے تا وہ سپاہی تجھپر قہر کرے تو سن حدیثون مین نصیحت نیک ترجمہ درمیان دو پہلو تمہارے کے بڑا دشمن تمہارا ہے اس عدو کا کر و فر مت مان اور وہ عجز مین خصومت ابلیس کے مانند ہے تجھپر دنیا کے واسطے آسان کیا اسنے وہ رنج و عذاب ہمیشہ کیا تعجب ہے کہ اگر مرگ آسان کرے وہ اپنے سحر سے سو چندان کرے سو گنا صفت سے کہ کر دے کہ مانند کاہ کے کر دے یعنے نفس کا مکر مانند ابلیس کے ہے کہ رنج تجھپر دنیا کے واسطے اسنے آسان کر دیا ہے کیا تعجب ہے کہ وہ تجھکو بے ایمان کر دے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ ۔ [۴] درمیان پہلو تمہارے کے

سحر کابے را بہ صنعت کہ کُند	بازکوہی را چو کاہے مے نہد	سحر کردے کاہ کو صنعت سے کوہ	کوہ کو جوں کاہ پھر کر دیوے وہ
زشتہا را نغز گرداند بہ فن	نغزہا را زشت گرداند بہ ظن	زشت کو کردے ہنر سے خوبرو	زشت ہی کر دے گمان سے خوب کو
آدمی را خر نماید ساعتے	آدمی سازد خرے را ز آیتے	آدمی کو ایک دم میں کردے خر	اک علامت سے کرے خر کو بشر
کار سحر اینست کہ دم می زند	ہر نفس قلب حقائق مے کند	سحر کا یہ کام کہ دم دیوے وہ	ہر گھڑی پلٹے حقائق کو ہر دو
اینچنین ساحر درون تست سر	ان فی الوسواس سحرًا مستتر	ایسا ساحر تجھ میں ہے تو پا یہ سر	انَّ فی الوسواس سحرًا مستتر
اندران عالم کہ ہست این سحرہا	ساحران ہستند جادوے کشا	اندر اس عالم کے بھی یہ سحر ہیں	اور ساحر جو سحر کو کھول دیں
اندران صحرا کہ رُست این زہر تر	نیز روئیدست تریاق ای پسر	اندر اس عالم کے یہ سم ہے اگا	اے پسر تریاق بھی پیدا ہوا
گویدت تریاق از من جو سپر	کز زہرم من تو نزدیک تر	کہتا ہے تریاق مجھ سے لے سپر	زہر سے میں تیرے ہوں نزدیک تر
گفت او سحرست و ویرانے تو	گفت من سحرست دفع سحر او	کہتا اسکا سحر تیرے حق میں ہے	کہتا میرا سحر توڑے اسکا سحر
گفت پیغمبر کہ ان فی البیان	سحر او حق گفت آن خوش پہلوان	بولے پیغمبر کہ ان فی البیان	سحر حق اسکو کہے وہ پہلوان
لیک سحرے دفع سحر ساحران	مایۂ تریاک باشد در بیان	سحر ہے پر دفع سحر ساحران	مایۂ تریاق ہے اندر بیان
آن بیان اولیاء و اصفیاست	کز ہمہ اغراض نفسانی جداست	وہ بیان ہے اولیا کا برملا	کہ وہ نفسانی غرض سے ہی جدا
حاصل آن کز زہر نفس دون گریز	نوش کن تریاق مرشد چست و تیز	الغرض کہ بھاگ زہر نفس سے	نوش کر تریاق مرشد جلد لے
این طلسم سحر نفس اندر شکن	سوے گنج پیر کامل نقب زن	یہ طلسم سحر نفس اب توڑ تو	نقب کامل پیر کے دے گنج کو
بس بود از سحر این سو آغاز زان	جانب مہمان و مسجد باز ران	طول ہے یہ لوٹ سوئے ابتدا	جانب اس مہمان مسجد کے تو جا

مکر کردن عاذلان پند را بہ مہمان مسجد مہمان کُش — مکر کرنا نصیحت ملامت کرنے والوں کا اس مہمان مسجد مہمان کُش کو

ہین مکن جلدی برو ای بو الکرم	مسجد ما را مکن زین متہم	مت کرو جلدی تو جا اے بو الکرام	تو نہ کر مسجد ہماری متہم

سلہ زشت کو اچھا، شعر زشت کو ہنر سے خوبرو کرے اور خوبرو کو گمان سے زشت کردے آدمی کو دم بھر میں خر کردے اور خر کو ایک علامت سے بشر کردے سحر کا یہ کام ہے کہ دم دیوے اور ہر گھڑی وہ حقائق کو پلٹتا ہے ایسا ساحر تجھ میں ہے تو اس بھید کو پا ترجمہ تحقیق وسواس میں سحر ہے ہمیشہ یعنے وہ سحر نفس یہ خیالات ہیں کہ انسان کو ہر ترکرتے ہیں پس تمام عالم میں بھی یہ سحر ہیں اور ساحر بھی کہ سحر کو کھول دیں اس صحرا میں یہ سم اگا ہے اور تریاق بھی پیدا ہوا ہے تریاق کہتا ہے کہ مجھ سے سپر لے تیرے زہر سے نزدیک تر ہوں اسکا کہنا سحر تیرے حق میں زہر ہے میرا کہنا سحر اسکا توڑتا ہے یعنے خطرات نفسانی بھی سحر ہیں اور ہدایت اولیا بھی سحر ہیں پس سحر اولیاء اللہ سے نفس کو توڑتا ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ یعنے اچھا شعر جناب رسول مقبول صلعم نے فرمایا ترجمہ تحقیق بیان میں سحر ہے پس سحر حق اسکو کہیں مصطفےٰ سحر ہے ولیکن دفع سحر ساحران ہے اور مایۂ تریاق بیان ہے وہ بیان اولیاء اللہ کا ہے ظاہر ہے کہ نفسانی غرض سے جدا ہے الغرض کہ بھاگ زہر نفس سے جلد تریاق مرشد لے و نوش کر یہ طلسم نفس اب تو توڑ اور گنج پر نقب کامل دے یہ بات طول ہے تو لوٹ جانب ابتدا کے اور جانب اس مہمان مسجد کے جا یعنے زہر نفس سے تو بھاگ اور تریاق ہدایت مرشد نوش کر کہ منزل مقصود کو پہونچے آگے بیان اہل نصیحت مسجد مہمان کش کا ہے فافہم ۱۲ سلہ مت کرے اچھا شعر تو جلدی مت کر اور جا اے ابو الکرم اور ہماری مسجد کو تو متہم نہ کر اگر دشمن کے ازراہ دشمنی کے اور ہم پر کل طعنہ زنی کرے کہ کسی ظالم نے کلام کر کے تو شا مسجد کا بعید کرکے وہ تو صحیح سالم تھا قتل کے حیلہ کو مسجد پر رکھا کہ یہ مسجد بدنام ہے اس لئے اے سخت جان تو بہر تہمت مت رکھ ہمکو مکر دشمن سے امن نہیں ہے جا جلدی مت کر اور سودا مت پکا عالم ہمیں سے تو تاپ نہ سکے بھرسے شکی کر نیالے بخت نے ڈاڑھی نوچی اپنے آپ اب تو جا اور کہ یہ جنگ و قال خود پر اور بے سر مت لا و بال آگے جواب مہمان کا ہے فافہم ۱۲ سلہ تحقیق وسواس میں سحر ہے ہمیشہ سلہ تحقیق کہ بیان میں سحر ہے ۱۲

گر بگوید دشمنے از دشمنے — آتشے در ما زند فرد او نے
گر بتاساید او را ظالمے — بر بہانہ مسجد او بد سالمے
تا بہانہ قتل بر مسجد نہد — چونکہ بدنام ست مسجد او جہد
تہمتے بر ما منہ اے سخت جان — کہ نہ ایم ایمن ز مکر دشمنان
ہین برو جلدی مکن سودا مپز — کہ نتان پیمود کیوان را بہ گز
چون تو بسیاران بلافیدہ ز بخت — ریش شان بر کندہ یک یک لخت لخت
ہین برو کوتاہ کن این قیل و قال — خویش و ما را در میفگن در وبال

گر کہے دشمن زراہ دشمنی — اور وہم پر کل کرے طعنہ زنی
کہ گلا گھونٹا کسی ظالم نے آ — حیلہ گر مسجد کا وہ تو خوب تھا
قتل کے حیلہ کو مسجد پر رکھے — کہ یہ ہے بدنام مسجد اس لیے
ہم پہ تہمت رکھ نہ تو اے سخت جان — ہو نہ ہمکو مکر دشمن سے امان
جا نہ کر جلدی تو مت سودا پکا — نے سکے تو گز سے عالم ناپنیا
تجھسے شیخی کرنیوالے بخت نے — ڈاڑھی نوچی اپنی آخر آپ سے
اب تو جا کوتاہ کر یہ قیل و قال — خود پر اور ہم پر نہ لا تو بس وبال

جواب گفتن مہمان ایشان را و مثل آوردن بدفع حارس کشت بابانگ دف از کشت شتری را کہ کوس محمودی بر پشت او میزدندے

جواب دینا مہمان کا انکو اور مثال لانا سادف کرنے کھیت والے کے کھیت سے اونٹ کو آواز دف سے کہ نقارہ محمودی اسکی پیٹھ پر بجتا تھا

گفت اے یاران از آن دیوان نیم — کہ ز لا حولے ضعیف آید بہم
کودکے کو حارس کشتے بدے — طبلکے در دفع مرغان می زدے
تا رمیدے مرغ از ان طبلک ز کشت — کشت از مرغان سلامت میگذشت
چونکہ سلطان شاہ محمود کریم — بر گذر زد آن طرف خیمہ عظیم
با سپاہے ہمچو استارہ اثیر — انبہ و قیر و زن و صفدر ملک گیر
اشترے بد کو بدے حمال کوس — بختی بد پیشرو ہمچون خروس
بانگ کوس و طبل بر وے روز و شب — میزدندے در رجوع و در طلب
اندران مزرع در آمد آن شتر — کودک آن طبلک بزد در حفظ بر
عاقلے گفتش مزن طبلک کہ او — پختۂ طبل ست با آن است خو

بولا یارو وہم نہیں اس دیو سے — کہ قدم لاحول سے عاجز رہے
تھا نگہبان ایک لڑکا کھیت کا — دف بجا کر مرغ دفع کرتا تھا
بھاگتی تھی مرغ دف سے کھیت کے — کھیت رہتا تھا سلامت مرغ سے
جو کہ سلطان وشہ محمود نے — اس طرف خیمہ کیا بس راہ پے
مثل تارون کے سپاہ ہمراہ تھی — ملک گیر و صف شکن باجاہ تھی
تھا شتر نقارہ اسپے لادتے — پیشرو وہ اونٹ تھا جون مرغ کے
اور نقارہ بجاتے اسپے تھے — رات دن کوچ و مقام اندر وے
اونٹ وہ اس کھیت کے اندر گیا — دف کو وہ لڑکا بجانے بس لگا
ایک عاقل نے کہا دف مت بجا — اونٹ نقارہ کا ہے یہ شاہ کا

(حارس

سلہ بولا الخ ۳ شعر کہا کہ ای یارو مین اس دیو سے نہین ہون کہ لاحول سے قدم عاجز ہو آگے اسکی مثال ہے ایک نگہبان طفل کھیت کا تھا کہ دف بجاکر مرغ کو ہانکتا تھا مرغ بھاگتے تھے کھیت کے دف سے کھیت سلامت رہتا مرغ سے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔
سلہ جو کہ الخ ۵ شعر جو کہ سلطان محمود نے اس طرف خیمہ کیا راہ پر مانند ستارون کے ہمراہ سپاہ تھی ملک گیر اور صف شکن باجاہ تھی ایک شتر تھا کہ اسپر نقارہ لادتے تھے اور وہ اونٹ پیشرو تھا مانند مرغ کے اسپر نقارہ بجاتے تھے رات دن کوچ و مقام مین وہ اونٹ اس کھیت مین آیا اور وہ لڑکا دف بجانے لگا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ ایک الخ ۶ شعر ایک عقلمند نے کہا کہ دف نہ بجا یہ اونٹ نقارہ بادشاہی کا ہے اسکے آگے ڈگڈگی کیا شے ہے نوبت شاہی ہمیشہ بار اٹھائی ہے آگے اسکے حقائق ہین مین عاشق کشتہ قربان کا ہون میری جان نوبتگاہ طبل بلا کی ہے یہ ڈھانا ایک ڈگڈگی ہے اس سے زیادہ دیکھا ہے جو کچھ کہ ہوا ہے اسے حرتغیو مین آتین نہین ہون کہ خیالون سے اس راہ مین رہ جاؤن آگے اسکی مثال ہے مثل اسمٰعیلؑ کے آزاد ہون یعنے مین عاشق حق ہون اور میری جان پر صدہا بلائین آتی ہین بیہودہ ناچکو کب راہ سے پھیر سکتا ہے فافہم ۱۲۔ عہ حارث ۔ کاشتکار ۔ حارس ۔ نگہبان ۱۲ مصحح

پیش او چہ بود تو راکہ تو طفل / گر گشاد او طبل سلطان بہست کمل
عاشقم من کشتۂ قربان لا / جان من نوبتگہ طبل بلا
خود تو راکست این بتدید ہا / پیش بچہ دیدہ است این دیدہا
ای حریفان من ازانہا نیستم / کز خیالاتے درین رہ بایستم
من چو اسمعیلیانم بے حذر / بل چو اسمعیل آزادم ز سر
فارغم از طمطراق و از ریا / قل تعالوا گفت جانم را بیا
گفت پیغمبر کہ جاد فی السلف / بالعطیہ من تیقن بالخلف
ہر کہ بیند مر عطا را صد عوض / زود در بازد عطا را زین غرض
جملہ در بازار ازان گشتند بند / تا چو سودا فتاد مال خود دہند
چون بہ بیند کالہ در ربح پیش / سرد گردد عشقش از کالای خویش
گرم زان ماندست با او کو ندید / کالہای خویش را ربح و مزید
ہمچنین علم و ہنرہا در حرف / چون ندید افزون ازانہا در شرف
تا بہ از جان نیست جان باشد عزیز / چون بہ آمد نام جان شد چیز چیز
لعبت مردہ بود جان طفل را / تا نگشت او در بزرگی طفل زا
این تصور وین تخیل لعبت است / تا تو طفلی پس بدانت حاجت است
چون ز طفلی رست جان شد در وصال / فارغ از حس است و تصویر و خیال
نیست محرم تا بگویم بے نفاق / تن زدم واللہ اعلم بالوفاق
زر ولا بانہا نشستہ منتظر / تا کہ سود آید بہ بذل آید مصر

اُسکے آگے گڈگی کیا شی ہی یار / نوبت شاہی اٹھائی بیس بار
میں ہون عاشق کشتۂ قربان لا / جان ہی نوبتگہ مری طبل بلا
بیٹرا ناڈگڈگی ہے خود بھلا / دیکھا افزون اس سے ہی جو یہ ہوا
ای حریفو ہون نہیں انیں سے میں / کہ خیالون سے رہون ہٹ آ ادھین
مثل اسمعیل نے ڈر مین رکھون / سر سے اسمعیل سا آزاد ہون
کرّ و فر نے رکھتا ہون اور نے ریا / قل تعالوا بولا میری جان کو آ
بولے پیغمبر کہ جاد فی السلف / بالعطیہ من تیقن بالخلف
جو عطا کی سو عوض کو دیکھ لے / اس غرض سے وہ عطا جلدی کرے
اس لیے بازار مین سب پھنس گئے / دیتے ہین مال اپنا جو کہ سود ہے
دیکھے سامان نفع کا جو دوسرا / سرد ہو عشق اپنے بس سامان کا
گرم بازار اس لیے اس سے رہا / اپنے سامان کا نہ دیکھا فائدا
اس طرح پیشہ ہنر اور علم کو / جو نہ دیکھا اُنسے زیادہ بس نکو
تا نہ بہتر جان سے ہو جان ہے عزیز / جانا جو بہتر اُسے جان ہے ناچیز
مردہ گڑیا دختروں کی جان ہے / نوجوان جبتک ہو وہ بچہ جنے
ان خیالون کو تو گڑیان جان لے / ہے ضرورت تجھکو جب تک طفل ہے
جو ہی طفلی ہوا جان کو وصال / نہ رہا یہ حس و تصویر و خیال
نہ کوئی محرم کہون تا بے حجاب / چپ ہون واللہ اعلم بالصواب
منتظر بیٹھا ہے ہمیانی مین زر / تا کہ ہووے سود جلدی صرف کر

سلہ کرّ و فر الخ، شعر کرّ و فر رکھتا ہون اور نہ ریا میری جان کو کہا ترجمہ نہ بوٹ آؤ پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے کہا ترجمہ کہ بخشش کرتا ہے گذشتہ مین سامنے بخشش کے وہ کوئی کہ یقین رکھتا ہے عوضکا عوض کا جو کوئی عطا کے عوض کو دیکھے تو اس غرض سے وہ جلدی عطا کرے آگے اسکی مثال ہے اسواسطے سب بازار مین پھنس گئے مال اپنا دیتے ہین جو کہ نفع ہے زر ہمیانی مین منتظر بیٹھا ہے تاکہ نفع ہووے جلدی خرچ کر جبکہ دوسرا سامان نفع کا دیکھے اپنے سامان کا عشق سرد ہووے اس لیے بازار اس سے گرم رہا کہ اپنے سامان کا فائدہ نہ دیکھا یعنے جو ایک بخشش کے عوض سو فائدہ دیکھے وہ بخشش جلدی کرے بس یہ حال اہل سخا کا ہے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

سلہ اس طرح الخ، شعر اس طرح پیشے و ہنر و علم کو ان سے بہتر اچھا نہ دیکھا جب تک جان سے بہتر نہو جان عزیز ہے جبکہ بہتر جانا اُسے جان ناچیز ہے آگے اسکی مثال ہے گڑیا مُردہ دختروں کی جان ہے جب تک جوان نہوں اور بچہ نہ جنیں پس تو ان خیالون کو گڑیا جان لے جبتک تجکو حاجت ہے کہ تو طفل ہے طفلی کی جان کو جبکہ وصال ہوا یہ حس و تصور و خیال نہ رہا کوئی محرم نہیں تا بے حجاب کہون اللہ خوب جانتا ہو یعنے جان کو جبتک عزیز جانتا ہے کہ یار کو نہیں دیکھا ہے جبکہ یار کو دیکھا جان اسوقت ناچیز ہے آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲

بال وتن برفند ریزان فنا … حق خریدارش کہ اللہ اشتری
برفنا زان از ثمن اولیستت … گر تو در شکے یقینے نیستت
وین عجب ظنیست در تو اے مہین … کہ نمی پرد بہ بُستان یقین
ہر گمان تشنہ یقین ست اے پسر … مے زند اندر تزاید بال وپر
چون رسد در علم پس پر پا شود … مر یقین را علم او بوپا شود
زانکہ ہست اندر طریق مفتتن … علم کمتر از یقین و فوق ظن
علم جویائے یقین باشد بدان … وان یقین جویای دید ست عیان
اندر الہکم بجو این را کنون … از پس کلا پس لو تعلمون
میکشد دانش بہ بینش اے علیم … گر یقین بودے بدیدندے جحیم
دید زاید از یقین بے امتہال … آنچنان کز ظن ہمی زاید خیال
اندر الہکم بیان این ببین … کہ شود علم الیقین عین الیقین
از گمان و از یقین بالاترم … وز ملامت برنمے گردد سرم
چون دہانم خورد از حلوائے او … چشم روشن گشتم و بینائے او
بازگستاخانہ چون خانہ روم … پا نہ لرزانم نہ کورانہ روم
آنچہ گل را گفت حق خندانش کرد … بر دل من گفت صد چندانش کرد
آنچہ زد بر سرو کہ قدش راست کرد … وانچہ از وے نرگس و نسرین بخورد
آنچہ نی را کرد شیرین جان و دل … وانچہ خاکی یافت ازان نقش چگل
آنچہ ابرو را چنان طرار ساخت … چہرہ را گلگونہ و گلنار ساخت

بال و تن ہی برف فانی لابقا … حق خریدار اسکا اللہ اشتری
برف اس باعث ہے جنت سے ہوا … گر تو شک مین ہے یقین تجھکو ہوا
یہ عجب شک ہے تجھے اے اہل کین … کہ نہین اُڑتا سوی باغ یقین
ہر گمان تشنہ یقین ہے اے پسر … اور افزونی مین کھولی بال و پر
پہونچے اندر علم کے قائم رہے … اور یقین کی سمت علم اُسکا بڑھے
کیونکہ ہے اندر طریق عشق کے … کم یقین سے علم افزون شک سے ہے
علم ڈھونڈھے ہے یقین کو تو جان … اور یقین ڈھونڈھے ہے بس دید عیان
اسکو الہکم کے ڈھونڈھو اندرون … اور پس کلا پس لو تعلمون
کھینچے دانش سوی بینش اے علیم … گر یقین ہوتا عیان ہوتا جحیم
دید ہوتی ہے یقین سے بس فزون … جیسے شک سے بڑھتا ہے خیال و جنون
دیکھ الہکم مین یہ قول مبین … تاکہ ہو علم الیقین عین الیقین
مین گمان اور یقین سے دور ہون … اور ملامت سے نہ سر کو پھیرون
میرے منہ نے کھایا حلوا اسکا ہے … چشم روشن اُسکی ہون بینائی سے
ہوؤن پھر گستاخ مین گھر کو پھرون … مثل لنگڑون اور اندھون کے چلون
گل کو قول حق نے جو خندان کیا … میرے دل پر اسنے سو چندان کیا
سرو کو کہ کرکے سیدھا قد کیا … نرگس و نسرین نے اس سے حسن لیا
جو کہ شیرین جان و دل نے کا کیا … نقش خوش خاکی ہے جو اس سے ملا
جو کہ ایسا تیز ابرو کو کیا … رخ کو بس گلنار و گلگون کر دیا

سلہ بال وتن الخ، شعر بال وتن ایک برف فانی لابقا ہے اور حق اسکا خریدار ہے اللہ اشتری ہے اس سبب سے برف جنت سے ہوا ہے کہ تو شک مین ہے اور یقین تجکو نہوا یہ عجب تجکو شک ہے اے اہل کین کہ طرف باغ یقین کے نہین اُڑتا ہے ہر ایک گمان تشنہ یقین ہے اور زیادتی مین بال و پر کھولے ہے علم مین پہونچے تو قائم رہے اور علم اُسکا یقین کی سمت بڑھے کیونکہ طریقہ عشق مین یقین سے علم کم اور شک سے سوا ہے پس علم ڈھونڈھتا ہے یقین کو اور یقین ڈھونڈھتا ہے دید کو یعنے شک علم کو چاہتا ہے اور علم یقین کو چاہتا ہے اور یقین دید کی تلاش مین رہتا ہے گویا یقین یا شک پہونچاتا ہے باقی حقائق آگے ہین فافہم ۱۲ سلہ اسکو الخ، شعر اس حال کو سورہ الہکم مین ڈھونڈھ اور بعد کلا و بعد لو تعلمون کے دیکھو دانش کھینچے ہے طرف بینش کے اگر یقین تجکو ہوتا دوزخ دکھائی دیتی پس دید یقین سے سوا ہوتی ہے جیسے شک سے خیال بڑھتا ہے الہکم مین یہ قول مبین دیکھ کہ وہ علم الیقین عین الیقین ہو یعنے علم الیقین سے عین الیقین ہوتا ہے حق الیقینی اسکا کمال ہے پس مین گمان یقین سے دور ہون اور ملامت سے سر کو نہ پھیرون میرے منہ نے اسکا حلوا کھایا ہے اور اسکا بینائی سے مین چشم روشن ہون یعنے یہ مقام اہل دید کا ہے کہ ہدایت مرشد علم الیقینی ہے اور مشاہدہ عین الیقینی ہے آگے مشاہدہ کا بیان ہے فافہم ۱۲ سلہ ہوون الخ، شعر پھر مین گستاخ ہوون اگر گھر کو پھرون مثل لنگڑون اندھون کے چلون جو قول حق نے گل کو خندان کیا میرے دل پر اُسنے سو چندان کیا کہ سرو کو سیدھا قد کیا نرگس و نسرین نے اس سے حسن لیا جو نے کا جان و دل شیرین کیا جو نقش خوش خاکی کو اس سے ملا خوش کیا جو ابرو کو ایسا تیز کیا اور رخ کو گلنار و گلگون کیا جو زبان کو سوا فہم و گری دی ہے اور کان کو [illegible]

هر زبان را داد صد افسونگری — وانچه کان را داد از زر جعفری
چون در بند او خانه باز شد — غمزه های چشم تیرانداز شد
بر دلم زد تیر و سوداییش کرد — عاشق شکر و شکر خاییش کرد
عاشق آنم که هر آن آن اوست — عقل و جان جاندار یک مرجان اوست
من نلافم ور بلافم همچو آب — نیست در آتش کشی ام اضطراب
چون بدزدم چون حفیظ مخزن اوست — چون نباشم سخت رو پشت من اوست
هر که از خورشید باشد پشت گرم — سخت رو باشد نه بیم او را نه شرم
همچو روی آفتاب بی حذر — گشت رویش خصم سوز پرده در
هر پیمبر سخت رو بد در جهان — یکسواره کوفت بر جیش شهان
رو نگردانید از ترس و غمی — یک تنه تنها بزد بر عالمی
سخت رو شد سنگ ثابت تا رسوخ — او نترسد از جهان پر کلوخ
کان کلوخ از خشت زن یک لخت شد — سنگ از صنع خدایی سخت شد
گوسفندان گر برون اند از حساب — ز انبهی شان کی بترسد آن قصاب
کلکم راع نبی چون راعی ست — خلق مانند رمه او ساعی ست
از رمه چوپان نترسد در نبرد — لیکشان حافظ بود از گرم و سرد
گر زند بانگی ز قهر او بر رمه — دان ز مهرست آنکه دارد بر همه
هر زمان گوید بگوشم بخت تو — گر ترا غمگین کنم غمگین مشو

جو زبان کو دی ہے سو افسونگری — اور دیا ہے کان کو زر جعفری
جو[1] سلح خانہ کا دروازہ کھلا — غمزہ تیر انداز آنکھون کا ہوا
تیر مار عاشق مجھے اسکا کیا — عاشق شکر و شکر خا کیا
عاشق اسکا جسکی ہر دم ملک ہے — عقل و جان جاندار اسکی جان سے
نہ مجھے دعوی دگر ہے مثل آب — نہ مجھے آتش کشی مین اضطراب
کیون چراؤن وہ ہے حافظ گنج کا — سخت رو ہون کہ وہ ہے پشت پناہ
جو کوئی خورشید سے ہو پشت گرم — سخت رو ہووے نہ خوف اسکو نہ شرم
مثل روے شمس بےخوف و خطر — اسکا رو ہو خصم سوز پردہ در
ہر پیمبر[2] سخت رو عالم مین تھا — اسنے حملہ تنہا شاہون پر کیا
منہ نہ پھیرا غم سے اور نہ خوف سے — ایک تن تنہا وہ عالم پر گرے
سنگ ثابت جو ہوا ہے سخت رو — ہو جہان پر ڈھیلے سے نہ خوف جو
خشت پر سے جو کہ ڈھیلا مل گیا — صنع حق سے سنگ سخت اک وہ ہوا
بکریان گرچہ ہین از حد بیحساب — انکے انبوہ سے نہ ڈرتا ہے قصاب
کلکم راع نبی جون راعی ہے — خلق مثل گلہ اور وہ ساعی ہے
جنگ گلہ سے نہ چروا ہا ڈرے — ہے نگہبان انکا گرم و سرد سے
چیخے گلے پر اگر وہ قہر سے — مہر سے وہ ہے کہ جو سب پر رکھے
کہتا[3] ہر دم کان مین ہے بخت تو — گر تجھے غمگین کرون غمگین نہو

[1] جو سلح خانہ الخ، شعر جو دروازہ سلح خانہ کا کھلا آنکھون کا غمزہ تیر انداز ہوا مجکو تیر مار کر اسکا عاشق کیا اور عاشق شکر و شکر خا کیا مین عاشق اسکا ہر دم جسکی ملک ہے اور عقل و جان جاندار ہے اسکی جان سے مجکو دعوی نہین ہے اگرچہ مثل آب کے آتش کشی مین بیقراری نہین ہے مین کیون چراؤن وہ حافظ گنج کا ہے سخت رو ہون کہ وہ پشت پناہ ہے یعنے یار نے ہر ایک شے کو خود سے پر کیا ہے اور اہل دید کو اسس پردہ مین خود کو دکھاتا ہے جیسے شمع پردہ فانوس مین رکھتی ہے اسکو مشاہدہ کہتے ہین جو کوئی خورشید سے پشت گرم ہو سخت رو ہو اسکو نہ خوف ہو نہ شرم ہو مانند روے آفتاب کے بے خوف و خطر اسکا رو ہو خصم سوز اور پردہ در یعنے جبکہ حق میرا مددگار ہے پھر مجکو کس سے خوف ہے بلکہ مثل شمس کے مین دشمن سوز و پردہ در ہون آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲-
[2] ہر پیغمبر الخ، شعر ہر ایک پیغمبر سخت رو عالم مین تھا کہ اسنے تنہا حملہ شاہون پر کیا منہ غم سے و خوف سے نہ پھیرے ایک تن تنہا وہ عالم پر گرے آگے مثال ہے جو سنگ سخت رو ثابت ہوا ہے جہان پر ڈھیلے سے نہ خوف ڈھونڈھے جو کہ خشت پر سے ڈھیلا مل گیا صنع حق سے ایک سنگ سخت ہو گیا اگرچہ بکریان از حد بیحساب ہین انکے انبوہ سے قصاب نہین ڈرتا ہے ترجمہ تم سب گلہ ہو اور نبی مانند چروا ہے کے ہے خلق مانند گلہ کے ہے اور وہ شاہ ہے گلہ کے ڑنے سے چروا ہا نہ ڈرے انکا نگہبان گرم و سرد سے ہے گلہ پر قہر سے اگرچہ چیخے وہ محبت ہے کہ جو سب پر رکھتا ہے یعنے نبی اللہ مانند چروا ہے کے ہین اور امت مانند گلہ کے ہے اگر وہ امت پر سختی کرین وہ محبت ہے نہ قہر آگے مقولہ شیخ کا ہے فافہم ۱۲-
[3] کہتا الخ، شعر بخت تو ہر دم کان مین کہتا ہے اگر تجکو غمگین کرون تو غمگین نہو مین تجکو غمگین کرتا ہون اس لئے تاکہ تو چشم بد دن سے بچے جو تیری خوشی کو نظر کرتا ہون اس لیے تاکہ چشم بد سے تو بچے تو میرا جو یا صیاد نہ تھا میری راہ کا بندہ و عاجز تھا تو حیلے کرتا تھا کہ مجھ تک پہونچے تو طلب فرقت مین میری عاجز تھا یعنے حق کہتا ہے کہ مین تجکو غمگین کرتا ہون کہ تا تو بلاے دنیا سے بچے آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲-

من ترا غمگین و گریان زان کنم	تا کت از چشم بدان پنہان کنم	مین تجھے کرتا ہون غمگین اس لیئے	تا کہ تو چشم بدون سے بس بچے
تلخ گردانم ز غمہا خوے تو	تا بگردد چشم بد از روے تو	تلخ کرتا ہون مین غم سی خو تری	چشم بد سے تا کہ تو ہووی بری
نی تو صیادے و جویائے منی	بندۂ و افگندۂ رائے منی	تو نہ تھا صیاد اور جویا مرا	بندۂ و عاجز تو میری رائے کا
حیلہ اندیشی کہ در من در رسی	در فراق و جستن من بیکسی	حیلے کرتا تھا کہ مجھ تک پہونچے تو	تھا طلب فرقت مین عاجز میری تو
چارہ مے جوید پے من درد تو	مے شنودم دوش آہ سرد تو	درد[1] تیرا میری خاطر چارہ جو	سنتا کل شب تھا مین تیری آہ کو
من توانم ہم کہ بے این انتظار	رہ دہم بنمایمت راہ گذار	سکتا ہون اس انتظاری کے بغیر	راہ بتلاتا مین تجھکو اب دلیر
تا کزین گرداب دوران وارہی	بر سر گنج وصالم پا نہی	تا کہ اس گرداب دوران سے چھٹے	میرے گنج وصل پر پانون رکھے
لیک شیرینی و لذات مقر	ہست بر اندازۂ رنج سفر	ٹھہرنے کی اتنی لذت ہے بشر	جسقدر ہی زیادہ تکلیف سفر
آنگہ از شہر و ز خویشان برخوری	کز غریبی رنج و محنتہا بری	اسدم انہون شہر سے پھل کھائے تو	کہ سفر سے رنج و محنت پائے تو
در نخود بنگر کہ اندر دیگ چون	می جہد بالا چو شد ز آتش زبون	دیگ مین تو دیکھ کہ کیونکر چنین	جو کہ آتش سے اچھل باہر گرین
ہرچہ آسان یافتی آسان دہی	درد مشکل یاب در جان نہی	جو کہ آسان پائے تو آسان تو دے	درد مشکل یاب کو جان پر رکھے
بشنو این تمثیل و قدر خود بدان	از بلا رو بر مگردان ای جوان	سن تو یہ تمثیل و اپنی قدر جان	اور بلا سے منھ نہ پھیر اے جوان

تمثیل گریختن مومن و بے صبری در بلا با ضطراب و بیقراری نخود بجوش تا بیرون جہد و منع کدبانو

تمثیل بھاگنا مومن کا اور بے صبر ہونا بلا مین اضطرابی سے اور بیقرار ہونا نخود کا جوش سے تا باہر نکلے اور منع کرنا پکانیوالی کا

ہر زمانے مے بر آید وقت جوش	بر سر دیگ و بر آرد صد خروش	ہر گھڑی[2] نکلے ہی باہر وقت جوش	دیگ سے اور کرتا ہی وہ سو خروش
کہ چرا آتش بمن در مے زنی	چون خریدی چون نگونم می کنی	کہ مجھے آتش مین ڈالا کس لیئے	جو خریدا کیون کری عاجز مجھے
مے زند کفگیر کدبانو کہ نے	خوش بجوش و بر مجہ ز آتش کنے	گھر کی بی بی مار کو چمچہ کہے	خوب پکا اور مت نکل تو آگ سے

سلہ درد الخ۔ شعر تیرا درد میری خاطر چارہ جو ہے مین کل شب کو سنتا تھا تیری آہ کہ اس انتظاری کے بغیر سکتا ہو تجکو راہ بتانا تاکہ تو اس گرداب دوران سے چھٹے و میرے گنج وصل پر پاؤن کو رکھے اتنی لذت ٹھہرنے کی ہے کہ جسقدر تکلیف مین زیادہ ہے اسدم عزیز اور شہر سے تو پھل کھاسے کہ سفر سے رنج و محنت تو پائے آگے اسکے مثال ہے تو دیگ مین دیکھ کہ نخود کیونکر جوش آتش سے اُبل کر باہر گرتے ہین جو کہ تو آسان پائے تو آسان دیوے اور درد مشکل یاب کو جان پر رکھے تو یہ تمثیل سُن اور اپنی قدر جان اور بلا سے مُنھ مت پھیر اے جوان لینے تو جسقدر تکلیف اٹھائیگا اتنی لذت وصل پائے گا جیسے نخود تکلیف خوشی سے آخر کار انسان ہوتے ہین آگے قصۂ انکا مثال مین کہتے ہین فافہم ۱۲-

سلہ ہر گھڑی الخ۔ شعر ہر دم نخود باہر نکلتے ہین وقت جوش کے دیگ سے اور سو خروش وہ کرتا ہے کہ مجھے آتش مین کس واسطے ڈالا ہے اور جو خریدا کیون مجھے عاجز کرتا ہے گھر کی بی بی چچہ مار کر کہے کہ خوب پک اور آتش سے مت نکل باقی قصہ آگے ہے فافہم ۱۲-

زان نہ جوشانم کہ مکروہ منی ۔ بلکہ تا گیری تو ذوق و چاشنی
تا غذا گردی بیامیزی بجان ۔ بہر خواری نیستت این امتحان
آب میخوردی به بستان سبز و تر ۔ بہر این آتش بدست آن آبخور
رحمتش سابق بدست از قہر زان ۔ تا ز رحمت گردد اہل امتحان
رحمتش بر قہر ازان سابق شدست ۔ تا کہ سرمایہ وجود آید بدست
تا کہ بی لذت نروید لحم و پوست ۔ چون نروید چہ گدازد عشق دوست
زان تقاضا گر بیاید قہرہا ۔ تا کنی ایثار آن سرمایہ ہا
باز لطف آید برائے عذر او ۔ کہ بکردی غسل و بر جستی زجو
با نخود گوید چو پیدے در بہار ۔ رنج مہمان تو شد نیکوش دار
تا کہ مہمان باز گردد شکر ساز ۔ پیش شہ گوید ایثار تو باز
تا بجائے نعمت منعم رسد ۔ جملہ نعمتہا برد بر تو حسد
من خلیلم تو پسر پیش بچک ۔ سر بنہ انی ارانی اذبحک
سر بہ پیش قہر نہ دل بر قرار ۔ تا ببرم حلقت اسمٰعیل وار
سر ببرم لیک این سر آن سریست ۔ کز بریدہ گشتن و کشتن بریست
لیک مقصودم ازان تسلیم تست ۔ ای مسلمان بایدت تسلیم جست
ای نخود مے جوش اندر ابتلا ۔ تا نہ ہستی و نہ خود ماند ترا
اندران بستان اگر خندیدۂ ۔ تو گل بستان جان و دیدۂ

دشمنی[۱] سے نے پکاتی ہون تجھے ۔ بلکہ ذوق چاشنی تجکو ملے
تا غذا ہو کر ملے تو جان سے ۔ امتحان تیرا نہ خواری کے لیئے
سیر بستان مین تو پیتا آب تھا ۔ آب وہ اس آگ کی خاطر پیا
اس سبب رحمت ہے اول قہر سے ۔ تا کہ اہل امتحان رحمت کو لے
اس لیئے رحمت ہے پہلے قہر سے ۔ تا کہ سرمایہ وجود آخر ملے
کیونکہ بے لذت نہ اوگے گوشت پوست ۔ جب نہ اوگے کب گلائے عشق دوست
اس تقاضا گر سے آئے قہر ہے ۔ تا کہ اس سرمایہ کو قربان کرے
لطف پھر آئے پس اسکے عذر کو ۔ کہ کرے تو غسل چھوٹے نہر کو
وہ[۲] نخود سے کہوے جو اندر بہار ۔ تو چرا اب رنج ہے مہمان و یار
تا کہ مہمان جائے واپس شکر کو ۔ شہ کے آگے کہوے تیری جود کو
تا کہ منعم آئے نعمت کی جگہ ۔ جملہ نعمت بس حسد تجھ پر رکھے
مین خلیل اور تو پسر خنجر تلک ۔ سر کو لا انی ارانی اذبحک
سر رکھ آگے قہر کے دل رکھ قرار ۔ تا ترا سر کاٹون اسمٰعیل وار
سر مین کاٹون لیک ہے وہ سر وہ سر ۔ کہ نہ پھٹتا ہے نہ کٹتا ہے پسر
اس ہی مقصد پر تری تعلیم ہے ۔ ای مسلمان چاہیئے تسلیم لے
ای[۳] نخود اب امتحان مین پک ذرا ۔ تا نہ ہستی و نہ خود رہوے ترا
اندر اس بستان کے گر تو ہے کھلا ۔ تو گل گلزار جان ہے خوش بقا

سلہ دشمنی الخ شعر مین دشمنی سے تجھے نہین پکاتی ہون بلکہ ذوق چاشنی تاتجکو ملے تاکہ تو غذا ہو کر جان سے ملے امتحان تیرا خواری کے لیئے نہین ہے تو تو سبز بستان مین آب پیتا تھا وہ آب اس آگ کے خاطر پایا تھا آگے اسکے حقائق ہین اس سبب سے رحمت اول قہر سے ہے تاکہ اہل امتحان بہت سے کرپائین اس لیئے رحمت قہر سے اول ہے تاکہ سرمایۂ وجود آخر کو ملے کیونکہ بغیر لذت کے گوشت و پوست نہین اگتا ہے جو اگے عشق دوست کب گلائے اس تقاضا سے قہر کب آتا ہے تاکہ اس سرمایہ پر قربان کرے پھر لطف آئے اسکے عذر کو کہ تو غسل کرے و نہر کو چھوڑے یعنے رحمت اول ہے قہر سے اسواسطے کہ وجود آخر کو ملے و لذت عشق دوست سے پائے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ سلہ وہ نخود الخ شعر وہ نخود سے کہتی ہے کہ جو اندر بہار کے تو چرا ہے اب تیرا رنج مہمان و یار ہے آگے اسکے حقائق ہین تاکہ مہمان واپس شکر کرتا جائے اور شاہ کے آگے تیرے جود کو کہے تاکہ منعم نعمت کی جگہ آئے اور سب نعمت تجھ پر حسد کرے مین خلیل اور تو پسر کہ خنجر تک سر کو لائے ترجمہ تحقیق دیکھا مین نے ذبح کیا تجکو سر کو آگے قہر کے رکھ اور دل کو قرار رکھ تاکہ سر تیرا کاٹون اسمٰعیل کے مانند مین سر کاٹون لیکن یہ سر وہ ہے نہ پھٹتا ہے نہ کٹتا ہے اس سے مقصد تیری تعلیم ہے ای مسلمان تسلیم اختیار کرنا چاہیئے یعنے جو رنج تجکو آئے تو اسکا شکر گذار ہو کہ وہ یار کی طرف سے تیرا امتحان آیا ہے تاکہ وہ واپس یار کے پاس پھر جاکر تیرا شکر کرے اور تیرے ابتلا کا حال کہے تا نعمت کی جگہ خود منعم آئے اور تیرا مقصد پورا ہو پس رضا و تسلیم بلائے یار پر تو اختیار کر آگے رجوع بقصہ بطور حقائق کے ہے فافہم ۱۲ سلہ ای نخود الخ شعر ای نخود تو امتحان مین پک تا ہستی و خودی تیری نہ رہے اگر تو اندر بستان کے کھلا ہے تو گل گلزار جان کا خوش بقا ہے اگر تو باغ آب و گل سے باہر گیا لیکن غذا ہو کر تو زندہ ہوا یعنے ای شخص اگر تو باغ دنیا سے مثل نخود کے گیا ہے غذا ہو کر زندۂ جاوید ہوا تو وقت و غذا اندیشہ کا ہو تو شیر تھا اب شیر بیشہ کا ہو تو اول اسکی صفات مین جلدی سے جا لینے تو مقامات سے پیدا ہوا ہے جلد پھر تو مقامات حق مین فنا ہو کر یہ تیری ترقی ہے

گر جدا از باغ آب وگل شدی — لقمہ گشتی اندر احیا آمدی
شو غذا و قوت اندیشہ ہا — شیر بودی شیر شو در بیشہ ہا
از صفاتش رستہ اللہ نخست — در صفاتش پاک و چالاک و چست
زابر و خورشید و زگردون آمدی — پس شدی صاف و زگردون بر شدے
آمدی در صورت باران و آب — میروی اندر صفات مستطاب
جزو شمس ابر و باران بدے — نفس و فعل و قول و فکرہا شدی
ہستی حیوان شد از مرگ نبات — راست آمد اقتلونی یا ثقات
چون چنین بردیست مارا بعد مات — راست آمد ان فی قتلی حیات
قول و فعل صدق شد قوت ملک — تا بدین معراج شد سوئے فلک
آنچنان کان طعمہ شد قوت بشر — از جمادی بر شد و شد جانور
این سخن را ترجمہ پہناورے — گفتہ آید در مقام دیگرے
کاروان دائم زگردون میرسد — تا تجارت مے کند وامی رود
پس برو شیرین و خوش با اختیار — نے بتلخی و کراہت زرد وار
زان حدیث تلخ مے گویم ترا — تا زتلخیہا فرو شویم ترا
زاب سرد انگور افسردہ رہد — سردی و افسردگی بیرون نہد
تو زتلخی چونکہ دل پر خون شوی — پس زتلخیہا ہمہ بیرون روی
آنزمان شیرین شوی ہمچون عسل — فارغ آئی گر بریزند خلل
ہر کہ او اندر بلا صابر نشد — مقبل این درگہ فاخر نشد

باغ آب وگل سے گر باہر گیا — تو غذا ہو کر کے بس زندہ گیا
ہو غذا اور قوت اندیشہ کا ہو — شیر تھا تو شیر بس بیشہ کا ہو
تو صفات اسکی سے اول تھا اگا — پھر صفات اسکی مین تو جلدی سے جا
آیا ابر و شمس اور گردون سے تھا — صاف ہو کر چرخ سے بالا ہوا
شکل باران آب مین آیا ہے تو — پھر صفات پاک مین جاتا ہے تو
جزو ابر و شمس اور باران کا تھا — نفس و فعل اور قول و فکر اب تو ہوا
مرگ نامی سے تو بس حیوان ہوا — اقتلونی پر راست آیا اے دلا
بر دو ایسی ہمکو ہے جو بعد مات — راست آیا ان فی قتلی حیات
قول و فعل صدق ہے قوت ملک — پہونچا اس معراج سے وہ تا فلک
وہ غذا جیسے ہوئی قوت بشر — ہوئی جمادی سے نکل کر جانور
ترجمہ اس بات کا بس طول ہے — دوسری جا پہ یہ کہنا چاہیے
کاروان اک آسمان سے آئے ہے — اور تجارت کرکے واپس جائے ہے
خوش و شیرین اختیار اپنے سے جا — مثل حنظل کے نہ کڑوا ہوکے جا
تلخ بات اسواسطے تجھکو کہون — پاک تلخی سے تجھے تاکہ کرون
پیدا ہوا انگور آب سرد سے — سردی و افسردگی باہر رکھے
تو جو تلخی سے دل پر خون ہو — تلخیون سے دور کرے آپ کو
مثل شہد اسدم تو ہو شیرین تر — ڈالین گر سرکہ نہو تجھ مین اثر
جو بلا مین نے کوئی صابر رہا — وہ نہ اس درگاہ کا مقبل ہوا

۵۱ ابر آیا الخ ۔ شعر تو ابر و آفتاب و گردون سے آیا تھا صاف ہو کر چرخ سے بالا ہوا تو بشکل باران آب مین آیا پھر صفات پاک مین تو جاتا ہے تو ابر و شمس و باران کا جزو تھا نفس و قول و فعل و فکر اب تو ہوا نبات سے مرکر تو حیوان ہوا ترجمہ قتل کرو مجکو یہ سچ ہوا ہمکو ایسی بردے بعد مات کے کہ یہ سچ ہوا ترجمہ تحقیق مرنے مین زندگی ہے قول و فعل صدق و قوت ملک ہے کہ اس معراج سے وہ پہونچا فلک تک یعنے بخود براہ ابر و شمس بیان آتا ہے اور غذاے انسان ہوکر انسان بنتا ہے اور پھر ہمراہ روح انسان آسمان کو جاتا ہے اسی طرح عشاق خود کو وہ کرتے ہین اور مرگ سے زندگی جاوید پاتے ہین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

۵۲ وہ غذا الخ ۔ شعر وہ غذا جیسے قوت بشر ہوئی اور جمادی سے نکل کر جانور ہوئی ترجمہ یہ بات از بس طول ہے یہ دوسری جا پر کہنا چاہیے ایک کاروان آسمان پر سے آتا ہے اور تجارت کرکے واپس جاتا ہے اپنے اختیار سے خوش و شیرین جا اور مانند حنظل کے کڑوا ہو کر مت جا اسواسطے تجکو تلخ بات کہتا ہون تاکہ تلخی سے تجکو پاک کرون آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲۔

۵۳ پیدا ہوا الخ ۔ شعر انگور پیدا ہوا آب سرد سے اور سردی و افسردگی باہر کرے آگے اسکے حقائق ہین جو تو تلخی سے دل پر خون ہو آپکو تلخیون سے دور کر اسدم مانند شہد کے تو شیرین تر ہو اگر سرکہ ڈالین تجھ مین اثر نہو جو کہ بلا مین صابر نہ رہا اس درگاہ کا مقبل نہوا نہ شکاری سگ ہے نہ اسکا طوق ہے جو خام ہین پکا اسکو ذوق نہین ہے یعنے رنج ریاضت تو اختیار کر کر رنج دنیا سے تجکو نجات ہو اور مثل شہد کے پھر ایسا شیرین کا رہو کہ تلخی زمانے کی تجھ مین اگر آئی اثر نہ کرے آگے صبر کرنے کا بیان ہے فافہم ۱۲۔

سگ شکاری نیست او را طوق نیست	خام ناجوشیده جز بی ذوق نیست	نہ شکاری سگ ہے نہ اسکو ہے طوق	نہ پکا جو خام نہ اسکو ہے ذوق

تمثیل صابر شدن مومن چون بر سر بلا واقف شد

تمثیل صابر ہونا مومن کا جو بلا پر واقف ہوا

آن نخود گفت ار چنین است ای ستی	خوش بجوشم یاریم ده راستی	۵۱ وہ نخود بولا اے بی بی گر یہ ہے	پس پکا اور راستی تو مجھکو دے
تو درین جوشش چو معمار منی	کفچلیزم زن که بس خوش میزنی	تو میری اس جوش مین معمار ہی	مار تو چمچہ کہ بہتر کار ہے
ہمچو پیلم بر سرم زن زخم و داغ	تا نه بینم خواب ہندوستان و باغ	پیل سا ہون سر پہ دے تو زخم و داغ	تا نہ دیکھون خواب ہندوستان و باغ
تا که خود را در دہم در جوش من	تا رہے یابم دران آغوش من	تا کہ خود کو ڈالو مین اس جوش مین	تا مین رستہ پاؤن ہی آغوش مین
زانکه انسان در غنا طاغی شود	ہمچو پیل خواب بین یاغی شود	۵۲ جو غنا مین آدمی طاغی بنے	خواب دیکھے پیل سا باغی بنے
پیل چون در خواب بیند ہند را	پیلبان را نشنود آرد دغا	خواب مین جو پیل دیکھے ہند کو	پیلبان کی نہ سُنے سرکش ہو دغا
آن ستی گوید ورا که پیش ازین	من چو تو بودم ز اجزائے زمین	کھو کی بی بی آکہ پہلے اس سے بھی	مثل تیری مین زمین کی جزو تھی

عذر گفتن کدبانو با نخود و حکمت در جوش داشتن او

عذر کرنا پکانیوالی کا نخود سے اور حکمت اُسکے پکانے مین

چون بنوشیدم جہاد آذری	پس پذیرا گشتم و اندر خوری	۵۳ پہنا مین نے جو لباس آتشی	مین خورش مین بس قبول آخر ہوئی
مدتے جوشیده ام اندر زمن	مدتے دیگر درونِ دیگ تن	ایک مدت مین زمانہ مین پکی	ایک مدت دیگ تن مین مین پکی
زین دو جوشش قوتِ حسہا شدم	روح گشتم پس ترا استا شدم	ان دو پکنے سے قوت حس کی ہوئی	روح ہوئی اُستاد مین تیری ہوئی
در جمادی گفتمے زان مے دوی	تا شوی علم و صفاتِ معنوی	اس لیے بحث اب جمادی مین کری	تا تو ہو علم و صفات معنوی
چون شدی تو روح پس بار دگر	جوش دیگر کن ز حیوانے گذر	جو ہوا تو روح پھر تو جوش کر	اور حیوانی کے درجہ سے گذر
از خدا مے خواہ تا زین نکتہ ہا	در نلغزی و رسی در منتہا	چاہ خالق سے کہ ان نکتون سے جا	ہو نہ لغزش اور پائے انتہا

۵۱ وہ نخود الخ ۹ شعر اس نخود نے کہا کہ اے بی بی اگر یہی بات ہے پس تو پکا اور مجھکو راستی دے تو میرے اس جوش مین معمار ہے چمچہ مار کہ کام بہتر ہے پیل کے مانند ہون تو میرے سر پر زخم و داغ دے تا نہ دیکھون خواب ہندوستان و باغ کے تاکہ مین خود کو ڈالون اس جوش مین تاکہ مین راہ پاؤن اُس آغوش مین آگے اسکے حقائق ہین فافہم ۱۲ ۵۲ جو غنا الخ ۳ شعر جو آدمی غنا مین طاغی بنے جو پیل خواب مین ہندوستان دیکھے پیلبان کی نہ سُنے اور سرکش ہوئے بی بی کہے کہ آ اس سے پہلے بھی مین تیرے مانند زمین کی جزو تھی یعنے انسان بسبب غنائے دنیا کے باغی ہوتا ہے اور اپنے مالک سے پھر جاتا ہے وہ سرکشی کرتا ہے آگے بی بی کے عذر کا بیان ہے فافہم ۱۲۔

۵۳ پہنا الخ ۶ شعر جو مین نے لباس آتشی پہنا آخر مین خورش مین قبول ہوئی ایک مدت مین زمانہ مین پکی اور ایک مدت مین دیگ تن مین پکی ان دو پکنے سے مین قوت حس کی ہوئی روح ہوئی اور تیری استاد ہوئی اسلیے بحث وہ جمادی مین کرے تاکہ تو علم و صفات معنوی ہو جبکہ تو روح ہوا پھر تو جوش کر اور حیوانی سے گذر اللہ سے چاہ کہ تا ان نکتوں سے لغزش نہو اور انتہا پائے کیونکہ بہت قرآن سے گمراہ ہوے اور اکثر اسی رسّی سے چاہ مین گرے اس رسی کا جرم نہین سربلندی کا تجکو عشق نہ تھا یعنے جبکہ ریاضت سے تو صاحب علم و صفات معنوی ہو تو حق سے چاہ کہ اُس علم سے لغزش نہووے کیونکہ قرآن سے گمراہی مین پڑ گئے ہین بسبب ناسمجھی کے آگے مہمان مسجد کا قصہ بیان ہے فافہم ۱۲۔

زانکه از قرآن بسے گمره شدند | زان رسن قومی درون چه شدند
مر رسن رانیست جرمی ای عنود | چون ترا سودای سر بالا نبود
جانب آن عاشق ز خویش اوفتاد | کو دران مسجد چه کرد از امتحان

کیونکہ قرآن سے بہت گمراہ ہوے | اکثر اُس رسی سے بس چہ مین گرے
ہے نہ اُس رسی کا جرم ای پرجفا | سر بلندی کا نہ تجھکو عشق تھا
کر تو اب اُس مست عاشق کا بیان | کہ کیا مسجد مین کیا کچہ امتحان

بقیہ قصۂ آن مہمان مسجد و ثبات و صدق عزم او

قصہ اُس مہمان مسجد کا اور ثابت و صادق ہونا ارادے اُسکے کا

آن غریب شهر و سر بالا طلب | گفت می خسپم درین مسجد بشب
مسجدا گر کربلاے من شوی | کعبهٔ حاجت روائے من شوی
هین مرا بگذار ای بگزیده یار | تا رسن بازی کنم منصور وار
گر شدید اندر نصیحت جبرئیل | می نخواهد غوث در آتش خلیل
جبرئیلا رو که من افروخته | بهترم چون عود و عنبر سوخته
جبرئیلا گرچه یاری مے کنی | چون برادر پاسداری می کنی
اے برادر من برآذر چابکم | من نه آن جانم که گردم بیش و کم
جان حیوانی فزاید از علف | آتشے بود او چو هیزم شد تلف
گر نه گشتے هیزم او مثمر بُدے | تا ابد معمور و هم عامر بُدے
باد سوزانست این آتش بدان | پرتو آتش بود نے عین آن
عین آتش در اثیر آمد یقین | پرتو و سایه وَیست اندر زمین
لاجرم پرتو بپاید ز اضطراب | سوی معدن باز میگردد شتاب
قامت تو بر قرار آمد بساز | سایه ات کوته دمی یکدم دراز

وہ غریب شہر و سر بالا طلب | بولا اس مسجد مین سوؤن آج شب
گر اے مسجد کربلا ہو تو مری | کعبۂ حاجت روا ہو تو مری
چھوڑ مجھکو اب تو ای مقبول یار | کھیلون تا رسی سے مین منصور وار
گر نصیحت مین ہو تم چون جبرئیل | نہ کرون فریاد آتش چون خلیل
جبرئیلا جا کہ مین روشن ہوا | ہون مین بہتر جیسے ہون عنبر جلا
جبرئیلا گرچہ تو یاری کرے | مثل بھائی کے مددگاری کرے
اے برادر آگ سے مجھکو نہ غم | مین وہ جان نہ کہ ہوون بیش و کم
جان حیوانی ہوا افزون گھاس سے | آگ ہو جاوے کہ جو ہیزم جلے
گر نہ ہیزم ہوتی ہوتی باثمر | تا ابد آباد رہتی بیشتر
باد سوزان ہے یہ آتش جان لے | آگ کا سایہ ہے نے وہ عین ہے
عین نار اپنی کرہ مین آئی ہے | سایہ اُسکا ہے زمین و خاک پے
اس لئے سایہ کو رہتا اضطراب | جلے ہے اپنے کرہ کو پھر شتاب
تیرا قد قائم ہے اپنی جائے پر | سایہ تیرا دم مین گھٹتا اور بڑھے

